معشوق تیری زلفیں ایسی معطر ہیں کہ غالیہ (ابٹن) ان کے سامنے شرمندہ ہے اور اس کی غلام ہے
اور تیری خاک کف پا کافور ہے (کافور کی طرح ہو) ۳۔ **رضوان**۔ داروغہ بہشت۔ حور
جمع حورا **مطلب**۔ اور اے معشوق رضوان تیرا خادم و فراش ہے یا تیرے فراش و خادم
رضوان ہیں اور حوریں تیری نوکر اور دربان ہیں (یا تیرے دربان و نوکر حوریں ہیں) ۴۔ عیب عاشق

رنجور (تیرے غم میں) خوش و خرم نہیں ہے تو خدا کرے کہ حاسد خرم رہے عیش و نشاط میں مصروف ہے بھی تیرے ہجر میں مبتلا ہو۔ ۵۔ اور تیرا وصل سب سے زیادہ ہمارے قریب ہو اور تیرا ہجر ہمیشہ کیلئے ہم سے دور رہے۔ ۱۔ اے محبوب تیرے لب شیریں کی سی حلاوت شکر میں کبھی نہیں ہے اور نہ قمر تیرے رخ روشن کی طرح منور و روشن ہے ز تو ان سے زیادہ ہے۔ ۲۔ تیری زہر جیسی تلخ باتوں سے میرے عیش میں شکر سے بھی زیادہ حلاوت ہوتی ہے (تیرے سخنہائے تلخ بھی اسقدر شیریں ہیں) پس میں انھیں کیوں نہ شوق سے گوارا کروں۔ ۳۔ اے معشوق تو روپیہ پیسہ کی طرف مائل ہے پس کوئی تعجب نہیں کہ سب معشوق اس روپیہ پیسہ سے رغبت رکھتے ہوں۔ ۴۔ اگر عاشق کا کام روپیہ پیسہ سے چل جاتا ہے تو پھر صاف ظاہر ہے کہ عشق بے زر دردسر ہے کہ کوئی کام پورا ہو ہی نہیں سکتا۔ ۵۔ تیرے فراق و ہجر میں ہمیشہ ہمارے دونوں لب خشک اور دونوں آنکھیں تر رہتی ہیں (ہمیشہ گریہ و فغاں میں مبتلا رہتے ہیں) ۶۔ تیرے فراق میں تیرے عاشقوں کی شب ہجر بے سحر ہوتی ہے کہ صبح ہی نہیں ہوتی کسیطرح ختم ہی نہیں ہوتی۔ مسلمانی (اسلامیت) میں عشق اور افلاس کا ہونا کفر سے بھی سیکڑوں درجہ بُرا ہے خدا بچائے عشق میں دین بھی گیا اور دوسری بے زری نیکی باعث حاصل ہوئی ۱۔ ایک عالم تیری راہ میں حیران ہے کہ انکو اس راستہ کے پس و پیش سے کچھ خبر ہی نہیں (تجھ تک پہونچنا دشوار ہے) ۲۔ پیر و زندہ۔ فتح مند کہ جس کام پر ہاتھ ڈالا اس کو حاصل کر لیا عقل و فہم اگر کامیاب ہستیاں ہیں عقدۂ مشکل کو حل کرنا ان کے نزدیک آسان امر ہے) لیکن جب تیرے معاملہ میں (حاصل کرنے میں) ہاتھ ڈالتے ہیں تو عاجز ہو جاتے ہیں یعنی تیری راہ میں عقل و فہم کا بھی کچھ کام نہیں بیکار ہیں۔ ۳۔ جان و دل اگرچہ معزز ہستیاں ہیں لیکن اسے محبوب تیرے در پر وہ غلام و دربان کی مانند ہیں۔ ۴۔ اگرچہ تیرے دوست و عشاق (تیرے ہی سبب سے) درد دل میں مبتلا ہیں لیکن پھر بھی وہ تجھ ہی کو اپنے درد کی دوا جانتے ہیں۔ ۵۔ اور اگرچہ وہ تجھ سے نالاں ہیں اور نالہ و فریاد کر رہے ہیں لیکن وہ تجھ ہی سے اپنی فریاد کرتے ہیں اور فریاد کیلئے تجھ ہی کو بلاتے ہیں۔ ۱۔ اے معشوق ہمکو اس کشمکش میں تو کب تک مبتلا رکھیگا۔ یا تو اپنا وصل ہمکو عطا کر یا اس ہجر کی کچھ انتہا ہونا چاہیئے آخر کچھ تو کر کہ اس کشمکش سے

ساتھ سلوک کرتا ہے اس سے بدتر کوئی طریقہ سلوک ہو ہی نہیں سکتا لیکن پھر بھی وہ اپنے کیے سے
شرمندہ نہیں ہوتا۔ ۵ میں تو تیرے عشق میں پراگندہ ہو گیا کہ مارا مارا پھر رہا ہوں اور تیری شیانہ سے ابھی
تک ایک مرغ وفا بھی نہیں اڑا (یعنی میں تو تیری محبت میں ایسی سختیاں برداشت کر رہا ہوں کہ الامان
اور تجھ سے ابتک ایک وفا بھی ظاہر نہ ہوئی۔ ۶ جب کوشش و عمل سے **انوری** کا کام نہ چلا تو اسے
صبر کے حوالہ کر دیا کہ صبر کر تیرا مقصد حاصل ہوگا صبر کے حوالہ کرکے چارہ سازوں نے تسکین دیدی
۱ کل رات صبح تک وہ شوخ (یار معشوق) میرے پہلو میں رہا جس کے باعث غم ہجر زنجیر در کی
مانند دروازہ تک ہی رہا (ہجر بہت دور رہا) ۲۔ اور اس کے سیم خالص جیسے سینہ سے اور اس کے
وصل سے میرا معاملہ (کام) زر تر کی مانند ہو رہا تھا (خالص سونا) یعنی میں اسوقت بہت ہی خوش یا
نصیب اور صاحب قسمت تھا کہ جب اس کا وصل مجھے حاصل تھا ۳۔ وہی ہاتھ جو اس کے ہجر و فراق
میں کل تمام دن میرے سر پہ رکھا رہا تھا آج شب گذشتہ اسکی گردن میں حائل تھا پڑا رہا ۴ اگر
کل رات (جو شب وصل تھی) میں بہت ہی خوش و خرم تھا لیکن گذشتہ رات کی تم سے کیا حالت
بیان کروں کہ کس مصیبت سے بسر کیں (اس کے ہجر میں) ۵ کل رات یا تو میں ہی عشق کے باعث بہت
زار و نزار ہو رہا تھا کہ اس کے جلوہ کی تاب نہ لا سکا یا بہ نسبت اور راتوں کے وہ ہی زیادہ خوبصورت
اور حسین تھا کہ [illegible] مدہوش ہو گیا ۶ ۔ کوئی نہیں سمجھ سکتا کہ میرا کونسا طالع تھا کہ جو اس کا وصل حاصل
ہوا اور کونسا اختر سعد تھا جسکے باعث یہ دولت حاصل ہوئی میری سمجھ میں ہی نہیں آتا ۷ جب شب
وصال فلک پر صبح نمودار ہوئی تو اس کی دولت وصل کے باعث **انوری** فلک مرتبت تھا
(اسقدر بلند رتبہ حاصل ہوا)۔ ۱ ۔ اے محبوب جو کوئی بھی تیرے عشق میں مبتلا ہوتا ہے وہ زمانہ سے کلی
نفع اٹھاتا ہے کہ تیرا عشق دولت بے بہا ہے اور وہ زمانہ سے اپنا حصہ پا لیتا ہے ۲ جب تو گفتگو کرنے
کے لیے اپنے لبوں کو کھولتا ہے تو تمام روئے زمین شکر سے پر ہو جاتی ہے (تیرے لب اسقدر شیریں ہیں) کہ تمام
روئے زمین پر شکر ہی شکر ہوتی ہے ۳ اور جب تیری چشم غماز غمازی کرتی ہے تو وہ اپنی اداؤں سے دو جہاں
کو ایک نظر میں گرفتار کر لیتی ہے دو جہاں اسکے گرفتار و مبتلا ہو جاتے ہیں ۴ ۔ تیری چشم سفاک ایک

عجیب تعجب ہے کہ وہ تمام شیران نر کا شکار کر لیتی ہے (عشاق) کو گرفتار کر لیتی ہے ہم حالانکہ گیا آہو کجا شیر نر یہ دیدنی الرہی۔ اے ساقی بادہ صبوح (وہ شراب جو صبح کو پی جاتی ہے) لا کہ جو ہر ایک خوشی و کشادگی کی موجب ہو۔ ۲ توبہ نصوح توبہ استوار مطلب۔ ہاں اور وہ شراب دے کہ جو قبلۂ ملت مسیح (شراب عشق حقیقی) ہے اور جو توبہ نصوح کو بھی توڑ دینے والی ہے۔ ۳ ہیں۔ آگاہ ہو ہوشیار مطلب ہاں اے ساقی آگاہ ہو کہ ایسی پرانی شراب لا جو حضرت نوح کی عمر سے بہتر ہو بہت پرانی (لفظ نوح برعایت طوفان) تاکہ طوفان غم اس کے پینے سے جہاں سے دور ہو جائے۔ ۴۔ راح شراب مطلب اور عقل و راحت روح کی نفی کرنے کے لئے دیکار دو دور کہ جنکی غرض عقل و روح کی طرح صاف شراب لا۔ ۵ میرا جی تو انوری کا کلام سنتے سنتے بھر گیا اور دل پژمردہ ہو گیا پس اے مطرب اب ابوالفتح کا کلام سنا تاکہ ہم محظوظ ہوں (ابوالفتح جس کا ایک باطن کا کلام تصوف (نظام)۔ ۱۔ اے معشوق تیرا غم جسم کے لئے ایک اور جان ہے یعنی تیرا غم جان ہے اور تیرے عشق میں ہر وقت ایک تازہ ایمان بیچارہ عاشق کے لئے موجود ہے (ایمان کرشمہ ہے جس پر عاشق یقین کرتا ہے)۔ ۲۔ اور تیرے تیر غمزہ سے روح کے اندر ہر وقت ایک نیا پیکاں موجود رہتا ہے (یعنی تیرا غمزہ ہر وقت ایک نئی شان دکھاتا ہے) ۳۔ خداوند تعالیٰ کے ثبوت وجود کے لئے تجھ سے بہتر اور کوئی دلیل نہیں ہو سکتی یعنی تو اپنی ہمہ حسن و شمائل اس کی صنعت و قدرت کی دلیل ہے کہ تجھ کو دیکھ کر ہر شخص قدرت حق کا قائل ہو جاتا ہے۔ ۴۔ یزدان۔ قبل از اسلام اہل فارس دو خدا مانتے تھے اول یزدان جسے فاعل خیر جانتے تھے دوم اہرمن جسکو فاعل شر خیال کرتے تھے مطلب اگر کوئی تیرے اہرمن جیسے چہرہ پر زلف کو دیکھے تو وہ بیگمان کہہ اٹھے کہ یزداں فاعل خیر ہے غلط ہے۔ یہ کہ تیرا روئے روشن اور زلف سیاہ خیر و شر کی پیدا کرنے والے ہیں ۵۔ اے معشوق تیرے وصل کیلئے طمع سے ہر ایک دل بیکار حرص کے دانت نکالے ہوئے ہے اور تیرا وصل حاصل کسی کو بھی نہیں ہوتا حالانکہ ہر شخص تیرے وصل کا آرزو مند ہے۔ ۶ تیرے غم عشق کے بیمار کیلئے تجھ سے بہتر کوئی اور علاج نہیں (تو ہی اس کا درمان ہے کہ تیری ہر نظر اس کے آرام کا باعث ہوگی اور تب تو دل گیا تو پھر غم کا کیا کام ہے۔ ۷۔ دل نے تیرے فرمان (حکم) سے جان سے قطع تعلق

(ردیف الزای) ۱۔ اے معشوق تو آج قیامت برپا کر رہا ہے (اپنے جمال بے مثال کے نظارہ سے) میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آج تو نے دل میں کیا ٹھانی ہے (تیرے سر میں کیا خیال بھرا ہے) کیا دنیا کو زیر و زبر کر دیگا۔ ۲۔ کل تک تو اپنے طعنوں سے تو ہمیں زہر پاشی کر رہا تھا ہماری قسمت کہ آج اپنے خندہ سے تو شکر فشانی کر رہا ہے ۳۔ تیرے لب تا کہ عاشقوں کی دستگیری کریں آج عجیب قدرت و قوت کے ساتھ نمایاں ہو رہے ہیں (دست قدرت و توانائی) ۔ دیکھئے اب دستگیری ہوتی بھی ہے یا نہیں ۴۔ (ہاروت چشم وجہ جامع سحر طرازی و سیاہی ۔ یاقوت لب ، وجہ جامع سرخی) مطلب تیری دونوں سحر طراز آنکھیں جانبازی کرتی ہیں (ا نیا کو فنا جان کو بناتی ہیں) اور تیرے دو لب جاں پرور ہیں ۔ یعنی اپنی چشم شوخ کے اشارہ سے انہیں کشتہ بناتا ہے اور اپنے لب اعجاز سے انکو پھر (جا نہما) زندہ کر دیتا ہے ۔ ۵ سلطان سنجر (ممدوح انوری) اے سلطان سنجر تو ماہ رویوں (معشوقوں) کا بھی سلطان ہے کہ آج تیرے حسن کے مقابل میں کسی ماہ کا حسن نہیں ہے اے معشوق تجھے اس خدا کی قسم جس نے تجھے جمال دیا ہے کہ آج ذرا ایک نظر اس غلام پر بھی ہو جائے (تا کہ امید پوری ہو) (ردیف السین) ۱۔ اے معشوق غربت میں کوئی سقدر نہیں ہے تا کہ تجھے وطن چھوڑ کے ایک مدت ہو گئی ہے پس اب وطن کو لوٹ کہ غربت میں تیری قدر کوئی نہیں کر سکتا (یہاں تیرے عشاق موجود ہیں) ۲۔ میں نے تیرے پاس سیکڑوں اشتیاق نامے روانہ کئے اور تیرا صرف ایک ہی نامہ مجھکو ملا گویا عاشق کی خبر کوئی بھی) تجھکو نہیں پہونچاتا افسوس ۔ ۳۔ تیرے رخ روشن کے سامنے خورشید بھی نہیں چمکتا اور وہ فروزاں ہو ہی نہیں سکتا اسلئے کہ سواروں کے مقابل کوئی (آگے) آگ ۔ انہیں آ سکتا ہے پس تیرے روے روشن کے سامنے خورشید صبح ناچیز ہے وہ کیونکر فروزاں ہو سکتا ہے ۔ ۴۔ جو کوئی بھی تیری شراب وصل کا ایک جام پی لیتا ہے تو جب تک وہ زندہ رہتا ہے (بوجہ سرشاری) اس کو پھر کوئی ہوشیار نہیں کرتا ایسا مست و مدہوش ہو جاتا ہے ۔ (ردیف الشین)

۱۔ کل رات پھر اس صنم عشوہ فروش نے تمام شہر میں ایک ہل چل برپا کر دی جوش و خروش پیدا کر دیا ۔ ۲ ۔ وثاق بضم بمعنی خانہ ۔ مکان بیشہ ۔ ا ۔۔۔ ہے آ

مطلب ۔ صبح کا وقت تھا کہ وہ معشوق اپنے مکان سے نکلا اور کل رات کیطرح جھومتا ہوا نہ بیہوش تھا اور نہ ہوش میں ۔ ایک مستانہ کیفیت سے چلا آرہا تھا ۔ ۲ ۔ **شنگی** ۔ شوخی ۔ شرارت جیب گریبان سینہ ۔ بہ معنی معروف مجاز است ۔ **مطلب** ۔ اور شوخی سے اپنے سینہ سے ہاتھ اٹھائے ہوئے اور شرارت سے ایک حیا درکندھے پر ڈالے ہوئے تھا ۔ ۳ ۔ لالہ رخسار پروین **تابش پروین** (ثریا پروین) کی مانند زہرہ رخسار ۔ **مطلب** ۔ اور اس کے رخسار تابش شراب (مے) سے پروین کی مانند ستارے ہو رہے تھے اور باد سحر کی شوخیوں سے سنبل (زلف) اسکے اوپر پڑی ہوئی تھی ۔ (رخسار پر پھیلی ہوئی تھی) ۔ ۴ ۔ **نرگس چشم مرزنگوش** ۔ مراد از خط ۔ و نوعے از ریحان کہ خوشبودار باشد **مطلب** اور اس کی آنکھیں نیند سے دامن کشاں ہو رہی تھیں یعنی غنودگی اس کی آنکھوں سے نمایاں تھی (اور اس کا سبزۂ خط (مرزنگوش) دل ہائے عشاق کے لئے جال بچھا رہا تھا ۔ ۵ ۔ اور اسکے پیش کار ہاتھ میں شراب کا پیالہ لئے ہوئے تھے (یعنی اسکی آنکھیں شراب سے سرشار ہو رہی تھیں) اور ایک ترک جنگجو اس کی آغوش میں چھپا ہوا تھا (مگر جوانی) ۔ ۶ ۔ اس فتنہ کش اور آفت کوش کا صبح کے وقت نظارہ کرنا ایک نیک شگون اور فال سعد ہے کہ پھر ہجر کا سامنا نہیں ہوتا ہے ۔ ۷ ۔ **ہم آواز باربد** ۔ **مطلب** اور اس نے دو تین راگ کچھ اس خوبی سے ادا کئے کہ میر عالم نے بھی ابتک نہ سنے ہونگے ۔ ۸ ۔ اسکے اگر اس رنگ گفتار اور مطرب کے ایسے راگوں نے ایک شہر کو کل رات بےچین کر دیا تو کوئی تعجب نہیں اس کے رنگ سے صاف ظاہر ہو رہا ہے بہت سے شربت خوشیں (رنج و الم) جو لوگ (عشاق اسکے غم میں پی رہے تھے کل رات اسکی آواز سے نوشِ بن گئے (غم و الم نیش و سرور سے بدل گیا) ۔ ۹ ۔ اس دہقان زادہ نے تمام شہر کو اپنی سوز عشق سے جلا ڈالا اور اس فتنہ میں کوئی بھی سکون و آرام سے نہیں ہے سب بےچین ہیں ۔ اکل رات وہ نگار معشوق راستہ میں میرے سامنے آ گیا کل رات اس کا نظارہ ہوا کہ جو خوبصورتی میں ماہ آسمانی سے بھی بڑھ کر ہے (زیادہ خوبصورت ہے) ۲ ۔ اس کے روئے روشن اور زلف خونخوار کے اثر خاک گل بو اور خرد از شکستہ رنگین ہو رہا ہے (خوبی میں اضافہ ہو گیا ہے)

۳- جب اس بت نیک خواہ اور نیک اندیش نے ایک ذرا دیر پہلے مجھے دور سے آتے دیکھا، تو اشارہ
سے اس نے دشمن سے کہا کہ اچھا رخصت انوری آرہا ہے کہیں دیکھ نہ لے۔ ردیف اللام ۱- اپنا
اپنا غم دل اس شہر میں کس سے بیان کروں کہ دونوں عالم کو میرے حال دل سے آگاہی ہے کوئی ایسا
نہیں جو اسکے حال سے واقف نہ ہو پس کوئی کبھی آگاہی کے باعث است مذا گوارا نہ کریگا - ۲- افسوس
میں ایسا دل رکھتا ہوں کہ جو ہمیشہ غم کا ہمدم ہے اور ایسا غم رکھتا ہوں کہ جو ہمیشہ ہمدم دل ہے یعنی
یہ دل ہمیشہ غم والم میں مبتلا رہتا ہے ضعف قلب ۳- میرا دل اہل دنیا جیسا دل نہیں ہے اس سبب
سے کہ میرا دل دنیا کے دل ہوا و ہوس ولکو یہ بات حاصل نہیں ہے پس میں ان جیسا دل نہیں رکھتا
ضعف قلب بعض ۴- میرا دل لاکھوں آہ خونیں بھر رہا ہے (کثرت آہ) خدا کی قسم اب تو ماتم دل
حد سے گذر گیا آخر کب تک اور کسقدر یہ خونیں آہیں بھروں کچھ حد بھی ہے ۵- اگر تو مجھکو اپنی
آغوش رحمت میں لے لے تو میں اپنا غم دل ان لوگوں کو دیدوں جو ذرا بھی غم رکھتے ہیں اور انکے دل کو
غم سے بھر دوں اور خود اس سے آزاد ہو جاؤں ردیف المیم ۱- یعلم اللہ - خدا جانتا ہے مطلب
اے محبوب خدا جانتا ہے قسم ہے کہ میں تیرا عاشق زار ہوں اور تیرے غم میں بیقرار رہتا ہوں ۲-
اے محبوب اور اے دیدۂ روشن میں بغیر تیرے تیری زلف تابدار کیطرح پیچ و تاب میں گرفتار ہوں
۳- میرا سر خمار آلودہ ہو رہا ہے غم و رنج میں مبتلا ہوں جب سے تیری چشم پرخمار سے جدا ہوں
تب سے میرا سر خمار آلودہ ہو رہا ہے (رنج و غم میں مبتلا ہوں) ۴- اور جب سے میں تجھ جیسے معشوق سے
سے جدا ہوں گریہ وزاری کے سبب سے میرا سرخ چہرہ زرد پڑگیا ہے زنگار معشوق اسنے شوق میرے
اس زمانہ کو کہ میں تیری قید میں ہوں غنیمت خیال کر پھر یہ بات میسر نہ ہوگی ۶- جب سے میں تیری آغوش
و کنار سے جدا ہوں تب سے میں ہر ساعت غم کی آغوش میں ہوتا ہوں رنج و غم میں گرفتار رہتا ہے
مجھے اس مصیبت سے - اگر مجھ میں اب رنج و غم برداشت کرنے کی تاب و توان نہیں رحم کر کیا معشوق
آخر میں بھی تیرا عاشق ہی ہوں اس قدر ظلم سے کام نہ لے ۱- اے معشوق تو وہ ہے کہ سوا تیرے
میرا اور کوئی دوست نہیں اور ظاہری و باطنی تو ہی میرا ہے تیرے سوا کسی سے کچھ سروکار نہیں

میرے لئے صبر کا مقام ہے کہ میں یہ جانتا ہوں کہ تو مجھسے موافق ہے اور تیرے لئے یہ باعث
شکر ہے کہ تو اس سے آگاہ ہے کہ میں تجھکو جانتا ہوں رقلب بعض) رمجھ جیسا تیرا شیدا دشوار ہے
۳- اگرچہ میں جانتا ہوں کہ تو خواری کے ساتھ میرا خون بہائیگا لیکن تیری رضا جوئی کے لئے
میں اس امر پر راضی رمستعد) ہوں اور مجھے گریز نہیں کہ ہرچہ رضائے اوست رضائے ماست -
۴- تو مجھے کہتا ہے کہ اے انوری مجھسے دل لگا کر بجز غم اور کچھ حاصل نہوگا اگر تو سچ پوچھے تو میرا
بھی یہی خیال ہے اور میں خوب واقف ہوں کہ عشق میں مصائب کا سامنا ہے - ۵- اگر تیرے
وصل نے مجھکو شاد کیا ہوتا تو پھر اسطرح مجھے ستاتے نہیں کبھی کیوں غم گھیرے رہتا غم سے آزاد ہی
نہ ہو جاتا - ۶- اے محبوب میرے اور تیرے اتصال میں آب و خاک کا فرق ہے کہ میں تیری جستجو
صرف خاک ہی پر کر سکا یعنی امکانی صورت میں تجھکو تلاش کیا لیکن تو نہ ملسکا گویا میرے تیرے
درمیاں آب و خاک کا فرق ہے پس جب تک میں بھی آب نہ بنجاؤں رفنا نہ ہو جاؤں) اسوقت
تک تجھ سے اتصال ناممکن ہے جبتک یہ تفرقہ کا پردہ نہ ہٹیگا رہستی و وجود) سوقت تک اسطرح جدائی رہیگی
ہے - کوئی تعجب نہیں کہ اگر وہ بیوفا انوری سے جدا رہتا ہے تجھے دیکھو کہ باوجودیکہ میں اسکی رضا جوئی میں کمربستہ رہتا ہوں لیکن پھر بھی وہ مجھسے
کنارہ کش ہے تو پھر انوری کا کیا شمار اے منصف زمانہ کے ظلم کو تو دیکھ کہ میں کیسی کیسی مصیبتیں اٹھا رہا ہوں اور میں کبتک اس دل کو
عہد وفا پر قائم رکھوں رکہ جب حصول مقصد کی کوئی صورت نہیں ہے - ۳۰ اور یہ گرم نالے میں کس کیلئے بھر رہا ہوں اور دنیا کے
یہ سخت طعنے کیوں اور کس کیلئے اٹھا رہا ہوں ربرداشت کر رہا ہوں) ۳۰ اب تک تو میں رضائے دوست کے سبب سے دشمنوں کے ظلم و ستم برداشت
کر رہا تھا لیکن اب جب دوست ہی نہیں تو پھر میں کیوں اور کس کیلئے یہ ظلم و ستم اٹھاؤں ۱۳ دل نے اس معشوق کی خواہش
میں دنیا سے قطع تعلق کر لیا ردنیا کو ترک کر دیا) لیکن افسوس کہ میں یہ بھی نہیں بتا سکتا رکہہ سکتا)
کہ یہ کس کی خاطر کیا گیا ر وہ معشوق مجھ سے اسقدر بے اعتنا ہے کہ میں اسکا نام بھی نہیں لے سکتا)
۱۵- اے زمانۂ عافیت و آرام تو کہاں ہے ذرا آکر دیکھ تو کہ میں کیسی کیسی مصیبتوں میں گرفتار ہوں
اور مجھے اس غم سے نجات دے) تمام شہر رہے اور انوری ہے اور یہ شب و روز غزل زبان پر جاری
ہے رتمام شہر رہے میں پڑا ہے اور شب و روز یہ غزل پڑھتا ہے کہ جگر کا رجہاں نگر کہ جفائے کہ میکشم الخ -

دکہ زمانہ کا ظلم و ستم دیکھو کہ میں کیسی کیسی مصیبتیں اٹھا رہا ہوں) ۱۔ اے معشوق آ اور دیکھ کہ میں کس حال
میں ہوں (رنج و مصیبت) افسوس کہ تو آتا بھی نہیں اور میں تجھے چھوڑ بھی نہیں سکتا ۔ ۲۔ وہ جان
جو تیرے بغیر مجھ سے کنارہ کش ہو رہی ہے اگر ایک زمانہ بھی چاہے کہ اسے روک لے تو وہ نہیں
رک سکتی اور نہ میں اسکو روک سکتا ہوں (تیرے بغیر زندگی محال ہے) ۳۔ افسوس مرے دل کو
ہر شخص پامال کر رہا ہے اور میرے غم کی اسطرح سب لوگ غمگساری (مددگاری) کر رہے ہیں ۔
۴۔ اے معشوق تو مجھ سے پوچھتا ہے کہ اے انوری میری محبت میں تیرا کیا حال ہے اور کس کام
میں مشغول ہے ۔ پس اگر میری یہی حالت رہی (گرفتار رنج و محن رہا) تو واقعی میں کسی کام میں
مصروف نہیں ہو سکتا اور بے کار رہونگا ۔ ۵۔ میں وقت بیوقت (ہر وقت) خرچ و دخل (آمدنی)
کرتا رہتا ہوں دخل تو یہ ہے کہ تیرا غم حاصل کرتا ہوں اور خرچ یہ ہے کہ اس غم میں اپنی عمر گذار رہا ہوں
بسر کرتا ہوں ۔ ۶۔ تیرے غم نے میرے دل سے استفسار کیا کہ کہئے (عشق) کیا حال ہے لیکن دہ کوئی
جواب ہی نہ دے سکا یعنی میں اسقدر زار و نزار ہوں کہ دل کی حالت ظاہر ہے ۔ ۱۔ اے معشوق
جسطرح تیری زلف تابدار میں سیکڑوں پیچ و خم ہیں اسیطرح مری جان غمگسار کو سیکڑوں غم عارض ہیں
۲۔ اور جب تک تو اپنی زلف کے حلقوں کو آپس سے جدا نہ کریگا (یعنی زلف نہ کھولیگا) اسوقت تک
تیرے غم عشق سے ہمکو رہائی نہیں مل سکتی (ہمارا غم تیرے حلقہائے زلف سے وابستہ ہے) ۳۔ عارض
رخسار ۔ مطلب تیرے رخسار پر تیرا حلقہ زلف گویا اسطرح ہے جیسے گلبرگ تر پر مشک (سیاہی)
کا چشمہ رقم کر دیا ہے گلبرگ تر پر مشک بکھرا ہوا ہے ۔ ۴۔ سلسلہ از شبہ ۔ زنجیر زلف یعنی زلف ۔
آفتاب ۔ رخسار ۔ مطلب اور تیرے رخسار پر تیری زلف ایسی معلوم ہوتی ہے کہ آفتاب پر
شبہ (ایک قسم کا کپڑا) کا پردہ (سلسلہ) پڑا ہوا ہے یا روئے صبح پر شب (سیاہی زلف) چھائی ہوئی
ہے ۔ ۵۔ اور اے محبوب تیرے رخسار و زلف سے روز و شب خجل ہیں اور تیرے لب و چشم کی
حمایت میں زینہار شہد و ستم ہیں (تیرے لب شہد ہیں اور چشم زہر کا اثر رکھتی ہے) ۶۔ گوژ خمیدہ
چین پر کنت و ژم ۔ آشفتہ مطلب اور تیرے عشق سے میری پشت تیری ابرو کی طرح خمیدہ ہے

اور میرا بخت تیری برکت (تجھ سے) سے تیری چشم کی طرح آشفتہ ہے - ۷ - چرخ لعل جنبشہائے لب -
مطلب میری جان تیری جنبش لب سے رنجیدہ ہے جسطرح گناہ (غلطی) کا رنج ہو اور میری طبیعت
تیرے روئے پرتنویر کے باعث سرتاپا بستہ دم ہے گویائی سے عاری ہے - ۸ - اے معشوق تیری
قید سے مجھے چھٹنے (رہا ہونے) کی کسطرح امید ہو سکتی ہے کہ جسقدر میں تجھسے دور ہوتا ہوں
اسیقدر تجھسے قریب ہوتا ہوں (دوری میں بھی تیرا ساتھ ہے - پس رہائی ناممکن ہے) -
۹ - اور میرے دل میں تیرے خیال سے شک بھی یقین کے درجہ پر بلکہ یقین سے زیادہ ہے اور
تیرے لب گفتگو کے وقت موجود ہوتے ہیں لیکن عدم سے بھی کم انکا وجود ہے (یعنی تیرے لب
نایاب ہیں) - ۱۰ - اے محبوب ذرا اس غرور کو دور کر اور میرے پہلو میں بیٹھ کہ جسطرح انوری
تیرے عشق میں تیری کمر کی مانند معدوم ہوتا جا رہا ہے - ۱ - اے معشوق میں تیرے غم میں
گرفتار ہوں اور میں کچھ دم بھی نہیں مار سکتا مجبور رہوں جو کچھ تیری مرضی - ۲ - غم ہو یا عیش کی
صورت آرام میسر نہیں رنج ہی رنج کا سامنا ہے بس اس عیش غم سے بیزار ہوں (کہ جو غم ہے
اور باعث آزار) - ۳ - میں ایک دم بیغم (ایک پل بے غم رہنے کی تمنا میں) کی تمنا میں تمام رات
صبح تک بیزار رہتا ہوں کہ اے کاش ایک لمحہ کے لئے تو بیغمی حاصل ہو - ۴ - میں تیرے غم سے
کسطرح کنارہ کشی کروں کہ میں جان بوجھ کر تیرا دامن کسطرح چھوڑ سکتا ہوں (تیرا غم تیرا دامن ہے
اور اس سے جدا ہونا یا اسکو چھوڑنا تجھکو چھوڑنا ہے - ۵ - اپنی دولت جوانی کا حاصل بس یہی اشک
پر آب و خون ہے (کہ ہمیشہ گریہ خونیں کرتے گزری) - ۱ - میں ہر روز زمانہ کے ہاتھوں نئے نئے
رنج و غم اٹھاتا ہوں اگر یہی غم معشوق کی طرف سے عطا ہوتا تو کوئی مصیبت نہ تھی بلکہ میرے لئے
عین راحت تھی - ۲ - آج تک میرا کوئی گل آرزو کھلا ہی نہیں اور اس امید میں مجھے ہر دفعہ
بیکار مصائب برداشت کرنا پڑتے ہیں - ۳ - اے ناصح اگر میں رنج و بلا میں گرفتار ہوں
تو تجھ پر تو عیب جوئی نہ کر اسلئے کہ یہ مصیبت بھی آخر میں کسی کے لئے برداشت ہی کر رہا ہوں
(تو کیا سمجھ سکتا ہے) - ۴ - میں اپنی زندگی (وقت) پر فخر کرتا ہوں کہ اب تیرے دشمنوں سے جدا ہوں

(آزاد ہوں اور انکے طعن سے منزہ) - ۵ - میں بیچاروں کی مصیبت اور تکلیفیں ایک نو بہار کیلئے
برداشت کر رہا ہوں (اور وہ نو بہار معشوق ہے - ۲ - اسکے وصل کا بار کوئی نہیں اٹھا سکتا -
پس میرے لئے یہی کافی ہے کہ میں اسکے ہجر کا بار برداشت کر رہا وصل کی امید رکھتے ہوئے (اٹھا)
ہے - اے معشوق تو مجھ سے کہتا ہے کہ اے انوری تو درد و غم برداشت (میرے عشق میں) کر سکتا ہے
پس میں سوا ہاں کے اور کیا کہہ سکتا ہوں کہ ہاں تیرا درد و غم قبول ہے - اسلئے معشوق میں تجھکو
دوست رکھتا لیکن افسوس کہ ہیں رو کا درماں نہیں جانتا کہ میں عجیب کشمکش میں مبتلا ہوں کہ نہ تو مجھے تیرا
ہجر ہی نصیب ہے نہ تیرا وصل ہی حاصل ہے - کہ مجھے اپنے صورت دکھا کر تو مفقود ہو جاتا ہے -
جس کے باعث ہجر بھی نہیں ہے اور وصل کا تو ذکر ہی کیا -) ۲ - نہ تو میری تو کچھ خبر ہی لیتا ہے اور نہ
میرا مقصد ہی پورا کرتا ہے اور نہ اس بات کی اجازت ہے کہ میں اپنا راز نہاں ہر ایک شخص سے
کہہ سکوں (تاکہ شاید کچھ تدبیر کار برآری کی ہو سکے) - ۳ - خوب با دل تو خود لیجیے اور اب صبر کی تلقین ہو رہی
کہ اے انوری صبر کر لیں اسے محبوب یہ نا واجب تکلیف مجھکو دے رہا ہے کہ بغیر دل کے صبر نہیں ہو سکتا -
۴ - اگر تو میرے ساتھ موافقت نہیں کر سکتا (مجھ سے نہیں مل سکتا) تو پھر اس جان کو بھی دل کی طرح لیلے
کہ تیرے وصل کے بغیر یہ جان دل کے لئے وبال ہے - ۱ - مجھے اسکے عشق میں ایکدم کے لئے بھی قرار نہیں
افسوس میں کیا تدبیر کروں کہ بس وہی میرا دستگیر ہے اور وہ دستگیری وہ کرتا نہیں) اور کوئی نہیں -
۲ - اسکے کارواں غم کی گرد کے پیچھے ہیں ان ناصروں کی مانند جاتا ہوں جو صرف جرس (گھنٹہ) کی
آواز کو اپنا رہبر سمجھتے ہیں اور آواز پر روانہ ہو جاتے ہیں (یعنی میں اسکے غم کے حصول کے واسطے
بادیہ پیمائی کر رہا ہوں کہ غم ہی حاصل ہو جائے) - ۳ - کاش میں شب ہی کو اسکی گلی میں ایک دفعہ
گذروں (میرا گذر ہو) کہ شاید اسکا کتا ہی میری حمایت کرے یعنی اسکا عشق اس قدر دامنگیر ہے
کہ سگ لیلی (اسکے کتے کو) پیار کرنیکی غرض سے میں راتوں کو اسکی گلی میں جاتا ہوں لیکن یہ
مقصد بھی پورا نہیں ہوتا - (تشبیب - حاکم مراد از معشوق کہ بر عشاق حکومت دارد) - ۴ - میں
اسوقت تک اسکے لب شیریں کا محرم نہ ہو سکا (یا شیریں سے حلاوت نہ پا سکا) کہ جب تک اسے سر سے

یہ نہ کہا کہ میں طفیلی مگس ہوں (مگس کے وسیلہ و صدقہ میں حلاوت سے محظوظ ہونا چاہتا ہوں مگس کی
مناسبت شیرینی بہ رعایت لب۔ ۵۔ میں نے جب اس پری وش سے کہا کہ دل کو تیرے وصال کی
خواہش ہی مجھے نہیں اس خواہش میں میرا ایما نہیں ہی میں سچ کہتا ہوں)۔ ۶۔ تو جواب دیا کہ
انوری اپنے دل سے کہہ کہ اس وقت تو سوائے ہجر کے اور کچھ حاضر نہیں ہی اور اس تک میرا بستر
بھی نہیں ہی (یعنی ہجر موجود ہی وصال کی خواہش تو عبث ہی)۔ ۷۔ دل نے یہ سنکر مجھ سے کہا کہ کچھ
نہ ہونے سے یہی (ہجر) غنیمت ہی اسلئے کہ یہ مفت میں مل رہا ہی میرے لئے یہی کافی ہی (جب کہ
وصال کی کچھ امید نہیں)۔ ۸۔ میرے ہم نفس (دل) کے ہوش و حواس بجا نہیں ہیں اس سبب سے
اُسنے یہ گستاخی کی اور میں نے تجھ سے عرض کیا ہے (مجھے خوف ہی کہ تجھے ناگوار گذرے)

ردیف النون۔ ۱۔ عاشقی کیا ہی۔ اسکے (معشوق) غم و درد سے شناسا ہونا اور اسمیں مبتلا ہونا
(یعنی اسکے غم و درد میں گرفتار ہونے کا نام عاشقی ہے)۔ ۲۔ اور اس عشق کے [illegible]
و قدر کے خنجر کے سامنے سپر بن جانا (یعنی مصائب کو برداشت کرنا) اور تیر بلا کا نشانہ
بننا (عشق و عاشقی ہے)۔ ۳۔ جب معشوق اپنے بند (عشق) میں گرفتار
کر لے تو اور تمام تعلقات سے آزاد ہو جانا (تمام تعلقات کو ترک کر دینا)۔ ۴۔ اور اس
(معشوق) کی بلا کے پاؤں کے نیچے تمام عمر اس کی زلف دوتا کی مانند خمیدہ رہنا یعنی پامال بلا ہونا
اور انکو برداشت کرنا۔ ۵۔ اور جب اسکا آفتاب رخ جلوہ گری کرے تو اسکے سامنے ذرہ کی طرح
ہوا میں منتشر ہو جانا (عاشق کا کام ہی) یعنی اسکے آفتاب رخ کے سامنے ذرہ ہو جانا۔ ۶۔ اور
تمام مصائب کو قبول کرنا اور جملہ آرام و راحت سے جدا ہو جانا (اسکے عشق کی [illegible] ہی اور
عاشق کے لئے ضروری)۔ ۷۔ اگر دلدار مطلب ظلم و جفا کی چاہے جسقدر [illegible] رہا تنہا
ہو لیکن اسیطرح مستعدی کیساتھ وفا پر قائم رہنا اور وفاداری سے منہ نہ موڑنا (اسکا نام عاشقی
ہی)۔ ۸۔ اس چکی کے دونوں پاٹ۔ مطلب اور اگر عشق تیری ہڈیوں کو آس بنا دے تو تجھکو لازم
ہی کہ آسیا کا زیریں سنگ (نیچے کا پاٹ) بن یعنی دوسروں کا بار اٹھانے کیلیے پھر بھی کمربستہ رہنا چاہئے

ور دوسروں کو پامال نہ کرنا چاہیئے (یہ ہے عشق کی شان) -۱- اے معشوق کچھ تو شرم کر اسقدر جفا جو نہ بن اتنی جفائیں نہ کر اور مجھ مسکین عاشق کو آزار پہنچانیکا قصد نہ کر -۲- میں غم والم کے سبب پادر رکاب ہو رہا ہوں (ضعیف و محزون) پس اب سے زیادہ اپنے اسپ جفا کو تیز نہ کر ورنہ افتادگی کے سبب سے میں جانبر نہو سکونگا -۳- اپنے آہ گریباں کے غم میں ہر رات میرے دامن کو پروین (اشک) سے پر نہ کر یعنی اپنے ہجر سے مجھے نہ رلا -۴- تو کبتک یہ کہتا رہیگا کہ اب میں کسی اور کو اپنا یار بناؤں گا اور انوری سے قطع تعلق کرونگا - اے جفا جو جو چاہے وہ ستم مجھ پر کر لیکن ایک یہی بات نہ کر یعنی مجھے نہ چھوڑ -۵- ایک بوسہ کی عوض تو مجھسے جان طلب کرتا ہے - لے یہ جان کی نقدی حاضر ہے اسے قبول کر اور بوسہ عنایت کر - انکار نہ کرنا -۶- کابین (مہر، قیمت) مطلب اے محبوب جب تو اسقدر پسکر روح ہے تو اسقدر گران بہا نہ بن (کہ عشاق اسکی قیمت کی ادائیگی سے عاجز رہیں) -۷- اے معشوق تو حسن میں جان شیرین ہے (شیریں سے بڑھکر) لیکن شیریں (محبوبہ فرہاد) کی طرح ناز نہ کر (کہ ادائیگی قیمت کے باعث فرہاد کو بیستون کاٹنا پڑا) یعنی اپنی قیمت شیریں کی طرح گران بہا نکر -۸- عشق کو تو عاشق کے خون بہانیکا حکم دیتے رہا ہے رحم کر اور عشق کو خون بہانیکی تلقین نہ کر (اس سے باز آ) - اے معشوق تجھ پر قربان ہوجانے کے لئے بہت سی قربانیاں موجود ہیں بیچارہ انوری کو قربانی کے لئے مقرر نہ کر (اسکو قربان نہ کر) -۱- اے باد سحر کچھ تو اس بے وفا کی خبر مجھکو پہنچا کہ اسکے عشق (ہجر) میں میں پیچ و تاب میں مبتلا ہوں اور میرا معاملہ الجھا ہوا پڑا ہے -۲- تمام جہان میں ایک وہ ہی میرا غمگسار تھا لیکن افسوس کہ آج اسکے غم کے بجز اور کوئی میرا غمگسار و مونس نہیں ہے -۳- اسکے کار عشق میں جب تک میں مشغول ہوں تب تک مجھے کوئی بیکار نہیں کہہ سکتا (اسکے عشق کے باعث میں بیکار نہیں ہوں) اور جب تک اسکا غم میرا ہمدم و یار ہے میں بے یار نہیں ہوں میں بے یار نہیں ہو سکتا جب تک اسکا غم میرا یار ہے -۴- اسکے روز وصل کے اور کسی دن کا شمار نہیں ہو سکتا اسکی فرقت ہرگز میرے شمار میں نہیں آسکتی - شمار سے باہر ہے -۵- وہ شخص جو زمانہ کی شکایت کرتا ہے کہاں ہے ذرا میرے روز و روزگار کو دیکھے کہ کس مصیبت میں مبتلا ہوں

شاد باش ،، شاباش کیا ایسا ہی سلوک عاشقوں سے کیا جاتا ہی۔ کتنا اچھا یہ آپ کا فعل ہے۔
۶۔ تیرے روے خوب کو تیرے سبزۂ خط کی مدد پہنچ رہی ہی جبھی تو اسقدر دلیریاں تو کر رہا ہی
(تیرے سبزۂ خط کا بھی اس ظلم و ستم میں ہاتھ ہی) ۔ ۷۔ انوری جب تیرے عشق میں ہمہ تن
مصروف ہوگیا تیرے کام سے اسے کام اور کسی سے کیا غرض (پس اسکو تو نے خلق میں بیکار رسوا
کیا کہ اسے تو رسوائی کا کچھ خوف نہیں البتہ تیری رسوائی ہوگی اور تجھے شرمندہ ہونا پڑیگا۔
۱۔ اے محبوب تیرا رخ پرنور رشک آفتاب ہی اور آفتاب کو تیرے ہی رخ پر تنویر سے یہ
روشنی عطا کی گئی ہے ۔ ۲۔ اور تیرے یہ دونوں رخسار آفتاب ہیں (آفتاب کی طرح روشن ہیں)
اور تیری زلف اس آفتاب کے سامنے نقاب بنی ہوئی ہے (نقاب بنگئی ہے) ۔ ۳۔ عنقریب ہی
ہم دیکھینگے کہ تیرے تیر غمزہ سے تمام جہان سر بسر برباد و خراب ہوگیا (یعنی تیرا تیر غمزہ عنقریب ہی
تمام جہاں کو برباد کر دیگا) ۔ ۴ ق ۵۔ تاب جائے بازگشتن مراد صاحب روانی ۔ مطلب اے
سرو دیرپوش اگرچہ تنگمری کے لئے تیرا رخ روشن جاے بازگشت ہی یعنی صاحب تنگری حیران
بنا دیتی ہو (۱) لیکن بیچارہ انوری کا جگر تیری آتش ہجر سے (برا) کباب ہو رہا ہی۔ یعنی اور دوسرے
تو تیرا رخ زیبا دیکھکر حیران ہو جاتے ہیں (تیرا نظارہ کرتے ہیں) لیکن اس بدبخت انوری کو یہ بھی
حاصل نہیں ۔ ردیف الیا ۔ ۱۔ اے معشوق اپنے ان ناز و انداز سے کہ جو تو ہمارے ساتھ کر رہا ہے
تو نے ہمارے دل کو جگر کھانے کے لئے خون کر دیا ہی (یعنی جب دل خون ہوگیا تو پھر جگر کی باری ہی)
۲۔ جسقدر کہ ہم تیرے ظلم و ستم کو برداشت کرتے ہیں اور سرکشی نہیں کرتے اسی قدر تو ہماری
شکایتوں کو بڑھا رہا ہی (ظلم و جفا زیادہ کر رہا ہے) ۳۔ درلیغ ہجر ۔ اندوہ جدائی ۔ تیرے ماہ رخسار
سے ہمکو ہی اندوہ جدائی نہیں پہنچ رہا ہی بلکہ تو یہ جور آسمان کے ساتھ بھی کرتا ہی (کہ ماہ ہمیشہ
اسپر موجود نہیں رہتا کہ تیرا رخسار جو ماہ ہی اسے بھی ہجر میں مبتلا رکھتا ہی) ۴۔ جب ہم تیرے ایک ظلم کو برداشت
کرنے کے عادی ہو جاتے ہیں (برداشت کرنے لگتے ہیں) تو اور تو ہزاروں طرح کے
غم و الم ہمارے لیے مہیا کر دیتا ہی ۔ ۵۔ افسوس! کبھی ایک دفعہ بھی ایسا نہوا کہ تو اپنے ہاتھ

ہمارے پاؤں کے کانٹے (مصیبت) کو اچھی طرح نکال دیتا (یعنی کبھی تو نے ہماری مصیبت دور کرنیکی خواہش نہ کی اور نہ آمادہ ہوا)۔ ۶۔ تو ہر وقت یہی کہتا ہے کہ میں تمہارے ساتھ سلوک و بھلائی کرتا ہوں آخر یہ بھی تو کبھی کہہ کہ کسطرح (یا یہی کہ میں تمھارے ساتھ بھلائی کرتا ہوں) اور کیسے۔
۷۔ **انوری** کے خیال میں کبھی یہ بات نہ تھی کہ تو اسکے ساتھ ایسے ظلم و ستم سے پیش آئیگا جسطرح کہ پیش آرہا ہے (یعنی تجھ سے ظلم و ستم کی امید نہ تھی ...)۔ ۱۔ اے حضرت دل آپنے آخر اسقدر دستاری جتائی (اور لاف زنی کی) کہ آخر مجھکو تباہ و برباد ہی کرکے چھوڑا۔ ۲۔ تو تیرے ہاتھوں میں تو بلا میں مبتلا ہوا (اور مجھے رنج و غم کا سامنا ہوا) آخر تو نے کبھی میرے ہاتھ سے کچھ رنج و غم اٹھایا (یا مجھے ہی تکلیفیں دیئے جائیگا)۔ ۳۔ آخر تجھ سے کبتک مجھکو یہ رنج و غم پہنچتے رہینگے کیا کچھ تھوڑے رنج و غم تو نے مجھے دیئے ہیں (جو اب بھی رنج پہنچانیکا خیال ہے) اب تو باز آ۔ ۴۔ اے دل تو بہت ہی زیادہ غضبناک ہے کہ تو نے اس جنگ و غضب سے برباد کردیا کہ تو مجھکو اشک خونیں رلا رہا ہے (تکلیف دے رہا ہے۔ اسقدر ظلم و ستم نہ کر)۔ ۵۔ افسوس۔ خود بھی تو غم میں گرفتار ہوا اور مجھکو بھی مبتلا کیا لیکن ابتک کوئی راحت و خوشی حاصل نہیں ہوئی (سوائے رنج و غم)۔ ۶۔ میری جان تیری غمخوار بنگئی جبسے (تیری غم خوار ہے) لیکن تو اسکے اس غم کھانے سے خوش ہو رہا ہے (کیا یہی انصاف ہے)۔ ۱۔ **ماہ** ۔ رخسار ۔ **مشک** ۔ زلف **مطلب** اے معشوق جسوقت تو اپنے رخسار پر زلف پھیلاتا ہے (ماہ کے گرد خرمن مشک لگاتا ہے) تو میرے خرمن دل میں آگ بھڑک اٹھتی ہے۔ (میرے خرمن دل میں تو آگ لگاتا ہے)۔ ۲۔ پردہ شب کو باوجود اسقدر دوری کے تو میری روشنی پر کیوں اور کسطرح لگا دیتا ہے میری عقل کام نہیں کرتی۔ یعنی اپنے رخسار پر جو میرے لئے روشنی ہے کی تو اپنی زلف کو کیوں پریشان کرتا ہے۔ ۳۔ میں تو تیرے سودائے عشق میں سر پھوڑتا پھرتا ہوں اور تو اطمینان سے بیٹھا آرام کر رہا ہے (عیش و عشرت میں مشغول ہے) کچھ میری خبر بھی ہے کہ اتنا تغافل نہ کر۔ ۴۔ اے معشوق تو نے اپنے طراری کے باعث مجھ پر غلبہ پالیا مجھے نہیں معلوم تھا

کہ تجھے یہ فن بھی آتا ہو (یاد)۔ ۲۔ یہ کہ اے معشوق تو نے طراری سے میرا دل میرے ہاتھ سے
چھین لیا مجھے نہیں معلوم تھا کہ تجھے یہ فن بھی یاد ہے) ۔ ۵۔ اے محبوب تو میرے قتل پر
آستینیں چڑھائے ہوئے ہو (قتل کرنے کیلئے آمادہ ہے) اور تو اس ارادہ کو اپنے دل ہی
میں ابتک چھپائے ہوئے تھا پردہ ہی پردہ میں یہ دشمنی۔ ۶۔ اے سفاک اپنی تیر مژگاں سے
کہہ کہ ذرا آہستہ آہستہ میرے دل میں پیوست ہوں کہ یہ کسی دشمن کا دل نہیں ہے (جو ہرہ) یہ
میرا دل ہے کہ جو تیرا دوست ہے۔ ۷۔ میں تیرے کف پا کا بوسہ لیتا ہوں کہ تو نے اسی پاؤں کو
مدتوں میرے سر پہ مارا ہو (کہ اس پاؤں سے لگدکوب کی ہے) پس شبہ بہت ہی عزیز ہے۔
۱۔ اے زمانہ کے عاشقوں میری مدد کرو مدد کہ اس سنگدل معشوق نے میرے دل کو خوار
(پامال) کر دیا ہے۔ ۲۔ میں نے تو ایک دل (سچے حقیقی) دوستوں کی طرح تیرے سامنے کر دیا
(کہ قبول کر لیا) تو نے بھی کچھ دوستداری کی اور دل سے کچھ دوستی کا سلوک کیا؟ افسوس
تو نے اسکا یہ اجر دیا کہ اسے پامال کر کے پھینکدیا۔ ۳۔ میں نے خیال کیا تھا کہ اسکا دل میں
رام کر لوں گا لیکن ناگاہ خود میں ہی دل سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ افسوس دلستانی کے لالچ (خواہش) میں
میں دل بھی ہاتھ سے گیا۔ ۴۔ بادی پہل اولیت۔ آغاز کنندہ مطلب یہ نخیل (معشوق)
دل سپاری (دل دینے) میں کب اولیت (پہل) کر سکتے ہیں۔ اور ان کے لبوں سے ایک دفعہ
بھی ہماری سازداری (موافقت) کب ہو سکتی ہے۔ ۵۔ دشمن بھی دشمن سے اپنی مراد ایک
نہ ایک روز پا لیتا ہے لیکن تو ایسا میرا دشمن ہو کہ باوجود سوز و زاری کے مجھے کوئی بوسہ نہیں دیتا۔
۶۔ اسکا سوائے صبر و بردباری کے کوئی اور صورت نظر نہیں آتی۔ اس لئے کہ میں عاشق لاچار ہوں
پس عاشق کے لئے بجز صبر و بردباری کیا چارہ۔ ۱۔ اے محبوب تیرا چہرہ بالکل ماہ سے مشابہ ہے
اور تیرا قد سرو بوستاں کی مانند ہے۔ ۲۔ تو ہمارا دل رکھتا ہو (یعنی ہمارا دل تیرے پاس ہے
نہیں "نہیں۔ میں نے غلط کہا بلکہ تیری جان (تیرے سر کی قسم) تو جان رکھتا ہو ہماری جانیں
تیرے پاس ہیں۔ ۳۔ اے محبوب تو ہمارے دل میں بھی ہو اور ہماری خواب میں بھی موجود ہو

پس اس صورت میں تو اب مجھے کسطرح جدا رہ سکتا ہے۔ ۴۔ اور جب تیرے غم میں میرا راز فاش ہوگیا تو پھر تو کبتک اپنے روے روشن کو مجھ سے چھپائے رکھیگا (تو بھی پردہ سے نکل آ) ۵۔ اگر تو مجھسے پوشیدہ رہتا ہی اور بیوفا ہے تو کوئی تعجب نہیں اسلئے کہ تو جان ہی (اور جان ہمیشہ نہاں رہتی ہے اور رہیگی) اور عادت جہاں بیوفائی کم رکھتا ہے پس تیرا گلہ بیکار ہے۔ ۶۔ میں تو تیرے غم کے باعث نہایت ہی عاجز و خاکسار بنا ہوا ہوں لیکن تو جفا میں آسمان پر چڑھا ہوا ہی (از حد ظلم و ستم کر رہا ہے)۔ ۷۔ جب تو یہ سمجھتا ہی کہ مجھے انوری سے کوئی تکلیف و صدمہ نہیں پہنچیگا تو پھر کیوں اسکے دل کو تو صدمے پہنچا رہا ہی (اسکے دل کو کیوں واپس نہیں کر دیتا)۔ ۱۰۔ اے معشوق یا تو تیرے اس رخ روشن کی ایک جھلک میں دیکھ لوں یا تیرے لب شیریں سے ایک حرف (لفظ) شیریں مجھے عنایت ہو (تاکہ اس رنج و غم سے نجات پاؤں)۔ ۲۔ یا مجھکو تیرے غم و خیال کے لیے تیری دل کی طرح ایک سخت دل حاصل ہوتا کہ اس رنج و غم کو برداشت کر سکوں۔ ۳۔ مجھے اسکے غم میں دل کی بھی خبر نہیں ہی کاش مجھے اسی (معشوق) کے دل کی ایک خبر معلوم ہو (تا کہ کسیقدر تسکین ہو)۔ ۴۔ ایک مدت تک میں نے تخم وفا بویا ہے (وفاداری میں کمربستہ رہا ہوں) آخر کبھی تو اس سے مجھے بر حاصل ہونیکی امید ہو (کبھی تو شفقت کی امید ہو)۔ ۵۔ تیرہ تاریک مطلب میرے عیش و عشرت کی اس تیرہ شبی کو ایک مدت گذر گئی (مدتوں سے عیش و عشرت سے محروم ہوں) آخر کبھی تو اسکی سحر بھی ہونا چاہیئے (یعنی کوئی دن تو ایسا ہو کہ میں عیش و عشرت میں بسر کروں)۔ ۶۔ آخر میں کب تک یہ بیقاعدہ نالے بھرتا رہوں کبھی تو ان کا کچھ اثر ظاہر ہونا چاہیئے (تاکہ کچھ تقویت حاصل ہو)۔ ۷۔ اتنے کچھ رنج و غم برداشت کرنیکے بعد آخر ہمارے رشتۂ صحبت (تیری ملاقات) کا بھی اے معشوق کچھ سر و سامان (درستی) ہونا چاہیئے کبتک ہم اسطرح نامراد رہیں۔ ۸۔ اے معشوق ہر ایک شئی جو ہمارے پاس موجود تھی سب تجھ پر قربان کر دی آخر انوری کو بھی کبھی اپنے

دل میں گذرنے دے (انوری کو بھی کبھی یاد کر کہ اُسنے سب کچھ تجھ پر قربان کر دیا) ۱۔ اے معشوق!
تیرے حسن میں اب ایک اور نئی بہار آئی ہی اور تو اب زمانہ میں ظلم کے باعث نظیر روزگار ہوگا
(جور و جفا میں سب سے بڑھ کر) ۲۔ تو شاخ زمانہ کی مانند ہی کہ ہر ساعت ایک نئے رنگ سے
بار آور ہوتا ہی (ہر لحظہ ایک نئے رنگ و شان سے نمایاں ہوتا ہی) ۳۔ ہر ایک وعدہ
پورا ہو گیا (جسکا عہد و پیماں تھا) لیکن افسوس یہ کبھی نہیں ہوا کہ تو ایک دفعہ میری
آغوش میں آتا۔ ۴۔ تیری ہی یاد (عشق) میں میرا دن تمام ہوتا ہے اور اسیطرح
عمر گذر رہی ہے آخر تو کسدن میرے کام آئیگا (کہ میں ان آلام سے نجات پاؤں) -
۵۔ اے معشوق افسوس! تو مجھ سے کہتا ہی کہ میں تیرے سر کی قسم تجھسے یوں کنارہ
کش ہو گیا ہوں کہ تو نالہائے زار میں گرفتار ہو (رنج و مصیبت میں مبتلا ہو میرے فراق میں)
تو آہ و زاری کرے۔ ۶۔ پس اے جان من۔ قسم نہ کھا کہ مجھے تیرا اعتبار ہی یعنی تو اپنے
قول کا پکا ہی (اس سے پلٹنے والا نہیں اور تیرا قول سچا ہی) - ۷۔ اے ہمدم اگر تو **انوری**
سے عشق سیکھیگا تو خدا کی قسم تجھے بار بار کفر اختیار کرنا پڑیگا (یعنی دین و ایمان ترک کر کے
کفر اختیار کرنا ہوگا) - ۱۔ مصرعہ ثانی یوں بنا لیجئے۔ دل بردی و زآں پس جگر خوردی۔
مطلب - اے محبوب تو نے میرے حق میں دشمنی کی ہی (بلکہ دشمن بھی ایسا نہیں کریگا)
کہ پہلے تو میرا دل چھین لیا اور اسکے بعد اپنے ہجر سے میرے جگر کو بھی ٹکڑے ٹکڑے کر دیا
(خون کر دیا) - ۲۔ **از دست شدن** - ہاتھ سے نکل جانا۔ کھو جانا **سر از چیزے
بر آوردن** - کسی امر سے عہدہ برآ ہونا۔ ترک کرنا مطلب - جب میں نے تیرے عشق کو
انجام پر پہونچا دیا تو تو نے اسکا مجھے یہ صلہ دیا کہ مجھسے تو کنارہ کش ہو گیا اور مجھے ترک کر دیا
دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہی - کہ اے بیوفا مجھے اپنا گرفتار محبت بنا کر تو مجھسے کنارہ کش
ہو گیا اور تو نے مجھے فراموش کر دیا کچھ ٹھکانا ہی اس ظلم و ستم کا - ۳۔ اے ماہ (معشوق)
جسطرح تو نے دوستی کا حق ادا کیا ہی۔ دوستی کی ہی کیا اسی طرح دوستی ہوتی ہی اور پھر

سردمہری کے ساتھ۔ ۴۔ میں نے اس سے کہا کہ اگر زمانہ کا رخ پلٹ جائے تو کیا تو بھی اپنا
رنگ بدل دیگا (جور و جفا کو ترک کر دیگا)۔ ۵۔ تو اس ستمگر نے جواب دیا کہ نہیں میں ایسا
ہرگز نہیں کرونگا۔ تو نے اسکا یہی جواب دیا اور آخرکار تو نے دیکھا ہے کہ میرے ساتھ
اس نے وہی کیا جو تیری عادت تھی (یعنی جور و جفا)۔ ۶۔ اگرچہ **انوری** تیرے لائق نہیں ہے
لیکن تو نے مغرور تا اسے ارباب معانی ہو دیکھیے اب کیا انجام ہو۔ ۱۔ اے جان جہان غز
ہنر تو کبتک مجھ پر جور و جفا کرتا رہیگا اور اپنے دست عہد کو ہمنشینی کے دامن سے کب تک
الگ رکھیگا (یعنی کبتک مجھ سے جدا رہیگا)۔ ۲۔ اے معشوق تیرے عشق میں میں نے دو جہان
کو ہار دیا ہے (دونوں جہان سے قطع تعلق کر لیا) پس تو کبتک یہ دغا و جور و جفا میرے
ساتھ کرتا رہیگا۔ ۳۔ جب میں نے تیرے عشق میں عزت مردانگی کی کلاہ سر سے اتار کر
پھینکدی (اور عزت و مردانگی کی کچھ پرواہ نہ کی) تو اے معشوق تو میرے پیراہن صبر کو کبتک
چاک کرتا رہیگا (یعنی جب میں نے تیری محبت میں عزت و حشمت کو ترک کر دیا تو تجھے زیبا
نہیں کہ مجھے صبر سے بے قرار رکھے اور مجھے رنج و غم پہنچائے) ۴۔ اے محبوب جب جور و
جفا کے سوا روز و شب تیرا اور کوئی کام ہی نہیں تو پھر تو مجھکو بے مہر و وفا کے کبتک
اسیطرح مبتلائے رنج و غم رکھیگا۔ اے معشوق تو انوری کی مہر و وفا سے منہ موڑے
ہوئے ہے انوری پر مہر و وفا نہیں کرتا (یعنی اسیطرح بے مہر و وفا تو اسکو کبتک رکھیگا)
کچھ تو شرم کر اور اس جفا سے باز آ۔ ۱۔ اس معشوق کو ایک عمر ہو گئی کہ میرے ساتھ
ظلم و ستم کر رہا ہے گویا اسنے ستمگری انتہا کر دیا ہے جو میں ہوں اور اسکا ظلم و ستم۔ ۲۔ اے
جفاجو تو جو چاہتا ہے وہ میرے ساتھ (ظلم و ستم) کرتا ہے۔ ہاں بیشک بیوفا معشوق
عاشقوں سے یہی سلوک کرتے ہیں۔ ۳۔ اے محبوب میری تو یہ خواہش ہے کہ تو مجھے
قتل کر دے (اب ظلم و ستم برداشت نہیں ہوتے) کیا ممکن ہے کہ تو ایک دفعہ مری یہ
تمنا پوری کر دے۔ ۴۔ آخر کبھی تجھ سے مجھے کچھ عیش و عشرت بھی حاصل ہوا کہ ایک عمر

ہوگئی کہ تو مجھ پر جور و جفا کر رہا ہے۔ نہیں (یعنی تیرے ظلم و ستم برداشت کرتے ہوئے ایک
مدت ہوگئی لیکن آج تک کوئی آرزو پوری نہ ہوئی)۔ ۵۔ میں جب تجھ سے بوسہ طلب
کرتا ہوں تو تو کہتا ہے کہ اس آرزو میں رنج و الم کا سامنا ہے (ظلم و ستم برداشت کرنا ہوگا)
۶۔ لیکن اگر تجھے کسی عشوہ کی حاجت ہو تو میں دے سکتا ہوں اسلئے کہ خردہ ار زیادہ
خرمن۔ بوسہ کو خردہ سے استعارہ کیا ہے)۔ باعث یادگار نہیں (ان عشوہ لائق یادگار ہے
پس بطور یادگار کے تجھے وہ مل سکتا ہے۔ ۷۔ لیکن اے محبوب تجھے تو تیرا بوسہ درکار
ہے کیا ہی اچھا ہو اگر تو ہنسکر میرے اس مقصد کو پورا کردے (یعنی ہنسکر اقرار کرلے)۔
۸۔ اے سفاک جب تو ہجر سے میری جان کو تاریک بنانا چاہتا ہے تو کم از کم ایک دفعہ تو مجھے
کچھ عیش و نشاط کا سامان عطا کر۔ ۹۔ تو میرے ساتھ برائی کرنے میں حق بجانب ہے اسلئے
کہ معشوق عاشقوں کے ساتھ یہی سلوک کیا کرتے ہیں۔ ۱۰۔ میں نے تیرے وصل کے
دلال کو اپنی جان دیکر کہا کہ شاید اسکا کوئی خریدار ہو جائے۔ ۱۱۔ تو جواب دیتا ہے کہ
اگر تو اسکو مفت دینا چاہے تو ضرور ہم اسکو تیز بازاری میں خرید سکتے ہیں (اسوقت
تو مفت ہی سیکڑوں دل حاضر ہیں جو تیرے دل سے لاکھ درجہ اچھے ہیں۔ جب تیز بازاری
ہوگی تو دیکھا جائیگا) افسوس میرے دل کی کیا قدر و منزلت۔ ۱۔ اے محبوب نام خدا
تو میری نظر میں ماہ آسمانی سے بھی بڑھکر ہے ۲۔ اگرچہ تو پہلے ہمارے دل و دیدہ
کی مانند تھا لیکن اب تو جان جہاں ہے لیں اور نہ بغیر تیرے کسی کی زندگی محال ہے
۳۔ ہماری خوش قسمتی ہے کہ اس ایک دل کے نثار کردینے سے اسکا وصل میسر ہو جاتا
ہے ورنہ اسکا وصل تو سو جانیں قربان کر دینے پر بھی ارزان ہے کہاں ایکدل! اگر سو جانیں
نثار کرنے سے اسکا وصل میسر ہو تو بھی اسے ارزاں سمجھو ۴۔ اے محبوب اگر تو میرے
ساتھ نہیں ہے تو میں تو ضرور تیرے ساتھ ہوں۔ عجب معاملہ ہے کہ تو مجھ میں موجود بھی
ہے اور مجھ سے جدا بھی ہے۔ جدا اس صورت سے ہے کہ تو مجھ میں نہیں ہے اور موجود

(اس صورت سے ہے کہ میں تجھ میں محو ہوں اور تجھ میں شامل ہوں ۲۔ میرے برابر دل ہوسکتا ہے (میری اور دل کی برابری ہوسکتی ہے اسلئے کہ وہ میرا یار و ہمدم ہے اور دل کا اور میرا مرتبہ ایک ہے) ہاں اے محبوب میں تیری برابری نہیں کر سکتا اسلئے کہ تو جان ہے پس جان دل سے زیادہ صاحب مرتبت ہے ۳۔ اے تغافل کیش میں تجھ سے کبھی بھی برگشتہ نہیں ہوسکتا (میں تجھ سے کبھی نہیں پھر سکتا) ہاں تو مجھ سے برگشتہ ہوسکتا ہے اور تو پھر سکتا ہے لیکن میں نہیں کر سکتا۔ ۱۔ اے محبوب تیرا غم میری غمگساری کر رہا ہے اور تیرا اندوہ و غم ہمارے لیے باعث مسرت ہے (کہ اسقدر التفات تو مجھ پر ہے) ۲۔ نگاہ دار = محافظ نگہبان۔ مطلب تیری چشم غمازکے (جو تیرے رخ روشن کی نگہبان ہیں) سبب سے میری آنکھیں چشمۂ خون میں خوابیدہ ہیں (ڈوبی ہوئی ہیں) ۔ اشک خونیں جاری ہیں۔ ۳۔ تیری ان آبدار زلفوں کی تابش سے شب (سیاہی زلف) روشن ہو رہی ہے اور دن ایک ہو رہا ہے دن سے مراد رخسار ہے۔ ۴۔ قفر۔ بالفتح ۔ زمین کھودنا ۔ مطلب تیرے غم قفر کو زمین کھودنے ۔ دلوں کے باغ سے نہال کامگاری کو اکھیڑ ڈالا ہے (یعنی دلوں کو کامگاری میسر نہیں ہو سکتی) ۵۔ اے معشوق تیرا شربت بوسہ شراب دینیوالا ہے اور تیرے غمزہ کی ضرب بہت ہی کاری ہے۔ پس ہمکو بوسہ عنایت کر اور غمازی نکر ۔ ۶۔ تو مجھ سے دریافت کرتا ہے کہ اے انوری بغیر میرے تیرے دل کا کیا حال ہے۔ افسوس تجھے کیا بتاؤں وہ بعجب خواری و ذلت تیرے ہجر میں خون ہو رہا ہے ۔ ۷۔ جبدن تیرے غم نے مجھے مبتلا کیا ہے اے جفا جو نے تو اس (دن) روز اسے غنیمت سے شمار کیا ہوگا میرے غم میں مبتلا ہونیکو اچھا خیال کیا ہوگا) ۸۔ شاباش ۔ دوستوں کے ساتھ یہی کیا جاتا ہے ۔ چشم بد دور تو کسقدر اچھا دوست ہے ۔ آفریں (بہ ظلم و ستم) ۔ ۹۔ آج تو مجھ پر ہر طرح سے ظلم و ستم کر رہا ہے تجھے مجھ پر قابو و قدرت حاصل ہے جو چاہے وہ کر ۔ ۱۰۔ لیکن مجھے یہ خوف ہے کہ کل روز محشر ان ظلموں کی سزا ملے گی (انصاف ہوگا) کہ خداوند عالم ہے تمام بادشاہوں کی ۔ خشبوکی دستواری

کی طاقت و توانائی رکھتا ہی احکم الحاکمین ہی بس وہ ان مظالم کی ضرور باز پرس کریگا۔
پس جور و ظلم سے باز آ۔ ۱۔ مجھے ایک ساعت کے لئے بھی غم سے چھٹی (آرام) نہیں ملتی
جب سے ہم نے اس شراب عشق کو پیا ہے تب سے تا این وقت ہمیں ایک تھوڑی سی
دیر کے لئے بھی آرام میسر نہوا۔ (ہر وقت رنج و الم میں ہم گرفتار رہیں)۔ (۲)۔ اسکے ہجر میں
ایک ذرا دیر کے لئے بھی مجھے سکون و آرام میسر نہیں حالانکہ بادیہ پیمائی کرتے ایک زمانہ
ہوگیا لیکن اسکے غم سے نجات حاصل نہوئی)۔ ۳۔ میں طرح طرح کی تدبیریں کرتا ہوں کہ
مجھے عیش و عشرت حاصل ہو لیکن افسوس کہ میں اس بستہ تقدیر کو نہیں کھول سکتا یعنی
تقدیر میں آرام نہیں بنا براں کوئی تدبیر بھی کارگر نہیں ہوتی۔ ۴۔ میں کبتک ان بیوفا
معشوقوں سے اس امید پر وفا کرتا رہوں کہ میرے ساتھ یہ لطف و کرم سے پیش آئیں۔
(ان سے مہر و وفا کی امید بیکار ہی) نوٹ۔ نولکشوری نسخہ میں نیا سایم آخر ہے۔ نیا سایم
سے بھی مطلب لکھتا ہوں۔ یعنی جب ان بیوفاؤں سے مجھے ایکدم کے لئے بھی آرام حاصل
نہیں تو پھر میں بیکار ان سے کبتک مہر و وفا کرتا رہوں ۔ ۴۔ ان معشوقوں کی آرزو میں
جان و دل کو سوائے رنج و غم اور کیا حاصل ہو سکتا ہی (انکی آرزو بیکار ہی)۔ ایلے
تغافل کیش۔ اگر اس عشق میں تیرے سوا میرا کوئی اور یار و دوست ہوتا تو بس
ہر وقت تیرے وصل سے شاد کام ہوا کرتا۔ اس صورت میں تو اسقدر مجھ سے بے اعتنائی
نکرتا رشک کے باعث تو مجھے خوش کرکے اس دوسرے دوست کو میری نظروں سے
گرا دیتا اور اس صورت میں میرا مقصد خوب حاصل ہوتا لیکن مجبور ہوں کہ کوئی دوسرا
میرا دوست نہیں اور نہ بنا سکتا ہوں ۔)۔ ۲۔ اگر تو مجھکو دنیا (مخلوق) کی نظر میں خوار و
ذلیل نکرتا تو آج تیرے رنج و غم میں میرا کوئی نہ کوئی غمگسار و مددگار ہوتا۔ میری تیمارداری
کرتا۔ لیکن تو نے مجھے اسقدر ذلیل و رسوا کیا ہی کہ کوئی میرے پاس آنا بھی گوارا نہیں کرتا
تیمارداری تو درکنار۔ ۳۔ شاید کبھی تیرے باغ وصل سے مجھے بھی ایک پھول حاصل ہوجائے

ہوتے دیکھی (نہیں) مگر افسوس میری اس وفاداری کا بدل یہ ہی کہ ایک دن کبھی تونے مجھ پہ مہربانی
نہیں کی (یعنی میں تو ہمیشہ تجھسے وفا کرتا رہا لیکن تونے ہمیشہ بیوفائی ہی کی) ۴۔ مجھ پر رحم کر اور سے
عنایت کی نظر مبذول فرما آخر کبتک یہ بیوفائی اور کبتک مجھ سے یہ بدگمانی تو کرتا رہیگا ۵۔ اور یہ تیر
ناز ایسے بیجا ایک رنج بے پایاں ہی کہ جسکی برداشت کی قدرت مجھکو نہیں ہی) اور یہ بدبخت ناموافق
آسمانی کا کام ہی (یعنی یہ میری بدبختی اس چرخ سفلہ کی حرکت ہی کسی کی کچھ خطا نہیں) جو مجھکو مجبور رکھتا
ہی ۱۔ اے محبوب اگر تو میرے پہلو میں آجائے تو ہرگز تو مجھکو گزند نہ گذرے اگر تو میری جان کیطرح
مجھکو عزیز نہو یعنی اگر میں تجھکو اپنی جان کی طرح عزیز نہ سمجھوں تو خدا کرے کہ مجھے موت آئے (یعنی میں
تجھے جان کی طرح عزیز سمجھتا ہوں) ۲۔ اے مخاطب جب تک تو اپنی حالت کا قیاس دوسروں کی
حالت سے نہیں کریگا اسوقت تک تیری درستی کار نہیں ہو سکتی (یعنے دوسروں کو دیکھکر اپنی حالت سنبھال)
اور جبتک تو دوسروں کیطرح نہوگا اسوقت تک تیری حالت دگرگون رہیگی سنبھل نہیں سکتی۔ ۳۔ میں نے
دل دیکر تیرا عشق خرید ا خدا کی قسم مجھے اس میں فائدہ ہی کہ اسکی قیمت تو جان سے بھی زیادہ
تھی اور تو نے میری جان کو اپنے غم سے گھلا دیا پس تو بھی کچھ نقصان میں نہ رہا
تو نے بھی منفعت حاصل کی) ۴۔ اے معشوق جب تو میرے پاس نہیں ہوتا ہو تو میں دیوانہ ہوتا ہوں
پھر مجھے اپنا اچھا برا کچھ نہیں دکھائی دیتا ۵۔ الف خداوند تعالیٰ نے مجھے تیری محبت کے اشغال میں محو
و مصروف کردیا ہی کہ اس صورت میں تو مجھ سے جدا نہیں ہو سکتا تاکہ میں یہاں سے ترقی کرتے کرتے
عشق حقیقی تک پہنچ جاؤں۔ ب۔ اے معشوق خداوند تعالیٰ نے مجھے تیری محبت کے اشغال میں مصروف
کردیا ہی اور یہ بات لائق و سزاوار ہی کہ اس صورت میں میں تجھے فراموش نہیں کرسکتا اور مجھ یہاں سے
ترقی کرکے حقیقت تک پہنچ جاؤنگا ۶۔ دستان۔ افسانہ و حیلہ مطلب افسانہ اسوقت تک
دنیا میں داستان نہ بنیگا جبتک تو دوستوں کے ساتھ داستان وصل میں ہمداستان نہ بنیگا (یعنی جبتک
تو کسی کی مراد بر نہ لائیگا اسوقت تک تیرا نام و تیری داستان مشہور نہیں ہو سکتی۔ دستان و داستان بمعنی افسانہ)

تمام شد شرح غزلیات انوری -

شرح

رُباعیات انوری ۔

(۱) اے ممدوح اس خدا کی قسم جسنے تجھکو پیدا کیا ہے کہ کسی نے اب تک کسی ملک سے تجھ جیسا کوئی اور بادشاہ نہ دیکھا ہوگا اور سوا تیرے کسی میں یہ بات کب دیکھی گئی کہ روزانہ ایک ملک تو فتح کرتا ہے اور روزانہ رات کو اسے بخش دیتا ہے (۲) اے بادشاہ تیرا عدیل دنیا میں نہیں ہے اور زمانہ نے تجھ جیسا اور کوئی نہیں جنا اور نہ کوئی بادشاہ تیری طرح بخشش کرنیوالا ہے نہ کوئی ایسی بخشش کرا سکتا ہے اور حشر تک تیری تلوار آبدار کی مانند ملک فتح کرنا اور بخشش کر دینے والی کوئی اور تلوار پیدا نہیں ہوسکتی سخاوت میں تو بے عدیل ہے (۳) تو وہ ہے کہ تجھے دیکھ کر ایک دنیا نے کہا کہ دیکھو وہ ضامن رزق آیا رزاق جمیع رزق اور میرے کہنے کی ضرورت ہی کیا اے ممدوح تو خود جانتا ہے کہ تیری درگاہ قبلۂ مخلوقات ہے اگرچہ اس سے پیشتر حسن میلی و سجاق مقصود جہان بن چکے ہیں (سلطنت کر چکے ہیں) لیکن حقیقتاً مقصود جہان تیری ہی ذات ہے (۴) اے ممدوح تو وہ پاؤں ہے کہ جو بند عالم سے اسوجہ سے آزاد ہے کہ وہ خون ہے سلطنت کو خون قرار دیا ہے جسکے غم سے میرا دل خون ہو رہا ہے۔ بس اے تاج سر زمانہ اس قدر کنارہ کشی اختیار نہ کر دیکھ تو زمانہ کا تمدن ہاتھ تیرے پاؤں سے کب پامال ہو رہا ہے بلکہ وہ تو اور ترقی پر ہے پس تو اس سے علیحدگی اختیار نہ کر (۵) اے ممدوح تیری ذات تمام عالم کا خلاصہ ہے اور تجھسے قوم (رعایا) کو دو باتیں حاصل ہوتی رہیں ایک تو یہ کہ پانی کی طرح تیرے بدخواہ کا حکم جاری رہے اور دوسرے لالہ کی مانند ہمیشہ تیرا بدخواہ سوختہ دل رہے (۶) اے ممدوح تیرے دشمن کو کچھ تھوڑی سی حشمت حاصل ہوگئی ہے جس کے باعث اس نے ایک نمونہ قیامت برپا کر رکھا ہے ظلم و ستم ہو رہے ہیں پس اسکو تہ تیغ کرنے کے لیئے تو روانہ ہو اور تجھے زمام دریا [illegible] کہ اس [illegible] پیدا نہیں ہے فوج کس طرح گذرے گی خیال نہ کر وہ (تجھے) تیری حشمت کی گرد سے پٹ جائیگا کہ جس پر سے تو بے بھیگے [illegible] عبور - بالمضمر برہنہ دشمن

ہوئی یعنی خوشی یعنی مطلب آخرکار دشمن کا غم (دشمن کے سبب سے جو رنج و غم تھا) ہمارے دل سے
دور ہو گیا اور دوستوں کا ہجر خوشی سے بدل گیا اس لئے کہ جب وہ لشکر کشی کر کے دوں کمال عزت
وشان کے ساتھ نیشاپور میں رونق افروز ہوا تو وہ جہان کا نمونہ فرمان (نیشاپور بنا ہوا تھا) تمام
رنج و غم دور ہو گئے اور اس کے قدوم میمنت لزوم سے ہر ایک شاد و مسرور ہوا ۸/ ۹ ۔ اے ممدوح
آفتاب تیری پاک رائے سے جیسے نور کرتا ہو اور میری دولت بڑی ہے دنیا پر نور ہے اور تیری دینی
رائے کے سبب سے دین (اسلام و مذہب کا جھنڈا منصور ہوا) عالم اسلام فتحمند ہوا شاباش ۔ زہے
ممدوح تو ایسا خلیفہ ہو نائب امیر المومنین (کہ سلطان جسکا وزیر ہے) یا تو سلطان جیسی شان و شوکت
رکھنے والا خلیفہ ہے ۱۰/ ۱۰ ۔ اسوقت تک تیری رائے کسی رائے سے خوش نہ ہوئی جب تک کہ وہ تمام
دشتا ہوں کی مالک نہیں (یعنی تو شاہنشاہ ہو) اور اسوقت تک تیرے فلک نشان جھنڈے سے
نیچی سربلندی سے نہ رکے جب تلک ملک خراسان بھی سمرقند کی طرح نہ ہوا ۔ یعنی جب تک
راسات فتح نہ کر لیا تیرے فلک نشان جھنڈوں نے دم نہ لیا ۱۰/ ۱۰ ۔ اے ممدوح تیرے حکم نے ملک کی
نشان ہاتھ میں لی ہو اور تیرے فتراک (شکار بند) نے آسمان کے ہاتھ کو پکڑ لیا ہو (آسمان تک پہنچ گیا
ہو) تو ایسا اولوالعزم ہو کر تو دیکھیگا کہ ایک دن تیرے غضبناک غلام نے فتحمند ہو کر تمام عالم کو فتح
لیا جب تیرے غلام کی یہ حالت ہو تو پھر تیرا کیا وصف بیان ہو سکتا ہے ۱۱/ ۱۰ ۔ اے ممدوح تیرے
تیرے نے تمام روئے زمین کو فتح کر لیا اور تیرے نام نے کفر و اسلام کے تمام شہروں کو تسخیر کر لیا ہے تو
پھر لگا کہ ایک دن شکار کے طور پر روم سے روانہ ہو کر چین کو بھی فتح کرے گا ۱۲/ ۱۰ ۔ اور تیرا قہر دشمن
کے لئے موت ہے اگرچہ الا ہے دشمن کے لیے قضا ہے اور آج تیرا عدل بقا کو ترقی دے رہا ہے
حقیقت میں تیرا قہر ایسا ہی ہوا جیسا ہے اور عدل جاندار رجو بقا کو ترقی دے رہا ہے اسی پایہ کا
[illegible] ۔ سماک [illegible] سر اول نام ستارہ [illegible] ماہی [illegible]
[illegible] ۱۰/ ۱ اے ممدوح تیری جاہ (شان و شوکت) سماک کی مانند ہے اور یہ دنیا اس کے
مقابل سمک کی طرح ہو رہی ۔ [illegible] نوبت خیمہ) اور یہ آسمان تیرے خیمہ جاہ کے

پاریہ کا ایک ٹکڑا ہی۔ اور تیری رکاب سعادت انتساب بادشاہوں کے ہاتھ میں ہے اور تیرے
گھوڑے کی زین پوش فرشتہ کے کاندھے پر رکھی ہے (۱۴)۔ خدا کا شکر ہے کہ وہ خسرو ہفت اقلیم
اور وہ شاہ مبارک قدم شاہ کریم (سخی و ہفت اقلیم کا مالک) آتش فتنہ سے حضرت خلیل (ابراہیم
علیہ السلام کا واقعہ مشہور ہے) کی طرح محفوظ اور سلامتی کے ساتھ نکل آیا اور آب خطر سے حضرت
موسیٰ کی مانند ساحل نجات پر پہنچ گیا (۱۵)۔ اور وہ موج خطر میں حضرت موسیٰ کی طرح فہمی سے
(سمجھنے والا) اور آتش فتنہ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مانند معصوم ہو کر شاد و خرم ہونے والا
ہے۔ لیکن موج خطر و آتش فتنہ اس کو کچھ گزند نہیں پہنچا سکتی۔ اور ایک نے اپنے معجزہ سے
ماہ کو دو نیم کر دیا ان معصوموں کو آتش و آب سے کیا خوف ہو سکتا ہے (۱۶)۔ اے ممدوح تیری ہمت کے
سایہ میں (رہنے) ہمیشہ چرخ دوار رہتا ہے تیری ہمت کے سامنے کمربستہ ہے اور کیا تیری نظر عنایت
پرورش کے سبب سے باز کے ایسے بچوں ہے تیرا اقبال شاہین ہے اور زمانہ کبوتر ہو رہی تجھے زمانہ پر
قدرت حاصل ہے) اور تو بے مثل و بے نظیر ہے (اولو العزم و عظیم المرتبت) اور خسرو شیریں مقال (طوطی نام)
ہے (۱۸)۔ اے ممدوح تو اس ذات کا سایہ ہے کہ جس کا ملک قدیم ہے (تو ظل اللہ ہے) اور کتاب تو میں
فلک سے شکستہ خاطر رہیگا اور فوراً اس ملک کی طرف توجہ کر یہ کام سہل اور درست ہو اور تیرے سوا کوئی
یہ ملک کا نہیں ہے الغرض بازیچہ دکھلاتا ہے اس لئے کہ اس وقت ملک بانجھ ہے تخت خالی ہے پس اس کو
فتح کیجئے (۱۹)۔ اے ممدوح جب ہم اتنا تمام کشور کو [illegible] دے دیتے ہیں (انتقام کے لیئے آمادہ ہوتے ہیں)
تو ہم ایک ہی قصد حملہ میں تمام دشمنوں پر غالب آجاتے ہیں (قہر غالب ہوا) اور اگر ہم اس چرخ
سفلہ سے گرم کینہ جنگ کریں تو اس کو بھی ہم اسپ سے خوارزم کی طرح پامال کر ڈالیں (۲۰)۔ کہ کے
بجائے گوہر و شخص جو تیری خدمت سے خوش نہیں ہوتا تو آفاق میں بے حس ہو جاتا ہے اور زندان اسیر
قید ہو جاتی ہے (یعنی روئے زمین پر اس کو آرام میسر نہیں ہو سکتا) اور وہ جو ایک دن کیلئے بھی تیری خدمت
قبول کر لیتا ہے تو اس کے فیض سے وہ [illegible] مالک و بادشاہ بن جاتا ہے (۲۱)۔ اے ممدوح
تو ماہ رکاب ہے اور گردون تیرا نشان ہے۔ اور تو ملک فتح کرنے والا ہے۔ سکندر صفت اور دارا سخی کہ

بخشش دینے والا ہی (تمام دنیا بخش دیتا ہی) اور دنیا میں کوئی ملک تیرے گنج کی انتہا نہیں ہی اور
نہ ہم سے آزاد کر ادر اس کو آرایش دے اور اپنے قدوم سے روشن کر ۔ ۲۲ ۔ چشمہ تیغ بغیر تیرے
کے لیے آب رہیو (یعنی وہ تلوار جسکو تو نے اپنے ہاتھ میں نہیں لیا ہے آب رہتی ہے ۔ اس میں آب و تاب
ہے) اور اگر تیری زلف تیرے رخسار پر سے نہ اٹھے تو آئینہ میں آب و تاب باقی نہ رہے (یعنے ہم تیرے
دیدار کے مشتاق ہیں) اور تیرے نام مبارک کے بغیر (یعنے بغیر تیری یاد کے سلاطین اگر مے نوشی کریں تو صبح
تک جام میں شراب پانی ہو جائے (یعنی مے نوشی نہ کر سکیں) ۔ ۲۳ ۔ اے ممدوح باعتبار سخاوت تیرا دست
زر فشاں ابر ہے اور تیری تیغ جاں ستاں برق کا اثر رکھتی ہے اور تیرے گوش قہرماں حکومت رعد کا اثر
رکھتے ہیں (یعنی تیری حکومت رعد کی مانند ہی) اور تیرے باران کمان سے ژالے ظاہر ہو رہے ہیں ۔ ابر ۔
برق ۔ رعد ۔ ژالہ ۔ مراعات النظیر (دوستوں کے لئے دست زر فشاں اور دشمنوں کے لیے رعد ۔ برق ۔
ژالہ ہی) ۔ ۲۴ ۔ اے ممدوح تیری عمر کامرانی سے وابستہ ہو (یعنی تو ہمیشہ کامران رہیگا) اور تیری بزم
تیرے ہاتھ کے سامنے بہار کی کچھ وقعت نہیں ہی اور تیرا مبارک ہاتھ اس مجلس سے بھی زیادہ پر رونق ہے
اور بہار عید کی رونق اپنے ہاتھ سے کچھ نہ بڑھا سکی (یعنی بہار سے عید کی رونق میں کچھ اضافہ نہ ہوا) بلکہ
تیرے ہاتھ سے اس نے رونق پائی ۔ ۲۵ ۔ آسمان تیری قدر کے سامنے بالکل ناچیز ہو رہا ہے) اور تیری
خاک در ستاروں سے آمیختہ رہے اور اگر آسمان تیری محبت میں ایک سر مو بھی کمی کرے تو خورشید آتش
کا ہی پالہ سے آویختہ کر دیا جائے یعنے اس سے آب و تاب لے لی جائے (بے آب و تاب کر دیا جائے)
۲۶ ۔ جب آفتاب طلوع ہوا تو وہ تیرے حساب میں تھا (یعنی آفتاب کا طلوع و غروب تیرے شمار و اختیار
میں ہی) اور ماہ چاردہ (بدر) تیرا جام شراب ہی اور تیری تیز گامی کا ارادہ تقدیر ہے اور تیری عطا
و بخشش سپاہ کی روزی موقوف ہی ۔ ۲۷ ۔ اے بادشاہ اس قدرت و قوت کے سبب جو تیرے بازو
میں ہی تیرا تیر قضا سے بھی زیادہ چست (جلد پہونچنے والا) ہے مدعا اور کوئی چابکدست بجز ممدوح
ایسا کب کر سکتا ہی کہ پہلے تیر پر دوسرا تیر پیوست کر دے (تیر میں تیر لگا دے) ۔ ۲۸ ۔
تیری رائے بزم سے رزم کی طرف متوجہ ہوئی تو تیری سپاہ کے سامنے تمام دنیا زیر ہو گئی اور اس وقت

نصرت تیرے تیر و تیغ سے یوں ہمکلام تھی کہ کب تک تم اس ملک بقا سے سیر ہو گے (یعنی اس کشت خون سے کب باز آؤ گے) ۲۹۔ اسوقت تک تیری تلوار تیرے دشمن سے عہد و پیمان نہیں کرتی کہ جب تک ملک عراق کو ملک خراسان کی طرف تسخیر نہ کر لے اور اسوقت تک تیرا توسن مافت سے باز نہیں آتا۔ جب تک اس تیرے سامنے اپنی جولانی کا وظیفہ پورا نہ کر لے جسقدر جولانی اس کے لئے مقرر کر دی گئی ہے (اسقدر) ۳۰۔ اسے ممدوح تیرا گوہر پاک وسیلۂ آدم کی بنیاد و اصل ہے (یعنی تیری ذات ہی کے باعث آدم کی تخلیق کی گئی) اور تیری ذات عالم کی حقیقت اور عبارت ہے اور جب تک روزی دہ خلق نے حکم نہیں دیا اسوقت تک تعلقات انسان سے عطا و جزا ظاہر نہ ہوئی رباعی کا پہلا شعر مدح و نعت دونوں میں ہو سکتا ہے لیکن دوسرے شعر سے کچھ ربط نہیں معلوم ہوتا تشکم بالفتح جزا و عطا دادن ۳۱۔ خورشید کو کون کہتا ہے کہ اے ممدوح وہ تیرے سر مبارک کا تاج ہے (غلط) وہ تو تیری خاک کی خدمت کیلئے تیرے در پر موجود ہے اور دونوں جہان تیری غلامی کا اقرار کر رہے ہیں جس طرح کہ وہ تیرے جد و پدر کی بندگی میں کمر بستہ رہتے تھے اسیطرح وہ تیری خدمت کے لئے مستعد ہیں ۳۲۔ مجھے تعجب ہے کہ جب آسمان تیری نشست و برخاست دیکھ رہا ہے تو وہ دنیا کے ساتھ اسی طرح پیش کیوں نہیں آتا کہ جب تو اٹھتا ہے تو سخاوت کرتا ہے اور جب تو بیٹھتا ہے تو تیری نشست سے گرد ستم بیٹھ جاتی ہے پس اس چرخ سفلہ کو بھی اسی طرح پیش آنا چاہئے ۳۳۔ میں تو تیری گلی کے کتے سے بھی بدتر ہوں پس میرے لئے اسے ممدوح یہی کافی ہے کہ میں تیرا مداح ہوں پس اسے ممدوح مجھے قبول کر اور باریابی عطا کر (میں دن رات تیرے سامنے رہوں جو میرے لئے باعث سعادت و اعزاز ہو) ۳۴۔ اسے عشق میرے لئے سوا تیرے غم کے اور کوئی رفیق و ہمدم پیدا کر اور میری اصل غرض تو تو ہی ہے بس تو ہی آ اور تیرے ہجر نے مجھے کہا کہ میں تیرا خون کروں گا پس اب وقت آگیا ہے میرا خون کر اور میری عمر کو ختم کر کر اس روز روز کے غم سے نجات حاصل ہو) ۳۵۔ اسے صبر اس دل معشوق پرست کے دامن کو چھوڑ کر آج میں تیرا دامن پکڑوں گا کہ مجھے تو اس نے آتش عشق میں مبتلا کر دیا اور خود معشوق کی زلف میں جا چھپا (طرۂ زلف بن گیا) ۳۶۔ میں نے دل سے کہا کہ چونکہ تجھے عشق سے سامنا

کہ کیسا صبر اور مجھکو صبر سے کیا کام (صبر ہی باعث شادکامی ہے) اور ایسے سخت رنج و غم میں کہ غم کے
ہاتھوں مصیبتیں گھیرے ہوئے ہیں) شادکامی کیسے حاصل ہوسکتی اور کہاں سے آسکے ۔ ۴۴۳ وہ عیش
جو کہ عمروں کے عوض حاصل ہوا ہو اور پھر بھی اسکو ارزاں کہہ سکتے ہیں وہ اس باغ کی مانند ہے
جیسے نو بہار رنگ خزاں سے پژمردہ ہوجاتی ہے یعنی وہ عیش ایک پژمردہ باغ کی بہار کے مانند ہے
لیکن یہ عیش پست (اہل دنیا) اس صورت میں بھی اپنی انگشت و زبان کو اس سے محظوظ کررہے
(خود محظوظ ہو رہے ہیں اور اس کے حصول میں ہمہ تن مصروف ہیں) لیکن میں اس غم میں ہمنفس کی
حالت دیکھ کر چوب سوختہ کی مانند بنا ہوا ہوں کہ افسوس انکی یہ حالت ہے ۔ یہ اسقدر عیش پسند
واقع ہوئے ہیں ۔ ۴۴۵ ۔ اے محبوب میں تیری ایک دن کی ہمنشینی سے ایسا پارسا ہوگیا ہوں کہ آج مجھ میں
بدی کا اثر و نام بھی نہیں ۔ پس اب مجھے دنیا میں اقامت کی ضرورت نہ تھی ورنہ پھر بدی کا
رنگ چھا جائیگا) پس اگر تو یہ کہیں پوچھ لے کہ وہ دل شدہ (انوری) شیفتہ بھی آج زندہ ہے اور
لوگ کہدیں کہ ہاں زندہ ہے تو میں اس شرم سے مرجاؤں ۔ ۴۴۶ کل رات اگرچہ درد کے باعث
مری جان پہ بنی ہوئی تھی لیکن جب تو عیادت کو آیا تو وہ رنج و تکلیف گوارا ہے تیری (عیادت
کے لئے آنیکی امید میں) آج تمام رات خداوند تعالیٰ سے میں درد کی دعا مانگوں گا کہ درد عطا ہو
(تاکہ تو عیادت کے لئے آسکے) ۴۴۷ ۔ اے دل اگر یہ چرخ سفلہ تجھ پہ ظلم کررہا ہے اور باز نہیں
آتا تو صبر کر اس لئے کہ تو اپنے زور و خروش سے اسے شکست نہیں دے سکتا ۔ اور اس ظلم کے
باعث میں کبھی خون کے گھونٹ پیوں گا اور سوا اسکے میں کر بھی کیا سکتا ہوں اور بجز
اس کے مجھے آتا بھی کیا ہے ۔ ۴۴۸ ۔ کیا ممکن ہے کہ غم سے مجھکو نجات حاصل ہو اگر یہ نہیں ہے
تو تیری طلب وصل ہی میں مجھکو کچھ دم خم (تاب و تواں) دیا جائے تاکہ میں غم سے گھبرا نہ جاؤں
افسوس اب تو حیلہ گری پہ بھی مجھے دسترس نہیں کہ اگر میں ہاتھ پیر مارتا ہوں (تاکہ اسے ظاہر ہو جائے
کہ اب مجھ میں تاب و تواں نہیں) تو وہ اسکو لات مارنے سے تعبیر کرتا ہے اور اس کو میری (ظاہر
گستاخی کا خیال ہوتا ہے) پس اب یہ بھی نہیں کرسکتا ۔ ۴۴۹ ۔ اے محبوب تیری آتش سودا سے

سوائے دہوئیں کے اور کچھ حاصل نہیں (سرگردانی کے سوا اور کچھ حاصل نہیں) پس اس صورت سے
میرے دل مسکین کو بہتری کی کیا امید ہو سکتی ہو اگرچہ تیرے وصل کے حاصل کرنے کے لئے میں نے
بہت کچھ کوشش کی لیکن چونکہ قسمت میں نہ تھا (بخت یاور نہ تھا) کچھ فائدہ حاصل نہ ہوا (کوشش
بیکار گئی) ۵۰۔ جس روز میں تیرے ہجر کو دل پر برداشت (گوارا) کرنیکا خیال کرتا ہوں (کہ دل
اسکو برداشت کرلے۔ تو میں کہتا ہوں کہ کسطرح میں دیکھتے ہوئے جان بوجھ کر آگ میں کود پڑوں
(یہ تو سخت مشکل ہو) اور جب میں دامن دل کو پکڑتا ہوں (کوئی وسیلہ ڈھونڈتا ہوں) تو تیرا
عشق میرا گریبان کھینچکر مجھکو اس سے جدا کر دیتا ہے (مجھے بے یار و مددگار رکھنا چاہتا ہے
اور نہ دل کی رضامندی لینے کی مجھے اجازت دیتا ہو ایک عجیب کشمکش میں مبتلا ہوں) ۵۱۔ اگر
دل کو ہر روز یہی طرح ایک تازہ غم کی خواہش رہی اور وہ اسی طرح پیش آتے رہے تو پھر ان
غموں کی انتہا مشکل ہو (ختم ہی نہیں ہو سکتے) کہ اور پھر تو یہ حالت ہو جائیگی کہ غیر ضروری
رنج بھی موجود رہینگے (یعنی انکی خواہش نہ ہوگی لیکن وہ موجود ہوں گے لیکن مجھے اسکی
کچھ شکایت نہیں اس لئے کہ تیرے عشق میں یہی ہونا چاہیئے تھا کہ جو در پیش ہے اور یہ تمام
باتیں سامنے آنا بھی چاہیئیں کیونکہ دنیا میں مقدرات کا (جو کچھ قسمت میں لکھا ہے) ظاہر ہونا
ضروری ہے پس یہ تمام امورات میری قسمت سے تعلق رکھتے ہیں) ۵۲۔ **فقع کشادن** ۔
فخر کرنا۔ لاف زدن۔ **مطلب** میں نے جب اس بیوفا سے کہا کہ اگر تو میرے پاس آئے
تو میں تجھ پر اپنی جان نثار کر دوں تو (افسوس) کیا جواب دیتا ہو کہ مجھے دیکھ اور اپنی جان کو میرا
راستہ بتا دے (یعنی میری گذرگاہ پر آکر اپنی جان قربان اگر کرنا ہے تو کر دینا مجھے تیرے پاس
آنے کی ضرورت و مہلت نہیں) ہاں۔ تو اب دوسروں کے ساتھ اپنے بسر کر رہا ہو (یعنی دوسروں
سے مل رہا) وہاں اپنے حسن پر تو فخر نہیں کرتا کہ حسن پر نازاں ہو کر ان سے کنارہ کشی اختیار
کرے۔ یہ غرور و ناز تو میرے ہی ساتھ ہے جب جانوں کہ تو وہاں پر بھی اسیطرح لاف زنی
کرے اور حسن پر نازاں ہو ۵۳۔ اے محبوب نہ تو دلکو اب تیرا وصل حاصل ہو اور نہ تیرے

ہجر ہی سے اسکو اماں ملتی ہے۔ بیچارہ اس جسم ناتواں کو تیرے وصل کے باعث تمام جہان حاصل تھا (یعنی دنیا میں کسی چیز کی ضرورت نہ تھی۔ سب سے بے نیاز تھا) لیکن اب تیرے ہجر کے ہاتھوں اس کو جان بچانا بھی مشکل ہے یعنی ہجر کی سختیاں اٹھا رہا ہوں اور وصل کی امید نہیں کس قدر اچھا وہ زمانہ تھا کہ جب میں تیرے وصل سے شادکام تھا۔

تمام شد شرح

روضۂ اوّل

۱۔ سمندر۔ ایک کیڑا ہی جو آتش صد سالہ میں پیدا ہوجاتا ہی بعض نے تین سال کہا ہے
مطلب عشق آگ کی مانند ہی اور حیرانی اسکا سمندر ہی کہ جو آتش کے کمال پر پہونچ جانیکے بعد
اسمیں پیدا ہوجاتا ہی اسی طرح جب عشق کمال پہ پہنچ جاتا ہی تو عاشق میں حیرانی دیدار پیدا ہوجاتی
ہی ۔ ۲۔ **خود فروشان** ۔ رقیباں کم **سنجان** معشوقان ۔ مطلب معشوقوں کا ناز و انداز اور
رقیبوں کا رشک ہماری رسوائی کا باعث نہیں بلکہ فریب حسن ہمکو بہر بازار رسوا کر رہا ہی ۔ ۳۔ تو قضا
وقدر سے فیروزی طلب کر جسقدر بھی تجھکو درکار ہو تاکہ یہ حالت ہوجاے کہ اگر تو اپنے بخت کا دروازہ
بند بھی کردے تب بھی اختر سعادت دیوار و بام پر چمکے یعنی اگر تو اس سے بے نیاز بھی ہوجاے جب بھی
نیک اختری اور سعادت تجھے حاصل ہو ۔ ۴۔ میں یار کے خط و خال سے عجب سودے میں مبتلا ہوں
کہ وہ مجھے اقرار و ایمان کی طرف سے پھیر کر کافر بنا دیتا ہی ۔ ۵۔ **واله** ۔ فریفتہ ۔ **مصحف و زنار**
زلف و رخسار ۔ مطلب ۔ ہندو اسکی زلف پر فریفتہ ہیں اور مسلمان اسکے رخسار پہ عاشق ہیں
لیکن ذرا اس موحد کو دیکھو کہ اسکی زلف و رخسار دونوں پہ عاشق ہی (خود) ۶۔ سحر خیز ادوں کے
دیبا کی دولت صبح کو حاصل کرنا ایک مبارک فال ہے کہ بخت خفتہ اسکے حاصل کرنے کے لئے
بیدار ہوجاتا ہی ۔ ۷۔ کہتا ہی کہ خود بینوں سے کیا مانگتا ہے ذرا بیخودوں کی بزم میں آکر بیٹھ کہ اگر
تجھے آب حیات کی بھی خواہش ہوگی تو تمہارا سے مہیا کر سکتا ہی خود بینوں سے حاصل نہیں ہوسکتا
۸۔ اے نظیری میں درد دوست کی نوازش سے عجب لطف اٹھا رہا ہوں کہ جسطرح چنگ سے
اسرار الٰہی ظاہر ہوتے ہیں اسی طرح میں اس درد کی نوازش سے اسرار الٰہی دریافت کر رہا ہوں ۔
۱۔ بوم ۔ زمین حصہ ۔ مطلب ۔ جب ابر بہاری میرے سر پہ سایہ فگن ہوا تو اسکے نظر کے اثر سے
میرا ہر بر و بوم چمن بنگیا ہے ۔ ۲۔ شمع کی طرح کہ اسکی تابش پروانہ کی رہبر ہے اور آتش کے جلنے کا
باعث ہی اسیطرح معشوق کی شفقت میری جانبازی کا موجب ہے ۔ ۳۔ میں چاہتا تھا کہ الہ بلاغت
میں میری نظم کے لائق ہوجاے لیکن اسرارات کے ظاہر ہونے سے میری بلاغت اور صدر درجہ بلند
ہوگئی جسکے سبب سے سخن کا رتبہ اور گھٹ گیا ۔ ۴۔ تمام لوگ میری نظامت لئے جام کے پیکش اور

بے بادہ کے مست ہو رہے ہیں اسی سبب سے اب رسم مغاں (کہ لوگ وہاں جاکر مے نوشی کرتے ہیں) ایک پرانی رسم ہوگئی ہے کہ اب کسی کو مغاں کے پاس جانیکی ضرورت نہیں ۔ ۵ دلیل ۔ رہبر۔ رہنما۔ مطلب جس شخص کا رہبر آصف خاں (ممدوح) (کہ جو اعجاز سخن ہے) ہو جائے تو کچھ شک نہیں کہ اسکا مقصد اسکی نیم نظر ہی سے پورا ہو جائے ۔ ۶۔ آتشفشاں کی ہمسائیگی ابر کا اثر رکھتی ہے کہ جسکے اثر سے خانہ گلستان بنگیا اور خار سمن (چنبیلی) بنگئی ۔ ۷۔ میں نے امسال غربت میں وہ لذت پائی ہے کہ جسکے رشک سے ہموطن بھی اسکے حاصل کرنیکے لئے میرے پاس آتے ہیں تاکہ وہ اس لذت سے محظوظ ہوں پس اگر میں اس صورت دوستوں اور وطن کو یاد نکروں تو کچھ تعجب نہیں اس لئے کہ وطن میں لذت غربت نہیں ۔ ۸۔ اسکی خاک در پر شہیدوں کو بھی جگہ نہیں ملتی ہے پس اگر وہی خاک کسی کے کفن کا عطر و کافور بنجائے تو یہ محض اسکا لطف ہی لطف ہے ورنہ یہ بات کب حاصل ہو سکتی ہے۔ ۹۔ نزہتگہ تفریح گاہ ۔ مطلب اے نظیری تو مہمان بہشتی ہے پس کس لئے غم کر رہا ہے تیرا تو غمخانہ بھی حوران بہشتی کی تفریح گاہ ہے (بہشت ہے) پس تجھے بہشت کا کیا غم ۔ ۱۔ پریدن ہمائے چشم آنکھ کا پھڑکنا ۔ مطلب کہتا ہے کہ آنکھ کے پھڑکنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی عزیز آج سفر سے واپس آرہا ہے یعنی میرے کانوں میں آج آواز آرہی ہے کہ کوئی عزیز سفر سے واپس آرہا ہے ۔ ۲۔ اس ہوا کے پائوں ریے (یا) بہت ہی مبارک ہیں جو دوست کے شہر سے آرہی ہے اس لئے کہ وہاں (دیار دوست) پہ مرغ بے پر بھی پرواز کرنے لگتا ہے (مبارک ہونیکا التزام کچھ خوب نہیں) ۔ ۳۔ آج میرا معشوق حسن ملک پروانہ کو تاراج کرکے آرہا ہے پس مال غنیمت میں سوائے ایمان کے اور کوئی چیز ہوگی اگر تمکو ایمان درکار ہے تو جو کچھ وہ غنیمت لائے ایمانی سے اسکو پھر لو ۔ ۴۔ جادو نگاہان ۔ معشوقاں ۔ برہم خورد ۔ الٹ گئی ۔ اعجاز ۔ صاحب اعجاز کے سامنے سحر باطل ہو جاتا ہے ۔ مطلب ۔ میرے معشوق کے لب کے سامنے جب وہ اپنے لب کی حجت اور رخسار معجزہ کے ساتھ دوسرے جادو نگاہوں کے سامنے آتا ہے تو انکا جادو باطل ہو جاتا ہے ۔ بساط جادو الٹ جاتی ہے دوسرے جادو نگاہ شرمندہ ہو جاتے ہیں ۔ ۵۔ وہ غزال کہ جس کے پیچھے

سیکڑوں کمند انداز (صیاد) لگے ہوئے ہیں میرے دام نگاہ میں کسطرح پھنس سکتا ہے یہ امر محال ہے۔
۶۔ روح سیاہ ترددکے باعث پرواز میں ہے اور شاہنشہ کا بخت ناز کر رہا ہے اسلئے کہ بالا ہی بالا اسکے
ہاتھ میں ہما آگیا اور کسی کا شکار نہوا۔ (یعنی باوجود سیاہ مخالفت کی کوشش کے بادشاہ کو فتح و نصرت
حاصل ہوئی اور اسنے ہمائے دولت کو شکار کرلیا۔ اسی وجہ سے اسکا بخت ناز کر رہا ہے) ۷۔
بہ ترتیب صبوحی صبح کی مینوشی کے اسباب کو ترتیب دینے کے لئے۔ **کمر می بست** مستعد
بناتا تھا **مطلب** صبح کے وقت میں نے دیکھا کہ زمانہ دولت سے کہتا تھا کہ ترتیب صبوحی کے لیے تیار ہو
خانخاناں (ممدوح نظیری) سفر سے واپس آرہا ہے۔ ۸ **گوناگوں** طرح طرح **مطلب** زمانہ کو طرح طرح
کی سعادت حاصل ہے کہ جب فصل بہار ختم ہوتی ہے تو اسکے حسن (حسن معشوق) کا آغاز ہوتا ہے پس زمانہ کو
ہمیشہ سعادت حاصل رہتی ہے کہ بے رونقی کا وہاں دخل نہیں۔ ۹۔ جب دل کسی کے دام زلف میں
گرفتار ہوگیا تو پھر عاشق کے لئے سوائے صبر اور کچھ علاج نہیں کہ دل تو ادھر تاز کر رہا ہے اور دلبر ادھر
ناز و انداز سے آرہا ہے پس بیچارے عاشق کے لئے سوائے صبر اور کیا چارہ۔ ۱۰ لہٰذا نظیری (دوست)
سے راز دل نہ کہنا چاہیے اس لئے کہ اگر وہ دوست مخلص ہے تو خود بخود وہ تیرے راز سے آگاہ ہوجائیگا۔
یعنی اس صورت سے دوست کا امتحان ہوجائیگا۔ ۱۔ **سنگ سیہ** ۔ ادنی و کم ہمت۔ **گور زاینا**
اندہا مطلب ہر ادنی و کم ظرف کو عشق عطا نہیں کیا جاتا اور اس پایہ بخشش کو ہر ایک اندھے
(کم ہمت) کو نہیں دیتے بلکہ جو اسکے اہل ہیں صرف انہیں کو عطا کیا جاتا ہے۔ ۲۔ فریاد کہ جو کوئی عشق
میں گرفتار ہوتا ہے اسکے لئے یہ ضروری ہے کہ اسکو یگانوں اور وطن سے دور لیجاکر فروخت کیا جائے
جسطرح حضرت یوسف کو مصر میں لیجاکر فروخت کیا۔ ۳۔ غیرت تقاضہ نہیں کرتی کہ منکر کی چشم
دل کے لئے خاکستر منصور دیدی جائے اس لئے کہ وہ اسکا اہل نہیں۔ پس نا اہل کو خاکستر دینا
غیرت کے خلاف ہے۔ ۴۔ حالانکہ معشوق ہر طور پر جولانی کرتے ہیں (ہرجائی اور بے حجاب ہیں) پھر
بھی انکو دعویٰ پوشیدگی رہا ہے۔ ۵۔ خانقاہ و دیر اس قدر سرد ہیں (عشق کی گرمی سے خالی)۔
کہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ دور کسی جگہ آگ روشن ہے کہ روشنی تو ہے لیکن گرمی نہیں یعنی زاہد و برہمن

عشق کا دعویٰ تو کرتے ہیں لیکن گرمی عشق ان میں نہیں ہے۔ ۶۔ عیار۔ قدر و قیمت مطلب وہ دُردکش کہ بوسے کی حقیقت یا قدر و قیمت جانتے ہیں وہ فردوس کو ایک خوشہ انگور کے عوض بیچ ڈالنے پر تیار ہیں۔ پس شراب معرفت کی قدر و قیمت کا کیا بیاں ہو۔ ۷۔ اے نظیری مجھے فروغ مغلیہ اور تاراج قزلباشی کی خواہش ہے تاکہ ہند سے مجھے بھی مال غنیمت کے ساتھ وہ نیشاپور (وطن نظیری) لیجائیں۔ یاد وطن۔ ۸۔ بہا قدر و قیمت مطلب کلیہ ہے کہ معمور شہر (مقام) میں اگر کوئی ویرانہ ہو تو وہ بہت عزیز الوجود اور گراں بہا ہوتا ہے پس اس ویرانہ کی طرح ہم بھی تیرے عشق و محبت کے باعث بہت ہی عزیز الوجود ہیں (ویرانہ کا عزیز ہونا دو طرح سے ممکن ہے اول تو جس طرح نوشیرواں کے محل کے برابر ضعیفہ کا ویران جھونپڑا۔ کہ نوشیرواں اسکی ایک گراں قیمت دینے پر تیار تھا تاکہ اسکی ایوان کی پوری شان و شوکت نمایاں ہو جائے۔ دوسرے ہمہ معموری کے مقابل ویرانہ ایک عزیز الوجود شئی ہے لیکن صرف عشاق اور دیوانوں کے لئے۔) ۹۔ ساطور۔ چھری۔ حربہ قصابان۔ مطلب عشاق کے دلوں میں ذوق شہادت اسقدر گہرا اثر کئے ہے کہ تیری کوچہ کے (جلادوں) کے سامنے وہ اپنا سینہ سیکڑوں زخم کھانیکے لئے پیش کر دیتے ہیں۔ ا۔ رنجور بیمار۔ ناتواں مطلب اے نظیری اس ریش دل اور اپنی ناتوانی اور ناسور سینہ سے خوش ہو۔ اسلئے کہ غلام ناتواں فروخت نہیں کیا جاتا پس تجھے بھی تیرا محبوب فروخت نہیں کریگا اور تجھے وصل دائمی میسر رہیگا پس یہ کدورت انبساط کا مقام ہے۔ ۱۰۔ مردود۔ رد کردہ دھتکارا ہوا تبر۔ بھتری۔ غوغا فایدہ مطلب بید کو دیکھو کہ وہ اپنی بے ثمری کے باعث یاران چمن سے دور اور رد کیا ہوا ہے پس اسیطرح ہم بھی مردود دوستاں ہیں اسلئے کہ ہم سے کسی کو کچھ فائدہ یا نفع نہیں پہنچ سکتا ہم بھی باغ دنیا میں اپنی بے ثمری کے باعث مردود ہیں۔ ۲۰۔ دیکھو عاشقوں کے لب سے کبھی آہ بھی نہیں نکلتی اسلئے کہ وہ مرغ بسمل ہیں اور مرغ بسمل کی پرواز بس زیر پر تک محدود ہے۔ اگر وہ اف کریں تو انکی محبت ناقص ہے مثال شمع سوزان عشق میں گھل گھل کے مرجانا۔ ۲۳۔ معشوقان مجازی تاراج دیدہ (یعنی چشم) تاراج ہیں یعنی برباد کرنیوالے لیکن عشاق کو اسکا کچھ غم نہیں

اسلئے کہ عشق تو وہ راستہ ہی اختیار نہیں کرتا جس میں خطرِ جان نہو۔ یعنی عشاق کو اپنی بربادی
کا کچھ غم نہیں۔ ۱۴۔ معشوق ازلی کا جلوہ ذرہ ذرہ سے ہویدا ہے لیکن ان کور چشموں کا کیا علاج
جو اسکے دیکھنے کی قابلیت نہیں رکھتے اور اس سے محظوظ نہیں ہوتے۔ اگر جلوہ گاہ کے
سیکڑوں دروازے انکے لئے کھول دیے جائیں لیکن وہ کور چشمیاں پھر بھی جلوہ گاہ کا راستہ نہیں
پا سکتے۔ ۱۵۔ اپنے اچھے کام کا لوگوں سے چھپانا (اسکا اظہار نکرنا) جوانمردی کا بہترین نشان ہے اور
حقیقتاً اس سے اچھا اور کوئی جوہر ہو بھی نہیں سکتا اپنے ہنر کا ظاہر کرنا ہنر نہیں ۔ ۱۶۔ فیروزی
فتح و نصرت مطلب عشاق کی فتح و نصرت عجز و انکسار ہی یعنی وہ عجز و انکساری سے فتح یاب
ہو سکتے ہیں تاوقتیکہ انکی صفت جمعیت درہم برہم نہو انکو ظفر حاصل نہیں ہوتی ۔ ۔ عاشق
کیلئے ضبط ایک ضروری و لازمی چیز ہے اور دل دو دیدہ عنان بدست رہیں یعنی انپر قابو رہے
اور اگر کسی عاشق میں دیوانگی اور پریشانی پیدا ہوگئی تو اسکو صاحب نظر کہنا ظلم ہے وہ صاحب
نظر نہیں ہو سکتا۔ ۸۔ خون بہا رائگاں مطلب اے محبوب ہمیں تیری تلوار سے
کیا خوف ہم تو خوب واقف ہیں کہ تیرے دیدار کی ہیبت ہمارا قتل ہے اور یہ بھی ہم جانتے ہیں
کہ عشق جو خون کرتا ہے اسکا خون بہا نہیں لیا جاتا پس ہمکو تو قتل سے کیا ڈراتا ہے ہم کہیں
باز آنیوالے ہیں۔ ۹۔ گل و نسریں۔ رخسار محبوب مطلب تیرے گوشہ نقاب کے نیچے
نظر کرنے سے گل و نسریں کی سیر حاصل ہوتی ہے پس چشم کے لیے اس سے بہتر کوئی سفر نہیں یعنی
چشم کو لازم ہے کہ تیرے رخسار کی سیر کرے ۔ ۱۰۔ ارمغان تحفہ۔ بلازم مسافر۔
مطلب ۱۔ اے معشوق ایک گھر بھی تیری گفتگو۔ تیرے ذکر سے خالی نہیں اسلئے کہ ہر ایک
مسافر تیری ہی گفتگو کو بطور ارمغاں (تحفہ) اپنے ساتھ لیجاتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ ہر شخص کی زبان پہ
تیرا ہی ذکر ہے۔ ۱۱۔ رطل گراں۔ بڑا پیالہ۔ مطلب سے احوال پرسی کرنے والے ہماری
خبر تو بیخبر ہی پا سکتا ہے اور ہم ایسے بیخبر ہیں) پس اگر احوال پرسی کیلئے تو قاصد روانہ کر رہا ہے
تو اسے مست کرکے رطل گراں دیکر ہمارے پاس بھیج کر سوا سے مستا کے اور کوئی ہماری

جنوں پیدا ہوتا ہے تو جب نظیری کے ایک دفعہ آرام کرنے سے اس ویرانہ کی یہ کیفیت ہے تو پھر نظیری
میں کس قدر سودا جنون ہوگا۔ ۱۔ دوش۔ دیشب کل رات مطلب کل رات جب کارکنان
قضا و قدر نے مجھے سوز دل و سینہ کی اجرت دی (یعنی اجرت دی) تو شمع کی طرح میرا سر بریدہ کر کے مجھے حیات
ابدی بخشی یعنی مرگ عشق حیات ابدی کا باعث ہے۔ ۲۔ جسوقت میں نے نالۂ پنہاں کا آغاز کیا تو معشوق
نے مجھے اپنے غمزہ سے خاموش کر دیا اور جب میں گریہ کناں ہوا تو انھوں نے اپنے تبسم سے شیریں کام
بنا دیا ۳۔ درد۔ گاد۔ تلچھٹ۔ براءت۔ اجازت۔ مزہ مطلب۔ جب سے میکدۂ عشق میں میری
رسائی ہوئی ہے تب سے میرے لئے بھی درد و صاف غم و شادی ہے یعنی عاشق کیلئے بھی درد و صاف
غم و خوشی ہے۔ ۴۔ سکہہ۔ گیاہ۔ گھانس مطلب میں جو کاہ کی مانند تھا اور اسکے جلوہ کے وقت
میرے پائے ثبات کو کوہ کی طرح لغزش نہوئی۔ اس رشک سے طور کا جگر پارہ پارہ ہوگیا۔
باوجودیکہ وہ کوہ تھا لیکن جلوہ الٰہی کی تاب نہ لاسکا لیکن مجھ ضعیف البنیان کے لئے یہ محض اسکی
عنایت تھی۔ ورنہ میں اور اسکے جلوہ کی تاب۔ ۵۔ مفلس کنعاں حضرت یعقوب علیہ السلام
مطلب میں حضرت یعقوب (علیہ السلام) سے زیادہ اپنے محبوب کی جدائی میں گرسنہ دیدہ تھا لیکن
جسوقت مجھے اس حسن کی زکات (زکوٰۃ) عطا کی گئی تو میں خواجہ (امیر کاروان حضرت یوسف کے
فروخت کرنے سے مالا مال ہوگیا تھا) (توانگر) بنگیا۔ پھر مجھے کسی شئے کی طلب نہیں رہی۔ ۶۔ مجھے جو
حضرت خضر سی ہمت اور حضرت نوح سی نجات عطا کی گئی ہے وہ اسلئے کہ میں مشتاقوں کی کشتی کو (عشاق)
ساحل مقصود پر لگا دوں یعنی گم کردگان راہ کو راستہ پر لگا دوں۔ جسطرح حضرت نوح نے طوفان
سے بچا کر کشتی کو ساحل عافیت پر بمدد ایزدی لگایا تھا۔ شعشعہ۔ روشنی۔ مطلب۔ اے
نظیری دیکھ تو کہ مجھے کیسے کیسے عالی درجات عطا کئے ہیں کہ میرے اختر کی روشنی فلک پہ پہنچ
گئی ہے یعنی میں فلک پہ پہنچ گیا ہوں یہ اسی کی لطف عنایت کا اثر ہے۔ ۱۔ مغ بچہ طفل می فروش
مطلب آج کا راستہ مغبچہ کو بھی ہم نے اپنا ہم کیش بنا لیا اور وہ کافر بیگانہ ہمارے اپنے یگانوں میں
سے ہوگیا۔ ۲۔ میرا معشوق تیر و نوش دونوں رکھتا ہے نیش اسکی مژگاں ہے اور نوش اسکے

نگاہ شیریں ادا ہی ۔ ۳ ۔ معشوق کی ترک چشم نے ہر وہ تیر جو کہ تیر ترکمان ابرو سے نکلا میرے ہی سینہ کو
اس کا نشانہ بنایا ۔ ۴ ۔ دیہیم ۔ تاج ۔ **مطلب** ہم فقراء کی یہ کلاہ نمد ہی اقبال دو گیتی ہی اور خانہ
درویش سے تاج شاہی حاصل ہو سکتا ہی یعنی عاشق الٰہی کے لیے کلاہ نمد ہی اقبال دو گیتی ہے
اور وہی اسکے لئے تاج شاہی ہی ۔ ۵ ۔ وہ کام جو شمشیر و سنان سے دیر میں ادا ہو وہ کام اس دیدۂ
خونین اور دل ریش سے جلد ادا ہو سکتا ہی ۔ یعنے اسکی چوٹ کے سامنے وہ دونوں بیکار ہیں ۔ ۶ ۔
وہ شخص جو اس محفل دنیا میں سب کے بعد آیا اور سب سے پہلے اٹھ گیا وہ اہل مجلس کے دل پر بار نہیں
ہوتا ۔ ۷ ۔ معشوق کے حسن و شمائل کو سراپا دیکھا لیکن تمام خوبیوں سے بہتر اور بڑھ کر اس کی وفاداری
(وفا) تھی ۔ ۸ ۔ اگرچہ ہمنے دوست کا منصب ہمرازی حاصل کرنے میں اپنی جان تک سے دریغ نہیں
کیا لیکن افسوس کہ یہ دل غرض اندیش اور ردو رو (منہ دیکھی بات کہنے والا) نکلا ۔ بڑا دھوکا ہوا ایسی
صورت میں منصب ہمرازی مجھے کس طرح حاصل ہو سکتا ہی ۔ ۹ ۔ نظیری نے عقل سے ہر چند خواہش
کی کہ ایسی کوشش کر کہ اس دیوانگی سے میں اپنی اصلی مرکز پر آجاؤں لیکن کچھ فایدہ نہیں ہوا
بلکہ وہ آپ سے باہر اور دیوانہ ہی بنا رہا ۔ ۱ ۔ ہر صبح باد صبا کے پاؤں سے یوں زنجیر کھول لی جاتی
ہے کہ وہ بوے دوست لیکر میرے پاس آئے اور میری گرہ کھل جائے بس یہ وجہ ہی اور کوئی
سبب نہیں ہی ۔ ۲ ۔ میں تو دریافت کے سبب سے سوختہ ہو رہا ہوں لیکن سمجھ میں نہیں آتا کہ بلبل
نے اس گل (معشوق) کو کہاں دیکھ لیا کہ نوا سنجی کر رہی ہیں اور میں ابتک نہ دیکھ سکا ۔ ۳ ۔ اے
معشوق میرا کام تو تیری زلف گرہ گیر سے بھی زیادہ پیچیدہ ہی ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ معاملہ کیسے سلجھیگا
بلکہ مجھے تو یہ یقین ہو گیا کہ یہ گرہ کشودنی نہیں ۔ ۴ ۔ گل ۔ معشوق ۔ **گلستاں** ۔ خانہ عاشق
چشم براہ صبا کشودن ۔ انتظار قاصد کردن ۔ **مطلب** ۔ ۱ ۔ اے
گل کبھی تو گلستان میں قدم رنجہ ہو ۔ چشم نرگس کب تک باد صبا کے انتظار میں کھلی رہے
یعنی اے معشوق میں قاصد کا کب تک انتظار کروں کبھی تو اس خانہ خاکسار
میں تو قدم رنجہ ہو ۔ ۵ ۔ اے معشوق دل و دیدہ تیرے اشتیاق دیدار میں غلطاں و تپاں ہیں

تو اپنی نقاب الٹ دے تاکہ پیدا ہو جاتا ہے کی دل کی سوزش کم ہو جائے عقدہ کشا ہے ۔ رونمائی اگر پیدا ہوتا
لیں فتنہ اٹھا ہے تو اسکے دفع کرنیکے لیے دعا کی جاتی ہے لیکن اسکی معشوق چشم سیہ جہاں فتنہ اٹھا رہی ہے
وہاں پر اگر اسکے دفع کرنیکے لئے دعا کریں تو یہ کفر ہے بس اسکو برداشت کریں کہ عین اسکی رضا ہے۔
اور عاشقوں پر جو بلا نازل ہوتی ہے وہ رحمت ہے اور رحمت کی ناشکری کرنا کفر ہے۔ ۷ ۔ ایں قدر اسیر ۵
دنیا مطلب اگرچہ اس دنیا کی سیر کرنا کچھ برا نہیں لیکن مجھے اس سیر سے خوف معلوم ہوتا ہے اس
کہ اگر دنیا و در نے پاؤں کھول بھی دیے یعنی اگر سیر کی بھی تو ہم مغرور ہو جائیں گے یعنی اپنی
دولت و نعمت کے غرور میں ہم اپنا بیت کو بھی فراموش کر دیں گے) پس جس کی سیر سے عجب و خود بینی
پیدا ہو اسکا نہ دیکھنا ہی بہتر و اولی ہے۔ ۸ ۔ اے نظیری اگر میں میخانہ میں زمزمہ سنجی کروں ۔ تو ایسا
کیف پیدا ہو جائے اور ایسی مدہوشی طاری ہو کہ مطرب اپنی اپنی قبا اتار کر مجھے دیدیں یعنی قوال
بھی میری نغمہ سرائی سے مست و مدہوش ہو جائیں ۔ ۱ ۔ معشوق کی گلی کی خواہش نے مجھے آوارہ کر دیا
یعنی اسکی جستجو میں آوارہ پھر رہا ہوں اور حقیقتاً اسکا افسوس ہے ایسا ہے جو اپنوں سے بیگانہ بنا دیتا ہے
نہ اپنوں کی خواہش نہ بیگانوں کی پرواہ ۔ بس اسی کا خیال ہر دم دامنگیر ہے ۔ ۲ ۔ صلاح خیلے
درستی مطلب عشق نے مجھے کافر بنانے میں مصلحت جانکر کفر کو میرا یقین (ایمان) اور انکار کو
میرا ایمان بنا دیا (یعنی مجھے منکر و کافر بنا دیا) یہ سب محبت ہی کے کرشمہ ہیں کہ میرا دل جو کعبہ تھا اسے
دیوار و در کے بتخانہ بنا دیا کہ ہر وقت دل میں اس بت کا خیال رہتا ہے ۔ ۳ ۔ نقش موہوم ۔
مٹا ہوا نقش جسے کوئی پڑھ نہ سکے مطلب قلم اس محبوب کے دست اختیار میں ہے اور میں
نقش موہوم کی طرح ہوں اسکی مرضی میرے لیے دیوانگی لکھ دے یا فرزانگی ۔ سیاہ کر دے یا سفید
ہر چہ رضائے او ہیں تو مجبور محض ہوں مجھے چون و چرا کی قدرت کہاں ہے ۔ ۴ ۔ میں تو ناخن غم سے
اپنی جان کو ریش ریش کر رہا ہوں اے کاش کبھی اسکی زلف معنبر میں شانہ کرتا ۔ کس قدر
مبارک ہے وہ ہاتھ کہ جسنے ایک دفعہ بھی اسکی زلف میں شانہ کیا ۵ ۔ گلخن گلشن مطلب
میں تو اس مجلس کی رد و قبول سے اکتا گیا کہ کوئی مجھے رد کرتا ہے اور کوئی قبول ۔ بس کس قدر خوش نصیب ہے

امید خبر سے میں دلکو خوش کر لیتا تھا کہ وہ ضرور خبر لیکر آئیگا لیکن جب قاصد آیا تو اسنے اور دل جلا دیا
کیسا نامہ اور کہاں کا پیغام خالی ہاتھ میرے سامنے آیا۔ واے نظیری تجھے ایسی کونسی بلا درپیش تھی
کہ جسکی دعا مانگنے میں تو اسقدر مصروف تھا کہ معشوق آکر چلا بھی گیا اور تو نے گریبان چاک نہیں کیا حیف
ہے تجھ پر۔ ۱۔ ہر وہ فتنہ جو معشوق اٹھاتا ہے مجھ ہی کو پامال کرتا ہے اسلئے کہ مجھ پر ہر طرف سے بلا چھائی
ہوئی ہے۔ ۲۔ میرے آب غم میں اسقدر قوت نامیہ موجود ہے کہ اگر چیونٹی ایک دانہ کو میری خاک و
آب سے کشتکاری کرے تو اس ایک دانہ سے ایک خرمن اسے حاصل ہو سکتا ہے۔ ۳۔ وہ بیوفا
جو شام زندگی ہی میں کبھی شمع بالیں نہ بنا اس سے یہ امید کب ہو سکتی ہے کہ بس مرگ وہ میری قبر پر شمع
روشن کریگا۔ ۴۔ عور مفلس ننگا۔ مطلب عشق اور وصل محال ہے اسلئے کہ خلعت سلطانی کبھی
مفلس ننگا کو نہیں دیجاتی۔ پس عاشق مفلس ہے اور وصل خلعت سلطانی ہے بنا بریں وصل ناممکن
ہے۔ ۵۔ مستور۔ پوشیدہ۔ مطلب اے ہم نفسوں یہ جو میری رسوائی سر بازار ہو رہی ہے اس
پر افسوس نکرو۔ یہ کوئی نئی بات نہیں عشق ہمیشہ خلوت نشینوں (عشاق) کو سر بازار رسوا کیا ہی
کرتا ہے۔ اسکا کام ہی یہ ہے۔ ۶۔ گلستاں میں آجکل کچھ لطف بہار ہے پھولوں کا حسن اسقدر ترقی پر ہے
کہ بلبل مجروح ہو رہی ہے اور پھولوں کی برق حسن کا یہ عالم ہے کہ پروانہ اسکی تابش سے بسمل (رنجور)
بنا ہوا ہے۔ ۷۔ اے نظیری مجلس عشق میرے ہی فروغ سے روشن ہے اسلئے کہ حضرت موسی میرا
چراغ روشن کرنیکے لئے طور سے روشنی (آگ) لاتے ہیں یعنی میرا چراغ تجلیات الہی کی ضیا سے
روشن ہے جو باعث فروغ مجلس عشق ہے۔ ۱۔ معگیہ۔ بازار۔ مطلب جس شے کی خریداری قیمت
نہیں ہے یعنی تو جسکا خریدار نہیں ہے وہ بازار میں پھر کسی کے دل کا بار نہیں ہوتا۔ یعنی جسے کوئی
نہیں خریدتا وہ پھر مردود ہو جاتا ہے۔ ۲۔ قیمت۔ یوسف کساد بازاری کے سبب ایک سر سو بھی کم نہیں
ہو سکتی چاہے کوئی خریدار ہو یا نہ ہو۔ یعنی متاع حسن پر کساد بازاری کا اثر نہیں پڑ سکتا وہ اس سے
مستغنی ہے۔ قصہ حضرت یوسف علیہ السلام معروف قصہ ہے بنا براں تلمیح کی تشریح کی ضرورت نہیں
۳۔ وقت نزع جو تکلیف ہوتی ہے اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ جان کالبد سے نکل رہی ہے بلکہ حقیقت یہ

تو ہو ہی نہیں سکتا۔ اسلئے کہ اس سے ملال پیدا ہوتا ہے۔ پس یہ کسی اور ہی کا غم ہے۔ ۱۰۔ اگرچہ مرغ سحر
میں ہمارے جیسے نالہائے زار ہیں لیکن یہ کیا کم ہے کہ وہ ہماری طرح رسوا تو نہیں۔ بے نام و نشاں تو ہے
ایک معنی یہ بھی نکلتے ہیں۔ رہجاتے گو۔ بکالت فارسی کو ٹیپ ہے) وہ مرغ کہ جو ہماری طرح نالہائے
زار نہیں رکھتا اسکا بے نام و نشان ہی رہنا اچھا اسلئے کہ اگر نالہ کشی کریگا تو شرمندہ ہوگا کہ ہمارے
نالوں سے اس کو کچھ نسبت ہی نہیں۔ ۱۱۔ عیار۔ نقدی۔ پونجی۔ مطلب۔ اگرچہ آسمان کے
پاس مہر و ماہ سب کچھ ہیں لیکن ہماری نقدی (نقدی عشق) کے مقابل میں اسکی پونجی بالکل
ہیچ ہے ۱۲۔ اے نظیری وہ لطف و انبساط جو ہمیں اس خونناب غم سے حاصل ہوتا ہے
وہ لطف شراب میں بھی نہیں پھر ہمیں اسکی کیا خواہش۔ ردیف الراء۔ ۱۔ اے صبا اگر
تو بہار مجھ تک نہیں لاتی تو نیشاپور (وطن نظیری) کی خزاں ہی سے مجھکو محظوظ کر اور گل عطار
(مراد از حضرت شیخ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ) کی نکہت مجھ تک پہونچا (شہر عطار کہ غربت میں
بھی ایک نعمت ہے۔ اور وطن کی خزاں بھی غربت میں بہار کا اثر رکھتی ہے) ۲۔ مشرف یا [illegible]
مدار المہام مطلب یا دنیا میں کوئی بھی حکمرانی جاودانی نہیں کرسکتا آج اور ہے تو کل کو اور دیکھ
اس دنیا کو چھوڑ اور امن کا نشان لا۔ یعنی سو تو اقبال الٰہی [illegible] کر کے حیات جاوید
۳۔ مجھے دنیا میں علایق دنیوی کے باعث قضا و قدر سے سر کھپانے کی بھی فرصت نہیں ہے۔
پس اگر فرصت نہیں دیجاتی تو پھر تاب و توان ہی اسقدر دیجائے کہ انقلاب زمانہ سے مقابلہ
کرسکوں۔ یا اسکو برداشت کرسکوں۔ ۴۔ میرا سینہ تیر [illegible] تمہارے ہے پس میرے لیے
تو ایسی کمان پیدا کر کہ میں تیر آہ سینہ سے نکال سکوں یعنی ان کے برداشت کا حوصلہ عطا کر۔
۵۔ پھر وہ چیز جو تیری محبت میں حاصل ہو یا محبت سے تو [illegible] اگر اب نقد بخش پونجی تو عطا
نہ کرسکے تو پھر زیاں بخشی ہی مجھکو عطا کر کہ میں اسی سے نفع حاصل کرسکتا ہوں۔ ۶۔ میری
لذت زار طرب تشنہ آتش ہے (سخنان مطرب اثر آتش رکھتے ہیں) یعنی میرا تشنۂ نغمہ ہے
پس اسے مطرب تھوڑی ہی دیر کے لئے ابر و برق پیدا کر (نغمہ سرائی کر) تاکہ وہ کشت زار

سیراب ہوجائے۔ ۷۔ میرے دل میں اسرار الٰہی کا دریا موجزن ہے لیکن افسوس کہ ان کج بحثوں
کے سبب سے (اہل دنیا۔ بوالہوساں) وہ دل کے دل ہی میں ہیں جیسے نہر پتھر کے اندر، پس کسی
سوختہ جاں کو اے مخاطب (عارف عاشق) لا تاکہ میں اسکے سامنے بیان کروں۔ یہ دنیا والے
تو اسکے اہل نہیں ہیں ۸۔ ملک گیران سخن۔ شاعران۔ مطلب شاعروں نے جو کہ کہا ہے
وہ سب دروغ ولغو ہے پس اس تمام کھوٹی وکھری نقدی میں سے چھانٹ کر میرے پاس
صرف کھری (نقد) نقدی لا۔ یعنی سخنانِ لغو ودروغ سے احتراز کر اور راست گوئی کا عادی
بن ۹۔ پیرہری۔ پیراہات حضرت شیخ فریدالدین عطار۔ مطلب۔ اے مخاطب،
نظیری کی اس صنعت الفاظ سے تو میرا دل پریشان ہوگیا (عبارت بلیغ یا اشعار) پس
حضرت عطار کی کوئی سادہ عبارت بیان کر۔ ۱۔ جرعہ۔ گھونٹ۔ مطلب ماہ کی طرح
کہ اسکا جرعہ ماہتاب ہے (چاندنی) اور صبح وشام وہ خاک پر اسکی نچھاور کرتا ہے (یعنی چاندنی
تمام زمین پر پھیلتی ہے) پس اسی طرح تو بھی صبح وشام مے نوشی سے گریز نہ کر اور جرعہ مے سے
خاک کو رنگین بنا۔ یعنی صبح وشام مے نوشی کر۔ ۲۔ گنج سرابیل بیش بہا خزانہ۔ آب انگور
شراب انگوری۔ مطلب اگر باغبان گنج سرابیل (بیش بہا خزانہ) بھی پاسے (حاصل
ہوجائے) تو اس سے کہو کہ اسکو شراب (مے نوشی) میں صرف کردے۔ یعنی شراب کے مقابلہ میں زر کی
کچھ قدر وقیمت نہیں ۳۔ عشق میں اگر جان وسر بھی قربان ہوجائے تو اسکے قربان کرنے میں پہلوتہی
نہ کر۔ اگر عیش دائمی چاہتا ہے تو اس دنیاوی حیات تلخ کو قربان کردے اس سے کنارہ کش
ہوجا۔ کہ حیات جاودانی اسی میں ہے ۴۔ حدیث گفتگو۔ انگبین شہد شیریں۔ مطلب۔ اے
معشوق تو بہت ہی شیریں سخن ہے پس اسکے شکرانہ میں ترش سائلوں کو کچھ شکر خیرات کر۔
یعنی عشاق کو اپنے کلام شیریں سے محظوظ بنا۔ ۵۔ بینش کوتاہ۔ کم نظری۔ کوتاہ بینی۔
مطلب۔ اے معشوق ہم تو تجھکو اپنی کوتاہ بینی کے سبب سے نہیں دیکھ سکتے پس تو ہی
ایک نظر ہم پر مبذول فرما تاکہ ہم تیرا مشاہدہ کرسکیں۔ ۶۔ اے محبوب تو ہماری جان کے

اندر ہی اور ہماری آنکھوں سے پوشیدہ ہی پس اگر تو اپنا جمال جہاں آرا نہیں دکھاتا تو کم از کم اپنی
خبر ہی ہم تک پہنچا۔ (اپنی خبر سے تو دریغ نہ کر۔ ۲۔ اے معشوق خاک گشتۂ غربت (میں خود)
ہمیشہ تیرے احسان کا امیدوار ہی پس کبھی تو اس خاک پر گذر کر کہ اسکی امید بر آئے (یعنی میں
ہمیشہ تیرے نظر التفات کا امیدوار رہوں پس کبھی تو ایک نظر عنایت ادہر بھی ہو جائے
(مر قدویران پر گذر رہو) ۸۔ ہمیشک مشک پاشی سے زخم ہرا ہوجاتا ہی مطلب اس دل
شوریدہ کا زخم خشک ہوا جاتا ہی اے محبوب اپنی زلف سیہ سے اس پر مشک پاشی کر تاکہ پھر
تازہ ہوجائے اور میں درد جراحت سے محظوظ ہوں۔ ۹۔ اے نظیری تیرا بیان شوق ایک طول طویل قصہ ہی
پس کبتک اسے تو بیان کرتا رہیگا قصۂ شوق کو سنکے اور کاغذ سیاہ کرنے سے کیا فائدہ۔ اپنی بیاض رخ کو اشک خونیں سے
رنگ یعنی اسکے بیان سے کیا فائدہ ہاں آہ وزاری کر کہ یہ کچھ سودمند ہوسکتی ہی ۱۔ میرا دل جسقدر ابنائے جنس سے دور رہتا ہی عنز
اسی قدر زیادہ اسکو آرام ملتا ہی اسلیئے کہ یہ دل طائر وحشی سے بھی زیادہ رمیدہ ہی پس طائر وحشی کو انسانوں کے درمیان کبھی
آرام نہیں ملسکتا۔ ۲۔ جب سے وہ خدنگ قامت (معشوق) میری آغوش سے گیا ہی تب سے میرا قد
خمیدہ اور میری پشت بہت ہی شکستہ ہوگئی ہی (تیر جب کمان سے نکلتا ہے تو اس وقت کمان خمیدہ
ہوتی ہی) ۳۔ اے معشوق تونے جس کسی کے قتل کا حکم دیا وہ حکم پورا ہوا حالانکہ بے گناہ کا خون بہایا
گیا لیکن اسکی معصومیت تیرے حکم کے سامنے کارآمد نہ ہوسکی اور تیرا حکم رد نہوا۔ ۴۔ شحنہ کوتوال
حاکم۔ مراد از عشق شاہد معشوق مطلب عشاق تو تیرے عشق میں گریباں دریدہ رہتے ہی ہیں
لیکن تیرے عشق کا وہ سودا ہی کہ اگر وہ کسی معشوق کو عطا کیا جائے تو وہ عاشق سے زیادہ گریباں
دریدہ ہو (گریباں کی دھجیاں اڑادے)۔ ۵۔ اے محبوب خورشید بھی باین ہمہ آب وتاب
تیرے رخ روشن کو دیکھکر (تیری کمان سے تیر کھاتا ہی) تجھ پر فریفتہ ہوجاتا ہی اسلیئے کہ کسی نے
کبھی تیرے سوا اور کوئی ماہ تمام آفریدہ نہیں دیکھا یعنی تو ماہ تمام آفریدہ ہی حالانکہ ماہ بتدریج
کمال پر پہنچتا ہی (پس تو ماہ سے بھی بڑھ کر ہے۔ ۶۔ میرے دل پر ہزاروں امیدیں دانت
لگائے ہوئے ہیں یعنی پوشیدہ ہیں اور تیرے درشت نابستہ ہیں پس اس شخص سے زیادہ ہی

دامن پکڑتا ہے یعنی جہاں حسن ہے وہاں عشق بھی ضرور ہے ۔ ۲ ۔ اسکے حکم کے سامنے کوئی بھی عذر خطا نہیں
کرسکتا اگر ایک خطا کا عذر کیجئے تو دوسرا گناہ موجود ہے یعنی یہ کہ عذر خطا ناممکن ہے بخشش اسکی عنایت
پر موقوف ہے انسان سرتاپا مجسمۂ گناہ ہے کہاں تک عذر گناہ کرے ۔ ۱ ۔ اے نظیری درد نایابی نادانی
درد لا دوا ہے پس سوا اسکے خاموش بیٹھے اور کچھ اسکا علاج نہیں ہوسکتا ۔ ۱ ۔ جب درد دل ترقی
کرتا ہے تو میں اسے صبر کی تلقین کرتا ہوں کہ ذرا صبر کر ابھی اسکی دوا ہوتی ہے اور اپنے مسیحا طبیب ا
سے شفاعت کرتا ہوں اسلئے کہ مجھے اس درد میں یہ لطف آتا ہے کہ جو درماں سے میسر نہیں آسکتا ۔
۲ ۔ اس کے عہد پر اعتماد نہ کرنا چاہیئے کہ جسمیں عہد شکنی نہ ہو یعنی معشوق درست قول پر اعتماد وفا
نکرنا چاہیئے ہاں جو پیمان شکن ہو اس سے ضرور وفا کی امید ہوسکتی ہے کہ اگر ایک پیمان وفا توڑیگا
تو دوسرا پیمان وفا ضرور پورا ہوگا ۔ اور جسمیں پیمان شکنی نہیں اس سے دوبارہ وفا کی امید ہی
نہیں سکتی ہے ۔ ۳ ۔ ۱ ۔ اے محبوب اگرچہ میں یہ جانتا ہوں کہ تیری جان کی قسم کھانا خوب نہیں ۔
لیکن تیری جان کی قسم مجھے اسکے سوا اور کوئی قسم یاد ہی نہیں رشوخی تو دیکھئے یہ کہنے پر بھی اسکی
جان کی قسم کھا رہا ہے ۔ ش ۴ ۔ اے معشوق تیرے شوق رخسار میں ردیدار میں سراپا چشم آرزومند
بنا ہوا ہوں اسلئے کہ تیرے ہجر میں میرا ہر ایک آنسو بجائے خود ایک چشم آرزومند ہے ۔
۵ **پیر کنعان** حضرت یعقوب علیہ السلام پدر حضرت یوسف علیہ السلام **بیت الحزن** وہ
مکان جس میں حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف کی جدائی میں رو رو کر زندگی گزارا کرتے تھے ۔
مطلب حضرت یعقوب بیت الحزن میں کس سے انس و نسبت کرکے آرام پاتے اسلئے کہ دوسرا
فرزند حضرت یوسف کی مانند نہ تھے جو ان کی دلبستگی کا موجب ہوتے ۔ ۶ ۔ اے محبوب تو نے
میرے حال پر اسقدر بخشش مبذول فرمائی کہ اسکی شرم کے باعث میں مر گیا پس میں نے اپنا
خون تجھ پر حلال کردیا کہ ایسی مروت کسی اور سے اب دنیا میں نہیں ہے اور ایسے خداوند
سے خون بہا لینا محض نادانی ہے ۔ ۷ ۔ اے محبوب اسقدر تاب و توان تجھی میں ہے کہ تو آئینہ
دیکھکر اپنے حسن سے سیر ہو جاتا ہے اور تو کوئی بجز تیرے تیرے جمال کی تاب نہیں لا سکتا ۔

۸۔ نظیری جب شکوہ کرتا ہے تو وہ تیرے غصہ وکینہ کا عکس ہوتا ہے اور جب شکر ادا کرتا ہے تو اسے
تو عکس مہر خیال کرتا ہے پس اب اس سے زیادہ اس طوطی (خود ۔ مجھے) کو آئینہ نہ دکھا (یعنی مجھے آمادہ
سخن نہ بنا) ورنہ شاید اور کچھ شکر و شکوہ کرے جو تیرے بار خاطر ہو ۹۔ ۱۔ اے معشوق تو اسقدر بے رحم
دل ہے کہ دل صیاد باوجود اس قدر بے رحمی کے تجھ سے غنیمت ہے اور تو ایسا سخت کلام (زبان)
ہے کہ مکتب میں استاد کے طمانچے اس سے بہتر ہیں ۔خلاصہ یہ کہ تو بہت ہی بے رحم و سخت زبان ہے ۔
۲۔ باوجود اس حسن و زیبائی کے جو باعث تیار ہیں تو آزاد ہے پس اسی وجہ سے تیری خاطر آزاد
تیری تمام خوبیوں سے افضل و برتر ہے ۳۔ **فریب خندہ میخواند** ۔ فریب دہد از تبسم ۔
مطلب ۔ اے محبوب تو اپنے تبسم سے مجھے فریب دیتا ہے اور غمزہ سے مجھ پر عتاب کرتا ہے ہر چند
کہ محبوب کی مہر و وفا پسند آنیوالی شی ہے لیکن میں تیری بیدادی کو اس مہر و وفا سے زیادہ پسند کرتا ہوں ۔
۴۔ جسطرح دریا کبھی ساکن ہوتا ہے اور کبھی تلاطم انگیز اسیطرح میں کبھی خاموش ہو جاتا ہوں کہ
خاموشی اسکو پسند ہے اور کبھی فریاد کرنے لگتا ہوں کہ فریاد خاموشی سے بھی زیادہ اسکو پسند آتی ہے
۵۔ اگر وہ معشوق مجھے زیر و زبر بھی کر دے تو مجھے اسکی بیداد کی شکایت نہیں اسلئے کہ اس بنیاد
کو جسے وہ برباد کر رہا ہے پہلے سے زیادہ اچھی صورت میں اسے برپا کریگا یعنی یہاں بربادی میں بھی امید
بہبودی ہے پس پھر شکوہ بیداد بیجا ہے ۔ ۶۔ اگر میں اسپر ایک جان قربان کر دوں تو وہ اپنے
زیر لب سے ایسی سیکڑوں جانیں عوض میں اس سے بہتر دے سکتا ہے (لبوں میں اعجاز مسیحائی
ہے) پس جان قربان کرنیکا اب کیا غم ہے ۷۔ اے **نظیری** اگر تجھ میں مادہ عشق و محبت نہیں ہے
جذب عشق تجھ میں صحبت عشق سے بغیر کسی سبب کے فضل و ہنر عشق پیدا کر دیگا ۔ یعنی جذب محبت
یا بے ہنری اور صحبت عشق سے تجھ میں بھی عشق پیدا ہو جائیگا ۔ نسخہ صحبت کی بجائے لصحبت ہونا چاہیے
۸۔ اے مطرب تو جس پردہ کو بجا رہا ہے اس سے میرا دل گرفتہ ہو جاتا ہے پس یا تو کوئی اور پردہ
چھیڑ یا اس پردے کے راز کو اٹھا دے تاکہ مخمور مطلق بنجاؤں ۔ مدعا یہ کہ گرفتگی دور ہو جائے ۔ گو گویا
یہ ہے مطلب ۔ اور ایسی نغمہ سرائی کر کہ تم عشق پیدا ہو ۔ یعنی نغمہ عشق انگیز چھیڑ اور (۳) شور پیش

دستی جوانی کو ہم سے دور کر دے تاکہ یہ سد راہ نہ بنے ۔ ۳۔ مرحلہ ۔ رستہ ۔ مطلب وہ راستہ جو حریم محبوب سے قریب ہو بہت ہی زیادہ عزیز ہوا کرتا ہے پس یہ راہ عشق محبوب سے جلد ملا دینے والی ہے لہذا جبتک اس راہ میں سر نہ چلا جاوے اس راہ سے قدم نہ اٹھا اور راہ کو نہ چھوڑنا جب تک دم رہے)
۴۔ لطام حباب ہے ۔ کف شراب ۔ بلبلہ ۔ صراحی ۔ پرداختہ ۔ خالی شدہ ۔ مطلب ہاں ۔ اے بط شراب صراحی خالی ہو گئی اسے بھر کہ بغیر تیری مدد کے اسرار مغاں نہیں ظاہر ہو سکتے اور جب تیری مدد ہو گی تو اسرار مغاں فوراً معلوم ہو سکتے ہیں ۵۔ اے نظیری یہ تیرے ہم نفس (اہل دنیا) آتش سرد کی مانند ہیں تو ان سے گرمی عشق نہیں پا سکتا ہاں خود ایک دفعہ دم گرم نکال اور مثل سوختہ کے روشن ہو جا ۔ یعنی اہل دنیا سے تجھے کچھ فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا ہاں اپنی ہمت سے کام لے اور راہ عشق میں گام زن ہو ۔ ۶۔ یاد کے بجائے بار بنائیے ۔ ش ۔ طفلی ہی میں مجھکو اس رنج و راحت کا سامنا کرنا پڑا کہ جب تک خون جگر شیر نہ بنے (پیدا ہونے سے مراد ہے) مجھے خون جگر پینا پڑا کہ یہ غم ہے اور شیر یا دو راحت ہے ۔ پس خیال کر سکتا ہے کہ دنیا میں رنج و راحت سبھی کا سامنا کرنا پڑیگا جب طفلی میں یہ حالت ہے تو خدا جانے آگے کیا کیا مصیبتیں اٹھانا پڑیں نیز یہ کہ شیر بھی (راحت) مجھکو جب ہی میسر آسکتا ہے کہ جب تو خون جگر سے دریغ نہ کریگا یعنی تکالیف برداشت کریگا تب کہیں راحت میسر ہو سکتی ہے ہاں غم و رنج ارزاں ہے ۷۔ شرنگ زہر ۔ زہر ایک قسم کا پھل ہے ۔ تبر ۔ ۸۔ مطلب اس چرخ ناہنجار کا جام نیش و نوش سے مرکب ہے اگر اس سے تجھے کوئی مقصد حاصل بھی ہوا اور تیرا کام بن گیا تو اسے تو اپنے مقصد کی بستی پر محمول نہ کر بلکہ اسے بدتر خیال کر کہ اس فلک کج رفتار سے کسی کی کار برآری نہیں ہوتی ۔ جب تک تو اپنے مقصد کے پورا کرنیکی فکر میں لگا رہیگا تب تک تیری کار برآری نہ ہو گی ہاں اپنی مراد کو ترک کر دے تب تجھے مقصود حاصل ہو سکتا ہے ۹ - ۱ ۔ اے نظیری یہ دل اول ہی شب فیض کا طالب ہے پس تو بھی لب کشا ہو اور دعا طلب کر اور صبح کا ساغر لبریز حاصل کر یعنی یاد الٰہی میں مشغول رہ تاکہ تجھے فیضان رحمت ہو اور دل کی مراد بر آئے ۱۰۔ نظیری کا محبوب

غم

خود ایک جگہ عاشق ہو گیا ہے کہتا ہے۔ اسے لوگو ذرا اسکی نمناک پلکوں کو تو دیکھو تمکو معلوم ہو جائیگا
رہ براہ می رود) کہ ضرور کہیں دل لگا یا ہے اور اسکے پیراہن کے چاک سے اسکی دل کی آگ سلگتی
معلوم ہوتی ہوگی اور معلوم ہو گیا ہوگا کہ ضرور کہیں عاشق ہوا ہے۔ ۱۲ اسکی زلف جو دوسروں کے لئے
دام تھی اب خود اسکی گردن میں دام بنی ہوئی ہے اور ذرا اسکے پاک دامن کو تو دیکھو کہ کیا خون آلود
ہو رہا ہے (سرشک خونیں سے) آستین اپنے محبوب کے ہجر میں خون رو رہا ہے ۱۳ شراب اسے کچھ سروکار
سے کام اور نہ کچھ مہر و وفا سے مطلب۔ کسقدر بیباک ہوا جا رہا ہے اور کیسا ترش گفتار ہو گیا ہے
ذرا دیکھنا اغرض یہ کہ اسکے عشق میں دیوانہ بنا ہوا ہے۔ ۱۴ پیچاک۔ کمند۔ مطلب شاید
کسی غزال (معشوق) کو فریب دینے جا رہا ہے کہ چشم آہو اور کمند زلف ساتھ لئے ہو۔ شاید
ضرور کسی کو گرفتار کریگا ۱۵ عجب تماشہ ہے کہ ادھر تو وہ خود معشوق کے یہاں سے آرہا ہے اور
اودھر اسکے عشاق پیچھے لگے۔ اودھر تو وہ خود آہو کو شکار کرکے آرہا ہے اور یہاں شیر (عشاق) اسکی
فتراک (شکار بند) میں بندھے ہوئے ہیں۔ یعنی عاشق بھی ہے اور معشوق بھی ہر دو صفات
موجود ہیں ۱۶ کیا لطف ہے کہ خود دوسروں کے گرفتار کرنیکا ارادہ رکھتا تھا لیکن خود گرفتار
ہو گیا اگرچہ اپنا دل ہار گیا ہے لیکن بہتوں کے دل جیت کر لئے ہیں ذرا اس معشوق عاشق
پیشہ کے بازو چالاک کو تو دیکھو کہ کسقدر ہوشیار ہے ۱۷ اے نظیری آفریں! تیرے ہوش و
ادراک پر کہ ایسے وحشی غزال کو تو نے اپنا رام (مطیع) بنا لیا کہ جو حیا کے باعث بیابان (سبب
حیا) میں رم کر رہا تھا۔ آفریں۔ دوسرا مطلب۔ وہ آہوئے وحشی جو شرم و حیا کے باعث صحرا
و بیابان میں رم کر رہا ہے اسکے ہوش و ادراک کو دیکھتے ہوئے یہ کب امید ہو سکتی ہے کہ
وہ نظیری کا اسیر (مطیع) ہو جائیگا یہ صرف خام خیالی ہے ۱۸ چشم زخم۔ وہ نقصان
جو کسی کے دیکھنے سے پہونچے (نظر بد) مطلب خلق کی نظر بد سے حسن روز افزوں کو
کیا نسبت جس کسی کی زلف و رخسار کا اعجاز ہے اسے افسوں کیا گزند پہونچا سکتا ہے اعجاز کے
سامنے سحر باطل ہو جاتا ہے پس نظر بد افسوں کی مانند ہے اس سے حسن کو کیا نقصان

پہنچ سکتا ہو۔ ۲۔ عشاق کے لیے اسکا عتاب و لطف برابر ہو چاہے عتاب کرے یا لطف سے پیش آئے
عشاق نالہ کرنے سے باز نہیں آتے بلبل کو تو نوا سے مطلب ہے اسے مضمون سے کیا غرض اسیطرح عشاق
کو تو گریہ و زاری سے کام ہو نہ لطف سے مطلب نہ عتاب سے غرض۔ ۳۔ عشق کے مجابنات حکمت سے خالی
ہیں یعنی عشق میں حکمت کا دخل نہیں مجنوں کی مصلحت اندیشی کا عقل سے کیا تعلق حاصل کلام یہ کہ
عشق عقل و حکمت دونوں سے بے تعلق ہو۔ ۴۔ طاس۔ ایک قسم کا برتن ہو جس میں شراب پیتے
ہیں نقشبین۔ دو پانسہ۔ مطلب یہ ہے کہ گردش پیالہ اور پانسوں کے نقش سے مطلب ہے ہمیں
نجوم و گردش فلک سے کیا غرض ہے ہم تو اسی نقش کے خود دست ہیں۔ ۵۔ وارستگی۔ آزادگی مجنوں
مبارک۔ مطلب دولت وارستگی یعنی عشق جس وقت بھی میسر ہو خوب ہے عشق کے لئے نیک ساعت
اور اچھے وقت کی ضرورت نہیں بلکہ جس وقت آجی اسکی دولت ملے حاصل کرے۔ ۶۔ [illegible] ۷۔ اس
بیابان میں کہ جہاں حسینوں کا اجتماع ہے عشاق ناہنروں کو ہنر بنانے ہیں اسلئے کہ رہروان شوق عشق
کو قتل و غارت کا کچھ خوف نہیں۔ وہ تو اپنی جان کو پہلے ہی فدا کر چکے ہیں۔ ۸۔ نظیری کی سادگی نے عشق میں
بڑا کام دیا اور مقصد بر آری کی اسلئے اس جگہ دو کان عشق لگی ہوئی ہو۔ ۹۔ پیر افلاطونی [illegible] ہیں
عشق میں تو بے حکمت بیکار ہے سادگی ہی سے کچھ کام نکلتا ہے۔ ۱۰۔ [illegible] جس کسی سے بھی ملاقات
ہو اس سے معشوق کا نشان دریافت کرو اور ایک جگہ قرار نہ کرو بیٹ کی طرح ہر طرف اس کی تلاش کرو شاید
کہیں مل جائے۔ ۱۱۔ جب وعدہ کا دن ہوگا تو وہ تجھے خود یاد کرے گا پس تو اس کے ذوق میں اس کا
انتظار کرتا ہیں [illegible] اعتمادی کا شائبہ ہو۔ ۱۲۔ تمام جانوروں نے آب و دانہ ترک کر دیا ہے پس
وہ کسطرح تیرے شکار میں نہیں پھنس سکتے اسلئے کہ [illegible] آب و دانہ ہی کے لالچ میں آکر صید ہوتے تھے
لیکن جب کہ انھوں نے آب و دانہ کو ترک کر دیا تو [illegible] پیچھے لگا رہنا بیکار و بے سود ہے یعنی سلے
مضمون اور لوگ جو کھانے آب و دانہ سے مستغنی ہیں [illegible] نفس کا شکار نہیں ہو سکتے
پس انکو صید کرنیکی فکر بیکار محض ہو۔ ۱۳۔ اے معشوق تو [illegible] نہیں ہو کہ جس سے بار حاصل
ہو سکے یعنی تجھ سے کوئی امید پوری نہیں ہو سکتی [illegible] لیے توکل اختیار کرتا ہو

لیکن یار کا پتہ نہیں (خلاصہ یہ کہ معشوق بے یار ہیں ان سے کچھ حاصل نہیں ہو سکتا) ۵ - اسکے حقوق صحبت
ایک زبردست نکتہ ہو تو اسے کم خیال نہ کر اور وفائے دوست ایک بے بہا چیز ہے تو اسے خوار (کم) نہ سمجھ
۶ - اسے مخاطب یکرنگی اختیار کر یا تو لالہ کی طرح دل سوختہ ہوجا یا سرو ہی کی طرح آزاد رہ - بہار کی طرح
تلون مزاج نہ بن بلکہ یکرنگی اختیار کر ۷ - اسے نظیری دوسرے کی شراب (احسان) دردسر کا باعث ہے
پس کسی بیگانہ سے جام ہی طلب نہ کر یعنی کسی دوسرے کا احسان نہ لے بلکہ اپنی ہمت سے کام لے - احسان
لے کسی غیر کا جانا بہشت میں (صحیح تو یہ ہے عذاب جہنم سے کم نہیں) (۱) مصرا ورہ - بگذار بچھو مطلب
اے معشوق ایک بار تو وفا کر کہ امیدداری کرتے مدتیں گذر گئیں اور اس مہر قدیم جفائے وفا شعار کو ترک کر ۸
۹ - اسے تدبیر کائنات یا تو مجھے کعبۂ صفا کا محرم بنا دے (میرے دل کو صفا سے بھر دے) یا اگر یہ نہ ہو تو مجھے
معشوق ہی سے ملا دے رکوئے تنگر میں پہنچا دے - غرض اس دورنگی کو دور کر اور یکرنگ بنا دے تا کہ
یہ اضطراری دور ہو ۳ - اور اگر ہم حرف غلط کی طرح ہیں تو ہمکو کاٹ کر دوبارہ لکھ (صحیح) اور اگر ہم
ٹیڑھی سطر کی مانند ہیں تو پھر مسطر کر (سطر کھینچ) یعنی ہمارے باطن و ظاہر میں جو برائیاں ہیں انکو
دور کر دے ۴ - اگرچہ پیراہن گل (معشوق) میں ہزاروں رنگ ہیں لیکن ایک رنگ وفا نہیں ہے
پس اسکو رنگ وفا بھی اپنی کرم سے عنایت فرما ۵ - ہمکو چاروں طرف سے طوفان حوادث نے گھیر لیا
ہے پس اس سے بچنے کے لئے کشتی ہزار لنگر یہمت و قدرت ہم عنایت کر تا کہ ساحل مراد تک ہم پہنچ جائیں
۶ - اگر ہم مے نوشی کرتے کرتے بدمست ہو گئے ہیں تو اب ہمکو شراب کم عطا کر اور اگر ہم مخمور ہیں تو پھر پلا جا
تا کہ ہم سیر ہو جائیں ۷ - اسے محبوب اگر تو ہمارے شور و شر سے تنگ دل ہو گیا ہے تو اس مجلس کو ختم
کر دے اور خلوت کدہ بنا دے، تیری خوشنودی مزاج کے مقابل ہیں اپنے عیش کے برباد ہو جانیکا
کچھ غم نہیں ۸ - اے ہادی کعبہ نظیری کو کفر حقیقی عطا کر (ایمان حقیقی) بقول مرزا سودا - ہوا جب
کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی - نہ ٹوٹی شیخ سے تسبیح زنار سلیمانی - ایمان کے انتہا سے ساحر زاہدان
خشک کی نظر میں کفر ہیں - اہل عرفان سے جو جو واقعات فوق العادۃ ظہور میں آتے ہیں انکو کفر سے
تعبیر کرتے ہیں تمغا اسے ایمانی و مسلمانی وہی ہیں ۹ - اگر آج میں اہل دنیا کی نظر میں رنگ کفر

صبوغ ہوں تو کل قیامت کے دن اہل محشر کی نظروں میں دوسرے رنگ سے رنگا ہوا نظر آؤں
یعنی انکی نظروں میں بھی ایمان سے متصف ہوں۔ یا اگر آج مجھے مومن سے کافر بنا دیا ہو تو کل ہیں کافر سے مومن
ہوں۔ اور مجھے جسطرح آج کافر سمجھتے ہیں کل مومن سمجھیں ہو۔ ۱۔ ایک تو اس جان رنجور کو فراق وید ہی
نے پیا بنائے ہوئے تھا دوسری طرفہ یہ کہ اسکے غم دوری سے بھی آگھیرا ہے ایک جان اور یہ الآم ہو ۲۔ میں زمانہ کی عشر
سے ہوسکے باعث تجربہ سے بھی زیادہ کوتاہ امید ہوں۔ مجھے زمانہ سے عیش و عشرت کی اتنی بھی امید نہیں جسقدر
خمور کو شراب ناب کے حاصل ہونیکی ہوسکتی ہو ۳۔ اسکے فراق میں چشم دل بے نور ہوگئی ہے پس میں
اس خسارہ کو خوشدلی کو دیکھ سکتا ہوں یعنی اسکے ہجر و فراق میں خوشدلی میسر نہیں ہوسکتی ہو ۴۔ میں نے
اس تقصیر کو چھپانے کے لیے ہر چند گریہ و زاری کی لیکن وہ ظاہر ہو ہی گئی اسلیئے کہ پانی میں دفینہ پوشیدہ
نہیں رہ سکتا پس میری تقصیر گریہ سے کسطرح پوشیدہ ہوسکتی ہو ۵۔ میں شاید زخم جگر ہوں کہ ہر روز
نمک میں آتا ہوں اور تو شاید کان نمک ہے کہ ہر روز شور رسیدہ آکر تا ہے اور نمک زخم کو پاش پاش کر دیتا ہو ۶۔
ہر چند کہ میں خاموش رہتا ہوں لیکن میری داستان دگفتگوئیم کم نہیں ہوتی وہی جوش بیان رہتا ہے
بلیئے کہ ناسور کو مرہم فائدہ نہیں پہونچا سکتا۔ میری گفتگو سے شوق ناسور ہو اور خاموشی مرہم ہو لیکن مرہم
س طرح فائدہ پہنچا سکتا ہو ۷۔ میں نے شراب شوق اس میخانہ سے پی ہے کہ منصور میری اس شراب
جھوٹے کے ایک جرعہ سے ایسا بدمست و مدہوش ہوگیا تھا کہ انا الحق کی صدا بلند کردی۔ پس تم قیاس کر سکتے
جب میں شراب صاف پئے ہوئے ہوں تو مجھ میں کسقدر شورش ہوگی ہو ۸۔ فغفور بادشاہ۔ مطلب
عیش و نشاط ہمکو حاصل ہو۔ سیکڑوں بادشاہوں کی نشاط اس نشاط کے فدا ہی تو کیسے برابر بھی نہیں ہو
عجب مشکل اور حالت در پیش ہے کہ خود ہی وہ شاہد ہے اور خود مجبور بنا ہوا ہے نہ معلوم کہ کس کے ہجر
مبتلا ہے ورنہ شاہد اور ہجر ہو ۱۰۔ اے محبوب تیرا ہر ایک کام مشتاق کی مرضی اور دلی منشا کے موافق اور تیری
دلی کے باعث چشم بد تجھ سے دور رہتی ہے پس اس صورت میں تیرا ہر کام بہتر ہی ہوگا ہو ۱۱۔ نظیری
اسے اے محبوب جلد ہی بے نیاز ہو جائیگا اس لئے کہ مجھ کو شہر اور اسمیں ایک درویش جلد ہی غنی
ہو جائیگا پس میں درویش بھی جلد مستغنی ہو جاؤنگا اور مجھے تیری احتیاج نہ رہیگی ہو

غزل

ص ٩٥

ردیف الزا ء - (۱) باوجودیکہ ذوق و وجدان مجھے حاصل تھا اور ساقی کی نظر خاص مجھ پر مبذول
تھی لیکن میں پھر بھی خام ہی سا (پختہ مغز نہ بن سکا) اگرچہ شراب صاف ہو گئی ہی مگر میں اب تک دردِ آشام
بنا ہوا ہوں - (یعنے حقیقت سے اب بھی دور ہوں) ۲۰ - گوش و لب پژمردۂ دیدار و سخن ہیں اور قاصد بھی
ابھی راہ میں ہی لیکن میں نے ابھی سے خانہ آرائی کی ہی اس امید پر کہ قاصد خبر خوش ہی لیکر آئیگا لیکن
دیکھیئے (قاصد کے آنے پر کیا گل کھلتا ہے) ۳ - ایک عمر گذر گئی اور میں بچوں کی طرح ہلال عید (دیدۂ معشوق)
دیکھنے کے لئے در و بام پر کھڑا ہوں لیکن افسوس کہ میرے ابر امید سے ہلال عید نمودار ہی نہیں ہوتا (یعنی
دیدار محبوب نصیب نہیں ہوا) ۴ - روز مولود - روز تولد شدن - محضر شہادت نامہ سند دستاویز
مطلب میری پیدایش کے دن اگرچہ فلک نے سند فرزندی مجھے عطا کی (یعنی کسی کا فرزند بنایا) لیکن
میں اسقدر بدبخت ہوں کہ میرے باپ کی زبانی کسی نے ابتک میرا نام بھی نہیں سنا ہوگا ۵ - طور - راہ
مطلب - اگرچہ میں نے بہتر (۷۲) فرقوں کا رنگ دیکھا اور راہ عشق میں ان کو اختیار کیا لیکن پھر بھی
کوئی نہیں بتا سکتا کہ میرا انجام کیا ہوگا یعنی کسی کو انجام کی خبر نہیں اور کوئی فرقہ یا ملت اپنے انجام
سے آگاہ نہیں ۶ - اگرچہ میں بارہا دام تعلق دنیا سے آزاد ہوا لیکن جب نظر کرتا ہوں تو اپنے کو گرفتار
پاتا ہوں اس کشمکش نے مجھے فریب آدم و ابلیس یاد دلایا کہ جب وہ فریب ابلیس سے نہ محفوظ رہ سکے تو پھر
میرا کیا شمار ۷ - میں اسقدر بیتاب ہوں کہ سیکڑوں بار مجھے آتش عشق میں ڈالا گیا تاکہ میں پختہ مغز
بن جاؤں لیکن میں اپنی بیتابی کے باعث نہ ٹھہر سکا یہانتک کہ اگر مجھے آتش دوزخ میں ڈالدیا جائے
تو وہ بھی مجھے باہر پھینکدے پس میں خام ہی رہا اور پختہ مغز نہ بن سکا ۸ - ہرچند کہ بدمستی کے سبب سے مجھے
اپنی بزم سے اس ساقی نے نکال دیا ہی لیکن اب بھی میرے حال پر رحم کھا کر ایک جرعہ میرے جام میں
ڈالدیتا ہے یعنی اب بھی اسقدر الطاف و کرم ہے ہرچند کہ وہ مجھے قبول نہیں کرتا لیکن یہ بھی شکر ہے
کہ میں اسکی طبیعت پر گراں بھی نہیں ہوں کہ کبھی کبھی وہ مجھے اپنے لب شیریں سے دشنام دے لیتا ہی تو
یہ بھی غنیمت ہے (۱) بہار کا موسم ہی ہر شخص کا دل بوئے گل سے وابستہ ہی یعنی ہر شخص کا دل چمن کی
طرف کھنچ رہا ہے کہ اب عیش و نشاط چمن ہی میں ہی ۲ - اور شراب دشنام کا شوق سر میں بھرا ہوا ہی

اور سودا اپنی متاع کو سر پہ لئے پھر رہا ہے اور وہ متاع سودا یہی شراب و شاہد ہے پس اسوقت کے لطف و انبساط کی کیفیت کیا بتاؤں شراب و شاہد کی ارزانی ہے ۳- خندۂ گل سے مجھے خندۂ معشوق یاد آجاتا ہے اور میرے زخموں پر نمک پاشی کرتا ہے ۔ اسلئے کہ خندۂ گل خندۂ لب معشوق کے مانند ہے جو زخموں پر نمک پاشی کیا کرتا ہے ۴- اس موقعہ کو ہاتھ سے نہ جانے دے کہ اسوقت خاک باغ معطر ہو رہی ہے گویا عبیر پھیلا ہوا ہے پس باغ کی سیر کر ۵- صحن چمن کچھ ایسا پر نشاط ہو رہا ہے گویا یہ معلوم ہو رہا ہے کہ نشاط یہی کدہ یہاں ہی آگئی ہے اور غم یہاں سے دور ہو کر مدرسہ میں پہنچ گیا ہے (اور مدرسہ میں بچوں کو ایک گونہ غم رہتا ہے) غرض یہ ہے کہ بہار کا وقت ہے صحن چمن میں سرور و انبساط کا دور دورہ ہے پس اسوقت لطف بہار اٹھانا چاہیئے ۶- شیخان خرقہ پوش کس ہوا و ہوس سے خراب ہو رہے ہیں کہ ابر نے اپنے ہاتھ میں تسبیح پھر توڑ ڈالی ہے (باراں) کہ جو ان کے رنج و ملال کا باعث ہے - حاصل یہ کہ بارش ہو رہی ہے لطیف ہوا کے جھونکے چل رہے ہیں ۷- اے نظیری آج تو لطف و سرور میں محو و مست ہو رہا ہے لیکن کل پھر وہ ماہ (معشوق) اپنی کمر سے تلوار (آہ سخت) لٹکائے ہوئے آئیگا پس تو دامان کو چوکیدار لگا کر اس سے محفوظ رہے (کوہ و کمر مناسبت (الله الله عاشق کا دم بھرنا اور تیغ ستم سے ڈرنا) شرح

(۱) کلہداراں - معشوقاں - مطلب اے معشوق اپنا جلوہ دکھا تاکہ یہ دوسرے معشوق تجھے دیکھکر شرمندہ ہو جائیں اور عاقل و دیوانہ ایک ہی رنگ میں آجائیں - ۲- اورنگ - تخت - مطلب - شاہ و درویش دونوں تیرے آرزومند ہیں - پس اگر تو درویش سے موافقت نہیں کرتا تو بادشاہ ہی سے موافقت کر حاصل کلام یہ کہ ہر شاہ و گدا کے دل میں تیری محبت جلوہ فرما ہے ۳- خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام مطلب جب خداوند تعالیٰ نے چاہا کہ تیرے سخت دل کی مثال دنیا میں پیدا کرے تو اسنے اپنے خلیل (حضرت ابراہیم علیہ السلام) کو بنائے کعبہ کا حکم دیا (یعنی تیرا دل مثل پتھر کے سخت کہ کعبہ کی عمارت پتھر کی ہے) ۴- سہم - سہ ہنگ - سیاہ - مطلب اے محبوب ہم نے ملک دل کو تیرے سپرد کر دیا اسکا اختیار کلی تجھکو حاصل ہے جو چاہے وہ کر اپنے حسن کو اسکا بادشاہ بنا اور غمزہ کو اسکی سپاہ کر ہمیں کچھ عذر نہیں ۵- اے معشوق تجھ سے یہ کہنا کہ بد خوئی کو ترک کر تا مجھ ہر

پس ہم نے دل ہی کو سمجھا لیا ہے کہ اے دل وہ ترک بدخوئی نہیں کریگا تو ہی اپنے آئینہ کو بے زنگ بنا لے
تاکہ کدورت چھٹ جائے ۔ ۷ ۔ اے طالب حقیقت اگر مرد میدان ہے تو مصیبتوں کو برداشت کر طوفان حوادث میں اپنی
کشتی بے لاگ ڈالدے (آزاد ہوکر بیٹھ) موج حوادث کا خوف نہ کر اور زمانہ کے قہر و غضب کو برداشت کر
اور اس سے انتقام لینے کے لیے سلاح کی جستجو نہ کر بلکہ اگر تجھ میں انتقام کی تاب و توان ہے بھی تو اسے کام میں
نہ لا صبر سے انکو برداشت کر ۔ ۸ ۔ اے نظیری جور معشوق کو خوبی طالع خیال کر اور اگر بخت تجھ پر رحم بھی کرے
تو اسکو تو داخل ننگ و نام سمجھ اور عشق میں ننگ و نام کا کچھ کام نہیں ہے ننگ و نام رہنا ہی خوب ہے یعنی
جور معشوق کو خوشی سے برداشت کر اور کبھی اس سے پہلو تہی نہ کر ۔ ۹ ۔ معشوق کے رخ پر ایک ہی نظر ڈال اور
اس غزل سے ایک دیوان زار بنا لے اور اسکے لب شیریں سے ایک حرف سنکر اس ایک لغت سے فرہنگ
تیار کرلے یعنی معشوق کا چہرہ ہی ایسا ہے کہ اسکے نظارہ سے اس کی تعریف و توصیف میں اگر غزلیں لکھی
جائیں تو دیوان مرتب ہو جائے اور اسکا ایک سخن اسقدر بلیغ ہے کہ اس کی وضاحت سے ایک فرہنگ
مرتب ہو سکتی ہے ۔ ۹ ۔ صداع ۔ دردسر ۔ آہنگ ۔ نغمہ ۔ الاپ ۔ مطلب اے محبوب ازلی
مطرب تو تیری آواز کو اپنی جانب منسوب کرتا ہے اور صوفی اپنی جانب دونوں میں باہمی اختلاف
در پیش ہے پس اس صورت میں خواہ تو نالہ کو نغمہ بنا دے یا خاموش ہو جا تاکہ ان کی دردسری کا باعث
نہو دیگر یہ کہ صوفی و مطرب تیری آواز سے برخلاف ہو گئے ہیں (باہمی نزاع برپا ہے) پس یا تو یہ نغمہ
ختم ہو جائے یا نالہ کو تو نغمہ بنا دے یعنی ان کا باہمی اختلاف تو دور کردے ۔ ۱۰ ۔ اے محبوب تیرے
ہجر و غم میں ہم نے اپنے جسم کے تار و پود (تانا ۔ بانا) کو ناخن سے تار تار کر دیا ہے پس اب تجھے اختیار
ہے خواہ اسے تسبیح کا رشتہ (زنار) بنا یا چنگ کی زنجیر جو تیری مرضی ۔ ۱۱ ۔ اے نظیری آسودگی میں
لذت نہیں ہے پس اگر تو لذت چاہتا ہے تو یا لب پر خندہ (معشوق) سے موافقت کر یا چشم گریاں کو
اختیار کر کہ لذت حقیقی انہی میں ہے آسودگی میں نہیں ۔ ۱ ۔ جب کسی کو عشق مسند ناز (معشوق) تک
پہنچاتا ہے تو اول اسیر آہ و زاری کے دروازہ کھول دیتا ہے یعنی آہ و زاری عاشق کے لئے ضروری
شئے ہے اور بغیر آہ و زاری کے معشوق تک رسائی نہیں ہو سکتی ۔ ۲ ۔ شرح آسودگی مطلب

۲-اور اگر مطرب کی صداؤں سے تیرے کان محظوظ نہیں ہوتے تو عیب جو نہیں ہو کر تو اٹھ جا اور منھ پھیر لے اور اگر ساقی خرام کیساتھ جام شراب نہیں دیتا تو خمار آلودہ ہی تو وہاں سے علیحدہ ہو جا۔ یعنی اگر تیری دل بستگی کے وہاں ساماں نہیں ہیں تو پھر وہاں تیرا رہنا بیکار ہے ۳-صبح کے وقت جب تو بیدار ہو تو دُور دُور اور صراحی چنگ اور گلستاں کو دیکھتا ہوا اٹھ اسلئے کہ صبح کو ان چیزوں کا دیکھنا نیک شگون ہے ۴-شاخ گُل کی طرح ہاتھ میں پیالۂ عشرت لے اگرچہ تیرے اس کام کو دیکھکر رشک سے ارغوان کا رنگ اڑ بھی جائے تو کچھ پروا نہ کر دنیا میں سیکڑوں حاسد موجود ہیں ۵-مل-شراب- مطلب اگر تجھے شراب میسر نہ آسکے تو اپنے چاک پیرہن کو کھول ڈال کہ یہ عین مستی ہے اور اگر باد سحر پھولوں کی خوشبو لا نے تو آستیں فشاں تو کھڑا ہو جا کہ وہی آستیں کی ہوا تیرے حق میں شمیم گُل ثابت ہوگی ۶-بہر پہلو-مطلب جس طرح خالِ رخ زلفِ یار میں مسکن کئے ہوئے ہے اسیطرح تو بھی گوشہ نشینی اختیار کر اور زلف کی مانند آغوشِ دوست سے جدا ہو جا یعنی معشوقانِ مجازی سے کنارہ کش ہو جا اور گوشہ نشینی اختیار کر ۷-معشوق حقیقی کے لئے تو اپنا دل نثار کر دے اور تن کی پروا نہ کر اور اسطرح تو لوگوں میں (جماعت) نشست رکھ کہ کسی کے دل پر بار نہو یعنی کوئی یہ بھی نہ سمجھے کہ تو اس جماعت میں بیٹھا ہے ۸-بزم عرفاں میں جب تجھکو سر در دانبساطِ حقیقی حاصل ہو تو کائنات سے دست بردار ہو جا اور جب تجھ پر وجد طاری ہو تو اس جہاں کو ترک کر دے ۹-اے نظیری خوبرو یونکی بزم میں تو گراں نہو یعنی انکی طبیعتوں پر گراں بار نہو انکی بزم میں نہ جا) بلکہ اپنی آمد و رفت صرف آستان یار ہی تک محدود رکھ اس صورت میں تو انکے لئے باعث تصدیع نہیں ہو سکتا۔

۱-اے معشوق جو تیرا مردود درگاہ ہے (جسے تو نے اپنی بزم میں قبول نہیں کیا ہے) پھر دنیا میں اسکا ٹھکانا کہیں نہیں (تمام دروازے اس پر بند ہو جاتے ہیں ۲-ایمن-محفوظ نیاز-احتیاج مطلب- اے محبوب ہم اپنی اس بے نیازی کے خوف سے بالکل محفوظ ہیں (کہ تجھ سے ہم بے نیاز رہتے ہیں) اسلئے کہ تیری طرف ہم نیاز سے نہیں دیکھ سکتے یعنی نیاز کو تجھ تک راہ نہیں ہے لیکن ہم جو تجھ سے بے نیاز رہتے ہیں اسکی پرسش کے خوف سے ہم بالکل محفوظ ہیں ۳-میں اپنی شاہد پرست

آنکھ کو کس طرح بند کر سکتا ہوں اسلئے کہ میں مجاز ہی سے حقیقت تک پہونچا ہوں پس میں مجاز کو کسطرح ترک کر دوں ۴ بر ۴۔ دنیا سے حسن کا راز اسوقت تک پوشیدہ و نہاں تھا جب تک تیری ذات وجود میں نہ آئی تھی یعنی وہ راز تیری ہی ہستی تھی کہ جب وہ جلوہ نما ہوئی تو وہ راز ظاہر ہوگیا ۵ بر ۵۔ اے محبوب جسطرح بچہ آغوش مادر میں ناز کرتا ہے اسیطرح حسن تیری ذات پر فخر کر رہا ہے۔ پس تیرے حسن کا کیا بیان ہو سکتا ہے ۶ بر ۶۔ اگر تو راز دل کو ظاہر کرنا چاہتا ہے (معلوم کرنا) تو ذرا ہوشیاری سے کام لے کہ تیرا پیرہن ہو اسکی غمازی کریگا (اسکو مشہور کر دیگا) تیرا پیرہن ہو غماز ہے پس راز عشق کو خود سے ہی بیان کرنیکی ضرورت نہیں ۷ بر ۷۔ اے معشوق تیری یاد میں ہم خلوت گزین بنے ہوئے ہیں لیکن پھر بھی ہمکو آرام میسر نہیں ہے (خلوت میں بھی سکون نصیب نہیں ہے) ۸ بر ۸۔ نفس بادِ آزادانہ (؟) ایک شوریدہ کی مانند ہے پس محمود اسکی فکر (عشق) سے کسطرح آرام پا سکتا ہے ۹ بر ۹۔ قفا گدیی

مطلب۔ مدتیں ہوگئیں کہ دل سے بیں پردہ ساز عشق بازی درست ہوگیا ہے (یعنی دل سے عشق کی صدائیں نکل رہی ہیں ۱۰ بر ۱۰۔ اگرچہ بہت ہی قریب سے آواز (نغمہ) آرہی ہے لیکن یہ کسی کو نہیں معلوم کہ مطرب کہاں ہے کہ جسکی یہ آواز ہے ۱۱ بر ۱۱۔ اے جفا شعار تو نظیری پہ ظلم و جور کئے جا اس سے باز نہ آ۔ اسے (نظیری) کو تیری راہ میں اپنی پرواہ نہیں ہے جو کچھ بھی حال ہو ۱ بر ۱۔ اے جفا شعار تو نے ابھی لذت وفا پائی ہی نہیں ہے اور تیرا دل کسی پہ مائل ہی نہیں ہوا ہے نہیں تو اس وفا کی تو قدر کرتا ۲ بر ۲۔ اور جسقدر جور و جفا کے فرائض ہیں انکو تو ادا کر رہا ہے اور ابتک تجھ سے ایک بدعہدی بھی قضا نہیں ہوئی یعنی تو بدعہد اور جفا دوست ہے۔ ۳۔ اے معشوق جو ظلم بھی تو ہمپر کرتا ہے ہم اسے شوق سے گوارہ کر لیتے ہیں اسلئے کہ عشق بغیر تکالیف برداشت کئے لطف نہیں دیتا ۴ بر ۴۔ گناہ سے عشق میں خلل پیدا نہیں ہوتا ہے کہ گناہ ہوا کی مانند ہے اور یہ چراغ (عشق) اس ہوا سے نہیں بجھ سکتا (یعنی وہ گناہ جو دنیا کی نظر میں ہیں گناہ نہیں) یعنی وہ ظاہری باتیں جو خاصان الہی سے حالت مستی (جذب) میں ظاہر ہوتی ہیں اور اہل شرع اسکو گناہ سمجھتے ہیں ۵ بر ۵۔ میں اپنی بے نیازی ہمت سے

اس قدر تو سمجھ گیا ہوں کہ مجھے کسی شے کی احتیاج نہیں حتیٰ کہ میں کیمیا پر بھی نظر نہیں ڈالتا ہوں ۔ ۲ ۔ اے
محبوب تیرے جلوہ کی قیمت ہمارے دل و جان کی قیمت سے بھی زیادہ ہے باوجودیکہ تو نے اپنے جلوہ کے
عوض ہمارے دل و جان کو گراں خریدا لیکن تو ایسا کریم ہے کہ تو نے تجھ سے بہتر کبھی نہیں دیکھا ۔ اللہ اللہ
کیا شانِ کریمی ہے ۳ ۔ اے نظیری دنیا میں حرص ہوا کم کر کہ غم دنیا (حرص) کی کچھ انتہا نہیں ہے
یعنی غم دنیا کھانا محض نادانی ہے ۔ ردیف السین ۔ ۱ ۔ اے معشوق تو خود تو کسی کا مقید نہیں ہے
لیکن تیرے سب مقید ہیں (گرفتار) تو نے اپنا افسوں سب پر کیا ہے لیکن خود کسی کا مسحور نہیں اور
اگرچہ سب کی ہستیاں تو نے مالیں لے لیں لیکن پھر بھی تجھ سے کوئی غمگین نہیں ۲ ۔ خندۂ معشوق
عاشق کے حق میں ایک بہتری ہے پس اگر تو نے اپنے تبسم سے تلخی عنایت کی تو یہ بھی بہتری ہے
(یعنی اس صورت میں بھی نیکی کو برباد نہیں کیا) اور تعجب ہے کہ تیرے نوش قہر سے کوئی مجنون نہیں ہوا
غرض یہ کہ تیرا نیش و نوش باعث انبساط ہے تکلیف کا باعث نہیں نیش ہو یا نوش ۳ ۔ میں اسکی
نگاہ لطف کا بیمار ہوں اور اسکے لب شیریں کا محتاج گویا میں ایک گزیدہ مار ہوں (میری جان کو سانپ
نے ڈس لیا ہے) کہ جس پر ابھی تک کسی نے افسوں نہیں کیا ہے کہ اس کا اثر زائل ہو پس اس صورت
میں میں اسکے لب اعجاز اور نگاہ لطف کا محتاج و رنجور رہوں ۴ ۔ اے معشوق تیرا حسن زمانہ گذشتہ کی
برائیوں (رنجشوں) کی تلافی کر رہا ہے کہ تیرے عہد میں اس پیر فلک کی کسی نے بھی شکایت نہیں کی ہے
۵ ۔ اے محبوب تیری جلوہ گاہ حسن میں اسقدر ہجوم رشک تھا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے کوئیں میں
گر جانے پر انکو کسی نے باہر نہیں نکالا ۔ رشک نے نکالنے کی اجازت نہ دی کہ وہ بھی آکر تیرا دیدار
کرتے ۔ پس رشک نے انکا کوئیں میں پڑا رہنا ہی بہتر خیال کیا (قصۂ معروف کی طرف اشارہ ہے)
۶ ۔ اچھا ہے قبر پر فاتحہ نہ پڑھو ۔ مطلب اے معشوق تیرے کوچہ میں ہماری قبر پر فاتحہ
و ماتم کسطرح ہو سکتا ہے اور کیونکر ہو سکتا ہے جبکہ وہاں یہ حالت ہے کہ حضرت عیسیٰ سولی پر چڑھے
اور انکو کسی نے دفن بھی نہیں کیا تو ہماری کیا فاتحہ اور کیا ماتم ۔ ہمارا شمار ہی کیا ہے ۷ ۔ حرف [illegible]
[illegible] ہے ۔ [illegible] کہ ہمارے پیالہ [illegible] غصہ و خفگی سے کوئی [illegible]

تو درد سے دریافت کر کہ وہ نحیف و ضعیف ہے لیکن اسے رلاکر نہیں بلکہ خود درد کر دریافت کر (یعنی دردؔ
کیطرح اپنے آپ کو گریہ و زاری سے نحیف بنا لے تب تجھے سراغ راہ کا حال کھل سکتا ہے ۸۔ عیار
قدر پونجی ۔ مطلب ۔ میں نے تو چاشنی عزت کو چکھا ہی نہیں ہے بس میں اسکے ذائقہ سے کیسے
واقف ہو سکتا ہوں مجھ سے اسکی قدر و منزلت دریافت کرنا عبث ہے ۔ ہاں مجھ سے تو فقر و خاکساری کی
قدر و قیمت دریافت کرو کہ ایک عمر اسی میں گذر گئی ۹۔ شراب کی حقیقت نظیری سے سنو کہ وہ مست
ہو رہا ہے ۔ کرشمہائے گل بلبل بہاری سے دریافت کرو کہ وہ خوب واقف ہے ۔ نظیری بلبل بہاری ہے
اور شراب گل ہے ۱۔ اسحاب ۔ ابر ۔ بادل ۔ کشت ۔ کھیتی ۔ مزرعہ ۔ مطلب تمام فصل اسیطرح
خشک گذر گئی اور اس کشت (امید) پر ایک دفعہ بھی ابر نے نمی نہیں پہنچائی ۔ یعنی زمانہ اسی طرح گذر گیا
اور ایک دفعہ بھی دیدار محبوب نصیب نہیں ہوا کہ میری کشت امید سر سبز ہوتی ۲۔ رعد ۔
برق ۔ مطلب ۔ شراب کی نایابی کے غم سے روتے روتے اشک بھی خشک ہو گئے لیکن نہ شراب کی
جھلک نظر پڑی اور نہ نغمہ رباب ہی سننے میں آیا ۔ افسوس میں کسقدر بدبخت ہوں ۳۔ وحش و طیر ۔
چرند و پرند ۔ مطلب ۔ باوجودیکہ بہت کثرت سے شکار میں نے کیا لیکن کوئی ایسا شکار جو کباب
بنانے کے لائق ہوتا دام میں گرفتار نہ ہوا اگرچہ صد ہا تدبیریں کیں لیکن نمایاں کامیابی کسی
میں حاصل نہیں ہوئی ۴۔ روئے زمین پر اسقدر پانی کی قلت ہے کہ جسطرح مفلس کا خشک چہرہ بجز
سوئے چشم تر کے اور کہیں حباب کا نام و نشان ہی نہیں ۔ دنیا میں مقصد حاصل نہیں ہو سکتا دوسرا
مصرعہ بطور تمثیل کے ہے ۵۔ آب رخ ۔ آبرو ۔ مطلب ۔ بدبختی کے ہاتھوں جو کچھ آبرو رہ گئی
تھی سو وہ بھی اس حلق میں اسطرح مٹ گئی کہ اسکا نشان تک باقی نہیں ۔ مصرعہ ثانی تمثیلاً ہے یعنی وہ پانی
اس طرح پی گیا کہ صبح شراب رجو پانی کی طرح معلوم ہوتی ہے) کا بھی نشان نہیں ۶۔ زمانہ کے ہاتھوں
ہم پر ایسی آفت ٹوٹی ہے کہ یہ غمگین دل آہ بھی نہ کر سکا اور غفلت نے ہمکو اس طرح آگھیرا ہے کہ (ایسی
غفلت میں پڑے ہوئے ہیں) کہ خواب بھی ہم سے دور ہو گئی ۔ سر دم غفلت ہی غفلت ہے ۷۔
فرق ۔ سر ۔ مطلب ۔ ہم اپنی دانائی و تدبیر سے اپنے سر کو زانو میں رکھکر فال نکال رہے ہیں

کہ جو ایسی فال ہے کہ قرعہ اور کتاب میں اسکی نظیر نہیں مل سکتی یعنی فکر سے خوب نکلتی ہو اور ہم فکر میں ڈوبے ہوئے ہیں ش ۷ - اسرار - آزادگان - پاک ہستی - مطلب تیر چرخ بہت ہی درست حساب ہے کہ آزاد کو اسکے ہنر کے لایق زخم پہنچاتا ہی - یعنی جو جس قابل ہوتا ہی اسیقدر اسکو درد عنایت کیا جاتا ہو ش ۸ - اسے نظیری گویا تو اپنے جیب پر عاشق ہے کہ کسی نے تیرا ہاتھ کبھی اسکی نقاب کی طرف بڑھتے نہیں دیکھا یعنی تو اسپر عاشق (معشوق) نہیں ہو بلکہ خود اپنے جیب پر عاشق ہے کہ اسکو نہیں پھاڑتا کہ تیرا ہاتھ اسکے سبب نقاب دوست تک پہنچتا ش (بخت کے بجاے جیب پڑھیئے -) ا - سپاس - شکر - تعریف - عروس خوش انفاس - سبزہ - مطلب - ابر نے اپنی بغل چمن پر کھولدی برسنا شروع کر دیا پس بہت بہت شکر ہے اور اس بارش کے سبب عروس خوش انفاس بھی (سبزہ) نمودار ہوگئی ہی - یعنی بہار کا دور دورہ ہو ش ۲ - تمام دشت و چمن ابر کی کرامات سے (باران) سبز ہوئے ہیں خدا کا شکر ہے کہ دنیا سے افلاس دور ہو گیا - یعنی چاروں طرف جدہر نظر اٹھاؤ پھول کھلے ہیں سبزہ لہلہا رہا ہی - عالم تونگر بنا ہوا ہی ش ۳ - چہرۂ طاس - چہرہ جامۂ زرتار - شہ طاس - شہ افلاک - مطلب - اگرچہ دو دن ہوئے کہ چمن شہ افلاک کی طرح بالکل سادہ (خشک) پڑا ہوا تھا لیکن اب ابر بہاری فیض سے چہرۂ طاس (جامۂ زرتار) کی طرح نقش و نگار سے بھرا ہوا ہی ش ۴ - تفرج - تفریح - مطلب - سحاب گویا زاہد ہی کہ جو دریا میں بار بار غوطہ لگا رہا ہے عجیب تماشہ ہے کہ زاہد وسواس میں گرفتار ہے اور غوطہ لگا کر پاک ہو رہا ہی - حاصل کلام یہ کہ بارش ہو رہی ہی ش ۵ - کاس - پیالہ - جام - مطلب شراب کی اسقدر فراوانی ہے کہ کوئی ہمارے بدمست ساقی سے نہیں کہتا ہی کہ پیالہ کو ٹیڑھا مت کر شراب گر جائیگی (یعنی کسیکو اسکی پروا نہیں اسقدر افراط ہی) ش ۶ - بخشش ابر سے ہمیں عیش و سرور حاصل ہی اور وہ سخاوت کہ جسکا کچھ حساب و شمار نہیں (گہر ہاے سحاب) ہمارے پانوں کے نیچے ہی ش ۷ - وہ بادشاہ کہ جو پاس خاطر درویش نہیں رکھتا جلد تباہ و برباد ہو جائیگا اور اسکی مملکت زایل ہو جائیگی ش ۹ - رواق - محل - مراد از بنا عابد اساس - مراد از زاہد کہ بنیاد دارد - مطلب - اسے نظیری عابد و زاہد سے توفیق حاصل

ہو نہیں سکتا اسلئے کہ ان میں پورے عشق ہی نہیں ہیں کوہ و صحرا سے سوال نہیں کر کہ تجھے فیض حاصل ہو سکے
افسوس ہے ۔ مطلب عشق نے ہوس (مجاز) سے مجھکو حقیقت تک پہنچا دیا اگرچہ میں اب قصد صید سے
سیر ہو گیا لیکن مستی کے سبب سے ابھی تک گھوڑا دوڑاتا پھر رہا ہوں ۳ ۔ میل و ہوس ۔ عشق مجازی
مطلب ۔ میں تیرے فرمان سے کس طرح سرکشی کر سکتا ہوں کہ تیرا شوق (عشق) مجھ پر از بس غالب ہے
اور میں تیرے ہی خیال (عشق) سے رفتہ رفتہ عشق حقیقی تک پہنچ گیا ۳ ۔ جب تک تو دشمن سے
لڑ رہا ہے تجھے اپنے غصے سے تعلق اور کام ہے لیکن جب تو اسکے مقابل عاجز ہو جائیگا تو اس وقت
فریاد رس تیری فریاد کو پہونچیگا ۔ یعنی دل سے خشم دور کر تاکہ تو فریاد رس تک پہنچ سکے ۴ ۔ اے
معشوق تیرے بغیر چمن مجھے سوسن تیغ بر کف اور چشم نرگس میری تاک (گھات) میں لگی ہوئی نظر آتی ہے
اسلئے چمن سے بھی میں اسطرح بھاگتا ہوں کہ جیسے چور کوتوال کی گلی سے ۔ یعنی بغیر تیرے چمن بھی
مجھے ڈراتا ہے اور در پے آزار ہے ۵ ۔ انگبین ۔ شہد ۔ مطلب اس کا سرد یار (دنیا) میں
ہم انگبین (محبت دوست) لیکر آئے لیکن اسکا کوئی بھی خریدار نہ ہوا اور یہاں سے ہم پر و بال مگس
(دوست) دیا ہے مور لیکر واپس چلے گئے (دنیا کی ہوا و ہوس سے ہم میں نقص پیدا ہو گیا) کہاں یہ خیال
تھا کہ اس سے نفع اٹھائیں گے لیکن حیف ۶ ۔ سیل نوروزی کی طرح آب سیاستے جوانی تھا گذر گیا ۔
(یعنی بہار جوانی گذر گئی) اور اب جسم نزار یعنی خس و خاشاک باقی رہ گیا افسوس ۷ ۔ اپنی اس زندگی
کو کہ جسکے ساتھ میزان حساب لگا ہوا ہے اگر تو شمار کرنا چاہے ایک ذرا سی دیر کا کام ہے روز حشر حساب
اوقات کیا جائیگا ۔ (اور اعمال میزان کئے جائینگے) یعنی یہ ہستی اور زندگی جسکے پیچھے یہ تمام امور لگے
ہوئے ہیں اگر خیال کرے تو ایک لمحہ (زمان) کی قدر و قیمت رکھتی ہے ۸ ۔ عشق نے سب کو دیوانہ
بناکر بے خانمان کر دیا بس ایک خود پرست نظیری (معشوق) ہی صاحب خانہ بنا رہا اور باقی تمام
ہستیاں بے خانمان ہو گئیں ۱ ۔ انفاس ۔ نفیس ہونا ۔ نفاست ۔ کناس حلال خور خاکروب
مطلب ۔ اگرچہ مشک کی خوشبو سے کناس پریشان ہوتا ہے لیکن مشک سے یہ کوئی نہیں کہتا
کہ تو اپنی نفاست کو کم کر دے یعنی ناقص کے لئے کامل کو قربان نہیں کیا جاتا ۲ ۔ خداوند تعالی

ایسا خالق اکبر ہے کہ ایک لفظ کن (ہو جا سے) اس نے تمام کائنات کو لباس ہستی عطا فرمایا پس اسکی
ستائیش میں کچھ کوتاہی (کمی) نہیں کرنا چاہیئے ۳ - جاہل کہ جو حکیم کے نکات پر اعتراض کرتا ہے اس کا
سبب یہ ہے کہ وہ اپنے خیال کوتاہ کی باعث ان نکات کو سمجھنے سے قاصر ہے اور جب سمجھ میں نہیں آئے
تو اعتراض کر دیا کہ (یہ امر ربانی خلاف قدرت ہے) غلط ہے - یہ یوں ہوتا اور یوں کرنا چاہیئے تھا نعوذ باللہ
۴ - ہر آیتناس محبت کز وہ شخص جسکو حقیقت کے لفظ و معنی سے وحشت ہوتی ہے اسکو اصطلاح
حقیقت سے ہرگز انس و محبت نہیں ہو سکتا - اصطلاح حقیقت سے بے خبر رہیگا ۵ - اے
منعموں اگر کوئی محتاج تیر جفا بھی کرے تو تم اسکے عوض اس سے سلوک خیر کرو نہ یہ کہ اسکی جفا سے
اپنے دل کو مکدر بناؤ - اس لئے کہ کریم وہی ہے جو محتاج کا پاس خاطر رکھے اور اسے آزردہ نہ کرے
۶ - کسر توڑنا - سر سبب - مطلب اگر کسی مصلحت سے کسر نفس کی جائے تو کوئی نقص
پیدا نہیں ہوتا اسلیے کہ الماس کو جو بہت گران قیمت ہے سیسے سے توڑ کر فروخت کیا جاتا ہے کہ
پورے الماس کی قیمت کوئی نہیں ادا کر سکتا - مگر اس توڑنے (مصلحت) سے اسکی قیمت میں
کوئی کمی پیدا نہیں ہوتی پس اگر تو بھی کسی مصلحت سے کسر نفسی کریگا تو اسکی قدر و قیمت میں کوئی
نقص پیدا نہیں ہوگا ۷ - کاس = جام - کاسہ مطلب لطف ساقی سے ہمیشہ میرا پیالہ شراب
سے بھرا رہتا ہے اور میں ہمیشہ مست رہتا ہوں پس میرے اوپر قصاص عاید نہیں ہو سکتا (مست
پر قصاص لازم نہیں آتا) اسلئے کہ میں مست ہوں ۸ - محیط = سمندر - دریا - درخور =
لایق سپاس = شکر و ثنا مطلب - اگرچہ دریا (سمندر) اپنے تمام گوہروں سے ابر کا دامن
بھر دے لیکن ابر کیلئے پھر بھی شکریہ ادا کرنے کے لایق یہ امر نہیں ابر کا فیض بخشش اس سے
بھی زیادہ ہے ۹ - اے نظیری حاسد کے تلخ طعنہ سے رنجیدہ نہ ہو اسلئے کہ وہ کانٹے کی طرح
افلاس سے خشک اور تیز زبان ہو رہا ہے پس مفلس کے طعن سے کیا رنجیدگی ۱۰ - اے منا طلب
اصحاب مسجد کا نالہ (بانگ اذان) کبھی فریاد رس ہے کہ جب مؤذن اذان دیتا ہے تو کو توال
شب بیداری کی مصیبت سے نجات پا کر سوتا ہے (آرام کرتا) یعنی اذان (نالہ اصحاب مسجد)

کوتوال کے لیئے فریادرس ہے ۔ ۲ ۔ ظاہری عبادت کرنیوالوں کے بدن کثرت وظائف سے جو تمکو لاغر نظر آ رہے ہیں اسکا باعث عبادت نہیں ہے بلکہ وہ مگس کی طرح روزی کے لئے زمین پر لیٹے ہوئے ہیں ۔ یعنی ان کی عبادت بھی دنیوی غرض سے خالی نہیں ۔ ۳ ۔ قرص ۔ ٹکیہ ۔ خورشید مطلب گرسنہ چشماں (اہل حرص) حسرت میں مبتلا ہیں (انجم پر آنکھیں جمائے ہوئے ہیں) لیکن انھیں یہ خبر نہیں کہ صبح جب خورشید کی ٹکیہ ہاتھ پر رکھتی ہے تو پھر اسے سانس لینا میسر نہیں ہوتا ایسے دنیوی جاہ و مال سے انکا بھی یہی حال ہوگا کہ سانس لینا دشوار ہو گی ۔ ۴ ۔ اور یہی گرسنہ چشماں (حریفان) حسرت و غم کے سبب سے موج سیلاب کی مانند بخود لرزاں ہیں اور سرشک دیدہ سے اسطرح غلطاں ہیں جیسے گرداب میں ایک انکا غرض یہ کہ حرص و ہوا کے باعث رنج و غم میں مبتلا ہیں ۔ ۵ ۔ پیش و پس تعلقات ۔ مطلب ۔ اگرچہ یہ گروہ زاری کناں تیرا دامن پکڑ لیگا تیرے سے التجا کریگا مگر تو نا ہوگا لیکن پھر بھی وہ تعلقات سے دست بردار نہوگا (اسقدر انہوا و ہوس نے انکو مجبور کر دیا ہے) ۔ گروہ گرسنہ چشماں ۔ ۶ ۔ میرزا شادمان پسر خانخاناں سے خطاب ہے کہ اسے مرزا تو ان عاجزوں کو کبتک امید آب و دانہ میں گرفتار رکھیگا ۔ یا تو انکے آب و دانہ کا بندوبست کر یا انکا خاتمہ کر دے تاکہ رنج و غم فاقہ سے رہائی پائیں ایک دفعہ گجرات میں سخت قحط پڑا تھا ۔ خانخاناں خود اکبر کی مہمات کے لئے مہمات پر گیا ہوا تھا یہاں کا بندوبست میرزا شادماں کے سپرد تھا یہی میرزا شادمان بانی ہے) ۔ ۷ ۔ پیراہن بر صبا افشاندن ۔ عیش و عشرت میں بسر کرنا ۔ مطلب اور تو حضرت یوسف کی طرح تخت مصر پر عیش و عشرت میں مصروف ہے اور یہاں مصیبت زدوں کی رقعیاں (روح آواز جرس) شکر کہ شاید تشریف تشریف آ رہی ہے یہاں ہی یعنی تیرے آنے کے منتظر ہیں پس جلد آ اور انکا بندوبست کر ۔ ۸ ۔ اس شور و شیون کے پردہ میں جو تیری رعایا کر رہی ہے باہم متفق نہیں ہیں اسلئے کہ بیچارے غریب تو حقیقتاً درد مفلسی سے شور و فریاد کر رہے ہیں لیکن منعم حرص و ہوا کے سبب سے شیون و فغاں میں مبتلا ہیں ۔ ۹ ۔ میرزا شادماں کے احسان سے لطف یہی کی یہ التماس ہے کہ جلد ان مصیبت زدوں کا علاج کیا جائے ۔ ان کے درد و غم کا مداوا ہو ۔

ردیف الشین ۔ اشنگ ۔ شوخ ۔ مطلب ۔ میں معشوق کی چشم شوخ وشنگ کے باعث
کسی کی نظر میں گران بار نہیں ہوں اور میرا سخن اسکی طبیعت پر گراں ہو لیکن میری عقل اسکے مقابل
میں سبک ہو خلاصہ یہ کہ اسکی نگاہ میں حقیر ہونیکے سبب سے سب کی نظر میں حقیر ہوں ۔ ۲ ۔ میری نظر اسکے
تصور شکل کرنے میں بیکار ہو جب اسکی کوئی مثال ہی نہیں تو اسکی شکل کا تصور نا ممکن ہو ۔ اور نہ اسکی کسی کو خبر
کہ اسکی حکایت بیان کیجائے اور اسکی خبر کی تاویل کیجائے ۔ ۳ ۔ اسکے کرشمہائے ابرو سے تو پتہ چلتا ہو کہ اسکا
دہن تنگ موجود ہو ورنہ سخن بھی ہزاروں حیلوں سے اسکے دہان تنگ کا نشان پاتا ہو ۔ ۴ ۔ جب وہ معشوق دیر تک
خانہ گزیں رہتا ہو تو اس کے دیکھنے کے انتظار میں تمام مجمع اندیا ہوجاتا ہو اور جب وہ اپنی گلی میں تجمل کیساتھ
آتا ہو تو تمام عشاق (خلق) تنگ (تنگدل) ہوجاتے ہیں کہ دیر تک اسکا نظارہ کرسکیں ۔ ۵ ۔ جبکہ دل کافر
فرنگ اس بت کو دوست رکھتا ہی تو پھر مومن کا نرم و مہربان دل اسکو کیوں نہ دوست رکھیگا ۔ ۶ ۔ فرق ۔
سر مطلب ۔ اسکی پلکیں (مژہ) صف مہاجرین کی طرح معجزہ ۔ و کرامات رکھتی ہیں پس ہمارا دل منکر
کے سر کی مانند کیوں نہ ان سے پامال ہو ۔ ۷ ۔ مصاف ۔ میدان جنگ ۔ مطلب میں مقتل پر
کیوں نہ ناز و فخر کروں کہ اسکی تلوار میرے سینہ کے میان میں ہو (در میان سینم) اور میں جنگ سے
کیوں خوف کروں کہ کمان دل میں اسکا تیر موجود ہو (خدنگ ۔ تیر ۔ پیکان) ۔ ۸ ۔ شکست توبہ کے تصور
میں مجھ پر در خلوت بند کردیا ہو اور بجا ہو کہ جس مغنی کا ساز ٹوٹا ہوا ہو اسکے نوا رنگا نام کی کیا قدر ہوسکتی ہو
پس میرا بھی ساز توبہ شکستہ ہو بنابراں مجھے خلوت میں باریابی نہیں ۔ ۹ ۔ عار و ننگ ۔ شرم و پرہیز
مطلب ۔ اے نظیری تو اسے (معشوق م) کو کسطرح سر راہ روک سکتا ہو کہ جب اس کو تیرے سلام سے
شرم آتی ہو اور تیرے نیاز سے عار ہو ۔ پس اب کون سا وسیلہ ہو ۔ ۱ ۔ پھول خود بخود نہیں کھلتا ہو
بلکہ نسیم سے شگفتہ ہوتا ہو پس اے محبوب اپنے اس قدیم غلام پر کبھی تو توجہ کر تا کہ وہ اپنی مراد پر
پہنچے ۔ ۲ ۔ میں اس قدر بے قرینہ ہوں کہ اس بے قرینگی کے سبب سے مجھے کوئی بھی نہیں پہچانتا
جسطرح عنقا کے مانند کوئی دوسرا نہیں اور اس بے عدیم المثالی ہونے کے باعث سے پوشیدہ
ہے اسیطرح میرا ثانی کوئی نہیں پس میں بھی عنقا کی طرح غیر معروف و نا دیدہ ہوں ۔ ۳ ۔ تغیرہ

سیاہ - پریشان بیقیم - کدورت - اندوہ مطلب - میرا معاملہ تیرے خیال کی طرح درہم و برہم ہے
پس میں اس اندوہ و غم کیساتھ اپنے اس کدر دماغ کو کسطرح باہم ربط دوں ٭ ۴ - میں تو اپنے
کار ہائے بستہ کی گرہ کھول رہا ہوں اور وہ گرہ پر گرہ لگا رہا ہے میں تو اس بخت کی یاری سے عاجز
آگیا ہوں - ایک مصیبت سے نجات نہیں ہوتی کہ دوسری مصیبت موجود دیکھو ٭ ۵ - میں تو اپنی ہی قید
سے پریشان ہوں کہ یہاں ایک لحظہ کو بھی قرار نہیں ہے لیکن مستی کہاں ہے کہ اس امید و بیم کے بستر
کے لباس کو تار تار پھینکوں ٭ ۶ - اگر میں خرابات سے اپنا پاؤں اٹھاتا ہوں تو میرا سر خرابات میں
پہنچتا ہے پس میں خرابات سے کسطرح کنارہ کش ہو سکتا ہوں اور میں نے تو اپنا صراط مستقیم
اسی خرابات کو بنا لیا ہے اور اسی سے میرا مقصد حاصل ہوگا ٭ ۷ - میرے دلکو کوئے عشق میں جبراً از تکلیف
سے لاگیا گیا ہے اسلئے کہ جہاں کہیں میں جاتا ہوں تو وہ اپنے قدیمی مقام کی طرف جانیکا رخ کرتا ہے

۸ - اگرچہ میں مسند شاہی پر متمکن ہوں لیکن اس صورت میں بھی میں اپنی خیا در سے زیادہ پاؤں
نہیں پھیلاتا یعنی اگرچہ ظاہرا بادشاہ ہوں لیکن حقیقت میں فقیر ہوں ٭ ۹ - اے نظیری تو مست ہے
اور مست سے کسی کام کا مواخذہ نہیں کیا جاتا پس تو کسی کو کچھ کہہ اور کچھ نقصان کر مطلب یہ ہے کہ اپنے طبع
سلیم کی درستی کسی پر ظاہر نہ کر بلکہ مست بنا رہ ٭ ۱ - اے معشوق میں نے اپنا اختیار کلی تجھے دیدیا ہے اور
اب مجھ جیسا درویش زخودم تیرے لطف سے مستغنی ہے چاہے کر یا نہ کر تجھے اختیار ہے ٭ ۲ - تیرا تیر ابرو کبھی
خطا ہی نہیں ہوا اسی وجہ سے ذرہ ذرہ کا دل تیرے تیر اداسے زخمی ہے ٭ ۳ - ہزاروں عاشق نہیں سے
ایک بھی تیرے ساتھ دم استقلال نہیں بھر سکتا اسلئے کہ تو لاابالی ہے اور ہم صلاح اندیش پس کس طرح ہماری
تیری بن سکتی ہے یا یوں کہئے کہ میرے ساتھ بلا ابھی ہم موافقت نہیں کر سکتے اسلئے کہ تو لاابالی رہے گا
اور ہم صلاح اندیش ٭ ۴ - معشوق نے اپنے غمزہ سے کہہ کر اسقدر قیامت برپا نہ کرے کہ اسقدر خونریزی تو
کی ہے کہ ابتک اسکے تیر سے خون کشتگاں ٹپک رہا ہے ٭ ۵ - اے محبوب تیرا کرشمہ جو جگر کو داغدار بناتا ہے کبھی کبھی
میرے دل ریش کو کھجا دیتا ہے تاکہ زخم پھر ہرے ہو جائیں پس یہ بھی غنیمت ہے ٭ ۶ - ہمیشہ تیری گردش چشم کا
خیال میرے پیش نظر ہے پس کسطرح آسانی سے میری جان میرے تن سے نکل سکتی ہے ضرور سختی کیساتھ یہ جان جائیگی

تنگدلی ۔ ۷۔ اے معشوق تیرے غم میں ایسی چاشنی و حلاوت ہے کہ میں اس سے سیر ہی نہیں ہوتا یہانتک
کہ اسکی کمی ہر فزونی سے زیادہ ہے ۸ ۔ میں ہمیشہ تیرا انتظار کرتا ہوں اور تیرے پیچھے پیچھے پھرتا ہوں حتیٰ کہ
تیرے شوقِ عشق میں اپنے مذہب سے بھی میں غافل ہوگیا ہوں ۹ ۔ اب نظیری کو خانماں سے کچھ تعلق
و واسطہ نہیں ہے اس لئے کہ تیرا عشق اپنوں (یگانوں) سے بیگانہ بنا دیتا ہے پس اب تیرے عشق میں
یگانوں اور خانماں سے کیا تعلق رہا ۔ ۱ ۔ یہ کب ممکن ہوسکتا ہے کہ دلی مہربانی اسکو اسیروں کی طرف غز
مائل کرے (یا اسیروں کی خبر لے) اور ہماری نالہ کاری اسکو در زندان تک لے آئے ۲ ۔ وہ معشوق سیر
باغ کے لئے کبھی راضی ہی نہیں ہوتا شاید مرغان چمن کا شور ہی اسکو گلستان کی طرف لے آئے ورنہ
حسنِ گل اور سرو تو اسکی نظر میں کچھ سماتے نہیں ۳ سیہ خانہ ۔ خیمۂ صحرا نشینان ۔ مطلب
ہماری آنکھوں نے صحرا میں خیمہ لگایا ہے کہ شاید بخت کی مدد سے وہ غزال اس بیابان میں آنکلے یعنی
بیابان و صحرا میں اسکی جستجو میں کرتا پھر رہا ہوں کہ شاید وہ آہوئے وحشی کہیں نظر پڑ جائے ۴ ۔ اس
کبر نے ہماری سے نوشی دیکھی اور ہماری اس مسلمانیت کو نہ پسند کیا لیکن اگر وہ ہماری اس شراب کا
ایک جرعہ پی لے تو اس کا دل ضرور ہمارے ایمان کی طرف راغب ہوجائے اگرچہ وہ پسند نہیں کرتا ۵
۔ میرے گھر سے مست ہوکر وہ معشوق گیا ہے خدا خیر کرے مجھے خوف ہے کہ اگر کہیں کوتوال مل گیا تو وہ
اسے شرابخوری کے جرم میں گرفتار کرکے بادشاہ کی درگاہ میں لے جائیگا سبحان اللہ کیا تغزل ہے ۔
۶ ۔ اس منحوس ستارے کو جو ہمارے مقصد کامیابی کے راستہ کو گم کرکے دوسرا راستہ اختیار کرتا ہے
صبح خوشدلی کے ساتھ پھر میرے گھر پر ایک رستہ آتی ہے اور میرے لئے پھر وہی ناکامیابی کا سامنا ہے
یعنی صبح بھی میری کامیابی میں مانع ہے ۷ ۔ کسریٰ ۔ نوشیروان ۔ مطلب ۔ نوشیرواں با ایں ہمہ
حشمت اگر اپنے مادر و پدر کی منزل (قبر) سے گذرے تو اس منزلِ حسرتناک کو دیکھکر وہ اپنے اشک
خونیں سے اس ایوان پر نقش و نگار کھینچے ۔ دوسرا مطلب ۔ ہر ایک گھر معشوق کے غم سے پُر ہے
یعنی ہر ایک گھر میں غم معشوق موجود ہے یہانتک کہ نوشیرواں کبھی منزل مادر و پدر رضا بخود کو
چھوڑدے اگر وہ بھی غم سے پُر ہے اور اپنے اشکہائے خونیں سے اس ایوان پر نقش و نگار کھینچے

دگریہ کناں اسے ترک کردیم ۸ - ہمارا دل معشوق کے لب جان بخش سے آب حیات حاصل کر رہا
ہے پس یہ کچھ زیبا نہیں کہ سر زلف سے اسکو چاہ زنخدان سے نکال لیا جائے - یعنی وصل محبوب
حاصل ہے پس اب جدائی گوارا نہیں ہوسکتی ۹ - بارہا ایسا ہوا کہ حسرت کیساتھ اسکے چہرہ سے میری
نظر کو لوٹنا پڑا اسلئے کہ فوراً طفل اشک آجاتے ہیں اور گوشہ داماں کھینچ لیتے ہیں (جدا کر دیتے ہیں)
کثرت گریہ میں دیکھنا محال ہے پس میں کبھی کثرت گریہ کے باعث اسکو نہیں دیکھ سکتا ۱۰ - ظلمات
راہ چشمۂ حیواں - مطلب - تیرے روئے روشن کی جدائی میں نظیری ظلمات میں گرفتار ہو رہا ہے)
پس میں چاہتا ہوں کہ اے معشوق تیرے خط سبز کا خضر چشمۂ حیواں کی طرف اسکو لیجائے یعنی تو
اسپر مہربان ہو اور وہ تیرے لبوں کی چاشنی سے محظوظ ہو ۱۱ - اے محبوب تیری جدائی میں گریہ
نے میرے دل میں گرہ ڈال دی پس نقاب کو اٹھا اور اپنا روئے روشن مجھے دکھا اور دل کو جو سوز
ہجر میں جل رہا ہے اسکو آتش ہجر سے نکال ۲ - اور جو کچھ تونے دل میں بات (خیال) پیدا کرکے
ہماری زبان کو عطا کی وہی ہم نے لکھا (یعنی جو کچھ دل میں پیدا ہوتا ہے اور ہماری زبان سے
نکلتا ہے وہ تیری ہی طرف سے ہے) پس اگر ہمنے اسکے لکھنے میں کچھ غلطی کی تو اے محبوب تو اسے
معاف کردے ۳ - اے معشوق خلوت سے باہر آ اور محفل آراستہ کر اور بیٹھ - غزل سرائی کر اور
مست ہوجا گریباں کھول اور شراب پی - تاکہ تو بھی ان لذات سے محظوظ ہو ۴ - آذر -
نام پدر حضرت ابراہیم علیہ السلام - کنار - آغوش - مطلب - اے معشوق تو اپنے نیم عشوہ سے
مسیح کو فلک چہارم سے زمین پر بلا سکتا ہے اور اپنے ایک ادنی کرشمہ سے تو حضرت ابراہیم کو آغوش
آذر سے جدا کرسکتا ہے ۵ - زمانہ مئے مراد بیدردوں ہی کو دیتا ہے جو اسکے اہل نہیں پس زمانہ
کے بجائے تو ساقی بن اور بیدردوں کے ہاتھ سے جام لے لے کہ وہ اس کا اہل نہیں اور انکو
مئے مراد عطا کر جو اہل درد ہیں ۶ - گریۂ عقیق - گریۂ خونیں - کیمیائے احمر - شراب
سرخ - مطلب - اے معشوق ترانۂ محبت ادا کر پھر میرا گریۂ خونیں دیکھ اور میرے
ہاتھ میں جام دے اور شراب سرخ سے اسے پر کر کہ لطف زندگی یہی ہے ۷ - حدیث -

گفتگو سخن **مطلب** افسوس میرے کلام کو اور ستاروں سے نسبت دیجاے۔ وہ تو ستاروں سے بھی زیادہ روشن ہی۔ اگر کچھ ذوق و شوق رکھتا ہی تو ان خزف ریزوں (کلام دیگر شعرا) کو پھینک اور سخن فہم طبیعت پیدا کر (ترا زد بیارم اور گوہر (کلام) حاصل کریدہ ۸۔ ذرا میرے تحمل و بردباری کو دیکھ اور اسکی فراوانی اور میرے طالع سعید کو دیکھ اور اختر پر خط کھینچ کہ میرا طالع سعید اختر سے بھی زیادہ روشن ہی اور یہ سعادت اسی بردباری کا اثر ہی ۹۔ جب آسمان غم حوالہ کرنے لگا تو قضا نے آسمان سے کہا کہ اسکو نظیری کے دل تونگر کے نام لکھو۔ صاحب ہمت اسکو برداشت کرسکتا ہے اور نظیری کا دل صاحب ہمت ہے (اور یہی اصل تونگری ہی) یعنی ازل ہی سے غم نظیری کے حوالہ کردیا گیا ہے ۱۔ میں اسقدر باخبر ہوں کہ مجھے بیخبروں کی بھی خبر ہے اور اسقدر صاحب نظر ہوں کہ میں انکو دیکھتا ہوں جو نظر سے غایب ہیں یہ محض اس کا (معشوق) کا لطف و کرم ہے ۔ ۲۔ میں بوستاں کی طرف صرف اسوجہ سے جاتا ہوں کہ وہاں دوست کا اثر موجود ہی یعنی سرو اسکے قد سے مشابہ ہے اور نرگس اسکی چشم مست کے مانند ہی ۔ ۳۔ میں جسوقت معشوق کی یاد کرتا ہوں تو وہ اس سے قبل میرے پاس آجاتا ہو گویا وہ شرط وفاداری کو بجالا رہا ہی اور اسکو کمال پر پہنچانیکا خیال رکھتا ہی خیر شکر ہے کہ نالوں کا اتنا اثر تو ہوا ۴۔ میں اسکی مژگان خونریز سے کس طرح غافل ہوسکتا ہوں کہ جب میری رگ رگ میں اسکا نشتر کاوش کر رہا ہو ۔ ۵۔ میں اسکے فرمان سے کسیطرح بھی سرتابی نہیں کرسکتا کہ وہ میری رگ گردن سے بھی زیادہ مجھ سے قریب ہی (قال اللہ تعالے نحن اقرب الیہ من حبل الورید۔ ہم شہرگ سے بھی زیادہ قریب ہیں) ۶۔ اسکی تمام جدائی کا خوف تبک سحر دل سے نہیں نکلا ہی لیکن جب روز فیروزی آئیگا تو میں اسکے دن میں کیا بلکہ صبح ہی کو دیکھ لونگا (آفتاب طلوع ہوگا۔ اور وہ آفتاب کی مانند ہی) ۷۔ **متفرقات** ۔ گوشہ نشیں **مطلب** ایام جوانی میں تو میں خلوت نشین رہا اور اسکے نظارہ سے محروم لیکن اب کہ پیری ہی کوچہ گرد بنا تو ہر جگہ اسے پاتا ہوں۔ جبکہ کچھ ذوق و شوق نہیں ۔ ۸۔ امل۔ امید **مطلب** خیال ہوتا ہی شاید کہ نظیری کم آرزو ہو گیا ہی (آرزوئیں کم ہوگئی ہیں) اسلئے کہ گو دعا ہے اسکی بے اعتنائی کا چرچا ہے ۔ صفحہ

مطرب تو مجھے نغمہ طرازیوں سے مسرور کر رہا تھا لیکن میں نے اسے اپنے گریہ سے محزون کیا۔
تم نے مجھے پیمانہ شراب عطا کیا لیکن میں نے اسے پرخون کر دیا۔ یعنی عیش و عشرت کے سامان
میری آزردگی کا باعث ہیں ۲۔ جس کسی نے بھی میرے ساتھ راہ عشق کو ایک قدم طے کیا۔
میری طرح بے خانماں ہو گیا اور میں جس کے پاس بھی ایک گھڑی کو بیٹھا اسے اپنی طرح مجنون
کر اٹھا۔ (خدا حافظ ہو اس وحشت کا) ۳۔ میرے جنون و سودے کی شورش ماہ بماہ زیادہ ہی
ہوتی گئی ہر چند کہ میں نے اس پری پر ہزاروں افسوں کئے لیکن افسوس کہ وہ رام نہ ہوئی (میری
مطیع نہ ہوئی) ۴۔ ہاموں۔ صحرا۔ مطلب اے محبوب اب تو رحم کر کہ میں شرم گناہ سے
سراپا گھل گیا ہوں اور اسقدر گریہ و زاری کی ہے کہ کوہ کو ڈھا کر ہموار صحرا کی طرح بنا دیا ہے
۔ تیرے فراق میں گریہ و آہ نیم شبی سے میں نے تمام جہاں کو زیر و زبر کر دیا ہے اور آسمان کو
جو ستاروں کو پستی میں ڈالتا ہو رہبری کرتا ہے تہ و بالا کر دیا ۵۔ اس کی مژگاں پر میں قربان
۔ اسکے حق سے عہدہ بر آ ہونا بہت دشوار ہے کہ اسکی سنان مژگاں سے میں نے سیکڑوں زخم
کھائے لیکن صرف ایک ہی سینہ اس کے لئے وقف کر سکا پس کس قدر شرمندگی کی بات ہے ۶
۔ اے معشوق تو سرو چمن ہے کہ تجھے باغباں نے ناز کے ساتھ پرورش کیا ہے اور شوخی و سنگی تجھے
ملائی ہے اگر احیاناً تجھ میں کجی بھی پیدا ہو جاتی ہے تو میں اسے گوارہ کر لیتا ہوں۔ موزوں
کر لیتا ہوں۔ بہار کی بجائے نیاز بہتر ہے۔ باغباں سے مراد باری تعالیٰ ہے ۷۔ اے محبوب تیری
جدائی کا داغ نشانی کی طرح میرے دل کے پاس تھا جو کہ مدت دراز گذر جانے کے سبب سے
فرسودہ ہو گیا تھا لیکن میں نے اسے اپنی محبت سے ماہ کی طرح دمبدم افزوں کیا کہ کہیں تیری
نشانی مٹ نہ جائے ۸۔ میں نے بہت ہی مشکل سے یار کی جدائی میں نذر کو جگر میں پوشیدہ رکھا
چشم سے باہر نہ آنے دیا اور اسکی خاطر میں نے نظر ہی کا خون بھی بہا دیا اور اسے (نظیری کو) اپنا ممنون
بنایا اور ممنون یوں کہ نظر کو تماشوں سے روکنا خدا شناسی کا باعث ہے یعنی نظر عارف اور خدا شناس
ہو جاتی ہے اور جب نظر خدا شناس ہوئی تو صاحب نظر بھی عارف و خدا شناس ٹھہرا۔ ایسی

نظیری خداشناس ہوا ۔ (۱) معشوق کا خط رنگین اور زلف مسلسل رخسار پر دونوں عاشقوں کی بلا سے
جان ہیں اور معلوم نہیں کیا کیا فتنہ سازیاں سرشت معشوق میں سرتاپا قلم تقدیر سے لکھی گئی ہونگی ۔
۲۔ منقش سے کے بجائے نقش بنا لیجئے ۔ مطلب ۔ وہ اسقدر صاحب جمال و حسن ہے کہ مجھے
خوف ہے کہ کہیں موحد اسے خدا نہ کہنے لگیں ۔ خدا کی تہمت اسے نہ دیں ۔ ۳۔ اگر میرا معشوق اپنے
حسن و جمال سے ملائک کو فریب دیدے تو کچھ تعجب نہیں اسلئے کہ اہل دنیا بجائے صنم کے سکوں پر
(بے نیاز اسم پاک باری تعالیٰ) لکھتے ہیں ۔ ۴۔ اگر عاشق ایک رات بھی نالوں سے اسکے
دل کو خوش کردے تو پھر اسکی ہر امید و حاجت پوری ہو سکتی ہے ۔ اسکے کرم سے امید کی
جا سکتی ہے ۔ ۵۔ وہ دل کہ جو اس معشوق کے چشمۂ زنخدان تک پہنچ جاسے اسقدر اعزاز
حاصل کرے کہ مسیح اسکے جام جم میں آب حیات ڈالیں (خدمت کریں) ۔ ۶۔ میں اسکے التفات
تازہ (دمبدم) سے اسقدر مست ہو گیا ہوں کہ مجھے اتنا بھی شعور (ہوش) نہیں کہ ایک لمحہ کیلئے
بھی ہوش میں آجاؤں ۔ ۷۔ میں اسکی لذت درد و غم میں اسقدر محو ہوں کہ اگر تم میری رگ پر
(میرے) نشتر بھی چبھو دو تو میں باخبر نہوں (خبردار نہوں) ۔ ۸۔ میں اسکی زلف گرہ گیر کی قید میں
گرفتار ہوں مجھے قید سے اتنی بھی مہلت نہیں ملتی کہ اس کے قدموں پر اپنی جان نثار کروں ۔
افسوس ۔ ۹۔ نظیری صاحب جاہ کے دیدار کا مشتاق ہے کہ جسکے حرم کا کبوتر کعبے کے گرد بھی نہیں اڑتا اسقدر
افراز رکھتا ہے پس اس صاحب حرم کے علوے جاہ کا بیان تو کیا ہی ہو سکتا (مراد از ممدوح خود
خانخانان) ردیف الصاد ۔ ۱۔ اے ساقی بیکار کیا بیٹھا ہوا ہے اٹھ کہ عشق ساغر کو گردش دے
رہا ہے یعنی اہل بزم ہی عشق سے سرشار ہو رہے ہیں ۔ پس تو بھی مستوں کے ساتھ رقص کر ۔ ۲۔ کفر
و ایمان گو ایک ظاہری کیفیت ہے ۔ پس تو محفل (مجلس) حقیقت میں خاص دوستوں (خاصان)
کے ساتھ رقص کر کہ یہاں کفر و ایمان کا امتیاز نہیں ہے ۔ ۳۔ اگر تو مسجد کی طرف گذریگا تو وہاں
واعظ و زاہد کو تو افسردہ ہی پائیگا یہ لوگ عشق کی لذت سے خبردار نہیں ہاں ذرا سرو آزاد کو دیکھو کہ
کیسا مخمور ہے پس تو اسکے ساتھ رقص میں مشغول ہو سب شجروں کے ساتھ ہمکنا ہونی خوب نہیں ۔

۴۔ کہتا ہے کہ اگر تو خلوت نشینی اختیار کریگا تو سوائے بے ذوقی اور کچھ حاصل نہوگا۔ پس باہر آ اور مثل سر پر حباب مئی (جوشاں) کی رقص کر۔ مینوشی کر اور رقصاں ہو ۔۵۔ جسطرح طوفان کشتی کو ذرا سی دیر میں کوسوں دور پہنچا دیتا ہے اور وہ راہ کو بہت جلد طے کر لیتی ہے۔ پس اسیطرح تو بھی شورش عشق سے جلد منزل مقصود پر پہنچ جائیگا لہذا کشتی طوفان کی طرح رقصاں ہو ۔۶۔ دستان مطرب۔ مطلب۔ اے صوفی ساز و نغمۂ مطرب کے ساتھ ساتھ تو بھی وجدانی حالت پیدا کر اور رقص کر اور اپنی جان کو معشوق کے قدموں پر نثار کر دے کہ اصل بقا اور حاصل زیست یہی ہے ۔۷۔ میرا ہر ایک آنسو شوق نظارہ میں خود بخود ایک چشم تماشہ بنا ہوا ہے پس اب لخت دل سے کہہ کہ مژگاں پر رقص کر یعنی کثرت سے بہہ بہہ کر پلکوں پر آؤ تاکہ تم مژگاں پر رقص کرو ۔۸۔ یہ مقام ہے (عشق و سودائے عشق) کہ یہاں ہوشمند خود اپنے لئے دار رسولی کھڑی کرتے ہیں (مرنے کی خواہش کرتے ہیں) پس اس مقصود بدست سے کہو کہ تو زندان ہی میں رقص کر (مست رہ) اور یہاں نہ آ کہ یہاں تو ہوشمندوں کی یہ حالت ہے چہ جائیکہ مست ہو ۔۹۔ اور اے صوفی اپنے لباس کو شراب سے گل فشاں بنا لے رنگ لے) اور جام شراب جو گل خندہ کی مانند ہے ہاتھ میں لیکر رقص کر (یعنی مینوشی کر) ۔۱۰۔ اے نظیری راہ عشق میں سر دینا عین زندگی اور حیات ابدی ہے پس مقتل میں تیغ و شمشیر منھ پر رکھکر رقص کرتا جا کہ یہ خوش ہونیکا موقع ہے ۔ ردیف الضاد۔
۱۔ رباب ایک قسم کا باجہ ہے۔ مطلب ہم ایک نغمہ رباب کے بدلے دولت دارین کو نثار کر دیتے ہیں اور مینوشی کے وقت اگر ابر آ جائے تو سیکڑوں آفتاب جیسے نورانی اجرام سے زیادہ وہ جرم کثیف ہمکو پسند ہے۔ اور ہم ان نورانی اجرام کو اسکے عوض دے دیتے ہیں ۔۲۔ خانقاہ کی پابندی سے تو میرا دل اکتا گیا۔ (گھبر گیا) پس اب خبر کہاں اور کس طرف ہے کہ میں اس زہد ناب سے شراب ناب کو بدل لوں تاکہ عیش و عشرت حاصل ہو ۔۳۔ میرا سبو (گھڑا) چاہ زمزم میں ٹوٹا ہوا بر آمد ہوا اور آب زمزم میسر آیا پس اب میں اس شکست کا بدلہ میخانہ کی طناب (رسی) خم کی گردن میں ڈال کر لونگا (شراب حاصل کرونگا) یعنی جب کعبہ سے مقصد بر آری نہوئی تو اب میخانہ ہی سے اپنا مقصد حاصل کر کے اٹھونگا ۔۴۔ بادیہ صحرا۔ مطلب

صحرائے کعبہ سے میرا دل سیر نہ ہوسکا اسلئے کہ وہ تمام سراب تھا پس اب میں دیر کیطرف جاتا ہوں اور اس سراب
تشنہ فریب کو طوفان شراب سے بدل دونگا۔ مینوشی کروں گا ۵۔ طمع و حرص نے میری آبرو کو برباد
کردیا کہ میں ایک جو نے حوصلہ رخود کو جرعۂ شراب کے عوض دئے ڈالتا ہوں ۶۔ فلک کہ جس
نے چشم حسود سے حرص و رشک کا پردہ اٹھادیا تھا آج اُس پردہ کو اس ناہنجار نے میری رُخ پر
بجائے حاسد کے ڈالدیا ۷۔ انباز۔ شریک۔ **مطلب**۔ افسوس لے فریاد کہ میرا شریک
بھی دغا باز نکلا رزمانہ میرا شریک تھا کہ جو میری عمر کے ذخیرہ کو میرے پاس سے لیجاتا ہے اور
اسکے عوض کوئی چیز حساب حسرت کے سوا نہیں دیتا کہ اے نظیری تیری اتنی عمر بیکار ہوا اور ہوس
میں صرف ہوگئی ۸۔ دور فلک نے میری عمارت دلکو ویران و برباد کردیا لیکن اب بھی وہ سیکڑوں
گنج شایگانی کا بدل ہو رگنجہائے شایگانی ہیچ ہیں ۹۔ میں پھر اپنا مدعائے دل کب پاسکتا ہوں
افسوس کہ جب اس (معشوق کی) یہ حالت ہو کہ میرے سیکڑوں سوالوں پر ایک جواب بھی نہیں
ملتا چہ جائیکہ مدعائے دل ۱۰۔ اب دل و عقل خواب غفلت سے بیدار ہوں کہ میرے دیدۂ سودائی
سے غفلت دور ہوگئی ہو (پس اب غفلت کا کام نہیں) ۱۱۔ اے نظیری قناعت اکسیر اعظم ہے
پس اگر تجھکو اسکی خواہش ہے تو در ہمت سے طلب کر اور کسی اہل دنیا کے دروازہ پر نہ جا کہ
وہاں تجھکو کچھ میسر نہ آئیگا ۱۔ مرتاض۔ ریاضت کرنیوالا۔ زاہد خلوت نشین۔ **مطلب**
مجھے خانقاہ نشین اور مرتاض بننے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اسلئے کہ می فروش کریم ہے اور
جام سے فیاض ہے ہر ایک عابد و عاصی کیلئے اسکا فیض جاری ہے کوئی بھی اسکے فیض سے محروم
نہ رہیگا ۲۔ بیاض۔ کاغذ سادہ۔ سواد۔ ملکہ۔ ذہن۔ **مطلب**۔ بجز معلم عشق کے
اور کوئی ہم جیسے کہنہ مشقوں سے یہ نہیں کہتا کہ تم اپنا ذہن تیز اور لکھنے کی مشق بچوں کی طرح تختی لیکر
سامنے بیٹھکر کرو اس لئے کہ تم ابھی مبتدی ہو یعنی ہم معلم عشق کے سامنے طفل معشوق کی طرح ہیں ۳
درازی شب ہجر زلف معشوق سے مشابہ ہے پس یہ کہنا چاہئے کہ ہماری شب ہجر اور
دراز ہو خدا کرے کہ وہ ہاتھ ٹوٹ جائیں جو زلف معشوق کو کوتاہ کرنا چاہتے ہیں یعنی جو کوتاہی

۱۶ شب ہجر کی خواہش رکھتے ہیں کہ ہماری شب دراز کوتاہ ہو جائے ۳۔ اس جگہ کہ جہاں عیادت ہے
بیمار کا علاج ہے (دیدار دوستان باعث شفا ہو) وہاں طبیبوں کی دوا سے مرض کم نہیں ہو سکتا۔ (دیدۂ
معشوق علاج عاشق رنجور ہے) ۵۔ ریاض جمع روضہ بمعنی بہشت و باغ مطلب وہ دل کہ جسکو
بہشت میں بھی جلوہ حور آرام میسر ہوگا مجھ نامراد کا دل ہے کہ دنیا میں نہ جسکے گل اشک میں رنگ
ہے اور نہ سنبل آہ میں خوشبو ہے اور تمام عمر نامراد رہا پس بہشت میں بھی نامراد رہیگا ۶۔ اعراض
روگردانی مطلب اس صبح کو کہ جب مخمور شراب سے روگردانی کرتا ہے تو مستوں کے دل باغ باغ
ہو جاتے ہیں اور آواز خندہ بلند ہوتی ہے ۷۔ اے نظیری تیری نصائح و حکایات اغراض
سے پاک ہیں پس تو جو بات بیان کریگا دل پر اثر کریگی اس لئے کہ بے لوث و بے غرض سخن مؤثر ہوتا
۵۵ ہے پس تو سخن گوئی کر ۱۔ ردیف الطاء ۱۔ کارخانۂ عشق میں کارہائے رنج و الم تو بہت
سر کرنا ہیں۔ لیکن انکے سر کرنے کے لئے سامان و اسباب فراہم کرنیکی شرط نہیں ہے اور راہ عشق میں
سر تو ہے لیکن گریبان رکھنا شرط نہیں عریانی ہی خوب ہے ۲۔ میں نے خیال سے کہا کہ جسطرح معشوق
نے درد عطا کیا ہے اسی طرح اسکی دوا بھی تو کیجائے لیکن افسوس کہ یہاں (راہ عشق میں) تو دوا کا نام
بھی برا ہے شرط ہے کہ درماں کا نام بھی نہ لیا جائے (عشق بے دوا ہے) ۳۔ اہل دنیا کیلئے
رونا بہت آسان ہے کہ رونے کے بعد ہنس بھی لیتے ہیں لیکن یہاں ہمارے لئے (عشاق) تو چشم
خونفشاں کیساتھ تبسم (خنداں) شرط نہیں۔ پس تمام عمر رو دیا کیجئے ایک لمحہ کے لئے بھی خوشی حاصل
نہیں ہو سکتی ۴۔ سالہا سال کی عبادت کو برباد کرنا اور ایمان ترک کر دینا گبر و مسلمان کے مذہب
درست نہیں لیکن مذہب عشق میں ضروری اور شرطیہ ہے ۵۔ عجب بات ہے کہ تیری یہان شکنی سے
تیرا وعدہ اور استوار ہوتا ہے لیکن کسی اور میں یہ وصف نہیں ہے یہ تو صرف تیرے ہی لئے مخصوص
ہے۔ اور تجھی پر زیبا ہے ۶۔ معشوق میرے دل سے جو یہ خراج لے رہا ہے اسکا سبب ہے کہ میرے اس
دل ویران پر گنج (خزانہ) کا بہتان لگایا ہے ورنہ ویرانہ سے کون خراج لیتا ہے اسے خراج برباد
کر رہے ہیں ۷۔ یقین اعتقاد۔ نحن اقرب الیہ من حبل الورید ہم شہ رگ سے کہیں زیاد

قریب ہیں) مطلب اگر روز ازل ہی سے حسرت وحرمان ہم سے وابستہ نہیں کر دیا گیا ہے تو پھر اس عشرت آباد
میں یہ حجاب و پردہ کس لئے ہے یعنی ثابت ہو کہ روز ازل ہی سے حسرت وحرمان وابستہ کر دیا گیا ہے ؎
۸۔ ناہید مشتری مطلب۔ زہرہ و مشتری بھی اپنے نغمہ و جام سے ان حرمان نصیبوں کو خوش
نہیں کر سکتیں کہ جن کو روز ازل ہی سے شادمانی عطا نہیں کی گئی (دل شادان عطا نہ فرمایا) ؎ ۹۔ ما [illegible]
جانے امن مطلب۔ حضرت یوسف کو خواب میں بھی مصری بادشاہی کا پیام پہونچتا تھا کہ ایک روز
تو ضرور بادشاہ ہوگا خواب میں پیام سلطنت مصر اشارہ ہے روایت احد عشر کوکبا و الشمس والقمر
رایتہم لی سٰجدین ترجمہ۔ دیکھا میں نے کہ گیارہ ستارے خورشید و ماہ مجھکو سجدہ کرتے ہیں اس قسم جسکی تعبیر
امارت و سرداری کرنا ہے پس ان کے لئے امن کنعان میں رہنا ضروری نہ تھا۔ اور وہ کنعان سے مصر
پہنچ گئے معروف قصہ ہے ؎ ۱۰۔ مقدران قضا و قدر نے جو منصور حلاج کو حقائق اسرار کے ظہار کی
اجازت دی تھی (کہ انا الحق پکارنے لگا) تو اس سے صرف یہ مقصود تھا کہ وہ زندگی کی مصیبت اٹھا کر
اور دار پر کھینچا جائے اس کے لئے یہ دونوں باتیں شرط تھیں ؎ ۱۱۔ نظیری نے معشوق کے ایک ہی
نظارہ سے اپنے سر کو مثل گیند کے برباد کر دیا۔ (قربان کر دیا) اس لئے کہ میدان عشق میں اپنی
ہستی کو قربان کرنا شرط نہیں (عیب ہے) ؎ ردیف الیین ۔ ۱۔ تیرے ذال لب اسقدر سعادت
خیز ہے کہ پھر اسکو (جو تیرے خال لب سے محظوظ ہوا ہو) آج تک ہما ایک سعادت خیز جانور ہے لیکن صرف
اسکا وجود دنیا میں نہیں ہے تو قانع بنا دے یعنی ہما کی خواہش نہ رہے اور تیری ایک نگاہ سے بادشاہ
قانع ہو جاتا ہے پھر اسے کسی چیز کی خواہش نہیں رہتی ؎ ۲۔ دارین تیری راہ کے راندگاں (کہ جو تیری
راہ میں مصیبتیں اٹھاتے ہیں) کے لئے ہیں کہ وہ صرف ایک حرف آشنا پر قانع رہتے ہیں میر ملاقات کی تمنید
دنیا میں کمال ذلت اٹھائی آخرت میں عزت حاصل کرینگے پس دارین انہی کا حصہ ہے ؎ ۳۔ اگرچہ ہم تیرے
روئے روشن کا نظارہ کرنیکا شوق رکھتے ہیں لیکن وہ میسر نہیں ہوتا ہے جس وقت باد صبا تیری خوشبو لیکر
آتی ہے تو ہم اس خوشبو ہی پر قناعت کر لیتے ہیں کہ یہ بھی غنیمت ہے ؎ ۴۔ عشق نے ہمارے لئے تو لکھ
غزل کا الہام پہنچا دیا ہے تاکہ ہمیشہ اس میں مشغول رہیں اور ہم ان لوگوں کی طرح نہیں جو صرف آب و دانہ

پر قناعت کرتے ہین اور بے نوا ہیں ہم ظاہری فراغت پر قانع نہیں بلکہ ہم میں باطنی فراغت موجود ہے اور خوش نوائیاں بھی ہیں ۵ - نیرنگ - کیمیا - مطلب - ہماری پاک طینتی نے ہماری خاک وجود کو اکسیر بنا دیا ہے اب ہم کو نیرنگ کیمیا کی حاجت نہیں - کیمیا پر قناعت نہیں کرتے کیونکہ دولت عشق نے تونگر بنا دیا ہے ۶ - ہمارے سر مین تو چشمۂ آب بقا کا سودا ابھرا ہوا ہے پس اس صورت مین ہم ہر ایک آب و ہوا پر کس طرح قانع ہو سکتے ہیں ۸ - تفقد - مہربانی - تعرض جفا سختی - مطلب - اے معشوق اگر تو مہربانی نہیں کرتا تو جفا ہی کر کہ اس پر بھی ہم خوش ہین اور اگر تو فقیر (عاشق) کو اپنے لبون کی حلاوت سے محظوظ نہیں کرتا تو وہ تلخی (سخن سخت) ہی پر قناعت کر لیگا پس اسے تلخی ہی عطا فرما ۹ - وہ کونسی سختی و مصیبت ہے جو نظیری نے عہد دوست میں نہین اٹھائی لیکن ہزار سختیون کے بعد اگر تو ایک ہی عطا (لطف) کرتا رہے تو ہمارے لئے کافی ہے ہم اسی پر قناعت کر لیں - لیکن افسوس کہ تجھسے اتنا بھی نہین ہوتا ۔

ش ۱ - اے معشوق تیری چشم سیاہ ہمیشہ میرے دل آزردہ کیساتھ برسر پیکار رہتی ہے اور قاعدہ ہے کہ گدائے گرسنہ ہمیشہ دولتمند (تونگر) سے لڑتا ہے - پس تیری چشم سیاہ گدائے گرسنہ کے مانند ہے اور میرا دل تونگر ہے ۲ - جب تو حشر کے دن اپنے جمال جہان آرا کا نظارہ کرائیگا تو ہماری چشم پراگندہ نظر سے (کہ دنیا میں ہر ایک پر پسندیدگی کی نظر ڈالتی تھی) نگاہ حقیقت پسند نزاع کرے گی کہ تو پراگندہ بین کیوں ہوئی اور اب اس جمال کا نظارہ تو نہیں کر سکتی ۳ - میں تیری رخ روشن کے سامنے پست طالع ہوں میں اپنی پست طالعی کو مہر و ماہ کی گردش کا باعث کیونکر کہہ سکتا ہوں یہ سب کچھ تیرا ہی کیا دھرا ہے - مہر و ماہ کے ساتھ نزاع کرنا بیکار ہے ۴ - اے معشوق تیری چشم خونریز بہت ضعیف افگن اور غریب آزار ہے (کہ عشاق کا خون کرتی ہے) بیشک بدخو ہمیشہ سکینوں کے ساتھ جنگ و جدال کرتا ہے پس تیری چشم سفاک بھی بدخو ہے ۵ - حدیث - گفتگو - بات مطلب - میں شان و شوکت کیلیے جنگ و جدال کرنیکی خواہش نہیں رکھتا بلکہ میں تو ہمیشہ بندگی و اطاعت کے لئے کمر بستہ رہتا ہون اور سپہر (فلک سے) میری یہ ہی گفتگو رہتی ہے کہ میں

سرداری و شوکت کے لئے جنگ الخ ؎ ۶ - اے معشوق تیرے غمزہ ہی کے اشارہ (حکم) سے ہم پر تمام بلائیں نازل ہو رہی ہیں قاعدہ ہے کہ بادشاہ ہی کی پشت گری (سہارا) کے سبب سپاہ جنگ کرتی ہے پس اس میں تیرا ایما ضرور ہے ؎ ۷ کل روز محشر میں داور (باری تعالیٰ) تیرے ہی سبب سے دادخواہوں سے نزاع کریگا (تیری پاسداری کریگا) تو پھر صاف ظاہر ہے کہ نالۂ مظلوم کی کیا اور کب داد رسی ہو گی (نعوذ باللہ) کس قدر بیباکی ہے ؎ ۸ - اے معشوق نظیری ہمیشہ تیری عنایتوں کی شکرگذاری میں مشغول ہے اور ایکدم کو بھی اگر وہ تیری یاد بغیر تیری شکرگذاری کے کرے تو اس کا (نظیری کا) نفس اسکی گفتار سے نزاع کرنے لگے - یعنے بغیر شکرگذاری کے یاد کرنا محال ہے ؎

ردیف الغین ؎ ۱ - سپیدۂ سحر اسبات کا پتہ دیرہا ہے کہ رات تونے اپنے قدوم سے چمن کو رونق بخشی ہے نیز ہر ایک پھول اور بلبل تیرا سراغ دیرہے ہیں - یعنی تیرا جویا خاموش نطرت سے بھی تیرا پتہ دریافت کرلیتا ہے ؎ ۲ - راغ صحرا - کاخ - مکان - محل - مطلب اورلے محبوب تیرا ذکر سننے کا شوق ہر صبح مجھکو صحرا و چمن میں لئے پھرتا ہے اور شام کو تیری جستجو گلی وکوچوں (مکانوں) میں پھراتی ہے (کہ شاید تو ملجائے) ؎ ۳ - اس زمین سے کہ جہاں تجھسے ملاقات حاصل ہو جنت بھی شرمندہ ہوتی ہے اور رضوان اس پر حسد کرتا ہے کہ اے کاش میں بھی اسی جگہ ہوتا ؎ ۴ - تبخالہ چھالہ - خونابہ - کچلھوا - ایاغ - پیالہ - جام - مطلب - میرے زخم دل پر تیری زلف مشکیں کی خوشبو سے چھالے پڑ گئے ہیں (مشک چھڑکنے سے زخم زیادہ ہو جاتا ہے) اور تیرے لب نمکین کے شور سے میرے دل سے داغ اپنے پیالوں میں خونابہ بھرے ہوئے ہیں (ریاش پاش ہیں - خونیں ہو رہے ہیں) ؎ ۵ - جس جگہ تیرا نورانی چہرہ ضیا پاشی کر رہا ہے وہاں چراغ کے بجھ جانے سے کیا غم اسلئے کہ تیرے ہی آفتاب رخ سے تمام ستارے جلب ضیا کرتے ہیں بس چراغ کا گل ہو جانا تاریکی کا باعث نہیں ہو سکتا ؎ ۶ - تائب - توبہ کنندہ - مطلب وہ عشاق جنھوں نے مستی کی حالت میں اپنے دل کو تیرے ہجر کے داغوں سے آراستہ کیا ہے وہ اسقدر عزیز الوجود ہیں کہ انکے داغوں پر ہزاروں بوسے لوگ دیتے ہیں ؎ ۷ - قدوم آمدن

مطلب - ہمارے لئے جب کوے کی آواز تیرے آنیکا مبارک شگون ہو تو یہ کوے کی آواز نغمۂ بلبل
سے بہتر ہے۔ یعنی اگر فغان زاغ تیرے قدوم کا شگون ہو تو ہمارے لئے یہ فغان نغمۂ بلبل سے بہتر ہو
۸ مجمر - انگیٹھی - مطلب - اے معشوق تیری مجمر زلف کی خوشبو سے میرا دماغ ہمیشہ معطر رہتا ہو
میں ایک جام اور عطا کر کہ یہ دماغ گلستان بھی بنجائے - ۹ - لابہ - بیہودہ لاغ - بیکار
مطلب - اے ناظرین دوست ہی کا دم بھرا اور اسی ہی کا ذکر کر اور اسکے مہر و وفا کے سوا
جو کچھ گفتگو ہو اسکو ہزل اور بیکار خیال کر ۵۹ ۱ - اگر میں جور چرخ پر آہ و فغان نہ کروں اور نہ روؤں
تو مجھ پر افسوس صد دریغ اور اگر گردش زمانہ سے میں نالان نہوں تو مجھ پر حیف ہے ۲ - سفرہ - خوان مطلب
خوان فلک با پر فقیر میری مدارات اور مہربانی تو دیکھئے کہ اس بدبخت زمانہ نے مجھے خوان نازونعیم پر
دیگ شکم تو بٹھایا لیکن خون جگر کھانے کے لئے رکھا پس حیف صد حیف یعنی دنیا میں جس نان نطفہ اور
جفاکش بنا کر مجھے بھیجا ہے ۳ - صبح نے مجھے صبوحی کے لئے بلایا لیکن ساقی زمانہ مجھے جام مئے نہیں دیتا
پس میں طعنہ دیا کرتا ہوں اور اپنی محرومی پر افسوس کرتا ہوں ۴ - میری طبیعت میں تو گونا گوں
لذات کی خواہش ہے (مہمان مسرت ہوں) لیکن میرا میزبان ممسک (بخیل) ہے پس میں چاہتا ہوں
کہ میزبان مرجائے اور میں جھکر افسوس کھاؤں اسقدر بخیل ہو کہ اسکے خوان پر افسوس بھی نہیں کہ
کوئی اور کہا سکے پس اسکی موت ہی پر افسوس کھانے کو مل سکتا ہو ۵ - منقبح - کے معنی ہے عجب
بنا بیٹھے یعنی مغرور - مطلب کہتا ہو کہ اہل دنیا مغرور اور خوشامد دوست ہیں کہ جنکی صحبت ہرگز
مجھے نہیں بھاتی لیکن قسمت سے مجبور ہوں کہ میرا پالا انہی لوگوں سے پڑا ہو چار و ناچار مجھے ظاہرا
انکی تعریف کرنا پڑتی ہو اور باطن میں افسوس کرتا ہوں کہ ان جاہلوں اور مغروروں سے مجھے
ارتباط دیا گیا ہو ۶ - اس دنیا میں خالص دوستی کا تو کہیں پتا اور نشان نہیں ہاں اگر ہو تو ریائی
دوستی (بناوٹی) اور میرا واسطہ بھی انہی دوستان ریائی سے پڑا ہو پس اگر میں ان لوگوں کے مرنے پر
گریبان چاک اور ماتم کروں تو مجھ پر حیف ہے ۷ - اس لئے کہ غم تو دوست صادق کے لئے کیا جاتا ہے
نہ کہ ایسے لوگوں کے لئے ۸ - کہتا ہوں کہ عقل کی بیماری کا کوئی علاج نہیں ہو اگرچہ مسیح کی حکمت (حضرت عیسیٰ)

سے بھی اسکا علاج کیا جائے تو مجھے افسوس ہے کہ اسکی یہ بیماری دفع نہیں ہو سکتی ۸ - اگر میں اپنی
ان دشواریوں پر افسوس کم کروں تو یہ تمام دشواریاں - آسانیوں سے بدل جائیں لیکن مشکل تو یہی ہے
کہ دشواریاں تو درکنار میں آسانیوں پر آنسو بہاتا ہوں (آسانیاں دشوار معلوم ہوتی ہیں) اور افسوس
کرتا ہوں) ۹ - اے معشوق کہاں جاتا ہے لوٹ آ (واپس آ) تاکہ میں تیرے قدموں پر اپنی جان نثار
کردوں تو یقین کر کہ میں ایسا کم ظرف نہیں کہ اپنی جان تجھ پر نثار نہ کروں اور اس سے دریغ کروں ۱۰
- وہ تلخ آنسو جو میری آنکھوں سے میرے لب پر ٹپک رہے ہیں مجھے آب حیات سے زیادہ عزیز ہیں
اگر ان آنسوؤں کے ہوتے ہوئے میں چشمۂ حیوان کی خواہش کروں تو لعنت ہو مجھ پر ۱۱ - اسے
نظیری - آہ و نالہ ہی کرتے میری عمر تمام ہوگئی افسوس میں نے اسقدر مصیبتیں اور پریشانیاں
اٹھائی ہیں کہ اب میں ان سے سیر ہوگیا ۱ - میں تو آرزوئے شوق وصال میں جاں بلب ہو رہا ہوں
اور معشوق کی طرف سے جھوٹا پیام آرہا ہے کہ عنقریب ملاقات ہوگی - لیکن میں خوب سمجھتا ہوں کہ
یہ معشوق کا پیام نہیں اس لئے کہ معشوق تو بہت دور ہے اور پیام اسقدر جلد آگیا - ضرور دشمنوں نے
کوئی چال چلی ہے ۲ - ستہ رواج مکر - مطلب - اگر میں صاحب کشف و کرامات اور الہام کا دعوے
کروں تو یہ - فریب و مکر ہے اسلئے راہب بتخانہ صاحب کرامت نہیں ہوتا - اس لئے کرامت عطا
نہیں کی جاتی - (راہب - پادری) ۳ - طامات ریاکاری مطلب میں ہمیشہ اپنے زہد
ریائی میں گرفتار رہتا ہوں پس صراط مستقیم (راہ حق) پر میں کسطرح گامزن ہو سکتا ہوں جبکہ بند
غرور میں گرفتار ہوں - افسوس ۴ - یک رنگ - مجاز میں محو ہوں رنگ حقیقت سے مجھے
کیا واسطہ اور کیا محظوظیت میں کیسے کہہ سکتا ہوں کہ میرے ہر کلام میں شیرینی ہے اور اگر میں کہوں بھی
تو اسے سچ نہ سمجھو بلکہ وہ قطعًا غلط اور سراسر جھوٹ ہے ۵ - میرا بھی عجیب حال ہے - ظاہر میں کچھ اور باطن
میں کچھ اور ظاہری نمایش کیلئے تو میرا منہ قبلہ کی طرف پھرا ہوا ہے لیکن دل سومنات میں پڑا ہوا
ہے ظاہر میں ایمان اور باطن میں کفر - حیف میری اس دورنگی پر ۶ - میں بھی کسقدر نادان
ہوں کہ ہر شخص کی باتوں میں آجاتا ہوں (ہر شخص کے فریب میں پھنس جاتا ہوں)

اور سمجھتا ہوں کہ اب میری مقصد بر آئی ہو گی لیکن فریبندہ میرے نام کو اور بھی اپنے دروغ سے
گرا دیتا ہو (یعنی جو کچھ امید تھی وہ بھی ختم ہوئی) ۷۔ میں نے اپنے چہرہ کو ساغر و پیمانہ کے عکس سے
رنگیں بنا لیا ہو لیکن یہ نور شفق (عکس جام شراب) کی مانند ہو جو شام کے چہرہ کو منور کرکے جلد ہی
فنا ہو جاتا ہو یعنی افسوس کہ یہ خوشی و مسرت بھی سریع الزوال ہو اور پھر اسی رنج والم کا سامنا ہو۔
۸۔ میں جب یتیم بچہ کی طرح اپنی بدبختی پر روتا ہوں تو جسطرح ماں بچہ کو نقل و بادام کا جھوٹا وعدہ دیکر
بہلا لیتی ہے اسی طرح دنیا (اہل دنیا) مجھے سبز باغ دکھا کر میری بدبختی کو دور اور مجھے خوش کرتی ہو
۹۔ اے نظیری میں عشق میں سپند کی طرح بے قرار ہوں۔ اگر کوئی کہے کہ عشق میں بے قراری نہیں ہے
تو وہ بالکل غلط اور جھوٹ کہتا ہو۔ **ردیف الفاء**۔ ۱۔ اے معشوق فتنہ تیری زلف کا طرفدار
اور مددگار ہو گیا ہے جس کے سبب سے اس کی شوخی اور زیادہ ہو گئی ہو کہ میرے دل کو صید کرکے
پھر واپس نہیں کرنے دیتی ۲۔ اے معشوق تو ایسا تیر انداز ہو کہ تیری نگاہ کا تیر نیم کشی پر بھی ہزاروں
نشانوں کو توڑتا ہو اور دل و جگر کو نشانہ بناتا ہو ۳۔ تیری نگاہ چالاک کی دست بردایسی زبردست
ہے کہ صف عشاق سے پسندیدہ عاشق کو نکال کر اپنی کمند زلف میں گرفتار کر لیتی ہو ۴۔ شطرنج
کی بازی تمام ہو گئی اور تمام مہرے پٹ گئے اور سلطان (بادشاہ) اب تجھ پر اپنا خزانہ نثار کئے دیتا
ہے (یعنی عاشق کی بازی ہمت ختم ہو گئی تمام تدابیر ختم ہو گئیں اب سوا اسکے کہ تجھ پر اپنا جان و
دل نثار کردے اور کیا کر سکتا ہو۔ بازی۔ مہرہ۔ سلطان۔ مناسبات ۵۔ تجھ جیسا خوبرو
فرزند باپ کو پالنا درست نہیں ہو۔ یعنی تو بے مثال ہو اور نہ تیری مثال کا کوئی پیدا ہو گا۔
۶۔ تیری بزم میں غلام و خواجہ سب ایک ہیں۔ کسی کو کسی پر شرف نہیں۔ ع تیری درگاہ میں
پہنچے تو سبھی ایک ہوئے (اقبال) سب تیرے بندے ہیں کوئی کسی سے بڑھکر نہیں ۷۔ اے
معشوق جہاں پر تیرے اوصاف کی نغمہ سرائی کیجاتی ہو (تیرا ذکر ہے) وہاں حیرت کے سبب سے
مطربوں کے ہاتھ سے دف گر پڑتی ہو۔ حیران رہجاتے ہیں ۸۔ جعد۔ زلف۔ آفتاب
رخسار و جبہ جامع تنویر۔ کلف۔ وہ سیاہ داغ جو آفتاب کے گرد ہو۔ مطلب۔ اے

نظیری تو اس شخص کو سخن شناس خیال مت کر کہ جو حسد سے تعجب یہ کرے کہ اسے نظیری تعجب ہے کہ تمام اطراف
میں تیرے سخن کا شہرہ کسطرح ہو گیا۔ (یعنی جو مجھ سے حسد رکھے) ۱۰ ردیف القاف - ۱- بیت تعلیق
لبہ۔ مطلب۔ اے معشوق تو کعبہ کی طرح غم سے آزاد ہو اور تمام چیزوں سے بے پرواہ ہے اور جس شخص
نے تیری راہ کو اختیار کیا پھر اسکا کوئی رفیق نہیں اس لئے کہ تو بھی آزاد ہے پس تیرے طالب کو بھی آزاد ہی
رہنا چاہئے ۲- توفیق - کسی نیک کام کے سر کرنے کے لئے خداوند تعالی کی طرف سے اسباب مہیا ہو جانا
مطلب - اے معشوق تیری جستجو میں میں نے دونوں جہان سے قطع تعلق کر لیا ہے اس لئے کہ جنہوں
نے دنیا کو ترک کر کے تجرد اختیار کر لیا ہے ان کا خداوند تعالی مددگار ہے (خداوند تعالی توفیق عطا فرماتا ہے)
۳- عمیق - گہرا - مطلب - میرا دل تیری چاہ زنخدان اور طاق ابرو کیساتھ وابستہ ہے جیسے
دو عرش عظیم میرا (سینہ) ہو۔ ۴ عمق میں رہا و زنخدان ۴ - مہد - گہوارہ بچپن سے مراد ہے طریق
راستہ - مطلب - بچپن ہی سے میں طریقت عشق پر گامزن ہوں اور راہ عشق کے سوا مجھے اور کسی
راستہ کی خبر نہیں - بچپن سے عشق ہی کا راستہ دیکھا ہے ۵- اے معشوق اپنی یاد کے سوا اور جو کچھ
میرے پاس ہے اسکو تو غارت کر دے اور ترک کرا دے کہ میرے لئے تیری محبت ہی کافی ہے اور میں تجھ پر
ایمان لے آیا ہوں اور تیرے حسن کی تصدیق کی ہے ۶- تیرے دام زلف
کی سیکڑوں گرہوں میں ایک گرہ بھی نہیں کھول سکا اس لئے کہ گرہ کشائی کے خیال سے محنت دیا
ہو گیا ہوں ۷- شراب عقیق - شراب سرخ - سرشک عقیق - اشک
خونیں - مطلب - اے ساقی تو دوسروں کو جام بھر بھر کے دے مجھے خواہش نہیں اس لئے کہ میرے
پیالے میں شراب سرخ سے بڑھکر میرا اشک خونیں گرتا آ رہا ہے - اور غیر کا احسان لیکر سرور حاصل
کرنے سے میں خون جگر پینا بہتر خیال کرتا ہوں ۸- رایح - ہوا - مطلب - اجزائے گل
اول پراگندہ ہوتے ہیں اور جب جوش کھا کر گلاب بنجاتے ہیں تب اس وقت انکو جمعیت حاصل ہوتی
ہے اور یہ بات ہوا کے چلنے سے معلوم ہوتی ہے کہ ہوا کا چلنا گل کی جمعیت خاطر کا باعث ہے
دراصل اسکے اجزا پراگندہ منتشر ہو کر پھر جمع ہو جاتے ہیں جوش کھا کر گل اپنے مرکز حقیقی پر پہنچ جاتا ہے

تسبیح کو چھوڑ زنار پہ مائل ہو اور زنار سنبھال رکھ کر جو حقیقت میں ایمان ہے اسکو اختیار کر ۔ ۶ ۔ غلط سمجھان
نافہم لوگ ۔ مگر غلط ہے کم نہ سمجھے مطلب ۔ اے نظیری غلط فہمون کی پیروی نہ کر ان سے دور رہ
اور انکی صحبت (ہمنشینی) میں اپنی گرکوست توڑ ہمت ضائع نہ کر ۔ ۷ ۔ عقد گہر ۔ رشتہ گہر
مطلب ۔ محبت معشوق جو رشتہ گہر ہے کو اگر تو بازار دنیا میں توڑ دیگا تو وہ موتی گہر یا لال خدا ہی
ہوجائیں گے اور پھر تو انکو نہ پا سکیگا ۔ دنیاوی اغراض کیلئے ترک محبت نہ کر ۔ ۸ ۔ زنار سکے برآستہ
زنہار پڑ ہے ۔ دنیا پرست لوگوں ۔ مطلب ہے ۔ نہ کر ۔ آئینہ کی کدورت خشت سے دور نہیں ہوتی
پس روشن دلوں کے پاس جا کہ وہ تیرے آئینہ دل پر صیقل کر دینگے یعنی تجھے اہل دنیا جو علایق
دنیوی میں گرفتار ہیں کچھ فیض نہیں پہنچا سکتے ان روشن ضمیروں کے پاس جا ان سے فیض حاصل
ہوگا ۔ ۹ ۔ کبھی تو نسیم تجھ تک خوشبو پہنچا ہی دے گی یعنی آخر کبھی تو کامیابی تجھے حاصل ہوگی اپنی
آمد و رفت چمن میں رکھ ہراسان نہ ہو عشق میں گو اول تو ناکامیاب رہا لیکن اسے ترک نہ کر کبھی
نہ کبھی تو کامیاب ضرور ہوگا ۔ ۱۰ ۔ اپنی ہتھیلی کا منہ خرچ کرنیکے لئے کھول اور دنیا دو رہم سے اپنی ہمت
وکرم کو نہ توڑ یعنی سخاوت کر اور اس روپیہ پیسہ کا کچھ خیال دل میں نہ لا ۔ ۱۱ ۔ مست چاہے جو کچھ الزام
تجھ پر لگائیں اور تیرے نکالنے کی کوشش کریں لیکن تو پیر مغان کے دامن کو نہ چھوڑنا ضرور تجھے کبھی
کامیابی حاصل ہوگی ۔ ۱۲ ۔ نظیری تا دم حیات انا الحق کہنے سے باز نہیں آئیگا اسے سولی (پھانسی پر)
لٹکنے کا کچھ غم نہیں ہے پس بادشاہ سے کہو کہ اس دار و رسن کو گرا دے اور کاٹ ڈال کہ نظیری کو اسکا کچھ خوف
نہیں ہے ۔ ۱ ۔ اے ساقی خجستہ جمال صد آفرین مرحبا کہ تیرے جمال سے دونوں عالم مالا مال ہو رہے ہیں ۲ ۔ قدر غز
لکسبو ۔ مطلب ۔ اور اے ساقی تو ایسا انصاف پسند ہے کہ اپنی ترازو میں تو لکر تشنہ کو سبو (گھڑا) اور
دایک جرعہ کا مستحق ہے اسکو شراب ناب کا ایک مثقال عطا کر دیتا ہے یعنی ہر شخص کے ظرف کے مطابق شراب
عطا کرتا ہے ۔ ۳ ۔ اے ساقی شراب وصل پلانا تیری شریعت میں شاید حرام ہے کہ تو کسی کو پلاتا ہی نہیں لیکن
بیماروں تیری محبت میں گرا یا جائے تو یہ حلال ہے ۔ ۴ ۔ تمثال ۔ مثال ۔ مطلب ۔ اگرچہ حاتم
و نوشیروان کا زمانہ مدت ہوئی کہ گذر گیا لیکن اب تک انکے عدل و جود کی مثال دنیا میں دیجاتی ہے کہ فلاں

رخسار کی طرح خود میرا شعلہ سے غرمن حاصل کرتا رہیگا۔ امر محال ہے کب تک ہمرگردان رہیگا۔ نہ ہیجا تو یہ ایک ضعیف چیونٹی (حضرت انسان) ہے وہ بوجھ رکھدیا ہے (عشق) کہ جس کا تحمل افلاک بھی نہیں کر سکے اور انکی اس کو برداشت کیوں ہوتے ہیں اور وہ بوجھ عشق اٹھا ہی ہے۔ حافظ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں سے آسمان بار امانت نتوانست کشید۔ قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند ۸۔ شعر قہر ڈھاتا ہوا مطلب۔ ہے تو غافل کیونکہ ہم کہ اب ہیں اتنا سے چلا۔ ذرا تو خیال کر کہ ڈوبتے ہوئے سے غفلت کرنا (انکو مدد کرنا اور نہ نکالنا) کس قدر ظلم ہے بس ذرا تو او ہری توجہ کر ۹۔ یہ ممکن ہو کہ جنس آدم کے توالد و تناسل سے مجھ جیسا خود برد کند و اور پیدا ہوسکے یعنی مجھ جیسا خو بیدا اور کوئی دوسرا پیدا نہ ہوگا ۱۰۔ عشق میں اس دنیا کو ترک کرنا کہ جیسے یہ ملک ماحصل رہا ہو کسی کے خیال میں بھی نہ آیا ہو۔ خیال کا تصرف صرف محسوسات تک محدود ہوا ہے لئے عالم قدم (بقا) تک جو غیر محسوس ہے کسی کا خیال نہیں پہنچ سکتا ۱۱۔ نظیری تیری عالی مرتبت عقل میں پہنچ گیا کہ اب اسکا مرتبہ بھی بہت بلند ہو گیا ہے کم اب وہ اس سے بھی نیچے اترنا نہیں چاہتا ہو کہ پھر دنیا میں آنا نہیں چاہتا اس لیئے کہ ع وضع زمانہ قابل دیدن دوبارہ نیست الخ۔ ردیف المیم ۱۔ مجھ ناقص العقل سے ہمیشہ نادرست کام ہی سرزد ہوتے رہے اور میں انکو اپنی بدعقلی کے باعث ناکارہ بنا تا رہا اس لئے کہ دنیا میں دل جمعی اور قدرت کارنہیں ہوتی کہ درست کام ظاہر ہوں مثل مشہور ہے کہ دیوانہ کی بات بھی دیوانی اور کام بھی او دیوانہ ۲۔ فریب ہے اپنے درد کی دوا کے لئے اپنا معشوق کے پاس گیا لیکن کبھی اپنے بیدردی کے سبب ہو زخمی ہوا حالانکہ درد ان ہی کے سبب میں نے خود کو اس کے محرموں میں شامل کر لیا تھا لیکن پھر بھی آشنا تو کیا مجھ پر بیدردی طرف سے بدل نہ فرمائی ۳۔ مجھے اس محبوب کے کوچہ میں ایک رات کبھی اس کا دیدار نصیب نہیں ہوا لیکن میں ہمیشہ اسی امید میں سایہ کی طرح اس کی دیوار سے لگا رہتا ہوں ۴۔ اگرچہ سر سے پاؤں تک میں عذر تقصیر گناہ ہوں لیکن گناہوں کی شرم کے سبب میں اپنے لبوں کو توبہ کرنے سے بند رکھتا ہوں (عذر گناہ کرتے شرم آتی ہے) ۵۔ اگرچہ میں اول ہی سے اس بازار عشق میں سودا خریدتا ہوں لیکن مجھے کسی نفع کی خواہش نہیں اس لئے مجھ سے زیادہ کوئی لذت نقصان سے واقف نہیں ہو سکتا کہ ہر ایک مشتری نفع کیا امید پر سودا خریدتا ہو لیکن وہ لذت نقصان سے کیا واقف ہو ۶۔ افسوس کہ بدنامی

(کہ جو عاشق کے لئے باعث عزت ہے) میں بھی اس عقل دعویدار (عقل جو دانائی کا دم بھرتی ہے) کے سبب
بہت سے رشتے پڑ گئے ہیں۔ رسوائی بھی میسر نہیں۔ ہاں اگر میں پہلے ہی عقل کو ترک کر کے رسوائی اختیار کرتا
تو یہ کیفیت اور رخنہ اندازی نہیں ہوتی ۔۲۔ اے معشوق ایک عمر گذر گئی کہ میں تیری خدمت میں کمر بستہ
ہوں لیکن تو نے میرے کچھ بھی قدر نہ کی کاش میں اتنی مدت تک بت کا رہی پہنتا تو اب تک برہمن بنگیا ہوتا
(مقبول کافراں بن جاتا۔ قدر و منزلت زیادہ ہوتی۔) ۲ ۸ ۔ نہال ۔ درخت نورستہ۔ مطلب اور
میں نے تمام اپنی عمر کے نہال کو تیرے گلستان عشق میں لگایا لیکن صد حیف کہ ایک پھل بھی اس سے حاصل
نہ ہوا اگر میں اس نخل کو خارستان ہی میں لگاتا تو ضرور پھل حاصل ہوتے۔ یعنی تیری محبت میں عمر
برباد ہوئی اور کچھ بھی حاصل نہ ہوا۔ اگر اسی عمر کو کسی اور کام و مقصد میں صرف کیا جاتا تو ضرور منفعت
حاصل ہوتی ۔۲۔ ۹ ۔ اے نظیری اگرچہ یار دوست کے سفر کی تمنا عمر بھر رہی یہانتک کہ وقت نزع بھی
یہی آرزو تھی لیکن کبھی سفر کا سامان ہی درست نہ کیا غفلت تو دیکھئے کہ سفر کے لئے آمادہ بھی کب ہوا جبکہ
ملک الموت سامنے کھڑا متاع عمر کو لوٹ رہا تھا یعنی درستی سامان سفر کا خیال وقت نزع ہوا لیکن
اس وقت کیا ہوتا ہے بے سود تمام عمر گناہوں میں گذر گئی اور جب گناہوں سے تائب ہوا کہ نیک اعمال پر تیار
ہوں تو عمر نے وفا نہ کی ۔۱۔ میری اس ظاہری توبہ پر کہ گردش پر آ دراز دست ہوا اور میرے پارسا ہونے کا
یقین نہ کرو اس لئے کہ میں اہل ایمان نہیں ہوں اور اگر تمھارے یقین کے لئے میں قرآن کا جامہ بھی پہنکر
آؤں جب بھی مجھے مسلمان نہ سمجھنا ۔۲۔ مجھ میں (ذات میں) نہ حسن اعتقاد ہے اور نہ اخلاص کا نام
و نشان ہے پس میں نکوکاروں میں کس طرح بیٹھ سکتا ہوں کہ میں ان جیسا نہیں ہوں۔ انکے صفات
مجھ میں نہیں ہیں) ۲۔۳۔ میں بلبل گلستان نہیں ہوں بلکہ مجھے نغمہ سنج کوہ و صحرا سمجھو پس اے نکوکارو
اگر میں چمن میں ملول رہوں تو مجھے معذور سمجھو یعنی اگر تمھاری بزم میں مجھے حظ حاصل نہیں ہوتا تو
مجھے کم ذوق خیال نہ کرنا بلکہ یہ گلستان ہے اور میں نغمہ سنج کوہ و صحرا ہوں صرف اتنا فرق ہے ۲۔۴۔ مجھ میں
زلیخا کی طرح حسن کے پیدا کرنے کے لئے جذبہ عشق موجود ہے اور میں خضر چاہ یوسف ہوں (کہ چاہ سے
نکال کر مصر کی طرف رہبر ہو گیا) خضر چشمہ آب حیات نہیں ہوں کہ جو سکندر کو چشمہ حیواں بہ

لے گئے تھے ۔ ۵ ۔ چاہے آسمان لوٹ پلٹ ہو جائے یا پھر طوفان برپا کر دے مجھے کوئی فکر نہیں میں تو
کنج عشق میں بیٹھا ہوں مجھے کیا خبر کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے ۔ ۶ ۔ زمانہ جب میرے مقابلہ میں تاب مقابلہ
نہ لا یا تو میں نے اسکے سامنے سپر رکھدی اس لئے کہ وہ سست دشمن ہے اور کمزور دشمن سے لڑنا جوانمردی
نہیں ہے اس لئے کہ میں دشمن نامرد کے لئے مرد میدان نہیں ہوں ۔ ۷ ۔ اے معشوق اگر میری پریشانی
تیری زلف پریشان کی مانند ہے تو اس کو تو اور زیادہ کر دے کہ میری آرزو یہی ہے اور مجھے اسی میں
لطف آتا ہے ۔ ۸ ۔ اے محبوب میں تیری گلی میں سائل کی طرح ہوں مجھے مہمان نہ سمجھ میں سائل کو
خیرات حسن عطا کر ایک نظر میں بندہ پرور ہونے سے کیا فائدہ یعنی تیری ایک نظر سے کیا بھلا ہو سکتا ہے ان خیرات
حسن عطا فرما ۔ ۹ ۔ اے معشوق اگر تو مجھے فقیر ہی کہکر نہیں پکارتا تو اپنا غلام ہی کہہ دے ہندو اس لئے
کہ میں کافر ہوں مسلمان نہیں ہوں ۔ ہندو کہکر مجھے پکار ۔ ۱ ۔ **تشویش** ۔ پریشانی ۔ **مطلب** ۔ رات
نہ تو مجھے صبا کے سبب کچھ پریشانی تھی کہ وہ اور دوست کا باعث ہو اور نہ مجھے شور بلبل کا کچھ غم تھا
اس لئے کہ تمام رات میں تھا اور خلوت اور بلبل و گل کا وصل (وصل محبوب) حاصل تھا ۔ ۲ ۔ افسوس
میری رات کا عیش بھی بجلی سیاہی کی مانند تھا کہ آیا اور گزر گیا ناپائدار جیسے چند لمحات کے لئے دوستوں
سے مل کر گفتگو کی جائے ۔ ضائع ہو گیا یا تھا وہ صحبت چند لمحات ہی میں ختم ہو جاتی ہے ۔ ۳ ۔ خیمہ عشق
عشق کے [illegible] وصل کی یادگاری ہے جو اس سبب ہے ۔ وہ مراد و مقصد حاصل کر چکے ہیں اور جن کی حقیقت
احوال سے میں واقف ہوں [illegible] ہوں کہ وہ کیا لوگ تھے ۔ ۴ ۔ وکیسہ پیمان [illegible] تک
آتی ہے ۔ اولیا **مطلب** [illegible] کچھ لوگ [illegible] ہیں ہمیں اسکی پرواہ نہیں اس لئے کہ [illegible]
اکسیر حشیوں کے نفیس کے [illegible]
۵ ۔ **ترجمہ** [illegible] **مطلب** [illegible] ایک [illegible] سے میری [illegible] کی تمام
[illegible] اور برائیاں [illegible] ہو [illegible] کبھی [illegible]
[illegible] سب ظاہر ہو گئی [illegible] دیتی [illegible]
[illegible]

پاسداری کرتی ہو قریب آنیکی زحمت کبھی نہیں کرتی اور تیرے داغ جدائی کے سوزش سے میرے
جسم کی ہڈیاں بھی پگھل رہی ہیں جب یہ حالت ہو تو جسم کے جلنے میں کیا شک ہو لیکن جسم کی پاسداری شب
ہجر ہے یوں جسم جلنے سے محفوظ ہو ؎ ۳۔ شیون ۔ نالہ و فریاد ۔ دود ۔ دھواں ۔ بخار ۔ مطلب
اے محبوب تیرے عشق میں بجائے نالہ و فریاد کے میرے دہن (منھ) سے آہوں کا دھواں نکلتا ہے
اس سبب سے کہ میں نے وزور دل سے آہ کو اپنے لبوں پر جلایا ہو (ضبط کیا ہے) جس کا یہ دھواں ہو ؎
۴۔ میں نے تو اس شمع رخ کی اس لئے خواہش کی تھی کہ اس کے روئے پر تنویر سے اپنے مکان کو
روشن کروں لیکن افسوس مجھے کیا خبر تھی کہ میں نہ ہی اپنے گھر میں آگ لگا رہا ہوں وہ شمع باعث
خانمان بربادی ہو ؎ ۵۔ اے دوستو چونکہ اس محبوب نے مجھے بے گناہ قتل کیا ہو اسلئے میں اس خوف
کے باعث کہ کہیں اس سے پرسش قتل نہ کی جائے خود ہی جل ۔ [illegible] پس تم اس کو
میرا خون معاف کر دو ۔ ۶۔ بتخالہ ۔ آبلہ ہائے لب ۔ مطلب ۔ خدا کرے کہ میری آہ بیخودی [?]
بےخبری اس محبوب کو کوئی نقصان نہ پہنچائے اس لئے کہ وہ ایسی پرسوز ہو کہ دل تا زبان مجھے جلا کر
خاک کر دیا ہو اور لبوں پر چھالے ڈالدئے ہیں پس کہیں اس پر ایسا اثر نہ کرے ؎ ۷۔ اے نظیری
اب کس کے ظلم و جور کی شکایت بیان کر رہا ہو اور اب تو کس کے دام زلف میں گرفتار ہو (مرغ بام تیری
عیب گوئیوں نے تو تجھے پریشان کر دیا ہو جلا ڈالا کہ خواہی نخواہی آہ و فریاد کر رہا ہو ؎ ۱۔ غسالہ ۔
دھوون ۔ ایاغ ۔ پیالہ ۔ مطلب ۔ میں اس پانی سے بھی زیادہ گندہ ہوں جس سے ظرف بادہ
دھوتے ہیں (اور پانی جس سے ظرف بادہ دھوئے گئے ہوں) اور اس ناپاک و غلیظ روئی سے بھی
زیادہ بدتر ہوں کہ جو داغوں پر رکھی جاتی ہو یعنی میں محض ناکارہ و ذلیل ہوں ؎ ۲۔ ہرزہ دوی
بیکار دوڑنا بیکار کوشش ۔ مطلب ۔ اس تیرہ راستہ پر کہ جسے میں طے کر رہا ہوں نہ تو خضر ہے اور نہ چشمہ
حیوان ہے اور میں سعی لاحاصل کی شرمندگی سے بیزار ہو رہا ہوں کہ کسی کا بھی نشان نہ پاسکا اور
دیدہ و دانستہ بیکار دوڑ رہا ہوں (تلاش کر رہا ہوں) ۳۔ مرغان چمن کی آہ و زاری نے مجھکو اسقدر
آزردہ کر دیا ہو کہ میں بہار باغ سے حظ اٹھا نہ سکا اور باغ سے تہی جیب اور خالی دامن لیکر نکلا ۔

ابر تموز (خزاں) میں میرے احضر پر مہرگان کے (بہار) میوہ لاتی ہے یعنی خزاں میں مجھے لطف بہار حاصل
ہے ۸ - میری آہ پیچاں عقدۂ سنبل بن گئی ہے اور میرے شرارہ جیسے اشک خونیں و گرم خوردۂ نرگس (زیرہ نرگس)
بنے ہوئے ہیں ۹ - وہ تمام چیزیں (اسباب) جنہوں نے میری نگاہ میں آفت برپا کر رکھی تھی اب اسکی نظر
عنایت کے باعث میرے اطمینان و فراغت کا سرمایہ ہیں ۱۰ - جب میں خوبی گلزار کا نظارہ کرتا ہوں تو
میری نظر میری نگاہ سے بوسہ لیتی ہے (لطف اندوز ہوتا ہوں) ۱۱ - میرے سینہ میں شوق جنوں اسقدر بھر گیا
ہے کہ سر سے زیادہ میرے پاؤں سبقت لیجانا چاہتے ہیں یعنی سر سے زیادہ پاؤں میں شوق عشق و جنوں
بھرا ہوا ہے ۱۲ - سر تا بقدم میرا ہر موئے تن ایک عضو بنا ہوا ہے کہ جو شوق عشق سے حاملہ ہے (ہر موئے
تن میں شوق عشق موجود ہے) اور ہر ایک عشق باعث خود بیں جان و زندگی رکھتا ہے یعنی ایک جسم میں
ہزاروں ذی حیات جسم عشق کی بدولت موجود ہیں ۱۳ - اے نظیری میں عشق و نشاط میں اس قدر وارفتہ ہوں کہ
مجھے اپنی بھی خبر نہیں چہ جائیکہ دوسروں کی حالت سے آگاہ ہوں۔ **ردیف النون** ۱ - اے دل خم ابروئے یار سے جو محراب
عبادت ہے اپنے منہ کو پھیر اور اپنے قبلہ کو پھیر لیا ہے (تبدیل کر لیا ہے) پس تو بھی ادھر متوجہ ہو اور خم ابرو سے اپنے منہ کو پھیر
اور اسکے رخ روشن کو سجدہ کر کہ یہاں قبلہ بنا ہی ہے ۲ - اس کافر مار چیرہ اس کے ہندو سے خط کے باعث سومنات
بن گیا ہے (کفرستان) اور اب دل تو مسلمان ہے پس چاہئے کہ اس ہندو سے علیحدہ رکھ اور اسکے عشق سے باز آ ۳ - اے محبوب
تیرے روئے روشن کی رونق دوہم تیری زلف کے سبب سے جو تیری زلف کے سبب سے ہے [illegible] کو ہٹا تاکہ ہم
تیرے اس غرہ مبارک کو دیکھیں ۴ - بہار حسن کے لئے بھی خزاں کا سامنا ہے پس اے معشوق تو
اپنے اس چند روزہ حسن پر ناز نہ کر اور اپنی آرائش حسن سے اتنا آگرا [illegible] پائیداری نہیں ہے ۔
۵ - ہر شی ایک کیفیت پر نہیں رہتی اسکی حالت تبدیل ہوتی رہتی ہے طفلی سے جوانی اور جوانی سے
پھر پیری پس اے معشوق تو اب عادت طفلی و شباب سے باز آ اور اسکو ترک کر اور سر کر پر دنیا کو چھوڑ ۔ ع
ہاں اے پیر کہ پیر شدی پند گوش کن آخر ۶ - اے محبوب میں تیری زلف کے ہاتھوں برباد ہو گیا ہوں
اور سودائی بن گیا ہوں پس تو اپنی زلف کے شکنجہ کو دور کر اور اپنے بازو پر اسکو پھیلا تاکہ اسکے شکنجہ سے
رہائی پاؤں ۷ - خدنگ ناکس تیر کمین - پوشیدہ جگہ - **مطلب** میں نے تیرے آہوئے غمزہ

کو شکار کرنے کے لئے ایک کمین گاہ بنائی ہے پس اے محبوب تو اپنے آہوئے غمزہ کو اس طرف سے پھیر دے کہ
مبادا میرے کسی تیر کا نشانہ ہو جائے اور میں اسے گرفتار کر لوں (مجھے مہجور رہنے کی خواہش ہے) پس تو مجھ سے
دور رہ) ۸۔ میں نے تیرے عشق میں پارسائی کو اختیار کر لیا ہے (در پارسا پیشہ بودن) پس تو مجھکو ہر گلی کوچہ
میں رسوا کر کہ میرے لئے یہی پارسائی ہے ۹۔ اے نظیری تیری طبیعت کا زلال بند دائم ہونے کے
سبب تیرہ ہو گیا ہے پس اپنے اس پانی کو کسی اور طرف روان کر اور اسکا بند توڑ دے یعنی تو نے اپنی
طبع کو صنف غزل تک محدود کر دیا ہے پس کسی اور صنف شعر کو اختیار کر کہ رکا خوب نہیں طبع کی
روانی میں۔ کیونکہ بو آتی ہے بند پانی میں ۱۔ اے معشوق اس بیمار دل کا علاج اپنے نوشخند
(تبسم) سے کر یعنی اپنے دہن نازک سے ایک مشک (چوچرا) نکال اور اسکو گلاب (لب) سے ملا کر یعنی
گلقند بنا کر اسکو عطا کر تاکہ وہ صحت یاب ہو۔ خلاصہ یہ کہ کلام شیریں سے مجھے محظوظ کر ۲۔ ردا۔
چادر۔ مطلب۔ اے محبوب میں نے تیرے عشق میں اپنے لبوں کو آب حرام سے پاک کیا ہے (مے نوشی ترک
کی ہے) پس تو اپنی چادر کے ایک کونہ (طرف) کو کمند بنا اور اس صوفی کی گردن میں ڈال ۳۔ بجوئے
گندہ۔ غلیظ۔ مطلب۔ عارف شہر کے نہر خشک کی بدبو نے میرا دماغ پریشان کر دیا پس اے خادم
میخانہ مجمر لا اور سپند جلا تاکہ اسکی خوشبو سے بدبو دور ہو جائے ۴۔ ہم حاسد بدگو کی نشتر کے باعث
میری رگوں میں زہر دوڑ رہا ہے پس اے ہمدم اسکے نیش زہر کو میرے دل سے نکال جو میرے دل میں
کھٹک رہا ہے تاکہ میں شفا پاؤں یعنی اس سے دور رہنے کی کوئی ترکیب بتا ۵۔ اشتلم۔ کثرت ظلم
مطلب۔ اگر دشمن ہمارے ساتھ دشمنی کر رہا ہے تو گویا وہ خود اپنا دشمن ہے اپنے ساتھ دشمنی کر رہا ہے
اگرچہ وہ اپنی دانست میں اس دشمنی کو اچھا سمجھ رہا ہے پس اس سے کہو کہ اپنی ہی بلکہ شدت ظلم
کے باعث ہمارے ساتھ اور زیادہ دشمنی کر ہمارا کچھ نقصان نہیں۔ فرد۔ پنداشت ستمگر کہ ستم بر ما کرد
بر گردن او بماند و بر ما بگذشت۔ (سعدی) ۶۔ تکفیر۔ کافر ہونا۔ مطلب۔ وہ شخص جو دیندار ہے اور اپنے کو عارف
بتاتا ہے ہمکو تو بہتر فرقوں سے بھی خارج خیال کر اور اسے کافر کہنے میں کچھ تشویش (پیچ و تاب) کرو کہ کافر ہو جائے تو کشتی موج
آب کی شناسا ساحل کی جستجو میں ہر طرف دوڑتا رہیگا بہتر یہ ہے کہ گرداب کی طرح ایک جگہ قائم ہو جا اور بیکار تگ و دو چھوڑ کر

۸۔ ریا۔ مکر و فریب۔ قلب۔ کھوٹی۔ ناسرہ۔ مطلب۔ تیری نقدی تیری مکاری کے
باعث ناسرہ ہے (عبادت و زندگی) پس پہلے تو صرافت بین (نقدی کو پرکھنے والا) اور اسکو خالص بنا تاکہ
اسے نویش کر سکے ۹۔ سفرہ۔ خوان۔ مطلب۔ اگر دشمن تیرے خوان نعمت پر آ بیٹھے تو اس کے
ساتھ بھی تو تواضع سے پیش آ اور اگر وہ تیرا سر بھی مانگے تو دریغ نہ کر اور بہت سے اپنا نام بلند کر ۱۰۔ ابریشم
اون۔ بال۔ گرگ۔ ویرال۔ نفس امارہ۔ مطلب۔ اے مخاطب تو اپنے جسم کو خط ابریشم آرائش
کیا دیتا ہے حالانکہ یہ بھیڑیئے کے بالوں کو آرائش دینا ہے ہاں اپنے سرکش نفس کو مطیع کر (وہ گرگ ہے) اسے
گوسفند بنا تب کمال ہے ۱۱۔ آہ فریاد کہ تو نے مجھے آتش عشق سے جلا دیا اور اب اسکو مرہم کے لائق
بھی نہیں سمجھتا مرہم عطا نہیں کرتا تیرے جس کو تو داغ عشق عطا کرے پہلے اسے دیکھ لے کہ یہ داغ
دائمی کے لئے موزوں بھی ہے یا نہیں اسکو برداشت کر سکتا ہے یا نہیں ۱۲۔ اسے نظیری عشق نے تیرے
رتبہ کو بلند کر دیا یعنی تیرے سخن کو چہار دانگ عالم میں مشہور کر دیا یہ سخنگوئی کے دعوے کو بلند کر دیا
۱۳۔ معنی بیان کریم اسلام زادوں سے دل لگا لینے میں کیا لطف ہے اور ان پر دل و جان فدا کرنے سے
کیا فائدہ ہیں لو اب ایک بت ترسا سے عشق کرونگا اور اسیر اپنا ایمان نثار کرونگا ۱۴۔ مجھے اس کی
ایک نگاہ لطف کی امید ہے اس لئے اپنے کو اسقدر پامال بنانا چاہیے کہ چشم عزیزان کے لئے سرمہ
بن جاؤں تاکہ شاید اسکی نگاہ کبھی مجھ پر بھی پڑ جائے ۱۵۔ تو نے باوجود تشنگی راہ ظلمات اسقدر مصیبت
و پریشانی برداشت کرکے طے کیا لیکن بد قسمتی کہ تو نے اپنے جام حباب بنا کر آب حیواں کے کنارہ
پر توڑ دیا یعنی جب مقصد پر پہنچا تو اسے حاصل نہ کیا۔ اور تشنہ لب آرزو کو آب مراد سے ترستا کیا
۱۶۔ شیوہ۔ ہنر۔ مطلب۔ محبت میں ہنر کی ضرورت ہے وہاں عقل کا کام
نہیں اس لئے کہ یہ عقل کی بات نہیں کہ زلیخا نے حضرت یوسف کو قید خانہ
میں بند کرا دیا کہ شاید اس سختی سے وہ میری [illegible] کا دم بھرنے لگے اور خود روزانہ
وہاں جایا کرتی پس اسکو قید کرنا اور روزانہ وہاں جاتا رہنا اسکو عقل کا
کام تھا لیکن بالکل بیکار اس فعل سے کچھ حاصل نہ ہوا پس عشق میں

حکمت عقل بیکار ہے کچھ کام نہیں کرتی ہے ۵۔ اہرمن۔ دیو۔ وہ دیو جسکے پاس حضرت سلیمان علیہ السلام
کی انگشتری پہنچ گئی تھی لیکن کم ہمتی کے باعث سلطنت نہ کرسکا **مطلب**۔ کار عشق ہمارے اندازے اور
قدرت سے باہر ہے اسلئے کہ عشق میں رسوائی ضروری شئی ہے پس اگر رسوائی کی پروا نہ کی جائے تو البتہ مراد عشق
پر پہنچ سکتا ہے ورنہ دیو سفید کی طرح جلد ہی اس سے کنارہ کش ہونا پڑیگا جسطرح وہ سلطنت سلیمانی سے بہت
جلد کنارہ کش ہوگیا تھا ۶۔ **زورق**۔ کشتی۔ **مطلب**۔ حضرت خضر کی رہنمائی کی امید پر دریا
میں کشتی ڈال دینا اور بیابان میں گھوڑا دوڑانا نادانی ہے بلکہ اپنی قوت بازو سے اسے سر کرنا چاہئے ۷۔
۔ بچوں کی ہم مکتبوں سے باہم محبت ہوجانا اس بات پر گواہ ہے کہ تعلیم عشق کے لئے معلم کی ضرورت نہیں
وہ خود بخود پیدا ہوجاتی ہے استاد دیکھا کہ تعلیم عشق نہیں دیتا وہ خود بخود محبت کرنے لگتے ہیں ۸۔ اگر تو اہل
دل ہے تو دونوں عالم کو نرد عشق پر ہار دے (ترک کردے) اس لئے کہ میں نے دیانت کسی کو جیتتے نہیں دیکھا۔
ہزاروں اپنی متاع عمر کو ہار کر چلتے بنے ۹۔ **مقامر شیوگان**۔ جوا کھیلنے والے۔ **مطلب**۔ جسطرح
جواریوں کی عادت ہے کہ پہلے متاع کو ہارتے ہیں پھر خود کو پھر ایمان کو اسیطرح ہماری قمار عشق میں حالت
ہے کہ اول تو مال و متاع نثار کیا پھر دل و جسم اور پھر ایمان بھی ہار گئے افسوس ہے ۱۰۔ **حریفیت**۔
ہم پیشہ۔ **مطلب**۔ اے منعم! تم یہاں فقیروں کی گلی میں کیوں کھڑے ہو جاؤ تم ہمارے ہم پیشہ
نہیں بن سکتے تمہارے دل تو دنیوی مال و دولت سے آلودہ ہیں فقیروں کے ساتھ بیٹھ کو بار دینا
کچھ آسان نہیں پہلے تو مال و جاہ کی حرص سے باز آؤ پھر فقیری کا خیال کرنا ۱۱۔ بیلاف زنی [illegible]
سربازوں کے سامنے لاف زنی کی جائے کہ آؤ اگر مقابلہ کی ہمت ہے کیا کہ ایک گوشہ میں گوئے چوگان لیکر
بیٹھ گئے اور اپنے آپکو مرد میدان سمجھنے لگے۔ اگر کچھ ہمت ہے تو میدان میں آؤ ۱۲۔ اگرچہ قمار میں جیتنا تو
نہیں مگر جیتنے کا شوق ضرور ہے ہر ایک یہی خواہش کرتا ہے کہ میں جیت جاؤں بس اسی طرح ہم کو تیرے بوسہ
لب کا ذوق ہے حالانکہ حصول بوسہ مشکل ہے اور ہم گریبان چاک کیے ہیں لیکن کیا سود ۱۳۔ عشق
میں زیبا تو یہی ہے کہ میں (قائل) اپنے کو ہار جاؤں لیکن غیرت کے ہاتھوں مجبور ہوں کہ وہ مقابلہ [illegible]
ہونے دیتی ۱۴۔ اپنی چہل سالہ عبادت کو ایک ترسا زادے کے عشق میں سربازار ہار دیا [illegible]

عوض دیدینا اس چہل سالہ زہد و ورع سے بہتر ہو ۱۵ ۔ اے نظیری وقت مردن میری مفلسی کی حالت سے تو خبردار نہیں میری یہ حالت تھی کہ ساحل ہستی پر پہنچ کر جان دیدینا اور سر و سامان زندگی کو طوفان کی نذر کردینا ایسی مفلسی کی حالت تھی کہ کچھ بھی پاس نہ تھا ۲ ۔ اے محبوب تیرا عشق میرے اجزا کا شیرازہ ہے اور تیرا شوق طلب میرے وجود کے دفتر کی فہرست ہے یعنی تیرا عشق ہمارے وجود کا باعث ہے ۲ بسملہ یعنی بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ فاتحہ ۔ آغاز دیباچہ مطلب میری شرح تمنا کا دیباچہ تیرے گوشۂ ابرو کی بسم اللہ ہے یعنی میری تمنا کا آغاز تیری ابرو سے ہوتا ہے ۳ ۔ اے معشوق میرے تمام اجزا و اعضا تیرے عشق کے داغ سے مثبت ہیں (ہر عضو پر داغ عشق موجود ہے) اور میرا بند بند تیرے عشق کے تعلق سے مربوط ہے رگ رگ میں تیرا عشق سرایت کئے ہوئے ہے ۴ ۔ مرجع رجوع ہونیکی جگہ معراج ۔ آلہ ۔ نردبان ۔ سیڑھی مطلب ۔ تیری گلی جو کہ میرا مرجع ہے اور میرا پاؤں نردبان مراد پر رکھا ہوا ہے اب میں بام وصال تک پہونچ جاؤں گا ۔ ۵ ۔ طوطی گویا ۔ شکرخا ۔ مراد نہ طبع باعتبار سخن سنجی مطلب ۔ میری طوطی گویا سے خوش نوا طبع) میرے شکرستان (کلام شیرین) سے شکر خور ہے یعنی یہ میرے ہی کلام شیرین نظام کا اثر ہے کہ جو میری طبع خوش نوا ہے ۶ ۔ میرے بلبل گویا (طبع) کی زمزمہ سنجی تیرے چمن حسن ہی کی تعریف تک محدود ہے کہ ہمیشہ غزل سرائی کرتا رہتا ہوں (چمن تیرے حسن کی تعریف ہوتی ہے) ۷ ۔ اے معشوق میں اس قدر ارزاں ہوں کہ تو اگر چاہے تو مجھکو مفت ہی میں خرید سکتا ہے اور تو اسکا خوف نہ کر کہ میرے خریدنے سے تجھکو نقصان ہوگا ۸ ۔ کالا ۔ بنا لیجئے ۔ اسباب ۔ مشتری ۔ خریدار ۔ مطلب ۔ تو میری جنس کی قیمت چاہے کچھ بھی نہ دے ، بیچ فروش کیا کچھ کم ہے کہ تجھ جیسا ٹھہر و اسکا خریدار بنا رہی اسکی قیمت ہے ۹ ۔ میں اپنے رفیقوں سے جو راہ حقیقت کے راہرو ہیں بہت پیچھے رہ گیا ہوں اپنی مستی کے سبب سے لیس اگر تو اب مجھ پر رحم نہ کریگا اور منزل مقصود پر نہ پہنچائے گا تو میرے اس طالع نارسا پر افسوس ہے ۱۰ ۔ اے نظیری [illegible] یہاں رخصت زوال میں بیٹھا ہوا ہے کہ [illegible] [illegible] پہنچا [illegible] [illegible] [illegible] پہنچ گیا ۔ [illegible]

سبب سے مجھے یہ جگہ (درجہ) ملی ہے ؂ ۱ ۔ اے معشوق مین تیرے عشق کو اپنے سے جدا نہیں کرسکتا اور
اگر اسکا ارادہ کرون بھی تو ناممکن ہے اسلئے کہ وہ اس قدر گران بار ہے کہ تمام جہان بھی اگر اس کو برداشت کرنا چاہیے
تو بھی اسے نہ اٹھا سکے ۔ تمام جہان ملکر اسکا متحمل نہیں ہو سکتا ہے یہ میرا ہی کچھ حوصلہ ہے کہ میں اسے
برداشت کیے ہوئے ہوں ؂ ۲ ۔ میرے اور معشوق کے درمیان روز ازل ہی سے ایک ایسا راز وابستہ ہے کہ
میں اس راز کو اپنی جان سے بھی نہیں کہہ سکتا اس قدر پوشیدہ رکھتا ہوں ؂ ۳ ۔ ہمارے ہی ارادوں
کے سبب سے ہمکو محرومی حاصل ہے (ہماری ہی کمزوری ہے کہ ہم محروم رہتے ہیں) پس ہم اس ؂ اپنے
قصور کو آسمان کے سر کس طرح تھوپ (لگا سکتے ہیں) سکتے ہیں ۔ یا ارادت الہی نے ہمارے مقدر میں
محرومی لکھدی ہے فلک کی کیا شکایت ؂ ۴ ۔ ہم معشوق کے ہاتھ سے پیالہ کیسا ہی تلخ نوالہ ہو اگر حاصل
ہے تو اسے گوارا ہی کرنا پڑیگا اسے زبان سے دور نہیں کر سکتے ۔ (مصیبت برداشت کرنا ہی ہوگی) ؂ ۵ ۔ جب
سر کو جسنے اسکے آستانہ سے بلند کیا ہے اسے وہاں ہی فدا کرنا ہوگا کسی اور آستانہ پر فدا نہیں کرسکتے ؂
۶ ۔ **پرنیاں** ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو چاندنی میں رکھنے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے **مطلب**
میرا مغز (دماغ) داغ جنون سے اسقدر آشفتہ ہو رہا ہے کہ میرے سر کو پرنیاں پر بھی نہیں رکھ سکتے ۔
(یعنی کسیطرح آرام نہیں ملسکتا) ؂ ۷ ۔ میری عشرت کا توسن اس قدر سرکش ہو چالاک ہے اور نافرمان کہ اسکے
ایک بال سے بھی عنان کو مس نہیں کرسکتے یعنی اسے چھو بھی نہیں سکتے پس وہ میرا کیونکر کسطرح بن سکتا ہے
خلاصہ یہ کہ مجھے عیش و عشرت (مونس صحیح ہم) حاصل نہیں ہے ؂ ۸ ۔ **اساس** ۔ بنیاد ۔ **مطلب**
عالم و ارکان (دنیا) سے ثبات باہر ہے یعنی دنیا فانی ہے اسکے لئے بقا نہیں پس دنیا میں آرام و ثبات
کی بنیاد نہیں رکھ سکتے ؂ ۹ ۔ فضائے چرخ ایک ایسا بیضہ خوار ہے (مارا گنجا نوروں کے انڈے کھا جاتا
ہے) پس اسکے نیچے آشیان نہیں بنا سکتے ۔ یعنی آسمان بر سر پیکار ہے دنیا مین اسکے ہاتھوں آرام نہیں
ملسکتا ؂ ۱۰ ۔ **عالم لامکان** ۔ عالم آخرت ۔ نظیری کا ایک فرزند فوت ہو چکا ہے اسکے غم میں یہ اشعار
کہے ہیں **مطلب** ۔ میرے عزیز خاندان (فرزند) نے دنیا سے کوچ کیا اور عالم آخرت کو بسایا ہے
لیکن افسوس کہ ہم لامکان تک کسطرح پہنچ سکتے ہیں ؂ ۱۱ ۔ اسکے لئے جان فدا کر دینا آسان ہے

لیکن اسکے جسم مردہ میں جان ڈالنا ناممکن ہی پس اب بجز صبر کیا چارہ ہ۔ افسوس ۔ مقطع دیوان میں
موجود ہی لیکن مولف نے نظرانداز کر دیا ہی" شارح) ۱۔ ا۔ دل (دلام) دنیا میں بیدردی کا علاج
نہیں ہی اور تو مرض بیدردی میں مبتلا ہے پس تو صحت یاب نہیں ہو سکتا ورنہ تو عشق کے باعث ایسا
کافر بن گیا ہی کہ اگر تجھ پر وحی بھی نازل ہو تب بھی تو با ایمان نہیں ہو سکتا ۔ ۲۔ آسمان گردش کر رہا ہی اور
عشاق کا معاملہ بھی ایسا ہی جیسے سرا گم ہو گیا ہو یعنی جب ہم گردش میں سرا ہاتھ سے چھوٹ جاتے تو اسکا
پھر ملنا آسان نہیں ہے عشق میں دردسری اور مصائب کا سامنا ہی) ۔۳۔ اسے ہوا پرست معشوق
حقیقی کے قرب کو کہ جسکی آرزو خاصان الٰہی تک رکھتے ہیں تو نے مفت میں اپنی خطاکاری سے
کھو دیا اب تو اسے آسانی سے نہیں پا سکتا ۔ ۴۔ معیر ۔ جوہری ۔ نادان ۔ نقصان ۔ **مطلب**
تیرا سخن سیم و گوہر کی مانند ہی پس تو اس کو جوہری کے پاس لیجا اور اگر وہ اسکی قیمت کو گھٹا دیگا تب بھی تیرا کچھ نقصان نہ ہوگا
اس کے گھٹانے سے کچھ قیمت گھٹ تھوڑی سکتی ہی پس تو کسی اور سخن سنج کو تلاش کر تاکہ وہ اسکی قدر کرے ۔
۵ ۔ طراز ۔ بنیاد ۔ نقش و نگار ۔ پھل ۔ مطلب ۔ شاعر کی طبیعت باغ کی مانند ہی اور نظم و نثر اسکی
شاخ و پھل ہیں اگر کوئی دہقان نافہم اپنی حماقت کے سبب سے اس کی بنیاد و جڑ کو کھود بھی ڈالے
تو اس کو نقصان نہیں پہونچ سکتا ہو ۔۶۔ اسے لوگوں اپنی جوئبار کی طراوت پر نازاں نہو اور میری
نوبہار پر آواز نہ کسو کہ جب کل فصل الٰہی سے تمام صحرا گلزار ہو جائیگا تو تمہارے بوستان کی قدر و منزلت
جاتی رہیگی پس اس پر غرور نہ کرو ۔۷۔ رات ہی کو تجھے اپنی جو سودا کرنا ہی کرلے اس لئے کہ کل صبح گرمی
بازار کے باعث تجھکو دوکان بھی نہ مل سکے گی یعنی جو کچھ کرنا ہے آج کر لے کل پر نہ ٹال ۔۸۔ ظالم بادشاہ
کو مظلوم لشکر پر فتح و فیروزی حاصل نہیں ہو سکتی اور جب رعیت محتاج و مظلوم ہوتی ہی تو پھر وہاں پر ظالم
بادشاہ نہیں رہ سکتا معزول ہو جاتا ہی ۔۹۔ خطاب ۔ پنہان ۔ ممسک ۔ اے مخاطب نظیری کا خطرہ و حوصلہ
تو بہت زیادہ ہی لیکن ساقی خاموش ہی پس اگر یہی صورت رہی تو مہمانوں کا مجمع نام و نشان نہ رہیگا سبب
میزبان کے بخیل ہی تو کون مہمان اسکے ہاں جائیگا ۔۱۰۔ اعشاد ۔ کینہ ۔ مطلب ۔ مدہوش میری یاد میں
شراب پی کر بھی سیکڑوں دل غم کھا رہے کہ افسوس اسوقت نظیری نہوا کہ لطف مدہوشی حاصل ہوتا اور جسکے

پس میں اپنے مطلب کو آہ و فغاں سے کس طرح زبانی بند رکھوں کہ عشق کمبخت ہفت آسمان کی کنجی مجھ ہی سے
طلب کرتا ہے یعنی چاہتا ہوں کہ آہ و فغاں کو ہفت آسمان تک پہونچا دوں ترجمہ ۸ - میں اپنے آپ کو دوسرے
کشتوں سے زیادہ علیحدہ رکھوں چاہتا ہوں تاکہ داور محشر کے سامنے مجھ سے زیادہ مظلوم کوئی اور شہید
نہ ہو کہ جو الطاف و کرم کا باعث ہو ترجمہ ۹ - محشر میں ہر ایک شخص اپنی اپنی دھن میں ہوگا اپنے اپنے کام میں
مصروف ہوگا لیکن ذرا میری مصروفیت سنو میں ہوں گا اور اس شوخ غزال کا دامن ہوگا جو ہمیشہ مجھ سے
بھاگتا تھا ترجمہ ۹ - اے نظیری بس کچھ انتہا بھی ہے آہ و زاری کی کب تک یہ دلخراش آہ و نالے کرتا رہیگا
اور لوگوں کو کب تک اپنی گریہ و زاری سے تکلیف پہونچاتا رہیگا - بارہ ترجمہ ۱ - کتنا اچھا وہ وقت ہے کہ جب
دو دل بیٹھے پردے میں آپس میں گفتگو چھیڑتے ہوں گذشتہ واقعات عاشق بیان کرتا ہو اور شکوہ و گلہ کو طول
دیتا ہو ترجمہ ۲ - اور معشوق کبھی اپنے نیاز پنہاں کے باعث عاشق کو نظر مہر سے دیکھے اور کبھی عتاب ظاہری
سے ناز و انداز کے ساتھ عاشق پر نظر ڈالے ترجمہ ۳ - بہانہ آفریدن - بات بنانا تاویل گڑھنا -
مطلب - اور عاشق اسکے اس عتاب کو تاڑ جائے تو آہستہ آہستہ خود اپنے دل میں گڑگڑا کر اور بہانہ کر کے
(شکوہ کے) باعث جو عتاب ہے اس کو معشوق کے دل سے دور کر دے کس قدر الفت کا وقت ہے ترجمہ
۴ - اے معشوق تو اپنے جفا کشوں کو ظلم و جور سے مار ڈالتا ہے لیکن ان بلاکشوں کے منہ سے سوا
تیری درازی جان کی دعا کے وہ کبھی نیاز کے ساتھ اور کچھ نہیں نکل سکتا ترجمہ ۵ - اے محبوب تو ہماری جان
شیریں کے ساتھ اس طرح گھل مل گیا ہے وابستہ و مربوط کہ اب تجھ کو اور جان کو ایک دوسرے سے امتیاز
نہیں کر سکتے کہ جان کونسی ہے اور تو کونسا ہے ترجمہ ۶ - سر و برگ - اوسان سامان - مطلب تمہارے
سبب سے مجھ میں سجدہ بت ادا کرنے کے بھی اوسان نہیں ہیں پس میں کس طرح بغیر جمعیت دل نماز ادا کر سکتا
ہوں. یعنی جب تم دور ہو تب نماز ادا کروں ترجمہ ۷ - اے نظیری تو نے اپنے آپ ہی کو کونسا درست کیا
سنبھالا کہ ہماری درستی کریگا رہا ہمارے ساتھ اچھائی سے کیا پیش آئیگا جب اپنے نفس ہی سے اچھائی
سلوک نہ کیا خدا کی قسم تجھ سے دور (احتراز) رہنا واجب ہے تو خود تو دیوانہ بنا ہوا ہے ہماری
دیوانگی کو کیا دور کر سکتا ہے - ردیف الواؤ - ۱ - رطل - بڑا پیمانہ - مطلب - زمانہ میں ہر قسم

عیش و نشاط موجود نہیں ہی پس اس وقت کو غنیمت جان اور جام لبریز کو تلاش کر (یعنی پی) اور وہ مطرب
جو اپنے نغموں سے آسمان کو بھی وجد میں لائے کہاں ہی تاکہ ہمکو مسرور کرے ٭۲۔ رفعت ۔ بلندی
مطلب تاج عزت اور تخت رفعت سب موجود ہی اب سلطنت کے لئے ایک جوانمرد بلند اقبال کی ضرورت ہے
وہ کہاں ہے یعنی دنیا میں جو جوانمرد بلند اقبال اور رضا دوست ہی اس کے لئے تاج عزت اور تخت رفعت
موجود ہی ٭۳۔ **بوم** ۔ زمین ۔ **کبک** ۔ چکور ایک پرندہ **مطلب** ۔ مملکت عشق کا تمام دشت و بوم
عشاق سے پر ہے وہ جرہ شاہین (معشوق) جو کبک (عاشق) کا شکار کرے کہاں ہی ۔ سب امید لگائے
بیٹھے ہیں ٭۴۔ حادثات زمانہ سے روز و شب ہمیرنگ باری ہو رہی ہی ہم آشیان سے اڑنا چاہتے
ہیں تاکہ سنگباری سے محفوظ رہیں لیکن پر و بال کہاں جو اس سے بچکر اڑ سکیں (یعنی دنیا سے قطع
تعلق کریں) ٭۵۔ **دار الجہل** ۔ جہالت کا گھر ۔ **مطلب** ۔ دنیا خود پرست لوگوں کے وجود کے
سبب سے دار الجہل بنگئی ہی پس اگر امام مہدی علیہ السلام انکے اطوار کے خوف کے سبب سے ظہور نہیں
کرتے (جو مصلح ہیں) تو دجال ہی پیدا ہوتا کہ قیامت برپا ہو جائے اور یہ گمراہی و تاریکی مٹ جائے
۶۔ اپنے حسب مدعا کسی کے دیوان (مجموعہ) سے بھی فال نہیں نکلی پس حافظ شیرازی کا مبارک فال
دیوان لاؤ (کہاں ہی) کہ ہمارے حسب مراد اس سے فال نکلے ٭۷۔ اس معشوق کی گلی میں بوالہوسوں کا
اسقدر مجمع ہی کہ وہاں نظیری کی خیالی آمد و رفت بھی بند ہو گئی ہی پس اسکا غمزۂ قتال کہاں ہی کہ جو
بوالہوسوں سے اسکی گلی کو صاف کرے تاکہ میرے لئے راستہ پیدا ہو ٭۱۔ اے معشوق تیری دوری
کے باوجود بھی ہم تجھ سے دور نہیں ہو سکتے اور تیرے اس قرب پر عاشق کو خود اپنے آپ پر رشک
ہے کہ مجھے تیرا اسقدر قرب حاصل ہی (نحن اقرب الیہ من حبل الورید) ٭۲۔ اے معشوق تجھکو تیرے
کرشمہ حسن نے سرگردان بنا رکھا ہی عجب تماشہ ہی کہ نہ تو میں تیرے سامنے ہوں اور نہ تجھ سے
پوشیدہ ہی ہوں یہ بھی تیرے حسن کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہی ٭۳۔ تمام عالم میں تیرے دل صبور کے
سوا اور کوئی ایسا صابر دل میں نے نہیں پایا کہ تو نے آئینہ کو بھی جو بے قید ہے (ہر شخص کے دیکھنے
کی ہوس رکھتا ہی) اور خیرہ چشم اور بسیار دوست ہی اپنی نظر سے گرا دیا ۔ آئینہ کے ہوتے ہوئے

اپنی رونمائی سے باز رہنے پر صبر کیا ہے ۴۔ اے معشوق تیری نمکین چشم نے جو نہایت تلخ ہے مجھکو سراپا
تلخ بنا دیا ہے اور میں نے اپنے لبوں کو پستہ کی طرح تیرے خندہ سے شور نہ بنایا یعنی باوجود اس تلخی کے تیرے
خندہ کا لطف نہ اٹھایا ہے ۵۔ اے معشوق مجھے تو تجھسے یہ امید تھی کہ مرنے کے بعد تو میری شمع مزار
بنیگا لیکن افسوس کہ مرنے کے بعد تو درکنار زندگی ہی میں تو نے اپنی آب و تاب مجھے نہ دکھائی تو بعد مرنے
کیا امید ہو سکتی ہے ۶۔ سور۔ خوشی۔ مطلب۔ اگر تو مجھے قتل کر دے اور میری تعزیت کیلئے
آئے تو ماتم کرنیوالوں کے ماتم میں ایک خوشی پیدا ہو جائے فریفتگی ہو کہ وہ شریک جو اہل عزا میں
ہیں شادی رچی ہوئی ہے ماتم سرا میں ہی رکھوا لیں ہیلوی) ۷۔ عرصہ۔ شور۔ میدان حشر
مطلب۔ اور اگر تو فاتحہ کے لئے میری قبر پہ آئے اور فاتحہ خوانی کرے تو میں بروز محشر
جس طرح زندہ ہوں گا اسی طرح زندہ ہو جاؤں ۸۔ تیرے حسن خداداد کو قضا و قدر نے عجیب حسن
عطا کی ہے کہ اگر اہل ماتم تجھکو دیکھ لیں تو انکا ماتم خوشی سے مبدل ہو جائے ۹۔ اے نظیری تو اس
خون فشردہ دل کا کبتک غم کرتا رہیگا اس لئے کہ خود کردہ را علاج نیست تو نے اپنا دل خود اس کی نذر
کر دیا تھا تجھے کسی نے زبردستی تو کچھ نہیں کی تھی پس اب اسکا غم بیکار ہے ۱۔ تتار۔ تاتار۔ نظیری
تاتار کا دلدادہ ہے کہتا ہے مطلب۔ کہ قافلہ تاتار کہاں ہے تاکہ میں کوئی ہمنفس اپنی جان کی قیمت
دیکر خریدوں مجھے ایک تاتاری ہمنفس کی خواہش ہے ۲۔ گریہ شبرو۔ گریہ شبگیر۔ مطلب
معشوق تاتاری خواب شیریں ہی میں صبر و تحمل کو غارت کر دیتا ہے پس میرے گریہ شبگیر میں شورش
کا زور کہاں ہے (گریہ میں کچھ شورش نہیں اگر وہ ہوتا تو شورش ہوتی) ۳۔ معشوق تتاری کا غم
میرے لئے بہت ہی ناخوشگوار ہے پس بادہ خوشگوار کہاں ہے کہ میں اس سے اپنے دل کو تسکین دوں
ناصحوں کی دوائے نصیحت تو کچھ فائدہ نہیں دیتی ۴۔ میں جو زمزمہ سنجی نہیں کر رہا ہوں اس کا
سبب یہ ہے کہ مجھے نشاط چمن میسر نہیں ہے اور میں جو عیش و نشاط میں مشغول نہیں ہوں اس کا
یہ موجب ہے کہ مجھے رونق بہار حاصل نہیں ہے اگر یہ تمام سامان مہیا ہوتا تب میں زمزمہ سنجی کرتا ۵۔ نامراد عاشق کیلئے جو اونٹ شہر اپنا
طرف سے نشاط کا رستہ روکے ہوئے ہیں اسکے لیے سوا اسکے کونسے جانان کے اور کونسی طرب گاہ ہو سکتی ہے جو عیش و نشاط

حاصل ہو لیکن حوادث راستہ روکے ہوئے ہیں یعنی عیش و نشاط حاصل نہیں ہو سکتی ۔ ۵۔ اصحاب
کہف ۔ لغوی معنی صاحبان غار ۔ یہ سات عابد و زاہد بزرگ بادشاہ دقیانوس ظالم کافر کے خوف سے
شہر سے بھاگ کر ایک غار میں چھپ گئے تھے ان کے ساتھ ایک کتا بھی تھا جس کا نام قطمیر تھا حکم الٰہی
سے تین سو سال تک اس غار میں سوتے رہے اس کے بعد بیدار ہوئے اور پھر سو گئے اور اب تا قیامت
سوتے رہینگے ۔ اسمائے اصحاب کہف مفسرین نے ان کے حسب ذیل بتلائے ہیں ۔ ۱۔ یملیخا ۔
۲۔ مکسلمینا ۔ ۳۔ کشفوطط ۔ ۴۔ تبیونس ۔ ۵۔ کشافطیونس ۔ ۶۔ اذرفطیونس ۔ ۷۔ یونس
بوس ۔ مطلب ۔ میں سگ اصحاب کہف کی طرح وفا میں مستعد ہوں کہ باوجود وفا تہ کشی کے انکے
ساتھ رہا اسی طرح میں بھی رنج و غم برداشت کر رہا ہوں پس میرے حملہ کرنیکے لئے شکار کہاں ۔ منزل
مقصود ہے تاکہ میں اس سے منفعت حاصل کروں ۔ ۶۔ مشام ۔ تالو ۔ دماغ ۔ مطلب گل
معشوق کی خوشبو سے تمام جہان کے دماغ معطر ہیں لیکن تو بہت تمیز نہیں کہ کوئی اسے سمجھ سکے لیکن میں
ناامیدی سے نا اتحاد رہا ہوں اور اسی سے واقف ہوں پس حاصل انتظار وصل کہاں ہو کہ میں اپنی
مراد کو پہنچوں ۔ ۷۔ گزک ۔ وہ نمکین چیزیں جو میخوش مینوشی کے بعد استعمال کرتے ہیں ۔ مطلب
کسی شخص نے بغیر میرے جگر کو گزک بنائے بغیر شراب ناب شوری بغیر رنج و تکلیف پہنچائے کوئی
احسان نہ کیا اب میں درد سر سے چور چور ہو رہا ہوں پس ایسی شراب جو خمار آور نہ ہو کہاں تاکہ اسے
نوش کروں اور خمار سے محفوظ رہوں ۔ ۸۔ معشوق کے لب شیریں سے مجھے عیش مدام کی آرزو ہے اور اس نے
بھوکوں کی طرح شراب پی ہے سے بے صبری کیا تھا پس مجھے مستی پائدار عطا کی جائے تاکہ پھر شراب کی
خواہش نہ رہے ۔ ۱۰۔ انقلابی کا مقدر ازل ہی سے فتنہ انگیز پیدا ہوا ہے پس راحت زمانہ کہاں ہے
کہ جس سے توشہ عشرت حاصل ہو ۔ ردیف الہاء ۔ ۱۔ مشوش ۔ پریشان ۔ شور ۔ جب
حضرت نوح علیہ السلام کی قوم نے نافرمانی کی تو آپ نے قوم کی تباہی کی دعا مانگی اور وہ قبول
ہوئی ۔ ایک پیرزال کے تنور سے فوارۂ آب نکلنا شروع ہوا اور بڑھتے بڑھتے طوفان عظیم بن گیا ۔
مطلب ۔ میں دیوانہ ہوں کہ اپنے گھر سے سودائی بن کر نکلا ہوں اور بادیہ پیمائی کر رہا ہوں گویا میں

طوفان نوح ہوں جو تنور پر آتش سے نکلا ہوں سراسیمہ ہوکر طوفان لئے ہوئے اسکے عشق میں میں نے
گھر کو خیرباد کہا ہی ۲۔ میں وہ عاجز شکار ہوں (بدبخت شکار ہوں) کہ اگر صیاد میرے شکار کے لئے
آمادہ ہو تو میرے کینہ کی تاثیر سے تیر و کمان ترکش سے ٹوٹے ہوئے نکلیں اور میں صید ہونے سے
محروم رہوں۔ ۳۔ میرا پیالہ کبھی بھی غم کی تلچھٹ سے خالی نہیں ہو سکتا اس لئے کہ میری اور میرے میکدہ
کی آبجکل بنی ہوئی ہی پس ہمیشہ میرا پیالہ بھرا رہیگا کبھی خالی نہ ہوگا ۴۔ ان تمام نقوش میں جو اس
چرخ منقش سے لوگوں کے عیش تلخ کرنے کے لئے ظاہر ہو رہے ہیں میرے اختر سعد کے پانسہ پر کوئی
نقش نہیں ہی یعنی مجھے سعادت حاصل ہی ۵۔ میں ایسی بزم میں پہنچ گیا ہوں کہ جہاں سے طبیعتیں آزردہ
ہوکر آتی ہیں لیکن میرے کلام بلاغت نظام کے سبب بجائے طعنہ زنی کے وہاں مجھپر گل فشانی ہو رہی
ہے داد سخن مل رہی ہی ۶۔ خدا کرے کہ بادشاہ کی طبیعت میرے جرم سے آزردہ ہو اگرچہ آزردگی کے
سبب سے وہ اسے معاف کردیگا) اس لئے کہ میرے گھر سے ہی ناب برآمد ہوئی ہی (جو جرم ہی) ۷۔ ملے
نظیری مجھے خوب ستا کہ یہ شراب (جنون دینے والی ہی) مجھے دیوانہ نہ بنا دے کہ پری کیطرح یہ بوتل سے
نکلی ہی اور جن و پری کا غلبہ دیوانہ بنا دیتا ہی (جن و پری کو اکثر عامل شیشہ وغیرہ میں قید کر دیتے ہیں)
۱۔ اے معشوق تیری اس سنہری ٹوپی نے اپنی آرایش و زیبایش میں قیصر کے تاج کو بھی ماند کر دیا ہی اور
اسے رہین منت بنایا ہی ۲۔ اگرچہ تیرے چہرہ پر زلف و خال بھی خوشنمائی میں کچھ کم نہیں لیکن یہ
تیرا خط جو تیرے رخسار پر نمودار ہی ان سے بھی بڑھ چڑھ کر ہی ۳۔ اے محبوب تیری آغوش جان تن
بازو و سینہ زلف سے معطر و معنبر ہی اور تو نے زلف معنبر کے خم میں ایک خوشنما اور تر و تازہ پھول رخسار
چھپا لیا ہی ۴۔ اے معشوق تیرے لئے تیرا حسن ہی زیور ہی تو نے اپنے گوش و سینہ پر اس قدر زر
کا بار کیوں رکھا ہی (تیری آرایش کو تیرا حسن ہی کافی ہی) شعر نہیں حاجت زیور کی جسے خوبی خدا نے دی
کہ دیکھو بھلا لگتا ہی آخر چاند کو گہنا ۵۔ تو نے جشن ملوکانہ کی بزم ترتیب دی ہی۔ اور اسی طرح
میدان رزم کو گرمایا ہی (تیرا حسن فتنہ انگیزی کر رہا ہی) یعنی اسباب بزم کے ساتھ اسباب رزم
بھی موجود ہیں ۶۔ مینا۔ شراب۔ مطلب۔ اسباب بزم تو یہ ہی کہ تو نے مے کو ہاتھ میں لیا ہے

ہے اور سناان رزم یہ کہ شراب سرخ کے مقابل خنجر تیرے ہاتھ میں ہی خنجر کو ساعد سیمیں سے تشبیہ دی ہے۔ تو اپنے غرور حسن کے سبب سے کسی کی کبھی مراد دل نہ بر لا سکا ان کے بخت اور طالع پر اس بد قسمتی و نامرادی کا الزام لگایا۔ حالانکہ انکی نامرادی کا سبب تو ہی ہے ۸۔ اے معشوق تیرے شیرین لبوں پر تیرا خط عاشق ہے گویا تو نے چیونٹیوں (خط) کے رستہ میں شکر (لب) کا دام بچھا دیا ہے ۹۔ تیرے موتی جیسے لفظ (کلام) سے آب حیات ٹپکتا ہے گویا تو زلال خضر و سکندر پر اپنے لب کو رکھے ہوئے ہے کہ آب حیات اس سے ٹپک رہا ہے ۱۰۔ رسیلہ کے بجائے سفینہ یعنی کشتی زیادہ اچھا ہے مطلب۔ نظیری کے نظم و نثر کے اوراق جو تیرے ہاتھ میں ہیں ان کو دیکھ اور یہ سمجھ کہ وہ مجموعہ نظم و نثر ایک سفینہ پیا گوہر اور ایک بحر رواں ہے ۱۔ آب رز۔ شراب انگوری مطلب اس میخانہ دنیا میں شراب عشق نے جوش نہ کھایا پختہ نہ ہوئی اور نہ جرعہ خوار کی خاک اس سے سیر ہوئی ۲۔ یہ شراب کی تہ ابتک درد آمیز ہے اور ابتک اس میں صفائی پیدا نہ ہوئی ہے اس نگین خانہ یعنی دنیا میں درد آلود ہے) ۳۔ تو نے ابھی تک میکدہ سے ذائقہ شراب ہی نہیں چکھا اور تیرے لب اب تک اس سے شیریں نہ ہوئے ۴۔ مجھے ان لبوں (لوگوں) پر تعجب ہوتا ہے کہ شیطان لعین ابلیس کو پیدا کرنے والے نہ ہوئے (علائق دنیوی میں مبتلا رہے اور افعال بیہودہ سے کنارہ کش نہ ہوئے) ۵۔ اے معشوق تجھکو گل چینوں (بوالہوسوں) سے پرہیز رکھنا چاہیئے اسلئے کہ تیرا خط ابھی فرش یاسمیں نہیں بنا ہے (شباب کا عالم ہے ابھی سے پامال نہ ہونا چاہیئے) ۶۔ جس کسی نے ایک دفعہ بھی تیرا نظارہ کیا ہے وہ پھر زمانہ میں کسی غم سے متاثر نہیں ہو سکتا ۷۔ اے معشوق تیرا سیب سیمیں ابھی عشاق کے حلقہ میں میوۂ دزدیدہ کی طرح جیب و آستین میں رکھنے کے قابل نہیں ہوا ہے یعنی تو ابھی کمسن ہے ۸۔ سلسبیل جنت میں ایک چشمہ ہے جنت بریں بہشت چار میں مطلب۔ ایسا کون شخص ہے کہ تیرے رخسار کے چشمہ سے اس کی طبیعت جنت برین نہ بنگئی ہو (یعنی تیرے رخسار کے بوسہ سے طبیعت جنت برین بن گئی) ۹۔ دیدۂ ارغواں زار۔ اشک خونین رونیوالی مطلب تیرے دیدار سے چشم عشاق گریہ خونین کر رہی ہے اور مژگاں

ارغواں زار نہیں کردہ تیرے باغ حسن کی خار چین نہیں ہو سکتیں۔ تیرے باغ حسن سے لطافت اندوز نہ ہو سکیں گے
۱۰۹ - اے معشوق نظیری کی پیشانی پر جو نقوش سجدہ مرقوم ہیں وہ بغیر تیرے قبول نظر کے نہیں ہیں۔ یعنی نظیری
تیرا مقبول نظر ہے جب ہی تو اس کی پیشانی پر نقوش سجدہ موجود ہیں ۱ سر دادہ - عاشق خود کردہ
مطلب - اے معشوق تو نے پوشیدہ ہی پوشیدہ ہمارے پاؤں میں اپنے عشق و محبت کی زنجیر ڈال دی ہے
اور اپنا فریفتہ بنا دیا ہے اور غلامی کا داغ اس دل کی پیشانی پر بطور نشانی لگا دیا ہے ۲ - راہ وفا میں
میرا ایک قدم رکھنا بھی ایسا تھا کہ تو نے اپنی نازک طبیعت پر ہزاروں پہاڑ کا بوجھ رکھ دیا ہے ۳ - خاطر
بخیر اگر تو نے گریہ و زاری میں میرے فنا ہونے کا شوق رکھا ہے تاکہ اس فنا سے مجھے وصل بقا حاصل
ہو ۴ - اے محبوب اپنی شوخی و کرشمہ کو اسقدر ارزاں مت کر کہ تو نے میرے دل پر اپنا نسبت کی
تحت مہر لگا دی ہے پس تو دوسروں کو اپنا جلوہ نہ دکھا اس کا اہل بس میں ہی ہوں ۵ - درج ڈبہ
ڈبیا۔ مطلب تو نے اپنے لبوں کی ڈبیا سے ہم کو یاقوت مفرح کھلا دی ہے یعنی تیری گفتگو سے شیریں
مفرح قلب عاشقاں ہے ۶ - اے محبوب ہم تجھسے بے نیاز نہیں ہو سکتے کہ تو نے ہمارے سرشت خمیر
کے وقت ہم میں ہزاروں کا سرمایہ رکھ دیا ہے تاکہ ہم ازل سے ابد تک تیری محبت کو فراموش نہ کر سکیں
۷ - اے معشوق ہم اپنی اس ہائے وہو سے رنجیدہ نہیں ہوتے کہ تو نے اس میں ہزاروں نعمتوں کا مزہ
پیدا کر دیا ہے پس باعث تصدیع نہیں بلکہ باعث لطف و آرام ہے ۸ - خوردہ ہائے گل - پھول کا
زیرہ مطلب - بلبل ہمیشہ آہ و فغاں ہی میں مشغول رہتی ہے پس اے غنچہ تو ہی بتا کہ تو نے اس
خوردہائے گل میں کیا اسرار رکھے ہیں کہ جو بلبل کی آہ و زاری کا باعث ہے ۹ - اے نظیری زمانہ
ہمیشہ کسی کے ساتھ عہد و وفا پر قائم نہیں رہتا ہے یعنی باوفا نہیں ہے بڑے تعجب کی بات ہے کہ تو نے ایسے
۹/۲ جانی دشمن کے ساتھ اپنا دل لگایا ہے ۱ - جس کسی پر تو نے ایک بار عنایت کی نظر ڈال دی اسے تو نے
قیامت تک دنیا سے بے خبر بنا دیا یعنی وہ قیامت تک دنیا سے بے خبر رہیگا ۲ - مجھے خواہش نہیں کہ میرا
تیری گلی سے صحیح سلامت گذر جاؤں اور بلا میں مبتلا نہ ہوں اس لئے کہ میرا پاؤں جدھر بھی پڑتا ہے
سر شانہ پڑے نظر آتے ہیں۔ تیرا کوچہ ہے یا سر خاک یا گنج شہیداں ہے۔ پس مجھے سر سلامت

پیچاپنکی کیا امید ہو سکتی ہے ؛ ۳ - سودا زدہ دل اسقدر تیری زلف کے خموں سے وابستہ ہیں کہ عقل
کو اس میں (دانشکا) پہونچنے کی بھی گنجائش نہیں ؛ ۴ - دل عاشق تیری باتوں سے یوں شوریدہ ہو رہے
ہیں کہ تو تیری ہنسی کیساتھ نمک بھی ملاتا جاتا ہے (سخنہائے تلخ) ؛ ۵ - تیرے دہن نازک و تنگ کے دائرہ
میں فہم گم ہیں (حیران ہیں) اگرچہ تو نے اول ہی انکو حلقہ خیال سے دور کر دیا ہے یعنی اول تو عشاق تیرے
خیال ہی کو دیکھکر مشتعل و مدہوش ہو بیٹھتے ہیں اور اگر بچ بھی گئے تو تیرا دہن نازک انکے ہوش و حواس
گم کر دیتا ہے ؛ ۶ - ہمارے دل کا کیا شمار کہ وہ تیرے روئے پرنور کا شیدا ہو سکے تو نے تو سیکڑوں خانماں
صرف اپنے تبسم سے برباد کر دیے ہیں ؛ ۷ - بادشاہ درویش کے تنگ و تاریک جھونپڑے میں کب
ٹھیرتے ہیں (تاہم) کبھی کبھی فرماتے ہیں لیکن زہے نصیب کہ اے شاہ حسن تو ہمارے جھونپڑے کی طرف سے
گذرا ؛ ۸ - اے محبوب تو نے میری چشم گریاں کو گریہ کے سیکڑوں دجلہ عطا کر دیے ہیں (جاری ہیں) اور
میں اسکی آگ سے جل رہا ہوں تعجب ہے کہ تو نے خشک و تر میں آگ لگا دی (میرے وجود میں جو خشک
ہے اور گریہ تر میں جو تر ہے) ؛ ۹ - سر رواں - شمع جہاں زیادہ اچھا ہے اور میں اسی سے معنی لکھتا ہوں
(تشریح) مطلب اے شمع جہان مجھے تو دیکھ کر تیرے گرد پھرتے پھرتے میرا کیا حال ہو گیا ہے گویا میں ایک پروانہ ہوں
کہ جس کے پر و بال گر گئے اور وہ اٹھ اٹھ کر رہ جاتا ہے ؛ ۱۰ - میں نے خیال کیا تھا کہ اس راہ عشق کو طے
کر کے میں تجھ (منزل مقصود) تک پہنچ جاؤں گا لیکن میں نے راہ عشق کو ایک ہی قدم طے کیا تھا کہ
معلوم ہوا کہ میں منزل سے اور بھی زیادہ دور ہو گیا پس اب منزل تک پہونچنا محال ہے ؛ ۱۱ - میں
وہ ہادی کہ میری تدبیر کی منت کش (بندہ - غلام) تقدیر تھی - میرا ہر کام اور ہر تدبیر پوری ہوتی تھی
لیکن اب تیرے عشق میں یہ حال ہے کہ میرے ہاتھوں کو تقدیر نے باندھ دیا ہے (مجبور کر دیا) اور میرے
سامان کو خیر تدبیر سے گرا دیا (لاچار کر دیا) اور منزل مقصود تک نہ پہونچ سکا ؛ ۱۲ - اے نظیری تو نے
بہت ہی پرخطر راستہ (راہ عشق) اختیار کیا ہے پس تجھکو ابھی سے شب گیری کرنا چاہیے کہ اول
شام ہی (تیار شب) تاکہ خطرات سے محفوظ رہے ؛ ۱ - اے معشوق تو نے ہمیں غم کی سزا دی ہے
اور ہمارے دل کو شور و شر عطا کر دیا ہے ہم نے سب کچھ قبول کر لیا ہے کیونکہ وہ تیرا عطیہ ہے ؛ ۲ - حاصل

تسلیم اب سوائے گل وبرگ رضا کے اور کچھ نہیں ہو اسلئے کہ تو عادل ہو جفا جو نہیں پس ہمکو بھی آرام
وچین حاصل ہو ⁂ ۳ - اگرچہ ہم کو دنیاوی عیش وعشرت حاصل ہوگیا ہو لیکن پھر بھی ہم نے تیری
بندگی کو نہیں چھوڑا اور اگرچہ تو نے ہمکو آزاد کردیا ہو لیکن ہم پھر بھی تیری غلامی میں مشہور ہیں (ہماری
عزت کا باعث ہو) ⁂ ۴ جب خداوند عالم نے تمام ارواح سے فرمایا کہ (الست بربکم، کیا نہیں ہوں میں
تمہارا رب) سب نے کہا بلی (ہاں تو ہمارا رب ہو) نظیری اسکو ایک خاص ندرت سے بیان کرتا ہو -
کہ روز ازل سے ہمارا بلاؤں سے ساتھ کیوں نہ ہوتا اس لئے کہ الست بربکم پر ہمنے بلی کہا ہو اسنے
بلا خیال کیا اور ہمارے ساتھ بلاؤں کو وابستہ کردیا (نظیری کثرت مصائب سے تنگ آکر کہہ رہا ہو)
۵ - روش کے بجائے روش پڑھیئے - مطلب - حسین جنس کو اسے معشوق تو رد کردیتا ہو وہ پھر
ایسی بے وقعت ہوجاتی ہو کہ اسے کوئی مفت بھی نہیں خریدتا - پس تو مجھکو اسی قیمت پر جو تو نے
لگائی ہو (ہیچ - مفت) خریدلے اور رد نہ کر تاکہ میں مقبول جہاں بن جاؤں ⁂ ۶ جب تیرا عشق
بغیر مے وساغر کے مستی عطا کرتا ہو تو پھر تو نے میخانہ پر مجھے کیوں بیکار گدا بناکر بٹھایا ہو - مجھے
اپنا عشق ہی عطا کر تاکہ سرشار ہوجاؤں دوسرے کا محتاج نہ بنا رہے ⁂ ۷ - جس کسی نے بھی تیرے جمال
جہاں آرا کا مشاہدہ کیا اسنے دولت جاوید حاصل کرلی گویا تو نے اپنی زلف سیاہ کے سایہ کو ہما
بنایا ہو کہ جسکے سر پر سایہ فگن ہوتا ہو وہ دولت سے مالا مال ہوجاتا ہو ⁂ ۸ - ستر - چھپانا - مطلب
ہمنے تو بے ادب ہونیکے باعث سیکڑوں قصور اور خطائیں (گناہ) کی ہیں لیکن تو ایسا کریم ہے کہ تو نے
اپنی کثرت حیا کے باعث ہمارے گناہوں کو اپنے دامن عفو وعطا سے چھپا لیا ⁂ ۹ - غائب وحاضر
ہر جگہ تو ہمارے پاس رہا ہے (نحن اقرب الیہ من حبل الورید) اگرچہ ہم اپنی غلطی وکم عقلی کے
باعث تیری طرف سے منہ پھیرے ہوئے ہیں (نافرمانی کررہے ہیں) لیکن تو اپنی توجہ ونظر عنایت
ہمپر مبذول کئے ہوئے ہو (عنایت وعطا کررہا ہو) ⁂ ۱۰ - تشنگی - پاسبانی - مطلب
جب میں گریۂ شب گیر کرتا ہوں تو اس دل کی پاسبانی کیوں ہوتی ہے جبکہ تو نے میری مردمک
دیدہ کو لعل قبا (شہید خنجر تیز خونریز) بنادیا ہو - دل کو بھی خون کردے شاید اسکی حفاظت

کی یہ وجہ ہے کہ تیرا امکان (منزل) ہے ؎ ۱۱ - مودت - دوستی **مطلب** - اے محبوب چاہے تو نظیری سے دوستی ترک کردے یا اسے چھوڑ دے کوئی غم نہیں اسلئے کہ سایہ آفتاب سے جدا ہو ہی نہیں سکتا پس تو آفتاب ہے اور میں سایہ ہوں مجھ میں تجھ میں جدائی ہو ہی نہیں سکتی ؎ ۱ - اپنی حالت بیان کرتا ہے کہ میں ایک شکستہ دل رکھتا ہوں کہ اس کو دیکھکر دوسرے دل بھی شکستہ ہو جاتے ہیں اور وہ ایسا دل ہے کہ جب معشوق کی ہر صدائے پا پر (سے) چور چور ہو جاتا ہے ۲ - میرا جسم جدا و ثبات غم سے اس کشتی کی طرح ہے جو دریا کی تہ میں بیٹھ جائے اور ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی ہو ؎ ۳ - **رعنایاں** - معشوقاں **عود** - ایک قسم کی خوشبودار لکڑی ہوتی ہے **مطلب** - ان معشوقوں کے ہاتھ میں رجو مجھے آتش عشق سے جلاتے ہیں) میں عود کیطرح سرسبز شکستہ ہو رہا ہوں (عود بھی چور چور ہوتی ہے ؎ ۴ - آسمان کو میری درستی پر قدرت حاصل نہیں ہے (مجھے درست نہیں کر سکتا) اس لئے کہ میں ایسا درخت ہوں کہ اول ہی جسکی شاخ ٹوٹی ہوئی نمودار ہوا اور یہ قاعدہ ہے کہ وہ پودا جسکی پہلی کونپل (شاخ) ٹوٹ جائے سرسبز نہیں ہو سکتا - پس میری درستی و سرسبزی محال ہے ؎ ۵ **سقف** چھت **گنبد مینا** - فلک **مطلب** - کوئی شخص بھی اس سبب سے میری فریاد اس بام (دنیا) پر نہیں سن سکتا کہ اس گنبد مینائی کی چھت ٹوٹی ہوئی ہے اور میری فریاد اس کے پار نکل جاتی ہے ؎ ۶ **بجرم آستین جدا شکستہ** - میری موت سے عمداً کنارہ کش ہے **مطلب** - افسوس موت بھی تو مجھے غم سے رہائی نہیں دیتی کہ وہ عمداً میری موت سے کنارہ کش ہے موت بھی تو مجھے نہیں آتی ؎ ۷ - شب دنیا کی قدر دانوں کے ہاتھوں برباد ہو گئی (دنیا میں رات کی کچھ قدر نہیں ہے جسطرح طاؤس کے پیروں سے اسکے پیروں کی قدر گھٹ گئی طاؤس کے پیر پروں کی طرح خوبصورت نہیں ہوتے ورنہ سیاہی شب بھی اپنی رعنائی اور زیبائی میں کچھ کم نہ تھی ؎ ۸ - کوہسار اس سبب سے ہمیشہ سرسبز اور خرم رہتا ہے کہ شیشہ ہائے شراب توبہ کرنیوالے اکثر پتھر (کوہ) ہی پر توڑتے ہیں اور شراب ناب کی ریزش انہیں شاداب کر دیتی ہے ؎ ۹ - میں اس وجہ سے آج کی خوشی سے ڈر رہا ہوں کہ میرا دل کل کی خوشی سے شگفتہ ہے کہ دیکھئے کل بھی خوشی نصیب ہوتی ہے یا نہیں - اسی غم میں آج کی خوشی کو بھی غم

بنی ہوئی ہے اور میں ڈر رہا ہوں کہ دیکھئے یہ خوشی کیا رنگ لائے ۱۰۔ زمانہ ہر شخص کے ہنر کا م میں ایسا
عیب دیکھتا ہے (عیب نکالتا ہے) اور یہ فطرت ہے کہ ہر ایک کو دوسرے کی برائی بہ نسبت ہنر کے جلد
نظر آئیگی اور برائی نکالیگا۔ اور اس عیب کو ہنرمندوں کے سر لگایا جاتا ہے کہ بے ہنر ہیں یعنی زمانہ
ہنرمندوں کا دشمن ہے ۱۱۔ زال رعنا۔ دنیا۔ مطلب۔ اس کہن سال زال رعنا نے اپنی
چالاکی سے ایسا جادو کا تیر رہا کیا ہے کہ اسنے حضرت موسیٰ کے معجزہ کو بھی شکست کر دیا ہے ۱۲۔ اگرچہ پہلے تو
فتنہ سے بہت ہی ڈرتا تھا لیکن اب اس نے اپنی ہمت مردانہ سے سپاہ غم و فتنہ کو ایک ہی حملہ میں
بھگا دیا اور شکست دیدی ہے ۱۔ شاب۔ جوان مرد۔ مطلب۔ اے ساقی اپنے چہرہ سے نقاب اٹھا
اور پیر و برنا کو مدہوشی کے لئے بار طلب کر اور صومعہ دار عارفوں کو شراب خالص عطا کر ۲۔ اے
ابر کریم آخر ہم تیرے فیض ہی کے پروردہ ہیں اب تشنگی کے باعث ہمارے دل سے دھواں اٹھ رہا ہے
پس اسکو آب کرم سے بجھا دے ۳۔ عشق نے (جو ہمارا ادیب ہے) ایک حرف بھی ہمارے لیے دل پہ
تحریر نہ کرایا پس اے معشوق اب تو ہی اپنی کتاب حسن سے ایک باب (حصہ) عنایت کر کہ ہم با ادب
ہو جائیں معلم عشق سے تو کچھ حاصل نہ ہوا ۴۔ بیرتاب ادہ۔ ترک کر۔ مطلب۔ ہمارے
اس دل پامال کو ایک بار تو زمین سے اٹھا کر دیکھ کہ اس میں تیری محبت ہے یا نہیں اگر تیری محبت کا
داغ اسیر نہ ہو تو اسے پھینکدے ورنہ سرفرازی عطا کر ۵۔ مجھے تیری زلف کی خونریزی سے خوف ہے
کہیں وہ تجھکو بدنام نہ کرے کہ اسکے حلقہ سے دل خون ہو ہو کر ٹپک رہے ہیں پس تو اس کو اس قدر
قدرت و قوت نہ دے (تاب) اسقدر آزاد نہ کر تاب سے مراد گوندھنا بھی ہو سکتا ہے۔ اسقدر نہ گوندھ
۶۔ جو کوئی بھی ہمارا ہم زانو بنتا ہے (عشق اختیار کرتا ہے) پھر اس کو خواب سے سروکار نہیں رہتا پس
اگر تو تاب بیداری نہیں رکھتا ہے تو خواب ہی میں مخمور رہ اور عشق کا نام نہ لے یہاں تو بیداری کا سامنا
ہوگا ۷۔ افسوس کہ تیرے طوفان عشق سے میرے دل کی روشنی ختم ہوگئی میں نے تو تجھ سے اجابت
کی خواہش نہ کی تھی کہ تجھے تو اسطرح سیلاب عشق سے برباد کر دے ۸۔ صبوح۔ صبح۔ مطلب
حرارت عشق سے ہر رات ضعف دل ترقی پذیر ہو جاتا ہے پس مجھ پر تو رحم کر اور ایک صبح (روزن) تو مجھکو

اپنے شربت عناب (لب شیریں) سے سرفراز کرتا کہ ضعف دل دور ہو۔ ۸۔ اے محبوب نظیری تجھکو اپنی چشم
جان کے تنگنائے دل سے دیکھ رہا ہے اور تیرا روئے روشن محراب دل کی طرف ہے پس ان بوالہوسوں سے
اپنا روئے روشن تو پھیرا ہی رہنے دے یعنی سوائے اس دل کے اور کسی طرف نظر نہ کر۔ ۱۔ طلاق دہ
ترک کر سنجاب۔ مخمل۔ مطلب۔ اے طالب حقیقت اس خواب اور تکیہ حریر و بستر مخمل کو چھوڑ (ترک کر)
تاکہ تو آگاہی سے ہم انس ہو سکے۔ (حقیقت سے آگاہ ہو) ۲۔ ہر وہ نقش غرور جو تیرے دل پر نقش ہو اسکو
مٹنے تک دھو ڈال اور نام و نسب کے سر کو مکان کی طرح سیلاب کی نذر کر دے (رسوائی اختیار کر)۔
۳ جلباب۔ پردہ چادر۔ مطلب۔ اگر ساقی تجھے مینوشی کے لئے کہے تو زہد و پارسائی کو نثار
اور اگر مطرب نغمہ سرائی کرے تو اپنی جبہ و دستار جلباب اتار کر رکھدے (زہد و پارسائی کو بالائے طاق رکھ)
۴ سالوس۔ مکر و فریب۔ مطلب۔ اے عارف ہمارا بادشاہ وقت رند ہے پس تو بھی جامہ رندی
پہن اور اس جبہ سالوسی اور تسبیح ریائی کو ترک کر۔ ۵۔ نظر دریوزہ کن۔ اپنی نظر کی بھیک لے
مطلب۔ اے ساقی (معشوق) دردمندوں کا علاج اپنی اس نظر کی بھیک سے کر اور مستحقوں کو اپنے
دو لعل ناب (لب) سے زکوٰۃ دے (نظر عنایت) اور لب شیریں سے انکا علاج کر کہ وہ تجھ سے اس نظر عنایت
کی بھیک مانگ رہے ہیں۔ ۶۔ خار و خارا۔ تجنیس زائد۔ خارا بمعنی سنگ سخت۔ مطلب جب تو نے
یہ روش اختیار کی ہے کہ تو جلوہ نمائی کر رہا ہے تو پھر ذرا کوہ و صحرا کی طرف بھی قدم رنجہ فرما اور خار
و خارا کو اپنے کرشمہ حسن سے قاقم و سنجاب (مخمل و ریشمی کپڑا) بنا دے۔ ۷۔ اے غافل میدان دنیا
میں تو اپنی حرص و ہوا کے توسن کو کہاں اڑائے لئے جا رہا ہے اگر یہی حالت رہی تو منزل مقصود سے
تو دور ہو جائیگا پس عنان کو روک (موڑ)۔ ۸۔ معشوقان ہندی کے نظارہ دل سے تیری آنکھیں بے نور
ہو گئی ہیں۔ اب معشوقان (غیر) ہندی سے اپنی آنکھوں کو روشن کر (نظر یہ کہ یکجائی نہ دو) ان کو
چھوڑ۔ ۹۔ اے نظیری رات ختم ہو گئی اور منزل دور ہے۔ راہزن گھات میں ہے۔ دل بیچارہ بے وقت
ہو گیا پس اس اسباب کو یہیں چھوڑ اور راہزنوں سے جان بچا کہ تیری جان کے دشمن ہیں یعنی وسواس
شیطانی سے بچ اور علائق دنیوی کو چھوڑ کر ہلکا ہو تاکہ تو منزل مقصود پر پہنچ سکے۔

ردیف الیاء ۱۔ گلبن طراز - باغبان ۔ سفال - کوزہ مطلب : باغباں کی جو مشاطۂ
گلزار ہے مجھے کوئی ضرورت نہیں ہے اسلئے کہ اگر عشق چاہے تو ایک کوزہ سے جنت کو نمایاں کر دے پس میرے
گلزار عشق کے لئے باغباں کی کیا حاجت ۲۔ غنچہ گل در گلو دارد - غنچہ آمادہ شگفتن است مطلب
میری بہار محبت تازہ رو ہے غنچے کھلنے کے لئے تیار ہیں (عنقریب کھلنا چاہتے ہیں) پس اسکی تازگی اور
آرائش کے لئے صبح رحمت کا ایک خندہ (نظر عنایت ہم ہی) کافی ہے کہ اسی سے ترو تازگی حاصل ہو جائیگی ۳
۳۔ اگر وقتی کیفیت کے تقاضا سے میری جنس کو خریدار نے رد کر دیا اور دلال نے ٹھکرا دی (اہل زمانہ نے میری
قدر نہ کی) تو مجھے اسکا کچھ غم نہیں اگر میری جنس واقعی نفیس و عمدہ ہے تو کسی نہ کسی وقت ضرور خریدار پیدا
کرے گی ۴۔ عشق جو کہ میرا مربی و شفیق ہے میرے کام کو نادرست کب چھوڑ سکتا ہے اگر وہ مرد ہے اور بوئے عزت
رکھتا ہے تو ضرور مجھے میرے مقصد پر پہونچا دیگا ۵۔ میری ہمت اب جس مرتبہ پر ہے اگر اس سے آگے بڑھے
تب میں سمجھوں کہ ہاں اب میں نے ترقی کی اور میں کوئے ترقی میں پہنچ جاؤں ۶۔ یہ نالے جو میں کر رہا ہوں
نہ تو اسمیں درد ہے اور نہ کسی کو رلاتے ہیں (غم آور نہیں ہیں) جو کوئی سنتا ہے یہی کہتا ہے کہ نغمۂ دلکش ہے
یہ نالے کہاں ہیں ۷۔ اگر ہوا میرے دست شوق کو معشوق کی نقاب تک پہنچا دے تو اسے قطیفی میں
اپنی آستین کو اسکے تحفہ بھر نبات (یعنی کلام شیریں) سے بھر لوں ۱۔ گل سوری - لالہ پھول مطلب
بہار کا وقت ہے پس تجھے چاہئے کہ لالہ زار میں خیمہ زن ہو (سیر کر) اور لعبت چینی (معشوق) کو اپنی مصاحبت
کے لئے ساتھ لے اور جام فغفوری کو دور میں لا حاصل یہ کہ عیش و نشاط کر ۲۔ اور معشوقان بدخشاں (جو کہ
لعل قبا ہیں) کے نظارہ سے اپنے چہرہ کو ترو تازہ کر اور نشاپوری محبوبوں (کہ جو سبز خط ہیں) کیساتھ ہنوز
شکر ۳۔ اور تیرے لئے بھی کتنا سامان عیش مہیا ہے کہ تیرے ہاتھ رطل مینائی کیطرح (جو کہ معشوق کی
گردن ہے) اسکی گردن میں پڑے ہوئے ہیں اور ساعد سیمیں (جو کافور کی مانند ہے) کے تو بوسے رہا ہے ۴۔ بوس
و کنار (وصل کا اسباب) سب مہیا ہے پس اسے معشوق نے کیطرح اب مجھسے زیادہ دور نہ رہنا ۵۔ ہم تیرے
(خوشگوار زندگی) پانی کی موج کی طرح ناپائدار ہے پس حباب کی طرح ہمیشہ کے لیے ہے ناب سے تعلق (رشتہ)
پیدا کر تاکہ عمر خوشگوار حاصل ہو ۱۔ موسم بہار ہے پھول بے حجاب ہو گئے ہیں بلبل نغمہ سرائی کر رہی ہے کیا

اگر تو اس سے چھپا بیٹھا رہا تو تیرے اوپر ہزار نفرین و ملامت ۲۔ ہم مست کچھ ایسے مدہوش ہو رہے ہیں کہ
انھیں اپنے سر و پا کی بھی خبر نہیں لیکن تو اپنے غرور کے باعث نہیں چاہتا کہ کسی پھول کو زیب دستار بنائے
(اور بہار سے محظوظ ہو) ۳۔ اے بلبل نرگس دو بینی میں اسوقت مبتلا ہے پس تو اپنی یکرنگی میں اگر صدائے
انا الحق بلند کرتا کہ دو رنگی سے نکل ۴۔ اے نظیری ختم مجلس ہو کر ہمارے شیشہ میں اب بادہ نہ رہی سب
مست ہو گئے ہیں پس اس باقی شراب سے وہ ایک گھونٹ تو بھی لے تا کہ خمار رفع ہو ورنہ تجھے کل کہنا
پڑیگا کہ میں نے کل کیوں نہ پی لی ۱۔ اے معشوق تو جانتا ہو کہ میرا ہر ایک مو صبر سے لبستہ نغمہ ساز ہو (یعنی
صبر کی صدائیں نکل رہی ہیں) اور میرا دل کسی کی بات سے رنجیدہ نہیں ہوتا اور اگر وہ رنج سے متاثر ہو تو
میرا دل نہیں ہو بلکہ دوست کا دل ہو ۲۔ تحریک نسیم ۔ وزیدن نسیم مطلب نسیم کے ایک ہلکے ہی
جھونکے سے میری طبیعت پریشان ہو جاتی ہو گویا وہ خود رائی میں زلف یار کی مانند ہے کہ اسکی ایک
ادنی تحریک پریشانی کا باعث ہوتی ہو ۳۔ نہ تو مجھے پند ہی سے کچھ فائدہ حاصل ہوتا ہو اور نہ عشق کے
باعث مجھے بہبودی میسر ہو مجھے ایسے دل سے واسطہ پڑا ہو کہ امسال ہی وہ پارسال کا حکم رکھتا ہو (یا پارسال
کی دیوانگی ابھی سے نمایاں ہو) ۴۔ میں جب تک قدح مے سے محبت نہیں پیوں گا اسوقت تک اسرار الہی
کا دروازہ مجھ پر نہیں کھل سکتا ۵۔ زلف صنم کا رشتہ میری جان کے سر رشتہ سے کچھ اس طرح محکم ہو گیا ہو
کہ میری رگیں پیوند زنار بنی ہوئی ہیں (رگ رگ میں عشق کی آگ موجود ہو) ۶۔ ہدف ۔ نشانہ مطلب
میں عشق میں لوگوں کے طعنوں کا اس طرح نشانہ بنا ہوں کہ بچے مجھے دیوانہ سمجھ کر اس قدر سنگباری کرتے
ہیں کہ میرا دامن کوہسار بن گیا ہو ۷۔ کینہ جوئی کے سبب سے فلک کی تمام رات آنکھ نہیں لگتی اس فکر میں وہ
ایسا ہوشیار رہتا ہو کہ تم خیال کروگے کہ وہ بیدار رہے ۸۔ اسکا خونخوار غم کچھ اس طرح ہاتھ دھوکر میرے
پیچھے پڑا ہو کہ اس کو بس دنیا میں مجھ ہی سے واسطہ ہو اور کسی سے کچھ تعلق نہیں دنیا میں ایک میں ہی
ستم رسیدہ اور مبتلائے رنج و محن ہوں ۹۔ اے نظیری تو ایسے شیریں و نازک نکات ادا کر رہا ہو
کہ معلوم ہوتا ہو کہ تیرے گھر میں شکر کے خرمن اور پھولوں کے تودے لگے ہیں ۱۔ روز ہمہ نا ئی
ایام جوانی ۔ مطلب ۔ ایام جوانی گذر گئے مگر دل کی خواہش (امنگ) ویسی ہی باقی ہو ضعف پیری

ص ۸۵　غز

ایک مصیبت بن گئی ہو لیکن اشتیاق کا سیلاب اُمڈا چلا آتا ہو ۔ ۲۔ عہد جوانی میں میں نے عیش و رندی کے خوب مزے اُٹھائے اور اپنے ان کرداروں سے میں شرمندہ ہوتا تھا لیکن مجھے کیا خبر تھی کہ ایام پیری میں بھی مکاری اور دغابازی (سالوسی ۔ زرّاقی) سے واسطہ پڑیگا۔ افسوس ۔ ۳۔ شاہد ۔ بمعنی گواہ ۔ مصرعہ ثانی میں بمعنی معشوق مطلب ۔ عقلمندوں نے مجھے عادل گواہ خیال کر رکھا ہو لیکن اب میری صلاح کار یہ ہو کہ میں اپنی باقی زندگی کو شاہد پرستی و ساقی نوازی میں گذار دوں ۔ ۴۔ خداوند تعالیٰ کے اس لطف و کرم سے (جو مجھ پر مبذول ہے) مجھے امید واثق ہو کہ بشارتہائے مشتاق جو مجھ سے کی گئی ہیں مجھے ہرگز فراموش نہ ہونگی (یعنی یاد دل سے محو نہ ہوگی) ۔ ۵۔ ان لب شیریں سے جو تلخ باتیں مجھ پر نوازش کرکے اگر تو اس تریاق (لب شیریں) سے مجھے زہر بھی دیگا (سخنہائے تلخ) تو مجھکو اس سے خضر جیسی حیات جاوید حاصل ہوگی ۔ ۶۔ میں نے بوستان کے جمال کو دیکھا کہ میرے بخت و کار سے بہت ہی مشابہ ہے کہ بنفشہ سیاہ روئی میں میرے بخت سے مشابہ ہے اور گل سادہ اوراق میرے کام (کار) کی مثال بے نقوش مطلب ہیں ۔ ۷۔ اے نظیری اپنی طبیعت کو صوت و سخن پر اس قدر آمادہ نہ کر۔ زیادہ گوئی اچھی نہیں ۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ قصۂ اسرار کی نازک داستان زیادہ گوئی کے سبب تو کلی طور پر بیان کر دے اور اُس کا کوئی پہلو باقی نہ چھوڑے ۔ ۱۔ اے معشوق کبھی تو میں تیرے عشق میں خیال سنبل (زلف) کو سینہ پر نقش کرتا ہوں اور کبھی تیرے رخسار کے شوق میں پھول کو دیکھکر جلتا ہوں ۔ ۲۔ بہار کا زمانہ بہت ہی کوتاہ ہوتا ہیں اسے بیکار نہ کھو اور اگر تو اسے بلبل رشک کے سبب سے مجھے سیر گل سے منع بھی کرے اسیر تو مشغول ہو سیر گل سے باز نہ آؤں ۔ ۳۔ شاید شراب دریائے غم سے جو ایک ناپیدا کنار دریا ہو ہماری کشتی کو گرداب سے نکال کر کنارہ پر لگا دے ورنہ تدبیر سے تو اس دریا پر پل نہیں بندھ سکتا (یعنی تدبیر کارگر نہیں ہوسکتی) ۴۔ آشوب ۔ شور و سودا ۔ کاخ ۔ محل ۔ ایوان ۔ کاس ۔ پیالہ ۔ مل ۔ شراب ۔ مطلب ۔ وہ دل جس میں آشوب اور جس میں سودائے محبت نہیں اسکی مثال ایسی ہے جیسے بغیر شراب کے جام بیکار ہو ۔ ۵۔ چہار قُل ۔ سورۂ الکفرون ۔ سورۂ اخلاص ۔ سورۂ الفلق ۔ سورۂ الناس مطلب ۔ اگر فیض صبح قضا ہو جیسا سے

تو پھر صبوحی کس طرح ہو لیعنی اگر سحر خیزی نہ ہو تو صبوحی سے محظوظ نہیں ہو سکتے لہذا میں تمام رات صراحی مے
کے عشق میں چار قل پڑھتا رہتا ہوں رشب بیداری کرکے فیض صبح پاؤں) ۶ جب سے معشوق میری
آغوش میں آیا ہے تب سے میری آستین دبغل نافہ آہوے چین اور نافۂ گل بنگلی ہو رہی ہے (معطر ہے) - یعنی جب سے
معشوق کی مشکیں کاکلوں سے میرا بر و دوش معطر ہوا ہے تب سے میری آستین نافۂ آہوے چین اور بغل نافۂ
گل معطر بن گئی ہے ۷ - میں اس تاب گیسو وخم بازو کا غلام بن گیا ہوں کہ جو شاخ سنبل کی طرح شاخ گل پر
لپٹے ہوئے ہیں ۸ - **مطلب** - اسکے رخسار و زنخداں - کعبۂ وچاہ زمزم کی مانند ہیں جس کے سامنے
بتخانۂ کشمیر اور چاہ بابل ہیچ ہیں ان میں وہ خوبی و زیبائی کہاں ۹ - **ساقی** - حضرت علی کرم اللہ وجہہ
سامری - ایک مشرک جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں خاک پائے جبرئیل ایک گوسالۂ طلائی
کے شکم میں ڈالدی اور وہ بولنے لگا تھا اور کچھ لوگ گمراہ ہو گئے تھے **مطلب** - اسے نظیری ساقی سے فیض
حاصل کر سامری را اہل دنیا سے کیا طالب فیض کی خواہش کرتا ہے اور وہ ایسا ساقی ہے کہ جس کے دلدل کی
گرد خاک پائے جبرئیل ہے جس سے گوسالۂ طلائی میں جان و قوت ناطقہ پیدا ہو گئی تھی پس اس سے فیض
حاصل کر ۱ - اے معشوق جس جگہ تو ہوگا وہاں کسی اور کی گنجائش نہیں ہو سکتی اس لئے کہ وہاں سب محو ہو جائینگے
ان کا ہونا نہ ہونے کے برابر ہے پس جب سب محو ہوں گے تو تو ہی تو ہوگا ۲ - شاہان جہاں با ایں ہمہ حشمت
تیری رونمائی بھی نہیں رکھتے پس تیری قیمت کا کیا اندازہ ہو سکتا ہے جب رونمائی کی یہ حالت ہو - ۳ - آفتاب
عالمتاب تیرے سامنے کیا حقیقت رکھتا ہے کہ تیرے خیال میں اس کی کچھ منزلت ہو سکے اور اس ہوا تک
کہ جہاں تیری منزل ہے ذرہ کا بھی پہونچنا ازروے حساب مشکل ہے چہ جائیکہ خورشید ۴ - اگر میں تیرے
عشق میں ایمان سے بھی خارج ہو جاؤں تو کچھ پرواہ نہیں میں تجھ سے نہیں پھر سکتا اس لئے کہ میں پرستار
خدا ہوں اور تو میرا خدا ہے پس ایمان کی کیا پرواہ ۵ - معاملات عشق میں حسد نہیں ہے لیکن دو مقام
پر ایک تو اس جگہ کہ جہاں میں نہ ہوں اور دوسرے جہاں تو ہو - یعنی میں ہوں اور تو نہ ہو اور تو ہو میں نہ ہوں
۶ - ہر وہ صیاد جو تیری گھات میں رہتا ہے اس کو آرام میسر نہیں ہو سکتا اس لئے کہ کبھی تو اس کے
نزدیک تو ہوتا ہے اور کبھی اس سے دور پس وہ کس طرح چین سے بیٹھ سکتا ہے - ۷ اے مفتی تو جس گیاہ

جلوہ بردستان نی کر رہا ہو وہ گیاہ نظیری کو ممکن ہو کہ گل صد برگ نظر آئے تیری دستان زنی سے محو ہو کر (چاہیے)
حجرہ خاکی - دنیا سے مراد ہے مغاک - گڑھا - دنیا - مطلب - اے عشرت پسند کبھی تو نے ایک شب
بھی اس حجرہ خاکی (دنیا) کو ترک نہیں کیا اور نہ صنم پرستی ہی کو چھوڑا اور نہ اس دیر مغاکی (دنیا) کو حرص کے
سبب خیرباد کہا (ترک کیا) ۲ - دیو و ملک کیا ادنی و کیا اعلی ہر ایک تیری بدخوئی کا شاکی ہے اور کبھی کبھی
نے کسی کے دل کو شکوہ سے باز رکھنے کی کوشش نہ کی ۳ مشہود - جلوہ نظارہ حظ - لطف مطلب
تو نے اپنی ہوسناکی کے سبب سے کبھی کبھی کوچہ وحدت (کہ جہان ہمیشہ ظہور حسن برپا ہے - نمایاں ہے)
کی سیر کی اور لطف اندوز نہ ہوا - یعنی تو ہمیشہ کثرت میں مشغول رہا ۴ - اگر تو اس قمار خانہ (دنیا) میں پاکباز
رہتا تو اول ہی (آغاز) میں تجھکو فائدہ حاصل ہوتا لیکن تو نے اپنی تمام عمر دغا بازی اور معصیت میں گزاری
اور کبھی منفعت حاصل نہ کی ۵ - مہد - گہوارہ ایام طفلی - تاک - درخت انگور مطلب - تیرا دل طفلی ہی
سے آلودہ حرص رہا اور تو نے کبھی شراب انگوری کے نشہ سے لذت حاصل نہ کی (شراب معرفت) ۶ - بسمر
بجائے دل پھٹنا چاہیے - عاشق کا دل دیوانہ پھول کی طرح ایک خفیف سی ہوا کی تحریک سے کھل جاتا ہے ہر چند کہ
اس نے غنچہ کی طرح دل کو چاک نہیں کیا لیکن یہ محض معشوق کی نظر عنایت ہے ۷ - شراک - وہ چمڑا جو جوتی
پر پیر کی روک کے لئے لگایا جاتا ہے مطلب تو نے ماہتاب کی طرح اپنی گوشہ کفش کو آسمان پر نہ گھسا (ہمت مردانہ
سے بلندی پر پہونچنے کی کوشش نہیں کی) تجھکو لازم تھا کہ مسیحا (عیسی) کی طرح زنار ہمت کو اپنی نعلین کا تسمہ
بنا (زنار ہمت سے کام لیتا) ۸ - جب زندگی میں تو نے ہمیں کشتۂ ناز نہ بنایا (کہ اصل بقا وہی ہے) تو تو نے
موتوا قبل ان تموتوا (مر جاؤ مرنے سے پیشتر یعنی اپنے نفس کو مردہ بنا لو -) پر عمل کر کے اپنے کو ہلاک کر لیا تاکہ
حیات جاوید حاصل ہو ۹ - لیطن نیلم - سمک - وہ مچھلی جس پر گاؤ زمین قائم ہے - سماک - ستارہ
کا نام جو فلک ہشتم پر ہے مراد از بلندی - مطلب - اے نظیری اس وقت تک تجھے معراج (بلندی و قرب
الٰہی) حاصل نہیں ہو سکتا جب تک تو سمک سے سماک تک نہیں پہونچیگا (ہمت مردانہ سے سماک تک
پہونچے تب مرتبہ معراج حاصل ہوگا (قرب الٰہی) -

تمام شد روضۂ دوم -
نظیری

۱۔ اے صائب دردمندی آہ کو آسمان تک پہونچا دیتی اور اس رشتہ کوتاہ (آہ) کے پیچ وتاب کو بڑھا دیتی ہو حتیٰ کہ آسمان تک آہ پہونچنے لگتی ہو ۲۔ جب مطلب جس طرح کدو سے کہ جس میں شراب بگھرم بھر کر رکھ دیتے ہیں، بہت دشواری کے ساتھ بوئے شراب باہر آتی ہو اسی طرح بے مغز (جو کدو کی مانند ہے کے) سر سے دنیوی جاہ ومال کی محبت نہیں نکل سکتی ۳۔ دیکھو طائر ایک بال (بازو) فلک پرواز نہیں ہو سکتا پس بے حضور قلب اللہ کا نام زبان سے ہرگز نہ نکالو کہ اس صورت میں تمہاری بھی مثال طائر ایک بال کی سی ہے) ۴۔ جلد چلنے والے (تیز چلنے والے) ہموار ودرست راستہ میں بھی ٹھوکریں کھاتے ہیں اور آہستہ چلنے والے ناہموار راستے سے بھی آرام واطمینان کیساتھ گزر جاتے ہیں (پس کسی کام میں تعجیل سے کام نہ لینا چاہیئے) ۵۔ زیردست۔ عاجز مطلب عاجز لوگ اپنی خاکساری کے سبب سے سربلند ہو جاتے ہیں دیکھو جامہ کوتاہ کوتاہ قد کو بھی خوبصورت بنا دیتا ہو (پس اپنے آپ کو سب سے حقیر سمجھنا چاہیئے) ۶۔ اے صائب مرغ دانا قفس کی مصیبت سے تنگ آکر وحشت کے باعث اپنا دل کھا رہا ہو (بےحد غمگین ہے) اس لئے کہ آگاہ دل کو دنیا سے بہت زیادہ وحشت ہوتی ہو۔ ہر وقت وہ یہی چاہتا ہو کہ اب آزاد ہوں اور اپنے آشیانہ کی طرف پرواز کروں ۷۔ ۱۔ اے خودنما اپنی طاعت کو بجائے اطاعت کے اپنی کشود کار کا وسیلہ نہ بنا اور اپنی عبادت کو دوسروں کی طبیعت پر گراں مت کر (اپنی طاعت پر غرہ نہ کر) ۲۔ ۱۔ اے مخاطب اول تو مہمان بنا ہی نہیں چاہیے (یعنی کسی کا مہمان نہ بن کسی سے اپنی خدمت نہ لے) اور اگر تو کسی کا مہمان بنے بھی تو مخدوم بننے کو خادم ہونے پر ترجیح نہ دے اطاعت کو فضیلت طاعت سے کم نہ سمجھ۔ اگر مخدوم بننا چاہتا ہو تو پہلے خادم بن ۳۔ اگر کوئی جماعت (لوگ) کھانے کے وقت تیرا انتظار کرتی ہو تو ورد نماز کو تو ترک کر اور وہاں شریک ہو جا اور اپنے انتظار سے انکا دل خون نہ کر ع دل بدست آور کہ حج اکبر است۔ (لفظ طعام تمثیلاً ہے) دلداری کو نماز سے زیادہ فرض خیال کر ۴۔ اگر تو خدا وند عز وجل کو سمیع رسننے والا) جانتا ہو تو خدا کے لئے اپنی تلاوت قرآن کو بلند نہ کر یعنی اپنے نیک کاموں کا اظہار نہ کر خداوند تعالیٰ خود سمیع وبصیر ہے۔ ورنہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تمہارا نیک عمل صرف ریاکاری اور فریب دہی ہے تاکہ دوسرے لوگوں کو تمہاری پارسائی کا یقین ہو جائے۔

ہرگز کسی کے کام (سخن) پر نکتہ چینی نہ کرو اسکی برائیاں ظاہر نہ کرو بلکہ تم کو پردہ پوشی کرنا چاہیئے۔ ایسے
ہیں سے نوبت چکی (آس آب پیسیا) بہتر ہے جو اپنی آواز کے سبب سے نوبت کی آواز کی پردہ داری کرتی ہے
سیا کی آواز کے مقابل نوبت کی آواز سننے میں نہیں آسکتی ہے ۶۔ یہ کیا ضروری ہے کہ تم مہمانی کو اپنی تلاوت
ن سے درہم برہم کردو۔ تلاوت قرآن ختم کرو اور مہمانوں کی خدمت کرو کیا امر اس سے بہتر ہو ہے ۷۔ دوست
احباب کے ساتھ خوش خلقی سے پیش آؤ۔ اور ترش روئی سے الفت و محبت کو تلخ کام نہ بناؤ کہ یہ بدخلقی ہے ۸
بدعقلوں کی طرح (خلوت نشیناں) تعلقات و ارتباط سے غافل نہ ہو اور ارباب تجرد (خلوتیاں) سے بے تعلق
کنارہ کش ہو اور ان کے ساتھ اپنے اہل صحبت (ارباب) کو جمع نہ کرو وہ اسکے اہل نہیں ہیں ۹۔ وہ ضیافت
دعوت (کہ جہاں تونگروں کا مجمع ہو منعمان ممسک) ان بیچاروں مفلسوں کے لئے شکنجہ ہے (مصیبت) کہ وہاں
کوئی قدم کبھی نہیں رکھنے دیتا بے نیل مرام واپس ہونا پڑتا ہے ۱۰۔ عقیم۔ بانجھ عورت۔ مطلب زمانہ
میں تمام صحبتیں نابید ہیں اور اگر ہیں تو ان سے کچھ فائدہ حاصل نہیں ہوتا پس خلوت نشینی اختیار کرو اور عزلت
غنیمت خیال کر۔ فرد۔ نہ ہی حبیب وہ زمانہ کی نظر آشفتہ۔ کیا ہے مجھکو میر اگوشۂ تنہائی ہے ۱۔ آشفتہ یکسو کیا
جسطرح فصل گل ختم ہو جانے کے بعد خار ہی خار رہجاتے ہیں اسیطرح فصل جوانی گذر جانے کے بعد حسرت
باندہ باقی رہجاتا ہے ۲۔ عمر سبک رفتار سے جو کچھ باقی بچا ہے وہ آہ افسوس۔ سرشک تلخ اور داغ حسرت ہے
سوائے اسکے اور کچھ یادگار نہیں ۳۔ عنکبوت۔ مکڑی۔ امل۔ امید۔ مطلب۔ دنیا میں
در و دیوار پر جو نقشی ہم سے یادگار رہیگی وہ مکڑی کے جالے کی طرح ایک بیکار رشتۂ طول امل ہوگا اور بس ہے
۴۔ خود غرضی میں سوائے ناکامی کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا دیکھو گل چین (جو خود غرض ہے) کے ہاتھ میں
پھولوں کے بجائے خار (ناکامی) ہی پائے جاتے ہیں یعنی سوائے ناکامی کے اور کچھ حاصل نہیں ہے ۵۔ ہم نے
بہت کچھ کوشش کی کہ کوئی ہنر (رفرا) کسیطرح دنیا میں ہمسے کبھی کوئی یادگار باقی رہے اس سے کہ وہ بہت ہی
خوش نصیب ہے جس سے دنیا میں کوئی یادگار باقی رہے لیکن افسوس کہ ہماری کوشش بیکار گئی ۶
۶۔ بہرہ۔ حصہ۔ بیجا صلان۔۔ بدنصیب کم ہمت۔ مطلب۔ بدنصیبوں کو ہمارے کردار سے کوئی حصہ
نہیں مل سکتا جبکہ ہمارے قلم سے یہی باتیں (زندہ اسخن) نکلتی رہیں گی یعنی بدنصیب اس سے بہرہ ور نہیں ہوسکتا

۷۔ ہنگام رحیل۔ کوچ کے وقت مطلب دنیا سے گذرتے وقت ممسک منعموں (بخیلوں) کے ہاتھ
میں درہم و دینار کے شمار کے سبب سے صرف ایک رنگ افسوس باقی رہجائیگا اور بس۔ خالی ہاتھ افسوس
کیساتھ یہاں سے جائیں گے۔ یہ دولت و مال سب کا سب یہیں رہجائیگا ؎۸۔ اے صائب عیش شیریں
میں چاشنی دیتے وقت سیکڑوں تلخیاں پیدا ہوجاتی ہیں (سیکڑوں مصیبتوں کے بعد عیش حاصل ہوتا ہے)
جسطرح سے پتے پھل میں چاشنی پیدا ہونے تک تو باقی رہتے ہیں لیکن جب پھل میں چاشنی پیدا ہوجاتی
ہے تو پیت جھاڑ ہوجاتا ہے اور وہ اسکی چاشنی سے محظوظ نہیں ہوتے ؎۱۔ فقر کے سامنے سلطنت عالم
ہیچ ہے ؎ دیکھو پسر ادہم کو ملک وجاہ کی ہوس نہیں تھی (ابراہیم بن ادہم فارس کے بادشاہ تھے
فقیری کے رنگ میں آکر سب ترک کردیا) یعنی جو اہل فقر ہیں انکو جاہ و سلطنت کی ہوس نہیں ہوتی ؎
۲۔ جب نفس مطیع ہوجاتا ہے تو دانائی کے کام اس سے سرزد ہونے لگتے ہیں کہ جب چور کو کوتوال
بنا دیا جاتا ہے تو تمام شہر میں امن ہوجاتی ہے ؎۳۔ تم گناہ کو معمولی گناہ نہ سمجھو کہ یہ بہت بڑا گناہ ہے (گناہ
خرد گناہ عظیم است) دیکھو حضرت آدم علیہ السّلام کی نظر میں گیہوں کھانا ایک معمولی بات (گناہ) تھی
لیکن وہ ایک گناہ عظیم تھا کہ جسکے باعث جنت سے علیحدہ کردیے گئے ؎۴۔ یہ ممکن نہیں کہ نیکوں کی
صحبت بدوں پر اثر نہ کرے دیکھو پھول کی صحبت نے شبنم کو خورشید تک پہنچادیا۔ آفتاب شبنم کو جذب
کرلیتا ہے ؎۵۔ جو اپنی ہستی یا اپنے دم کو صبح کی طرح تامل سے صرف کرتے ہیں تو وہ اپنے نفس سے
زمانہ کو روشن کرسکتے ہیں کہ صبح بھی تمام زمانہ کو روشن کردیتی ہے ؎۶۔ خاتم۔ انگشتری مطلب
ناممکن ہے کہ حق اپنے آپ کو اپنے مرکز میں نہ پہنچائے (یعنی ضرور حق اپنے مرکز کی طرف رجوع ہوگا)
دیکھو حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری کو دیو کے ہاتھ میں قرار نہ تھا وہ اپنے آپ کو اپنے مرکز (دست
سلیمان) کی طرف پہنچانا چاہتی تھی اس لیئے کہ دیو کو اس کے پہننے کا استحقاق نہ تھا اور آخر کار حضرت
سلیمان ہی کے پاس وہ پہنچ گئی ؎۷۔ حقیقتاً وہ شخص دانا اور عقلمند ہے کہ جو شرم کی تردستی کے
زیادتی شرم) سبب سے خجالت کی گرد ملزم کی پیشانی سے دھو دے معاف کردے ؎۸۔ اسے
صائب ہمت ذاتی اکسیر کا اثر رکھتی ہے دیکھو حاتم طائی کے ہاتھ میں خاک بھی زر وسیم ہوجاتی تھی

اسلیئے کہ اس میں ہمت ذاتی موجود تھی۔ (اسکی سخاوت میں کسی اور کا ہاتھ نہ تھا) ۱۔ ارباب تجرد۔ خلوت گزنیاں مطلب۔ اہل عالم کے دل پر ارباب تجرد کا بار نہیں پڑتا۔ کہ ان کو اہل دنیا سے کوئی مطلب غرض نہیں ہوتا جسطرح حضرت عیسیٰ کے حمل سے بجائے کسی بار کے حضرت مریم میں اور زیادہ سبکروحی پیدا ہو گئی تھی ۲۔ تھوڑی ہی سی مدت میں کم ہمت و سفلہ سے دولت روگردانی کر لیتی ہے اور وہ اس کا متحمل نہیں ہوتا ہے جس طرح حضرت سلیمان کی انگشتری دیو کے ہاتھ میں لعل در آتش رہبقرار تھی اور وہ اس دولت کا متحمل نہ ہو سکا ۳۔ اگر تم دست احسان سے زخمی دلوں کا علاج نہیں کر سکتے یعنی اگر احسان نہیں کر سکتے تو بارے اپنے خلق ہی سے اہل عالم کی تسلی کرو ۴۔ یہ دس دن (عشرۂ محرم) سال میں دانہ افشانی اشک (گریہ) کے ہیں پس تم غفلت سے بغیر گریہ ایام عشرۂ محرم کو نہ گذارو۔ گریہ و زاری بمنزلہ تخم ہو ۵۔ اے صاحب درویشی میں سر سے غرور جاہ جاتا رہتا ہے کہ فقر نے ابراہیم ادہم کا دل جاہ و سلطنت سے سرد کر دیا تھا کہ سلطنت کو ترک کر دیا ۱۔ خداوند تعالیٰ کی حفاظت کے باعث ضعیفوں کا دل مضبوط (قوی) رہتا ہے ضعیفوں کی قوت دل خداوند تعالیٰ ہے جس طرح شیر کے پنجہ کا نشان نیستان کا نگہبانی کرتا ہے کہ اسے دیکھکر کوئی نیستاں میں جانے کی جرأت نہیں کرتا ۲۔ زخم آخر مجرم کو اگر کوئی زخم بھی پہنچ جائے تو اسے ملال نہ ہو (اس لئے کہ وہاں تو قتل کا خوف طاری ہے) کہ قتل کا خوف زنداں ہی کو دل پذیر بنا دیتا ہے کہ بجائے قتل کے اگر یہیں پڑے رہیں تو اچھا ہے۔ یعنی وہ شخص جو قابل کشتن ہے زخم کا کچھ خیال بھی نہ کریگا اس لئے کہ بیم قتل طاری ہے ۳۔ کرگس۔ گدھ۔ مطلب۔ کرگس کو زندگی میں سوائے مردار کے اور کوئی شئے حاصل نہیں ہوتی یعنی مردار ہی اس کی غذا ہے (اور مشہور ہے کہ گدھ کی عمر بہت ہوتی ہے) پس اے درازی عمر کے طالبو! ایسی درازی عمر حاصل کرنے سے کیا فائدہ کہ جس میں مردار کھانے کو ملے پس خواہش درازی عمر بیکار ہے ۴۔ اس گروہ کے لئے (ان لوگوں کے لئے) دعوی ہمت مسلم ہے (وہ اہل ہمت ہیں) جو پیشانی کے بل کو (چین جبیں) درراز دنی احسان خیال کرتے ہیں۔ صاحب احسان نہیں دوسروں پر احسان کرتے ہیں ۱۔ اپنے دل و چشم کو خواب غفلت میں مبتلا نہ کر اور خلوت سحری وجہ خاصان الٰہی کیلئے ایک وقت خاص ہے کے اس خواب و راحت کو ترک کرتا کہ لذت لطف الٰہی سے تو محظوظ ہو سکے!

۲- تو اپنی دولت کے تیز رفتار گھوڑے (دولت) کو مظلوموں کی دعا کے ہاتھ سے بچائے رکھ۔ اپنی تونگری میں کسی کو دکھ نہ پہنچا۔ احسان سے پیش آ۔ ۳- خاکساری اور فقر اختیار کر خشت کا تکیہ اور خاک تیرہ کا بستر بنا اور بستر مخمل پر اس خواب غفلت کو بسر نہ کر۔ اسباب شان و شوکت کی خواہش نہ کر اور عاجزی کے ساتھ زندگی بسر کر۔ ۴- رفیقان موافق سے راہ میں جدا نہ ہو انکے ساتھ ساتھ گامزن ہو اور داغ غربت کو ان کی جدائی سے دو آتشہ نہ بنا (ایک تو غربت اور دوسرے جدائی) یہاں سے جدا نہ ہو۔ ۱- ساقی تجھے جام عطا کر کے اس جہان سے (دنیا) سے فارغ کئے دیتا ہو اور ہر پیالہ میں تیری ایک دوسری صورت (حالت) عالم کے دیتا ہو۔ ۲- اگر یہ چرخ سفلہ تجھے چاہے گوہروں میں کیوں نہ رنگ دے اور تجھے مالا مال کرنا چاہے لیکن تو اسے مت قبول نہیں تو رشتہ ناکام کی طرح وہ تجھے لاغر کر دیگا کہ جسطرح رشتہ کو گوہروں سے آرایش دیکر اسے لاغر بنا دیا ہو۔ یعنی دولت دنیا قبول نہ کرو۔ نہ زمانہ تجھے پامال حوادث کر دیگا۔ آزاد رہ کہ اسی میں کچھ لطف ہو۔ ۳- اگر یہ تجھے دولت دو قرن (دو صد سالہ) کا سکندر بھی بنادے جب بھی اس دولت کو قبول نہ کر ورنہ آب عافیت کے ایک گھونٹ کے لئے تجھے سکندر کی طرح محتاج ہونا پڑیگا (کہ سکندر نے آب حیات کی خواہش کی تھی)۔ ۴- **شہر تاج۔ مطلب** - اور اگر اس چرخ سفلہ کا دیا ہوا سنہرا تاج تو نے کہیں سر پر رکھ لیا تو پھر شمع کی طرح اپنے کو گلانے کے لئے آمادہ (تیار) رہ دیکھتا نہیں کہ شمع کو سنہرا تاج چڑھا دیا تھا سو وہ اب پگھل رہی ہو پس خبردار اس کی چال میں نہ آنا۔ **ردیف الیاء** - ۱- عزیز میرے نگین دل بھی (جو بے پرواہ تھے دیدہ در ہو جاتے ہیں (دانا) ہیں اسوقت دولت کی یاد آتی ہو کہ دانا کی آنکھ سے یہ ممکن نہیں کہ وہ گوہر کو پانی میں ڈالدے (ضائع کرے) کہ اگر اسوقت دولت ہوتی تو اسراف نہ کرتے اور تونگری میں تو چشم بینش ہوتی ہی نہیں۔ ۲- **چشم زخم** - وہ نقصان جو کسی کے چشم بد کی نظر سے پہنچے۔ (نظر لگنا) **مطلب** - روشن دلوں کی روزی کے لئے چشم زخم ضروری ہو دیکھو یہ بھی نظر بد ہی کا اثر ہے کہ آفتاب کی روٹی بغیر خون شفق کے ایک روز بھی خالی نہیں ہوتی خون (شفق) سے آلودہ ہوتی ہو۔ ۳- اے غافل عمر عجلت پسند سے دل نہ لگا اسلئے کہ اسپ تند گور کا سبہ میں پاؤں پھیلا دینا اسکی تیز روی سے باز نہیں رکھ سکتا یعنی عمر ایک اسپ تند کی مانند ہو یہ قبر سے رو سکنے۔ یہ نہیں رک سکتی

۱۔ روئے گہ داشتن چھپانا۔ متوجہ ہونا۔ مطلب۔ اے ریاکارو تم اپنے آپکو صاف ضمیر لوں (جنکو صفائے قلب حاصل ہی) سے پوشیدہ نہیں رکھ سکتے یعنی تمہاری حقیقت سب ان پر ظاہر ہو جائیگی جسطرح آئینہ کے سامنے کوئی اپنا عیب نہیں چھپا سکتا ؛ ۲۔ آسیائے فلک (فلک) آب مروت سے خالی ہی یعنی اس میں مروت نہیں ہی جب تک تیرا دل گندم کی طرح چاک نہوگا اسوقت تک تجھکو روٹی (مقصد) حاصل نہیں ہو سکتی مصیبت اٹھانی پڑیگی تب مقصد حاصل ہوگا ؛ ۳۔ اے حافظ بیکار و بیہودہ کوشش سے باز آ اور حرص نہ کر اور خطرناک معاملات پر پیش قدمی نہ کر احتیاط سے کام لے محال کام کے سر رشتہ کی فکر میں سرگرداں نہ ہو ؛ ردیف الیاء فارسی ۱۔ اس گنبد گردوں کے نیچے دنیا میں فتنہ کی طرح نہ سو غفلت اختیار نہ کر ہمیشہ ہوشیار رہ اور موسم بہار میں پل کے سایہ کے نیچے نہ سو کہ سب لوگ تو بہار کا لطف اٹھائیں اور تو اس سے محروم رہے ؛ ۲۔ اے غافل آسمان کمکشاں کی تلوار ہاتھ میں لئے کھڑا ہوا ہے۔ اس شمشیر آبدار کے نیچے نہ سو یعنی چرخ ناہنجار بر سر پیکار ہے بس غفلت نہ کر اور اسے نقصان پہونچانیکا موقع نہ دے ؛ ۳۔ فرش مستعار۔ دنیا۔ مطلب۔ زمین یعنی دنیا صرصر مرگ کے پاؤں پر پڑی ہوئی ہے جیسے وہ ٹھوکر لگاتی رہتی ہے پس تو اس فرش مستعار۔ گرد کی طرح خواب غفلت میں بسر نہ کر کہیں تجھے بھی صرصر مرگ ٹھوکر سے گرد کی طرح نہ اڑا دے ؛ ۴۔ چار طاق عناصر۔ اربعہ عناصر۔ آتش۔ آب۔ خاک۔ باد۔ مطلب۔ ان چار طاق عناصر سے آثار شکست نمایاں ہیں (آپس میں ایک دوسرے کے مخالف ہیں) پس تو ان مخالفوں کے درمیان بیخوف ہوکر بسر غفلت میں بسر نہ کر ؛ ۵۔ اگرچہ رات کی تاریکی بے ادبی کی پردہ پوش ہے مگر اے ریاکار تجھے اس کی بھی کیا ضرورت ہی تو ادب کا کیا پاس کریگا پس اسی بے ادبی کے ساتھ سو۔ ادب کا لحاظ نہ رکھ کہ تو صاحب ادب نہیں ہی ؛ ۶۔ مچھلی (ماہی) کی دور روشن اور کھلی آنکھیں سب بات پر شہادت دیتی ہیں کہ کبھی بے کار رہنا بہت ہی بری طرح بیدار رہ ہ چشم دام میں ذوق شکار کے باعث ہمیشہ کھلی رہتی ہی اس کی آنکھ سے خواب دور نہ ہوئی اور حقیقتاً وہ اپنی اسی غفلت کے سبب سے محروم ہو پس اگر تو لذت شکار سے واقف ہی تو ہرگز نہ سونا۔ بیدار رہنا تا کہ لذت شکار نتیجہ حاصل ہو ؛ ۸۔ لگام۔ مطلب۔ ناقہ لیلی (شب) کی لگام ہلال شب کے ہاتھ میں ہی (ہلال شاہ شب ہے) پس مجنوں کی

نصیحت یاد رکھ اور نہ سو (یعنی اگر تا قدر شب پر تو غفلت سے جاگ رہا ہی تو تجھکو گزند پہونچنے کا اندیشہ ہے
پس عابد شب زندہ دار بن اور اس غفلت کو چھوڑ ۹۔ **علم** - نشان، جھنڈا **مطلب** - اس رات میں کہ جسکی
صبح کو جنگ ہونیوالی ہی ہرگز نہ سو (غفلت نہ کر) اور علم آہ کے سایہ میں اپنے آپکو رکھ (علم آہ - نشان جنگ -
یعنی جنگ کے لئے تیار رہو) ۱۰۔ بیمار دار رحجہ بیمار کی پاسبانی کرنے کے لیے غفلت کی نیند سونا حرام ہی (درست
نہیں اور اس زخمی دل کے لئے نہ سو (یعنی بیمار کی حفاظت کر) اور اسپر رحم کر ۱۱۔ رات کو اہل گناہ کے حلقہ میں
بیٹھکر شب زندہ داری اختیار کر (اہل گناہ - عابداں) اور جب تیرا دل آئینہ کی طرح صاف ہی تو غفلت سے اسے
زنگ آلودہ نہ کر (بیدار رہ) ۱۲۔ گل حسین روزگار کی نظر کے زعم میں تو غفلت پسند نہ بن کہ وہ تجھے خزاں کی خبر دے
دیگا بلکہ اپنی آنکھ سے دیکھ اور خزاں سے عبرت حاصل کر ۱۳۔ تیرا آب چشم اور زمین کسی دہقان کی زراعت سے
کم نہیں ہے وہ بھی خوشہ آور ہے پس تو اپنے اشک کو کارآمد دانہ خیال کر اور اسکی کاشت سے غافل نہو (گریہ و زاری
کر کہ ثمر آور ہے) ۱۴۔ اے غافل تیرا حصار جسم چشم و گوش سے پر رخنہ ہی (تیرا سر بن مو چشم و گوش ہو) پس آل آگاہ
کی اس نصیحت کو یاد رکھ کہ اس دنیا میں غفلت اختیار نہ کرنا ۱۵۔ جب دولت بیداری تیری شمع بالیں
ہی تجھکو حاصل ہی تو پھر دیبا کے نقش و صورت کی طرح ایک قرار ہی پر قناعت نہ کر (غفلت) بلکہ بیدار ہی
رہ اور بے قراری سے زندگی بسر کر ۱۶۔ تو نے مطرب و مے کے شوق میں دنوں کو رات بنا یا ہی (یعنی تمام دن
مے نوشی اور نغمہ سے اپنے کو مسرور کیا ہی تعلقات دنیوی میں مستغرق رہا - اے ظالم اب ایک رات کو خداوند تعالی کی
مناجات میں صرف کر (دینی کام) اور ان تعلقات سے کنارہ کش ہو ۱۷۔ بچوں کو دیکھ کہ وہ مہندی لگانے کے
شوق میں نہیں سوتے ہیں پس کیا مشکل ہی کہ تو بھی اس نگار کے لیئے نہ سو (اسکی یاد میں مصروف رہ) نگار کے
معنی مہندی کے بھی ہیں یہاں معشوق کو کہا ہی کیا تو بچوں سے بھی گیا گذرا ہوا ۱۸۔ حظیرہ - احاطہ چہار دیواری
(قبرستان) زخمہ - وہ لکڑی جس سے ساز وغیرہ بجائے جاتے ہیں مضطرب (ہر گز کی بجائے مرکز ہونا چاہیئے)
پیوسته مرکز خاک (دنیا) میں دلوں کا زخمہ ہی پس تجھکو چاہیئے کہ مرکز اس پژمردہ احاطہ میں نہ سو - غفلت سے
بسر نہ کر اور اس سے دل نہ لگا یہ مردہ دلوں کی جگہ ہی ۱۹۔ تو بہار کے سبب سے ذرہ ذرہ رقص میں ہی خوش
و خرم ہی پس تو بھی بہار کا لطف اٹھا اور اس موسم بہار میں نہ سو اس لئے کہ تو جنبش زمینی سے اور پھر ایک قید رہ

رقص کر رہا ہے پس تو بھی محظوظ ہو ؛ ۲۔ اے صائب ۔ یہ غزل مولانا روم کی اس غزل کے جواب میں ہے
کہ رہ مصرعہ ۔ غزل ۔ مولوی ۔ کہ اپنی عمر کی ایک رات کم کر اور اسے یاد الٰہی میں صرف کر یہ نہیں کہ تو اسے سونے
(تو مم) میں گذار دے) دعم یک شبہ کم گیر و زنہار مخسپ الخ ؛ **ردیف التاء** ۔ ۱۔ اگر دنیا میں کوئی صاحب
اولاد خورسند ہے تو وہ فرزند کی سادگی کے سبب سے ہو سکتا ہے ورنہ وجود فرزند تو ماں باپ کے لئے غم کا سبب ہے
(اگر فرزند سعید نہیں ہے) ؛ ۲۔ اگر دنیا میں کوئی دل درست (غم سے آزاد) ہو سکتا ہے تو وہی دل ہے جو
خویش و پیوند (اقارب) سے فارغ (آزاد) ہے ۔ ورنہ اور کوئی دل درست نہیں سب شکستہ ہیں ؛ ۳۔ اے
مخاطب سوچ سمجھ کر بات منھ سے نکال اور قسم نہ کھا کہ قسم کو اپنے دروغ (جھوٹ) کا شاہد (گواہ) بنانا ہے
یعنی قسم تیری دروغ گوئی کی دلیل ہے ؛ ۴۔ زیر خاک مردم درویش کے ساتھ اگر کسی اور مردے کو کچھ نسبت
حاصل ہے تو بس یہ کہ چند حسرتیں وہ رکھتا ہے جو درویش کو نہیں (درویش آزاد ہے اور دنیا پرست کو وہاں یہ
بھی حسرتیں گھیرے ہیں ؛ ۵۔ اے صائب جس دل کو ازل سے خرسندی و خوشدلی حاصل ہے وہ ابد تک
عیش و عشرت میں مصروف رہیگا ابد تک عیش و عشرت اسکو حاصل رہیگی ؛ ۱۔ جب تک تو ظاہر بین رہیگا
اور حقیقت بین نہ بنیگا تب تک یہ تیری چشم آئینہ دیوار کی مانند ہے کہ جس پر ظاہری صورتیں منعکس ہوتی رہتی
ہیں (یعنی بیکار ہے) ۲۔ اگرچہ اسلام نے تجھے ضلالت کفر سے دور کر کے تسلی عطا کر دی ہے لیکن منعموں کی خدمت کیلئے
مستعد رہنا زنار (کفر) سے کچھ کم نہیں ہے اور تو ان کی خدمت میں کمر بستہ ہے پس تو کفر ہی میں ابھی تک مبتلا ہے
(ان سب تعلقات کو ترک کر تب کہیں تجھے مسلمان کہا جا سکتا ہے) ؛ ۳۔ اس دل بیمار کا چراغ بالیں چشم بیدار
ہے ورنہ پردہ غفلت سے تو یہ دل رنجور اور بھی زیادہ گمراہ ہو جاتا ہے پس چشم بیدار سے اسکی رہبری کرنا چاہیئے
۴۔ بیکاروں (نامردوں) کے مرنیکا غم اس آسمان کو کچھ بھی نہیں ہوتا (آسمان کو ان کے مرنیکا غم نہیں)
اسلئے کہ نخل بے بار باغباں کو ایک بوجھ معلوم ہوتا ہے اسلئے کہ وہ بیکار ہے پس یہ بیکار لوگ بھی نخل بے بار
کی مانند ہیں جو اس باغباں (فلک) کے اوپر بار ہیں ؛ ۱۔ (افعال شنیعہ و خواہشات سے نفس کو باز رکھنا ہی
جوانمردوں کا جہاد ہے اور زندگی (نفس) کو سوچ سمجھ کر (مشروع) صرف کرنا اہل عرفان کا طریقہ ہے ۔ ۲۔ تو نے
اپنی اتنی عمر گذار دی لیکن افسوس کہ تو سخت کلامی سے ابتک باز نہ آیا پس جھکا اس دانتوں کی [illegible] سخت

ہوسکتا ہی ۳۔ سوہاں - ریتی جس سے زنگ وغیرہ دور کیا جاتا ہی مطلب
ت و وجود خود اسباب کی خواہش نہیں کرتی کہ وہ سوہاں سے اپنے وجود کے زنگ کو دور
سلت بنا نہیں چاہتا) ورنہ زمانہ کا نشیب وفراز (ریتی میں بھی نشیب وفراز ہوتا ہی)
نشیب وفراز دیکھکر نصیحت وعبرت حاصل ہوسکتی ہی اس سے تیری نہاد سخت آہن
۴۔ دست عقل سے اگر نفس کی باگ پکڑی جائے تو وہ بلا معلوم ہوتی ہی (وگرنہ غفلت
نا) دیکھو حضرت موسیٰ کے ہاتھ سے جب عصا زمین پر گرا تو وہ ثعبان (اژدہا) بن گیا۔
لام کا یہ معجزہ تھا کہ انکا عصا اژدہا بنجاتا تھا۔ اسے حسن تعلیل سے ادا کیا ہی کہ وہ عصا
یعنی اژدہا معلوم ہوتا تھا اور حضرت موسیٰ کے نفس کا مطیع ہونا باعتبار رسالت
سے صائب اگر تو مرد ہی تو آرزو کے دروازہ کو اپنے آپ پر بند کردے (آرزو۔
یہ آسان ہی ورنہ سکندر کا باندھنا تو بہت آسان ہی ہاں در آرزو کا بند کرنا جوانمردی
پ ۔طعام وطعام کے لئے اپنی آبرو برباد نہ کر کہ جب آبرو جمع ہوجاتی ہی تو وہ آب زلال
جاوید کا موجب ہی) پس اس دنیا میں آبرو سے بسر کر تا کہ تیرا نام زندہ رہے ۔ ۲
تیاج خلق سے دور و بے نیاز رہنا بہتر ہے اور لب دریا پر باوجود تشنگی
تر ہے اپنی حاجت روائی کی اس سے خواہش نہ کر۔ شعر۔ احسان لیکے
ں ۔ سچ تو یہ ہے عذاب جہنم سے کم نہیں ۔ ۲۔ مستوں کا نعرۂ مستانہ کشتی
جسکے باعث کشتی مئے روان ہی) اور محفل بیہوشی میں رندوں کا شور وشغب
م ہوتا ہی۔ ۳۔ جس خوشی میں اندیشہ فردا (غم) نہو اسکا کیا کہنا ورنہ
ردا سے خوشی نہیں رہتی دیکھو بچوں کی چھٹی کا دن (جمعہ) بھی ہفتہ کی
ل ہوجاتا ہی شعر۔ طفلی میں بھی شادی متوحش رہی ہم سے ۔ چھٹی
ے غم سے ۔ (میر) ۔ اے صائب اگرچہ کوئی کام بغیر تامل (سوچے سمجھے)
یے تامل دنیا سے بے تعلق ہوجانا (دنیا کو ترک کردینا) اچھا اور بہتر

و آفاز ہی خراب ہو وہ آخر تک خراب ہو گا۔ درست نہیں ہو سکتا ۲- صالحان اور راست کیشاں بھی کج سیرتوں کی وجہ سے بگاڑ ہم صحبت و اختلاط سے کج ہو جاتے ہیں یا بد ہو جاتے ہیں ہم صحبت الخ تراطالح کند الخ دیکھو جس طرح ہموار اور سیدھی چیز تیر (کشن) ایسے ٹیڑھے تیر کی صحبت (اختلاط) سے ٹیڑھی ہو جاتی ہے اسیطرح راستان کج سیرتی صحبت سے کج ہو جاتے ہیں ۳- اگرچہ تلوار تک خمیدہ (ٹیڑھی) نیام میں اچھی طرح تیار نہیں ہو سکتی ہے لیکن اس فلک کج کے سبب ہر شخص کو چار و ناچار کج ہونا پڑتا ہے حالانکہ نیام کے کج ہونے تلوار کے لئے کج ہونا ضروری نہیں ۴- ردیف الدال - ۱- خاکساری کے سبب سے دل کی وہ قدر ہوئی کہ جنت خدا بن گیا جس طرح گرد یتیمی (صدف) سے نکال لینے کے بعد سے گہر کی قیمت زیادہ ہو جاتی ہے بلکہ بے بہا ہوتا ہے اسی طرح دل خاکساری کے سبب بہشت بن گیا ۲- افسوس کہ آج میری کشتی بے بادبان وجہ اسکی روانی کا سبب ہم رنگی اسلئے کہ دامن فرصت (وقت) میرے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔ لیکن اب افسوس سے کیا حاصل کہ وقت کو تو نے بیکار ضائع کر دیا ۳- جو لالچ و حرص کے سبب سے کہربا کے مانند زرد رو ہو رہے ہیں وہ لوگوں (اہل دنیا) کی نظر میں پرکاہ کی طرح سبک ہیں کسی کی نگاہ میں کچھ وقعت نہیں رکھتے ۴- شرم گناہ کے باعث میری کھوٹی نقدی بھی جاری ہو گئی اور غبار خجالت میرے لیے کیمیا بن گیا۔ پس اب دوسروں سے طلب زر کی کیا ضرورت ہے ۵- مصائب شور دریا سے وہی بچ کر نکل سکتا ہے کہ جو خاشاک کی طرح بے دست و پا بن گیا جس طرح کاہ ساحل مراد تک پہنچ جاتا ہے اسی طرح وہ بھی ساحل مراد پر پہنچ جائیگا ۶- اس جگہ سے کہ ہر ایک گدا کو جہاں شاہی عطا کی جاتی (مقام عشق) ہمکو بھی دولت عشق عطا کی جا رہی ہے جو شاہ ایسے خانہ بنا دیتی ہے۔ یعنی وہ دولت ایسی ہے جو گدا کو شاہ بنا دیتی ہے د الخ ۱-۲ اے غافل ان کم ہمتوں کی ظاہری (نمود مثلاً) کی عطا وجود سے دھوکا نہ کھا کہ اگر وہ تجھے کچھ عطا بھی کرینگے تو خرچ کرنے کی ضرور فکر کرینگے یعنی تجھ سے اپنی خدمت لیں گے ۳- اگر تجھکو فلک عطا کریں تو وہ اس سے بہتر نہیں کہ تجھے ایک گوشہ عالم رضا سے عطا کیا جاتا۔ (گوشہ عالم رضا خلد سے بہتر ہے) ۴- فلک ناہنجار اس شخص کے ہاتھ میں مہرہ موم کی مانند ہو جاتا ہے کہ جسکے نتیجہ دعا کو قوت عطا کر دی جاتی ہے (یعنی پھر فلک اسکا مطیع ہو جائیگا جس کے نتیجہ دعا کو قوت حاصل ہو گی) اور اس کو کچھ گزند نہیں پہنچا سکتا

۳۔ وہ شخص ذی مرتبت ہے کہ جو دنیا (خاک) میں سایہ ابر کی طرح بسر کرتا ہے کہ جس سے ایک ضعیف چیونٹی کا دل بھی بیزار نہیں یعنی کسی کو اس سے گزند بھی نہیں پہنچتا ہے ۴۔ وہ شخص اس دنیا (تماشہ گاہ) میں صاحب خرمن ہے کہ جسے منفعت حاصل ہے کہ جو سوائے دانہ اشک کے اور کوئی بیج نہیں بوتا یاد الٰہی میں گریہ و زاری کرتا ہے ۵۔ اہل سخن (دنیا) میں اسی کی گفتگو چھڑی رہتی ہے (باری تعالیٰ) اسلئے کوئی شخص بھی اسکی عطا و نوازش سے محروم نہیں (جہاں دیکھو یہی رنگ طاری ہے یہی گفتگو جاری ہے ۱۔ رشق - یقینی جان مطلب یہ ہے کہ گوہر ہی کے سبب سے بادشاہی نہیں ہوا کرتی ہے بلکہ جیب میں بھی ذرا سی جان باقی ہو (زندگی عشق) وہ سکندر وقت ہے۔ زندگی عشق سرمایہ شاہنشاہی ہے ۲۔ سب کیسا تھ ادب سے پیش آ شاہ ہو یا گدا کیونکہ از روئے مکافات میں (پاداش) شاہ و گدا سب برابر ہیں ۳۔ ان لوگوں (جماعت) کے سامنے کہ احسان کے باعث شکستہ دل جان سوختہ ہیں تشنہ لب مرنا اقبال سکندری ہے یعنی کسی کا احسان نہ لینا اور جان دیدینا اقبال سکندری سے کچھ کم نہیں ہے ۴۔ اے صائب اپنے اس درد دل اور تشنہ لبی پر صبر کر کیونکہ ضبط سوز و تشنہ لبی سے دل آب ہو جائیگا تو وہ چشمہ کوثر بن جائیگا یعنی دوسرے بھی اس سے مستفیض ہونگے اور تمہیں یہ مرتبہ حاصل ہوگا ۵۔ اس چمن (دنیا) میں اس برہنہ پا کو سرسبزی حاصل ہے کہ جو سرو کیطرح ہر چار موسم میں صرف ایک ہی لباس رکھتا ہے اور اسی پر قناعت کرتا ہے ۶۔ حریص نعمت دو عالم سے بھی سیر نہیں ہو سکتا ہے (نعمت کونین بھی اسے سیر نہیں کر سکتی) دیکھو کہ آتش سوزندہ (حریص) ہمیشہ اشتہا رکھتی ہے کبھی سیر نہیں ہوتی ہے ۳۔ روز محشر میں اس شہید کو کہ جو خون بہا طلب کرتا ہے یہ خود فروش اپنے پہلو میں جگہ دیتے ہیں تاکہ انکو خونبہا کی طلبی سے شرمندگی نہ اٹھانی پڑے ۴۔ آستانہ کریم پر منعم (روزی) کی شکایت نہ کر اسلئے کہ مسجد میں سب جگہ سے زیادہ فقیر ہوتے ہیں حالانکہ آستان کریم ہے پس اسیطرح اگر کسی منعم سے تجھے کچھ حاصل نہ ہو تو اسکی شکایت نہ کر کہ وہ بھی آستان کریم ہے ۵۔ اے صائب میں نقش تعلق سے اس قدر بھاگتا ہوں کہ مسجد میں بھی میں اسوجہ سے پاؤں نہیں رکھتا کہ وہاں نقش بوریا موجود ہے چہ جائے دیگر ۱۔ رہے ہیں شخص کی قسمت جو عشق (حقیقی) میں خون جگر سے وضو کرتا ہے اور رنگ و بو (عشق مجازی) سے ہزار درجہ زیادہ عزت و جذبہ رکھتا ہے۔ اور اے عیش پرستو! تمھاری رنگ و بو سے (آرائش) ہٹ کر جو شخص خون جگر سے وضو کرتا ہے اسکے لئے بھی باعث زینت ہے

اسے تم حقارت کی نظر سے نہ دیکھو اس لیئے کہ وہ تمہارے رنگ و بو سے ہزار درجہ بڑھا ہوا ہے ۲۹ - جو کوئی بھی ہمہ
تیرے حسن عالم آرا سے خبردار ہو گیا پھر وہ جس طرف کو بھی جائیگا اسے تو ہی تو نظر آئیگا (ہمہ اوست) ۳۰ - رجا - امید
مطلب - تیرا عاشق امید و بیم کی حالت میں مبتلا ہے عجیب کیفیت ہے کہ امید وصال کے سبب خندہ زن
ہے اور محرومی کی وجہ سے گریہ در گلو ہے ۳۱ - اگر حیات ابدی تجھے حاصل بھی ہو جائے تو اسے آبرو کیساتھ بسر کر اسلیئے
کہ وہ مختصر وقت ہی جس میں آبرو کا رنگ ہو (جو باآبرو ہو) اور اگر حیات ابدی حاصل ہو گئی بھی اور اسے بے آبروئی سے
بسر کیا تو ایسی زندگی سے کیا حاصل ۳۲ - بے مغز (بیوقوف) کی گفتگو ہی سے اسکی حالت کا پتہ لگ سکتا ہے کہ اسکے باطن
میں وہی ہوتا ہے جو ظاہری اطوار و گفتگو سے ظاہر ہوتا ہے ۳۳ - جو شخص بھی بلبل کی طرح رنگ و بو سے تعلق و دلبستگی
رکھتا ہے اسکی یہ گرمی ہنگام (ذوق و شوق) بس دو ہفتہ سے زیادہ نہیں رہتی (چند دن جسطرح بلبل کی گرمی ہنگام
چند روزہ بہار تک ہے اور بس) ۳۴ - دنیا میں دردمندوں کا علاج مشکل ہے جبکہ چارہ سازوں سے بھی درمان درد دل
میسر نہیں افسوس جو شخص دردمند ہے وہ کس زحمت میں بیچارہ گرفتار ہے کہ جس سے رہائی نصیب (حاصل)
ہو ہی نہیں سکتی ۳۵ - معراج - نردبان و بلندی مطلب - بے مغز (نااہل) جلد ہی معراج غرور سے
گر پڑتا ہے اسلیئے کہ کوزۂ خالی کی لب بام کیا ہستی و منزلت ہے ایک ذرا ٹھیس لگی اور گر کر ٹوٹ گیا یہی حال بے مغز
(نااہل و بیوقوف) کا ہے ۳۶ - ہما - ہما بنا لیجیئے مطلب - دولت کے ساتھ پختہ مغزی (دانائی) کا جمع ہونا محال ہے
(یعنی دولت بھی ہو اور پختگی بھی کہ پر و بال ہما کا پروردہ رکھتے ہیں کہ جسکے سر پر ہما سایہ فگن ہوتا ہے
وہ دولتمند بن جاتا ہے) خام (بے مغز، نااہل) ہوتا ہے (اگر کوئی مفلس یکایک مالدار بن جائے تو اس میں صرف
مال کی صلاحیت و قابلیت نہیں ہوتی) ۳۷ - اگر اہل دنیا کی غرض اپنی اس ہمواری (درستی) سے نام بلند کرنا ہے
تو انکو عقیق کی طرح مجبور و سیاہی اور کچھ حاصل نہوگا (درستی ہو لیکن شہرت کی غرض اسکی محرک نہ ہو) ۳۸ - بے موقع
اور بے وقت گفتگو کرنا اسباب (پر و بال قضا میں) قضا کو آمادہ بناتا ہے اور مہیا کرتا ہے دیکھیئے مرغ کی بے ہنگام بانگ
اسکی ہلاکی کا موجب ہوتی ہے ردیف الرائے - ۱ - اسے میرے گلعذار پردہ سے اپنی بو کو باہر نہ کر اپنی خوشبو
ہم تک نہ پہونچا اور ہم بے قراروں کی جان سے اپنی آرزو کو دور نہ کر یعنی جب تیری خوشبو ہم تک پہونچیگی تو ہماری
آرزو پوری ہو جائیگی پس ہم اپنے اس لطف آرزو کو کھونا نہیں چاہتے ۲ - اور اے محبوب جبتک تو ہمارے

گرم آنسوؤں سے اپنا ہاتھ منھ دھو سکتا ہے اسوقت تک کسی اور چشمہ سے اپنے وضو کا پانی حاصل نہ کر یعنی جب تک
ہمارے آنسو تیرے لئے موجود ہیں اسوقت تک کسی اور طرف متوجہ نہ ہو ۔ گوہر ۱۔ مطلب ۔ دل سے
اہل حق کی گفتگو سننا چاہیئے کہ وہ گفتگو چشمۂ آب حیوان ہے پس تو چشمۂ حیوان سے خالی گھڑا لیکر نہ آ (اہل حق کی
باتیں غور سے سن اور یاد رکھ کہ یہ دانائی ہے) ۴۔ اگر سینہ صافی کے جرم میں تیرہ دل تجھ پر سنگ باری کریں تو دریا
کیطرح بردباری کے سبب سے اسکو ظاہر نہ کر جس طرح پتھر پانی میں بیٹھ جاتا ہے اسی طرح تو سنگ باری کو برداشت کر
اور چیں بجبیں نہ ہو) ۵۔ خیر الرازقین ۔ بہتر ہو سب رزق دینے والوں سے ۔ بار عیال ۔ مطلب ۔ اپنے
اہل و عیال کے روزی کی فکر نہ کر انکا رزق خیر الرازقین کے سپرد کر اور کبوتر کی طرح اپنے منھ سے لقمہ ان کے
کھلانے کے لئے نہ اگل انکی کچھ فکر نہ کر ۔ اختصار ۔ ڈر ۔ مطلب ۔ گوہر صدف سے نکلکر پھر صدف میں نہیں غزل ۲
لوٹ سکتا پس تو جتنا سوچ سمجھ کر کوئی گہر اٹھا سوچ سمجھ کر کوئی بات منھ سے نکال ۔ ۲۔ خاموشی مہر سلیمان
ہے اور سخن گوئی دیو ہے پس انگشتری سلیمان کو دیو کے حوالہ نہ کر (یعنی خاموشی کو گویائی سے افضل خیال کر) ۔
۳۔ نطق ۔ گویائی ۔ مطلب ۔ خاموشی آئینہ کے مانند ہے اور گویائی زنگار ہے پس تو اس آئینہ
(خاموشی) کو زنگار سے آلودہ (گویائی) نہ کر ۔ ورنہ تیری صفائے باطن مکدر ہو جائیگی ۔ ۴۔ گویائی (گفتگو کرنا)
خرچ ہے اور سننا آمدنی ہے (دخل ہے) پس تو خرچ کو آمدنی سے زیادہ نہ کر ورنہ تو ذلیل و خوار ہوگا (جب دس سنے
تب ایک بات زبان سے نکال) ۱۔ ان دنیا پرستوں (زمینداروں) سے ترک دنیا کی توقع نہ رکھ اور یہ لوگ
گراں بار ہیں انکے راست ہو جانیکی امید نہ کر (تعلقات دنیوی نے ان کو گراں بار بنا دیا ہے جسکے باعث انکی
پشت دوتا ہے) ۲۔ جب علم (جھنڈا) سرنگوں ہو جاتا ہے تو لشکر منتشر ہو جاتا ہے پس جب تیرے پاؤں میں
لغزش پیدا ہو گئی تو اپنے ہواداروں (ساتھیوں سے) امید نہ رکھ کہ وہ تیرا ساتھ دینگے ۔ ۳۔ خزاں نے بہار کا
ورق الٹ دیا لیکن بلبلوں کی آواز افسوس سنائی نہ دی (انھوں نے کچھ بھی افسوس نہ کیا ۔ افسوس زمانہ میں کس قدر
خود غرضی کا دور دورہ ہے پس اگر تیرا بھی ورق الٹ جائے (زمانہ بگڑ جائے ۔ تو مفلس ہو جائے) تو دوستوں سے دوستی کی
امید نہ رکھ کہ وہ آرام کے ساتھی ہیں ۔ ۱۔ حسن بیمثال نے میری آنکھوں سے نیند بھی دور کر دی اور میری آنکھ میں اب کسی غزل
دوسرے کا خیال خواب کی طرح گراں ہے (اب اسی کا تصور ہے) ۲۔ میری شرمندگی میری بخشش کا باعث ہوئی ۔ اور

اس بخشش نے میری شرمندگی کو اور دوناکر دیا۔ ایک تو شرم گناہ دوسرے شرم بخشش کہ مجھ گناہ گار کو بخشش دیا ہے ۳۔ اگر تو ہدایت و راہ راست دکھانے میں حضرت عیسیٰ کی طرح (اپنی نفس زنی سے) جان دیدے بہتر ہو لیکن اس سے بہتر یہ ہو کہ تو خاموش رہ کہ خاموشی ایک دوسرا کمال ہو جو اس جان دیدینے سے اولیٰ و افضل ہو ۔ ۴۔ ایک ضعیف چیونٹی کی دل نوازی نے حضرت سلیمان علیہ السلام کا کچھ نقصان نہیں کیا بلکہ انکے حسن سلطنت میں ایک خوبی کا اور اضافہ ہو گیا پس ضعیفوں اور کمزوروں کی دلداری کر کہ تیری عزت کا موجب ہوگا ۔ ۱۔ عامل حاکم ۔ مطلب ۔ ظالم حاکم کے لئے کار خیر بھی کچھ مفید نہیں بلکہ آثار خیر انکے ظلم پر شاہد ہے کہ رعایا کا بسبب ظلم و ستم کے حاصل کرکے اس میں صرف کیا ہو ۔ ۲۔ رعایا کے مال سے خیرات (نیکی) کرنا کوتہ اندیش کو بازار نیکی سے تہی جیب و دامن لوٹنا پڑتا ہو یعنی اسکو اس خیر سے کچھ حاصل نہیں ہوتا اس لئے کہ وہ خود اسکا مال نہیں ہو جسے اس نے کار خیر میں صرف کیا ۔ ۳۔ آئینہ سکندر (جو اس کا موجد ہوا ہو) کی قبر میں نور افشانی نہیں کرتا (یعنی سکندر کو اس سے کچھ فائدہ نہیں پہونچتا) اس لئے کہ وہ بے گھر ہے اور بے گھر کبھی گھر بار خیر نہیں ہو سکتا (بے گھر سے افعال خیر سرزد نہیں ہو سکتے) ۔ ۴۔ جمشید کا نام اسکے جام کے باعث (جام جہان نما) دنیا میں ہمیشہ قائم رہیگا اگر جو اسکی ذاتی کوشش کا نتیجہ تھا ورنہ ماندگی (عاجزی و تساہل) میں یہ کار خیر کی گردش نہیں (تساہل و بے توجہی کے باعث کار خیر سرزد نہیں ہو سکتا) ۔ ۱۔ وہ مکان جو لب بام ہو باوجود اعتبار پر خطر ہے بس یہی حالت اس دنیا کی ہو لہذا خواب امنیت اس دنیا میں میسر نہیں ہو سکتی اور نہ خواب امنیت کا خیال رکھنا چاہیئے ہمیشہ بیدار و ہوشیار رہنا چاہیئے ۔ ۲۔ اے غافل تجھے اپنے اس چتر زر افشاں (شاہی) پر جسکا تجھکو اعتبار ہو غرور نہ کرنا چاہیئے اسلئے کہ آج بال ہما کا سایہ تیرے سر پر ہو کل کسی اور کے سر پر ہوگا یہ دولت کل کسی اور کے پاس ہوگی پس تجھے بال ہما کی دوری و گردانی سے غافل نہ ہونا چاہیئے ۔ ۳۔ ادبار ۔ بدبختی ۔ **تختہ کن** ۔ آرائش نہ دے ۔ **مطلب** ۔ اے عاقل اگر تو دانشمند ہو تو اپنی دکان اعتبار (زندگی) کو آرائش نہ دے اسلئے کہ اسکا اطلس کا سائبان حقیقت میں پردۂ ادبار ہوگا پس اس سے درگذر اگر اپنی بہتری چاہتا ہو تو اطلس کے بجائے تختہ کا سائبان بناکر لگا ۔ ۴۔ [illegible] ان پہنچنے دولت [illegible] میں ان کمس سالوں کے غرور سے کہ [illegible] نہیں ہوں اگر کسی قدر [illegible] [illegible] بنا لیجئے کہ اندازہ میں کہ اگر نظر رحمت ملحوظ ہو تو آسمان

اعتبار ہیں سیکڑوں سر داغ ہوجائیں رنجئے دولتمند اگر کسی پر نظر رحمت مبذول کریں تو انکے طعنہائے احسان سے اسکے دل میں
جو اعتبار رد دولتمند کی طرف سے پہنچے وہ چھلنی ہوجائے ش ۶ - اے صائب عالم بے اعتبار عالم بے آفت ہے (کچھ گزند نہیں
پہنچ سکتا) پس تو جلد اس جہان اعتبار سے کنارہ کش ہوجا تاکہ تجھے کوئی گزند نہ پہونچے اور تیری بے اعتباری تجھکو نقصان
سے محفوظ و مصئون رکھیگی ش ۱ - زمانے کے گلستان عیش کا ہر ایک پتہ داغ ہے (اس سے دل لگانا سرمایہ داغ کا حاصل
کرنا ہے اور سنبل و ریحان اسکے دود دل ہیں پس اس سے دل نہ لگانا ہی بہتر ہے ش ۲ - جب تک تو سر تا پا شمع کی طرح
جلکر فنا نہ ہوجائیگا اس وقت تک تجھکو شبستان روزگار سے نان نہیں مل سکتی ش ۳ - قسمت - حصہ - مطلب
جو لوگ اس دنیا میں بطور دہقان کے قیام پذیر ہیں انکی غذا اور انکا حصہ "دل" ہے اسلئے کہ وہ جھلیوں سے آب و
نان پر توجہ نہیں کرتے پس بجز دل انکی اور کچھ غذا نہیں ش ۴ - جب سے ہم اسکے عشق میں سرگریباں ہیں تب سے
گوئے سعادت زمانہ کی چوگان سے ہم نکال لے گئے ہیں یعنی ہمکو سعادت حاصل ہے ش ۵ - اے صائب میری
فکر گلوسوز کے باعث غبار روزگار کی بیاض گردن میں جگہ نہیں میری فکر ہائے گلوسوز سے بیاض گردن بیچ
(بیاض گردن مناسبت بہ فکر گلوسوز) یعنی سب کو میری فکر گلوسوز گھیرے ہوئے ہے ش ۱ - اگر زمانہ کسی کے
دل میں محبت کا بیج بوتا بھی ہے تو صرف اس مقصد کے لئے کہ اسکے تمرد دانہ کو اپنی گردش سے پیس ڈالے -
یعنی پامال حوادث کرے ش ۲ - خورشید کی طرح اگر زمانہ کسی نااہل کو اوج اعتبار پر دیکھتا ہے تو سایہ کی طرح جھکا
اسکو زمین (پستی) پر پہنچا ہی دیتا ہے - عروج (بلندی) سے گرادیتا ہے ش ۳ - اگر تجھکو تمام جہان کی دولت
حاصل ہوجائے پھر بھی تو اسکو اپنا نہ سمجھ کہ زمانہ آج جو کچھ تجھکو دیریا ہے کل اسکو تجھسے لیگا (پس اس
دولت کو اپنی ملکیت سمجھنا نادانی ہے) ش ۴ - زمانہ جس کسی کو کرسی دولت پر بٹھاتا ہے اسکے لئے دار غیرت بھی
ضرور اسکے سر پر کھڑی کرتا ہے (تاکہ مفلسی سے اسے غیبت کردے اور مفلسی اسکے لئے موجب غیرت ہوگی) ش
۵ - یہ بیحیا زمانہ کمال بیحیائی کے ساتھ شرم آلودگان کی مانند ایک رنگ دور کرتا ہے اور ایک رنگ لاتا ہے
(جس طرح شرمندہ لوگوں کے چہرہ پر ایک رنگ آتا ہے ایک رنگ جاتا ہے یہی کیفیت اس زمانہ کی ہے
تغیر و تبدیلی اسکی سرشت میں داخل ہے) ش ۶ - صائب تشنہ لب کی عمر موج سراب کی مانند ہے کہ زمانہ
امید آب میں اسکو بیابان کی طرف دوڑا رہا ہے (موج سراب کی بھی یہی کیفیت ہے) اور کچھ حاصل نہیں ہوتا

بجز نا امیدی کے اسکا رد نیا انجام دے گی تمہیں یہی خیال رہے اور جب تک عقبیٰ حاصل نہ ہو دامن دنیا
کو نہ چھوڑ الدنیا مزرعۃ الآخرۃ ۔ (دنیا آخرت کی کھیتی ہے) کہ تحقیق انسان کا یہی منشا ہے ۲-۱۔ اے غافل آج کا
کام کل پر نہ چھوڑ ۔ یہاں حساب میں تیرے لئے یہی ایک سلجھا ہوا حساب ہو سکتا ہے ۔ جو آج کر سکتا ہے اسے
کل کیلئے نہ چھوڑ ۳۔ خلق سے یکسو رہنا (اہل دنیا) توفیق کے حصول کا ایک ذریعہ ہے کہ نہ تو دوسروں کا
احسان لے اور نہ دوسروں کے دل پر اپنا بار رکھ (یک باری حاصل کر) ۴۔ پیری میں گوشہ نشینی اختیار کر
کہ جب خرمن صاف ہو جائے تو اسے میدان میں نہ چھوڑنا چاہیئے ۔ پس تیرا خرمن عمر صاف ہو گیا ہے اب گوشہ
تجرد میں اسے لے آ گوشہ نشینی اختیار کر اور عبادت میں زندگی بسر کر ۵۔ اگر اس لیلیٰ عالم کی تجھے خواہش ہے
تو اس سیہ خانہ سودا ر عشق ۔ دنیا) سے اپنا قدم باہر نہ رکھ ۔ ورنہ تو اس سے محروم رہیگا ۶۔ اے صائب
تیرا دل تیرہ و تار ہے اور حسن تیرے اس تیرہ دل سے گریز کرتا ہے پس اپنے اس غافل دل کو جب تک صفائے
قلب حاصل نہیں کی (اس دل آرا کے سامنے نہ کر جب تک صفا حاصل نہ ہو) اس لئے کہ وہ اس سے گریز کریگا ۷
اے عزت طلب زمانہ کے ہاتھوں بہت خواری اٹھانا ہے کہ حضرت یوسفؑ کو چاہ و زندان کی بہ نسبت اب تخت شاہی کا
بہت زیادہ خوف و خطر کا ذکر کہیں خدانخواستہ کوئی امر (جب رسوائی و تحقیر نہ ہو) سامنا ہے ۸۔ بخیلوں کے
طوق احسان سے میں آزاد ہوں (میری گردن پر انکا احسان نہیں) پس میں کریموں سے زیادہ انکا شکر ادا
کیوں نہ کروں کہ کریموں کا میں غلام بنا ہوا ہوں اور بخیلوں سے مجھے آزادی حاصل ہے ۹۔ دیکھو کتا جب
سیر ہو جاتا ہے تو پھر وہ مالک کا مطیع نہیں رہتا اور گردانی اختیار کرتا ہے) پس اسی طرح نفس جب سیر ہو جاتا ہے
اسکی خواہشات کو پورا کر دیا جاتا ہے تو پھر وہ قابو میں نہیں رہتا (اطاعت کا حکم نہیں کرتا) لہذا نفس کو تہیدست
رکھنا چاہیئے تاکہ مطیع رہے ۱۰۔ اے صائب ظرف سفالی (مٹی کا برتن) میں پانی پینا جام زر میں پانی پینے
سے بہتر ہے (بہتر ہونے کی دو صورتیں ہیں اول تو یہ کہ مٹی کے برتن میں سے پانی خوشگوار معلوم ہوتا ہے بہ نسبت
جام زر کے ۔ دوسرے یہ کہ جام زر آج میسر ہے کل نہیں معلوم ملے یا نہ ملے پس صاف ظاہر ہے کہ خاکسار
عمر سے زیادہ لذت پاتے ہیں بہ نسبت تونگروں کے (شاعر کا اپنا سبب اول ہے یہ ہے باعتبار خوشگواری
۵۔ اس دنیا میں ہر شخص کی حیرت باندازہ بینش ہے کہ جو زیادہ بینائی (دانائی) رکھتا ہے وہ زیادہ حیران

ہوتا ہے (یعنی جس قدر دانشمند ہوتا ہے اسی قدر حیران ہوتا ہے جس قدر زیادہ دانائی سے اس دنیا پر غور کیا جائیگا اتنی ہی
حیرت زیادہ ہوتی جائیگی) ۔ اس شخص سے نیکی (صفائی باطن) حاصل کرو کہ جو عبادت گناہ سے زیادہ چھپا کر مخلوق سے
کرتا ہے یعنی اپنی عبادت کو گناہ سے زیادہ مخلوق سے چھپاتا ہے (اسی شخص سے تمکو صلاح حاصل ہو سکتی ہے) ۔
اس دنیا (بادیہ) میں ہر ایک آبلہ جسنے بھی اس میں بادیہ پیمائی کی خار دار ہے (بیخار نہیں ۔ ہر شخص اور ہر ایک
ہستی خار غم رکھتی ہے ۔ رنج و مصیبت میں گرفتار ہے) پس ہمارا فرسودہ پاؤں بوجہ کثرت بادیہ پیمائی اس خارستان
سے کس طرح گل چینی کر سکتا ہے ۔ ۳۔ زورق ۔ کشتی مطلب ۔ جب کشتی موج اس دریا پر آشوب
میں ساحل تک نہیں پہونچتی تو پھر ہماری کشتی کی کیا امید ہو سکتی ہے کہ وہ ساحل مقصود تک پہنچ جائیگی
(یعنے ہماری کشتی کے پہونچنے کی امید نہیں) ۴۔ جس شخص کا ساغر اس میکدہ میں سرشار ہو جاتا ہے
(یعنی جسے عیش و نشاط حاصل ہو جاتا ہے) وہ دنیا (اہل دنیا) کی نظر تلخ (نظر بد و حسد) سے بدر کی طرح
گھٹتے گھٹتے ہلال بن جاتا ہے (یعنی نظر بد کے اثر سے اس قدر ضعیف (گھٹ جاتا ہے) ہو جاتا ہے کہ ہلال
نظر آنے لگتا ہے (یعنی وہ ہمیشہ سرسبز نہیں رہتا ۔ ۵۔ حرص زر و سیم کی طمع سے بھی طالع کو خورسند نہیں کر سکتی
(اور خورسند نہیں ہوتا) دیکھو گنج سانپ کی طینت سے کچھ بدی دور نہیں کر سکتا (سانپ خزانہ پر بھی کنڈلی
مار کر بیٹھتا ہے اور خورسند نہیں ہوتا) زر و سیم سے بھی حرص دور نہیں ہو سکتی اور نہ حرص طامع کو خورسند کر سکتی
ہے ۔ ۶۔ اے صائب جب کمان کھینچ کر ٹیڑھی ہو جاتی ہے (جھک جاتی ہے) تو پھر اسمیں تیر نہیں ٹھہرتا
پس جب تیرا قد کمان کیطرح خمیدہ ہو گیا تو اپنی عمر سے دل اٹھالے (کہ اب تیر عمر نہیں ٹھہر سکتا ہے)
۱۔ اگرچہ آگ سے خام پختہ ہو جاتا ہے (یعنی آتش عشق الہی سے پختگی پیدا ہو جاتی ہے) لیکن جو زیادہ خامی
رکھتا ہے (جسکا اندر زیادہ خام ہے) وہ بہ نسبت دیگر اشخاص کے زیادہ جزو نار (آگ) رہتا ہے اسے پختہ
کرنے میں زیادہ مشکلات کا سامنا ہے اور آگ کا زیادہ جزو بننا پڑتا ہے (یعنی جس قدر خامی ہے اسی قدر پختگی کیلیے
مشکلات کا سامنا ہے) ۲۔ رقاب ۔ جمع رقبہ بمعنی گردن مراد از بادشاہ ۔ مطلب ۔ جو کوئی
عزیزوں کے ہاتھوں ذلت اٹھاتا ہے اور اسے گوارا کر لیتا ہے (وہ آخر کار حضرت یوسف کی طرح صاحب
سلطنت (بادشاہ) بنجاتا ہے جسطرح حضرت یوسف کو سلطنت مصر حاصل ہو گئی) ۳۔ پوچ ۔

بیہودہ ۔ کژ در ۔ **مطلب** فلسفی ہمیشہ اپنی دلیل پوچ کے باعث کشمکش میں مبتلا رہتا فلسفی کو بحث کے نذر خدا ملتا نہیں ۔ آخر اور حقیقت تک نہیں پہونچا سکتا اور نہ اپنے اس دلیل پوچ کے باعث کچھ حقیقت سے بہرہ ور ہو سکتا ہے کہ اسکی مثال ان بچوں کی سی ہے جو نرکل کا گھوڑا بنا کر اس پر سواری لیتے ہیں اگو یا انکی نظر میں وہ بھی گھوڑا ہی ہے اسیطرح وہ اپنی پوچ و کژ دلیل کو حقیقت نما دلیل خیال کرتا ہے ۔ **ردیف الزای ۔ ۱** ۔ پیر داشت بھی گر گئے لیکن ابتک تو روٹی ہی کی فکر میں لگا ہوا ہے اور تو ابتک بازیچۂ گردوں کا مہرہ گرداں بنا ہوا ہے (یعنی ابھی تک تجھے حرص وہوا نے نہ چھوڑا حالانکہ تو اب ان سے محظوظ بھی نہیں ہو سکتا لیکن حرص کا یہ حال ہے)

۲ ۔ اے مخاطب تیرا بہر وے سفید شاہراہ کشور مرگ ہے اور تجھے معلوم بھی ہو گیا کہ موئے سفید دلیل مرگ است) ہی لیکن تو اس سے غافل بھی نہیں لیکن پھر بھی تو جانیکے لئے گرانبار ہے (یعنے مستعد نہیں اور گناہوں سے گرانبار ہو رہا ہی) ۳ ۔ گوے مرگ کے لئے قامت خم گشتہ چوگاں ہے (یعنی تیرا قد خمیدہ چوگاں گوئے مرگ ہے) لیکن تو غفلت کے باعث بچوں کی طرح ابھی تک لہو ولعب میں مشغول ہی رادر ادہر کچھ تیری توجہ نہیں) ۴ ۔ **تمامی** ۔ در رنگ ردیم **بقیائی** عجلت **مطلب** ۔ تیری عمر کی طناب رڈھ دری ۔ رسی) ڈھیلی ہو گئی اور حواس نے بھی باہر خیمہ لگا دیا (حواس مختل ہو گئے) لیکن تو ابھی تک عمارت کے سرانجام کرنے میں نہایت عجلت کیساتھ مصروف ہے (اور ان کمزوریوں کا خیال نہیں) ۱ ۔ اے غبار غم جلد ہمارے سینہ سے جدا ہو جا کہ ہماری ہمنشینی سے تو بھی رنج والم میں گرفتار ہے رکہ ہم تیری قدر نہ کر سکے) اور ہم کو زیادہ شرمندہ نہ کر کہ ہم میں تیری برداشت کی اہلیت نہیں دوسرے یہ کہ ہم غمزدوں کی ہمنشینی سے تجھکو بھی غم پہنچ رہا ہے ۔ پس ہم سے کنارہ کش ہو جا تاکہ تو غم میں مبتلا نہ رہے ۲ ۔ عاجزی اختیار کر اور مہر و مروت کو دوات بنا اور سر نیاز کو قلم اور ان سیاہ دلوں کے پاس آمد و رفت نہ رکھ ۔ ان سے کنارہ کش ہو مروت کیش بن ۳ ۔ بزرگوں کی عزت و تعظیم کر (بزرگوں کے سپید بالوں کی حرمت کرو) اور آفتاب کی طرح کہ جسطرح وہ صبح (جو سفید مو ہی) کی تعظیم کے لئے اٹھتا ہے تم بھی انکی تعظیم کے لئے اٹھو ۴ ۔ اگر شب زندہ داری نہیں کر سکتے تو کم از کم سحر خیزی سے غافل نہ ہو اس لئے کہ یہی دو وقت (شب و سحر) قبولیت دعا کے لئے خاص ہیں ۵ ۔ اس دنیا میں کرنے کو نیکی کبھی فرصت نہیں ہے لیکن اس دنیا سے اٹھا کے ہم

قلم کی طرح ہمیشہ کمربستہ رہو یعنی ہر وقت مستعد اور کمربستہ رہنا چاہیے نہ معلوم کس وقت کوچ کا نقارہ بج جائے اور
پھر اس وقت کمر باندھنے کا موقع نہ ملے اور پشیمانی حاصل ہو۔ **ردیف التحتانی** ۱۔ سیلی ۔ طپانچہ **مطلب**
جو کوئی بھی مکھی (مگس) کی طرح بغیر بلائے ہوئے کسی مہمانی (دعوت) میں جاتا ہے تو اس کا نتیجہ یہی ہوتا ہے کہ وہ
پھر پشیمان ہو کر اپنے منہ پر سیپیوں طمانچے مارتا ہے (مکھی کے اڑنے کو طپانچہ سے تعبیر کیا ہے) نمبر ۲۔ خار زار تعلق
سے اپنے کو الگ رکھ اور یہ رشتہ طلب دل جس طرف تجھ کو متوجہ کرے تو تجھے لازم ہے کہ تو اس سے گریز کرے
(یعنی دل کی خواہش کو پورا نہ کرنا چاہیے اور تعلقات سے علیحدہ رہنا چاہیے) نمبر ۳۔ دیکھو منت ثمر کے بار سے
قد نہال خمیدہ ہے (یعنی ثمر کے بار احسان سے قد نہال خمیدہ ہو گیا ہے) پس تو بھی ثمر (احسان) قبول نہ کر اور سرو جو کہ بے ثمر ہے اس کی طرح
اس دنیا میں آزاد رہ (اس دنیا کا سرو بن) نمبر ۴۔ تجھ کو تیری خودی (رد و بدل) نے حیرت میں ڈال دیا ہے (پس جب تک اس
خودی کو دور نہ کرے گا تو وادی حیرت سے نہیں نکل سکتا) پس اس خودی سے نکل اور اس بیابان (دنیا) کا
خضر بن اور دوسرے لوگوں کی جو خودی میں محو ہیں رہبری کر نمبر ۵۔ زمانہ کے نیک و بد میں تمیز کرنا تیرا کام نہیں
تجھے تو چشم آئینہ کی طرح خوب و زشت ہو (خوب ہو یا زشت ہو) حیران رہنا چاہیے خود اس میں غور و فکر کی
ضرورت نہیں۔ خوب اور زشت سب کو دیکھنا اور خاموش رہنا خود ظاہر ہو جائے گا کہ خوب کونسا ہے اور کیا ہے اور
برا کیا ہے نمبر ۶۔ شمع اپنے گریہ کے باعث پروانہ نجات (نجات۔ پروانہ رعایت لفظی) تک پہونچ گئی اگر روتی
نہیں تو نجات نہیں مل سکتی تھی پس تو بھی شب کو شمع کی طرح گریہ و زاری کر تا کہ تجھے بھی نجات میسر ہو (شمع کا رونا
جل جل کر پگھلنا ہے اور یہی نجات کا باعث ہے کہ جب پگھل کر بہت کم باقی رہ جاتی ہے تو اسکو بجھا دیا جاتا ہے
۷۔ اہل دنیا کی پردہ پوشی کر سب سے اچھا لباس تیرے لئے یہی ہے یعنی مخلوق کے عیوب سے چشم پوشی کر اور
خود چاہے عریاں رہ (کہ تیرے لئے چشم پوشی ہی لباس ہے) نمبر ۸۔ ہر گدا اپنے گھر میں بادشاہ ہے (یعنی مختار
ہے) پس اپنی حد سے آگے قدم نہ رکھ اور اس صورت میں بادشاہ بنا رہ (کہ ہر گدا الخ) کہ یہی بادشاہی ہے
کہ تجھے اپنی حد میں اختیار کلی ہے نمبر ۹۔ اے صائب تو اس چمن کی خوش الحان بلبلوں میں سے ہے
(شاعر خوش الحان ہیں) [illegible] خوش الحان (بلبل شیراز) سے زیادہ کر اور ان سے بڑھ کر
زمزمہ سرائی کر [illegible] کا ساماں [illegible] نہیں کرتا، فکر عشق کی نہیں کرتا ہے تو اسکی

چشم امید اپنے پیچھے ہی لگی رہتی ہے کہ شاید اب سامان عیش میرے سامنے آتا ہو لیکن اب یہ خیال بے سود ہے
کیا ہو سکتا ہے ۲ - **آمال** - جمع امل بمعنی امید - **مطلب** - میں نے رشتہ امید میں اپنے ہاتھ پاؤں کو اس طرح
الجھا لیا ہے جس طرح مکھی مکڑی کے جالے میں پھنسکر بے دست و پا ہو جاتی ہے (یعنی میں بیہودہ امیدوں میں
پھنسکر رہ گیا ہوں اور مجبور بنا ہوا ہوں) ۳ - میں دوسروں کے مال و اسباب سے بے نیاز ہو گیا ہوں
اور اپنے ہی سر و سامان پر تکیہ کئے ہوئے ہوں گویا بال ہما کے سایہ میں راحت و آرام میں پا رہا ہوں یہ سعادت
حاصل ہے ۴ - جب میں اپنے نامۂ اعمال پر نظر کرتا ہوں (دیکھتا ہوں) تو تمام عالم میرے دیدۂ خونبار
میں تاریک ہو جاتا ہے گناہوں کے باعث اسقدر سیاہ ہے کہ تمام عالم میری نظر میں تیرہ و تار ہو جاتا ہے
۵ - اے صائب اظہار جوانی ایک خجلت بے حاصل ہے (اظہار جوانی بیکار ہے اس سے کچھ حاصل نہیں کہ میں
اپنے ان ہم عمر ہمنشینوں کو خیال کرتا ہوں کہ جو جوانی ہی میں نظر سے چھپ گئے (اس دار فانی سے رحلت کر گئے)
اسی طرح ہمکو اپنی جوانی کا کچھ اعتبار نہیں پس اسکے اظہار سے کہ ہم کبھی جوان ہیں کیا حاصل ۶ - اے
صائب - بیدردوں کے سامنے اپنا حال بیان نہ کر ان لوگوں سے اپنے حال کا اظہار کرنا جو درد مند نہیں ہیں
اور زیادہ رنج و غم کا موجب ہے اور وہ تیرے قصۂ غم سے متاثر نہیں ہو سکتے اور نہ تیری ہمدردی کر سکتے ہیں
ردیف الصاد - ۱ - اس زلف عنبر فام (زلف سیہ) میں جو تم رقص و گردش دیکھتے ہو (رقص سے
مراد تحریک ہے) وہ اسی دل کے اضطراب کا اثر ہے جس طرح مرغ وحشی کے تڑپنے اور پھڑکنے سے دام رقص
کرنے لگتا ہے (حرکت) اسی طرح اس دل کے اضطراب کا اثر اس زلف سیہ پر ہوتا ہے چونکہ وہ دام دل ہے اور دل اسمیں
مرغ کی طرح گرفتار ہے ۲ - جب تک شراب خام رہتی ہے ابلن جوش و ابال آتا رہتا ہے اور جب صاف
ہو جاتی ہے تو وہ جوش خامی اس سے دور ہو جاتا ہے پس اسی طرح یہ صوفیان خام اپنی خامی کے باعث
رقص کرتے ہیں ورنہ اگر پختگی ہوتی تو انہیں سکون پیدا ہو جاتا اور یہ ظاہری اور خامی کا جوش دب جاتا
۳ - اوج دولت لہو و لعب کی جگہ نہیں ہے (یعنی دولت کو لہو و لعب میں صرف نہ کرنا چاہیے) اس لئے کہ
یہ عقلمندی و دانائی نہیں ہے کہ چھت کے کنارہ پر رقص کیا جائے کہ جہاں گر پڑنے کا خوف ہے - پس
اسی طرح اگر بام دولت پر رقص کیا جائیگا تو لازمی نتیجہ افتادگی ہے لہو و لعب موجب زوال دولت ہے -

ردیف الضاد - ۱ - مطلب - (الف) اس انجمن (دنیا) میں تو تامل کیساتھ وہ شخص بینا ہی (دانا ہی) کہ
جسنے اپنی دولت بیدار کو خواب سے بدل لیا ہی یعنی باوجود بیداری کے غافل ہے تاکہ دنیا کی نیرنگیاں اور دل پسند
نظارے اسکو اپنا گرویدہ نہ بنالیں اور خواب میں جو اہل دنیا کی نظر میں خواب ہی اور اصل میں سراسر حقیقت
ہی ہمہ تن محو ہو جائے - (ب) مطلب - اس انجمن (دنیا) میں اس شخص کو دانا و بینا سمجھا جاتا ہی کہ جسنے
دولت بیداری کو غفلت سے بدل لیا ہی (غفلت میں مبتلا ہی اور لہو و لعب میں مصروف ہی) ۔ ۲ ۔ میں
اسکے داغ عشق کا ایک ایسا ستارہ دل میں رکھتا ہوں کہ جسکو میں ماہ سے بدل سکتا ہوں اور نہ آفتاب
سے (یہ داغ اسقدر عزیز ہی اور وجہ یہ ہی کہ میں اسکو ایسی ایسی بیش بہا اور گران قدر چیزوں سے بھی نہیں بدل سکتا)
۳ - اگر شاید مطلب - صائب - اپنی عمر کو عشق سے بدل لینے پر میں شاید دل کو راضی کر لوں
(تاکہ اپنی عمر کو عشق سے بدل لوں) ورنہ اور کوئی چیز تو اسکا بدل نہیں ہوسکتی یعنی عمر بے بدل ہی - ہاں
اگر دل نے عشق کو گوارہ کر لیا تو البتہ میں عشق سے عمر کو بدل لونگا (یعنی عمر باوجودیکہ اس قدر گرانبہا ہے
لیکن عشق کے برابر بیش بہا نہیں) ردیف الطاء - ۱ - ان معشوقوں کے خط کی آب و تاب دل سے
برق کی طرح گذر جاتی ہی (پایدار نہیں ہی) پس اپنے دل کو ہرگز اس موج سراب میں (کہ جو دھوکا دینے والی ہی)
نہ لگا تاکہ اس سے کچھ حاصل نہوگا ۔ ۲ ۔ اس انجمن (فردوس خط) کی آب و تاب (شعلہ) ایک ذرا دیر کے لئے ہے
پس اس دولت خط سے کہ جو پا در رکاب ہی (ذرا دیر کی ہی - چلنے کے لئے تیار ہی) غافل نہو اور اسکو حاصل
کرلے کہ پھر یہ آب و تاب نہ رہیگی ۔ ۳ ۔ سفال - مٹی - زمین مطلب - ہر مٹی (زمین) اس قابل نہیں ہے
کہ اسپر ریحان (سبزہ خط معشوق) اگ آئے پس ہر ایک دل میں پیچ و تاب خط (ریشہ) (آگ) نہیں بن سکتا کہ دل سفال
کی مانند ہی اور خط ریحان کی طرح ہے پس ہر ایک دل اس سے متلذذ نہیں ہوسکتا) ۔ ۴ ۔ خط - کشیدہ - چیز
خیال کرتا ہی - پسند نہیں کرتا ہی مطلب جو کوئی بھی تیرے اس خط انتخاب (خط پسند کردہ) کو دیکھ لیتا ہی
وہ پھر بنفشہ فردوس کو خیال میں نہیں لاتا - (پسند نہیں کرتا اور ہیچ خیال کرتا ہی - تیرا خط بنفشہ فردوس سے
بھی بڑھکر ہی) ۔ ۵ ۔ ان بوالہوسوں کی آنکھوں نے اسقدر خیرگی دکھلائی (یعنی یہ بوالہوس آفتاب حسن کی
روشنی سے اس قدر خیرہ ہوئے) کہ آفتاب حسن پر خط کی نقاب پڑ گئی - یعنی یہ بوالہوسوں کی خیرگی چشم کا

اثر یہ ہے کہ آفتاب حسن (رخسار) خط کی نقاب میں چھپ گیا۔ **ردیف العین** - ۱ - زخمی دل سے چوٹ
کھائے ہوئے دل سے سخنہائے عشق نہ چھپا (بیان کر) کہ چراغ بیمار کے سر سے بچا کر نہیں رکھا جاتا یعنی بیمار کی
بالیں پر چراغ ضرور جلاتے ہیں پس اسی طرح سخنہائے عشق اس دل سے نہ چھپا تاکہ کچھ تو تسکین ہو۔ ۲ - گو
ہر دل بیکار امیدوں کے سلسلہ میں پھنسکر ناکارہ ہو گیا (یعنی دل بیکار امید و نہیں پھنسا رہا) افسوس کہ ہم اپنے
مہرہ کو (دل) اس مار (طول امل) سے نہ بچا سکے کہ جسنے اسے ناکارہ بنادیا اور اس مہرہ کو کھو دیا (حاصل کلام یہ
دل بیکار امیدوں کی خواہش میں مبتلا رہا اور کچھ نتیجہ نہ نکلا) ۳ - ہم اپنی خواب کی گرانی (گہری نیند -
کثرت غفلت کے سبب سے زمین گیر ہو گئے (چل نہ سکے) اور افسوس کہ ہم اس قافلہ سالار (محبوب) تک نہ پہونچے
۲ غفلت کے ہاتھوں اس تک نہ پہنچ سکے ہم ۴ - جسنے تیرے دانتوں جیسے دہن بنگو ہر بنایا ہو (تجھے دہن و دندان عنایت کیئے) پس ممکن
نہیں کہ جب وہ تجھ پر اسقدر مہربان ہو تو مرتے وقت تک تجھکو رزق نہ پہونچائے (یعنی وہ رزاق مطلق لب گور تک تجھکو رزق
پہنچائیگا (لب گور تک = رزق پہنچانا تا دم آخر ہیں - دوسرے یہ کہ جنازہ کیساتھ اناج وغیرہ بھی جاتا ہے جو
۲۵ گورستان میں تقسیم کر دیا جاتا ہے) ۱ - اب میرا وجود خاکی سرمہ داری کی خدمت انجام دے رہا ہے میری خاک
سرمہ ہو گئی اے ہمنفسوں اپنی چشم مروت کو مجھ سے بچا کر نہ رکھو (یعنی مجھپر چشم مروت مبذول رکھو اور میری
ع ۵۰ خاک کو جو سرمہ ہے اپنی آنکھوں میں لگا کر سرفرازی بخشو) **ردیف الفاء** - ۱ - گنگ ہیم - گونگے ہیں -
مطلب - افسوس کوئی ایسا صاحب دل نہیں ہے کہ جسکے سامنے میں اسرار عشق الٰہی بیان کروں (کوئی
بھی دنیا میں ایسا نہیں) اور شوق بیان اس درجہ ترقی پر ہے کہ میں ضبط نہیں کر سکتا پس بیکسی کیساتھ
صورت دیوار در و دیوار ہی سے میں گفتگو کرتا ہوں (اسرار عشق بیان کرتا ہوں کوئی صاحبدل تو ملتا
ہی نہیں بسر کیا کیا جائے) ۲ - پیچیدہ معنی (معنی بلند) بغیر فکر و غور کے ہاتھ نہیں آتا ہے لیکن
فکر کے پیچ و تاب (غور) سے حرف جو ہر دار ہو جاتا ہے (خوبی پیدا ہو جاتی ہے) ۳ - ہر اس شخص منہ
زنادان کا شمار (فہرست) کاغذ حساب عمر کہ جو قلم کی طرح بسیار گو ہے جلد ہی ختم ہو جاتا ہے -
جسطرح قلم اگر جلد لکھنے والا ہے تو کاغذ جلد بھر جائیگا یعنی بسیار گو کی عمر کم ہوتی ہے ۴ - روشن آئینہ پر
بیوقت و بے محل اگر سانس صرف کیجاتی ہے (منہ کی بھاپ سے اکثر آئینہ کو صاف کر لیتے ہیں) در اشعار کا

وہ مکدر ہوں تو وہ اور مکدر ہو جاتا ہے۔ پس اسیطرح اہل دل رو ارنا و دنیا و اہل عشق کے سامنے بے تامل
و بغیر سوچے سمجھے کوئی بات زبان سے نہ نکالو کہیں وہ مکدر نہو جائیں (یہ) وہ سب غبار سینہ ایک دوسرے
کے لئے آئینہ ہیں (رہر ایک پر ایک دوسرے کی بات ظاہر ہے) جسطرح اشراقیوں کے سامنے گفتگو بیکار ہے
اسیطرح بے غبار سینوں کے سامنے گفتگو بیکار ہے۔ (ہر ایک کا حال خود بخود دل میں ظاہر ہو جاتا تھا) اشراق
گروہ حکما کہ روشنی باطن کے سبب سے کہ جو انھوں نے کثرت ریاضت سے حاصل کی تھی تعلیم و تعلم مکاشفہ
و مراقبہ سے کرتے تھے ایک دوسرے کے سامنے جانیکی ضرورت نہ تھی (۴)۔ وہ شخص جو اگوش گراں
نااہل کو پند و نصایح کرتا ہے تو گویا وہ اسکے عیبوں کی ڈنکے کی چوٹ پردہ دری کرتا ہے کہ یہ نااہل اس لائق
بھی نہیں کہ کسی کی بات کو سنے (یعنی نااہل سے بات نہ کرنا ہی بہتر تا کہ اسکی پردہ دری نہو) حاصل کلام یہ کہ
اگر کوئی شخص تمہاری گفتگو پر گوش بر آواز نہیں ہوتا تو اس سے گفتگو کرنے کی ضرورت ہی نہیں ورنہ اسکے
عیوب کی پردہ دری ہوگی کہ وہ تمھاری نصیحت کو نہیں سنتا (۵)۔ تو خموشی پر بیکار و بیہودہ گفتگو کو ترجیح
دے رہا ہے گویا تو ایک اعلیٰ شے کو چھوڑ کر ادنی شے کی طرف متوجہ ہو رہا ہے۔ گوہر دل کو چھوڑ کر کف دریا پر
قناعت کر رہا ہے۔ صرف بیہودہ گفتگو کف ہے اور خاموشی گہر ہے (۱۔ ۲)۔ اے غافل خواب غفلت کے باعث
تیری ہڈیاں پس کر توتیا (سرمہ) بنگئیں لیکن اشک ندامت سے تیری آنکھ ایکبار بھی تر نہ ہوئی (یعنی
تو نے اپنی اس حالت پر کہ زمانہ نے تجھے پیس ڈالا اور تو خواب غفلت سے ہوشیار نہوا کبھی بھی افسوس نہیں
کیا) (۳)۔ تو یہاں دنیا میں ننگ آلودہ ہی آیا اور اب اسی طرح یہاں سے جا رہا ہے۔ افسوس کہ زمانہ کے
نشیب و فراز (زمانہ کی سختیاں۔ نرمیاں) سے تو نے اپنے کو ہموار و درست نہیں کیا؟ **ردیف القاف**
اے مہرۂ زرد رنگ پڑے بیکس کر اگر حقیقت تو تنکے کے مقابل رکھا جائے تو تنکا خود بخود کھنچ آتا ہے
مطلب جب تک تو آدمی کی نظر میں پرکاہ کی طرح سبک نہو جائے اسوقت تک خلق کے جذب کرنے
والے کہربا (رزم) کے اثر سے اپنے جگہ سے نہ ہل۔ جب تو پرکاہ کی طرح سبک ہو جائیگا تو کہربا تجھکو خود بخود
کھینچ لیگا (حاصل کلام یہ کہ جب تک تجھ سے خواہشات دنیوی ترک نہو جائیں اسوقت تک کسی تونگر
کے پاس نہ بیٹھ تا کہ لوگ تجھے مطعون نہ کریں۔ اور جب تو نے انکو ترک کر دیا تو لوگ تجھکو خود کھینچیں گے)

۲۔ اہل دنیا کی سرنوشت مار رسانی کے نقش و نگار کے مانند ہیں، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ خلق کا خمیر (طینت) ضرور زہر سے آمیختہ ہے پس ان سے ہوشیار رہنا چاہیئے کیونکہ طینت ہے۔ ۳۔ خدا ہم کو اس بہشت خلق سے محفوظ رکھے کہ جسکے باعث مخلوق دوزخ کے خیال سے ہمیشہ آتش خوف میں گرفتار ہے (یعنی ایسی بہشت کی ہمکو ضرورت نہیں نہ خواہش ہے کہ جس کی آرزو میں آتش دوزخ کا خیال وخوف ہر وقت دامنگیر رہتا ہے) اگر بہشت نہ ہوتی تو دوزخ کا کسی کو بھی خوف نہ تھا۔ پس ایسی بہشت جو خوف کا موجب ہے ہمکو درکار نہیں ۔ ۴۔ بہت ہی غور و تفحص کے بعد تو کہیں مجھکو اپنا ہی عیب معلوم ہوتا ہے۔ مجھے اس قدر فرصت و مہلت کہاں کہ میں مخلوق کے نیک و بد میں فرق کروں (یا اپنا تو اپنے ہی اندر سیکڑوں عیوب ہیں کہ بہت ہی جد و جہد کے بعد کہیں ایک دو عیب اپنے معلوم ہوتے ہیں پس مخلوق کے عیوب پر نظر کرنیکی کہاں فرصت) ۔ ۱۔ دل شکستہ ہی عشق کا گوہر یگانہ ہے اور خزانۂ عشق کا مال زر ہی چہرہ زرین (زرد) ہے (خزانۂ عشق کا گوہر دل شکستہ ہے اور اسکا زر عاشق کا غمزدہ زرد چہرہ ہے) ۔ ۲۔ آستانۂ عشق پر ہزاروں یوسف مصری معشوق حقیقی کی ایک نظر عنایت کی امید میں سارہ (ریجی عمارت) پہنے ہوئے ہیں کہ شاید اسکے پرتو رنگیں سے بہرہ ور ہوں ۔ ۳۔

بر ہیں ۔ برتر و بلند **مطلب** ۔ میخانۂ عشق کے ضعیف میخوش بھی اسقدر زور و دم رکھتے ہیں کہ اس سپہر بریں کے خم کو وہ اپنے ہاتھ میں اٹھا لیتے ہیں (انکو ضعیف نہ سمجھو) ۔ ۴۔ ۱۔ ائے صائب ترانۂ عشق کو کوئی کس طرح ضبط کر سکتا ہے کہ جب اسکے باعث یہ نو آسمان وجد کر رہے ہیں (یعنی ترانۂ عشق نے جب ان نو افلاک کو ہلا ڈالا تو پھر انسان ضعیف البنیان کی کیا ہستی جو اسکو ضبط کر سکے) ۔

ردیف الکاف ۔ ۱۔ ۱۔ اے میخوش اپنے پیالہ کو بلا مئی (صراحی) کے پہلو کے نیچے چھپا رکھ کہ اس حاسد فلک کی آنکھ سے رشک کے باعث زہر ٹپک رہا ہے (تیری میخوشی اس سے نہیں دیکھی جاتی ہے) پس کہیں تیری شراب اسکی چکیدگی سے زہر آلود نہ ہو جائے ۔ ۲۔ ۱۔ اس چرخ سفلہ نے اسقدر نقد جان (جانیں) خاک میں چھپائی ہیں (ہزاروں ہستیاں زمین میں نہاں ہو چکیں) کہ اس میں ہزاروں چشمۂ حیات جاری ہیں (رواں یعنی جان و جاری) ۔ ۲۔ جب تیرا دست تصرف صرف

آسایش سمجھا جاتا ہے تو پھر کیا امید! ردیف اللام - ۱- یہ چرخ بریں با ایں ہمہ وسعت (دولت
سرائے دل کا حلقہ در ہے اور عرش حرم کبریائے دل (دل اسکے عظیم و بلند حرم کا پردہ ہے) یہ شان و شوکت
عزت و حرمت اس دل کو حاصل ہے) ۲- دل اگر اپنی حقیقت کیساتھ جلوہ گر ہو (دل کو پہچان سکیں) اگر جلوہ گر ہو تو
ان نو افلاک کی اطلس اسکی قبا بنجائے یہ مرتبہ دل کا ہے یعنی دل معصیت و آرایش وغیرہ ناشائستہ چیزوں سے
پاک صاف رہے اور اگر اس صورت میں جلوہ گری کرے تو اسکا یہ مرتبہ ہو ۳- گرگ نفس امارہ مطلب
وہ گرگ جو تیرے جسم میں تیرے خون کا پیاسا ہے صفائے دل کے پردۂ نور کے اثر سے یوسف (نیک طینت) بن سکتا
ہے یعنی نفس امارہ جبھی رام ہو سکتا ہے کہ جب صفائے قلب حاصل ہو جائے - یوسف برعایت گرگ ہے
۴- بانگ درا - قافلہ کی روانگی کے وقت جو آواز قافلہ والوں کو ہوشیار کرنے کیلئے دیجاتی ہے رقص المحمل
قافلہ کی روانگی کی صدا سنکر اونٹ کبھی اٹھتا ہے کبھی بیٹھتا ہے غرض عجیب عجیب حرکتیں کرتا ہے اسکو رقص المحمل
سے تعبیر کیا معنی لغوی ہیں اونٹ کا ناچ - مطلب ہماری اس دیوانگی و جوش و ولولہ پر تعجب نہ کر جبکہ یہ نو فلک
دل کی بانگ درا سنکر رقص المحمل کرنے لگتے ہیں تو ہماری کیا ہستی ہے ہم تو ایک ذرہ ہیں پس اگر ہم ایسا کرتے ہیں
تو کچھ تعجب نہیں کہ اسکا ضبط ہم سے ناممکن ہے ۵- اس کتاب خانہ یونانیوں کی سیر کرنے سے کیا حاصل
(یعنی حکمت و دانائی کے حاصل کرنے میں بیکار وقت کیوں ضایع کرتا ہے) اسے چھوڑ اور ذرا دل کی طرف
توجہ کر نظر ڈال کہ اس دبستان دل نے پیکروں کو مجسم عقل بنا دیا ہے (تاکہ تجھے بھی پیکر عقل بنا دے)
۶- اے صاحب اگر تو دیدہ ہمت سے دیکھے تو تجھے معلوم ہو کہ قصر فلک اس دل کے پاؤں پر پڑا ہے یعنی
یہ دل قصر فلک سے بھی عالی و برتر ہے قصر فلک اسکے سامنے ہیچ ہے ۱- اگر تو تن میں جان کی
مانند ہے اور تن سے غافل رہے تو پھر جان ہونے سے کیا فائدہ بیکار - اگر تو عالم ہے
اور علم کو نہ سمجھا تو کیا فائدہ اور اگر تو زندہ دل ہے اور خود حیات نفس میں گرفتار رہا ہے تو بہت ہی نادان
ہے ۲- تخلق - عادت تشریف - لباس - مطلب - اچھی عادت ہی حقیقت میں آدمیت
کا لباس ہے جب تو اس لباس سے عاری ہے تو بیکار ہے آدمی کہلانے کا بھی تو مستحق نہیں ہے تیری
جہالت کے سبب تیرا تن خاکی زندان بنا ہوا ہے تیرے لئے زندان ہے لیکن تو اسکے منصب کا خیال کر کے

یہ کوشش کر رہا ہو کہ بے سود رہو ہی اسلئے مصیبت کی بنیاد تو مضبوط کر رہا ہو) ۴- اگرچہ تو سرو کی طرح آزاد
ہو گیا ہو لیکن جب تک تو اس ظاہری رعنائی کو دل سے نہ نکالیگا اسوقت تک آزاد نہیں ہو سکتا ظاہری آرائش
ترک کر) ۵- اگر تو دولت دنیا سے بہرہ ور ہے تو تخت سلیمان ہو تو کیا فائدہ سب بیکار ہو کہ جب تیرا انجام
ہوگا کہ تیرا جسم روح ہو (چیونٹیوں کی خوراک بنیگا روداد یہ اس دولت و حشمت سے تو کیا فائدہ اٹھا سکتا ہے -
تو ہوگا اور قبر کا دہانہ ۱ چیونٹیاں تیرا جسم کھائینگی ۶- فغفور - لقب بادشاہ چین - مجازاً بادشاہ مطلب -
جب زمانہ تیرے کاسہ سر کو بعد مرگ خاک سے بھر دیگا اور تیرا یہ انجام ہوگا تو اگر تو شاہ جہاں بھی ہے تو
بیکار کیا انجام یہ ہونا ہی ہے ۷- اے غالب دنیا میں صائب جیسا کوئی اور سخن سنج نہیں ہیں تو عبث اپنے
بیان کو ترتیب دے رہا ہو اس ترتیب سے کیا فائدہ صائب کے مقابل میں تیرے کلام کی کیا قدر و منزلت
ہو سکتی ہے ۔ **ردیف المیم** - ۱- ہمنے خوشی و عشرت کو بے غم لوگوں کے لئے چھوڑ دیا ہے (یعنی عیش و نشاط غزل ۱
بے غم لوگوں کا حصہ ہے) اور گل (پھول) بہار شبنم کی شوخ چشمی کے لئے وقف کر دیا ہے ورنہ ہمکو خوشی سے
غرض اور نہ چمن و بہار سے مطلب ۲- دنیا داروں نے تو اپنی یادگار کے لئے دنیا میں کچھ نہ کچھ اپنے کام جو یادگار
باعث ہو سکیں چھوڑ دئے ہیں لیکن ہمنے صرف دست و درد سینہ عالم پر اپنی یادگار چھوڑا ۱ ہماری یاد میں گریہ
کناں ہیں اور ہمارا ماتم کر رہے ہیں یا یہ کہ ہمارے ظلم سے نالاں ہیں اور سینہ پر انکا ہاتھ رکھا ہوا ہے ۳-
ہمنے دنیا میں کسی چیز کو اپنے منہ پر نہ رکھا (یعنی کسی چیز کی طرف رغبت نہ کی) سوائے اس دست اختیار
کہ جیسے اب ہم پھیلا ہوا چھوڑ گئے (یعنی ہمیشہ حسرت و افسوس کیساتھ ہمارے منہ پر یہ ہاتھ رکھا رہا -
اور اس دنیا میں ہم نالاں رہے) غزل ۱- **الوان** - رنگا رنگ طرح طرح - **مطلب** - دنیا کی طرح طرح کی نعمتیں غزل ۲
میں سے خون آغشتہ (آلودہ بخون) پائیں جس کے سبب میں قناعت و توکل کئے بیٹھا رہا اور ان نعمتوں
ملذذ ہونیکی کبھی خواہش نہ کی جسطرح خورشید نے قناعت اختیار کر لی ہو اور کبھی دنیوی نعمت کی خواہش
نہیں کرتا اور ان نعمتوں کے ذائقہ سے محظوظ نہیں ہوتا - ادیدم کے بجائے مصرعہ ثانی میں مالیدم بنا لیجئے
کہاں بر دیوار مالیدن - یعنی قناعت و توکل خورشید کی تشبیہ کمزور ہے ۲- نولکشوری نسخہ میں یہ شعر یوں
سا ہو کہ - مرا دل سرد کرد انشا اہل دولت دیدن دریا + بجنگ دیدن نعمت نادیدنی آمادگردیدیم - میرے خیال

سے بھی شعر اسیطرح زیادہ فصیح ہو اور اسی شعر سے معنی لیکر لکھتا ہوں ۔ مطلب ۔ مجھکو سیر دریا نے اہل دولت سے
دل سرد بنا دیا یعنی دریا کی سرد مہری دیکھکر اہل دولت کی سرد مہری کا حال کھل گیا جسکے باعث میرا دل ان سے
سرد پڑ گیا اور اب میں ایک بات کے دیکھنے سے رسیر دریا) سونا دینی ہورسے آزاد ہوگیا اگر میں سیر دریا سے سبق حاصل نہ کرتا تو اہل دولت
کے پاس جا کر مجھے ادینی ہو رکھی کھینا پڑتے یعنی انکی سرد مہری دیکھتا ۔ ۳ ۔ روز قیامت کو ہی کام بھی میرے کام نہ آیا کسی نے میری
دستگیری نہ کی بجز اس ہاتھ کے جس کو میں افسوس کے باعث دوسرے ہاتھ سے ملتا تھا رعینی پشیمانی کام آئی) ۔ ۴ ۔ جب میں نے خواب میں
کو دولت بیدار کے ساتھ تولا اور وزن کیا تو میزان نظر میں خواب ۔ اس کا پلہ بھاری نکلا رعینی زیادہ تر عمر خواب آسائش میں گذری اور دولت
بیدار سے کام نہ لیا) ۔ ردیف النون ۱ ۔ دیکھو پھول رنگ) دوسروں کی شراب کے سبب سے رنگ نوش
ایک جرعہ زمین پر ڈالدیتے ہیں اور اسکے قطرات گل پر بھی پڑتے ہیں) زرد زرد ہو جاتا ہو زرد یہ گلاب زرد
ہوتا ہو) بس اسی طرح دوسروں کے گلاب سے رجو نافع درد سر ہو) بجائے درد سر دور ہونیکے اور درد
زیادہ ہو جاتا ہو رکسی کا احسان نہ لینا چاہیئے) ۔ ۲ ۔ جو کوئی بھی دوسروں کے پانی سے راحسان) اپنے
منہکو تر رکھتا ہو تو گویا وہ دوسروں کے وضو سے اپنی نماز ادا کرنیکا ارادہ رکھتا ہو رعینی دوسروں کا
احسان لینا ایسا ہو جیسے دوسروں کے وضو سے اپنی نماز ادا کرنا) ۔ ۳ ۔ میں اسقدر کم ظرف ہوں کہ میں
شعروں کے خشک جواب ہی سے تر دماغ بنا رہتا ہوں گویا میرے لئے دوسروں کی شراب چشمہ حیوان ہو
رعینی دوسروں کا احسان میرے لئے باعث عیش ونشاط ہو لیکن میں اسقدر بے صبر ہوں کہ اس سے
کنارہ کش نہیں ہوتا ۔ ۴ ۔ جہاں کہیں بھی گلستان ہو میں وہاں صبا کی طرح پھرتا ہوں کہ غنچہ کی کشادگی کار سے
شاید میرا دل بھی کھل جائے یعنی دوسروں کا احسان مجھکو گوارا ہو اور چاہتا ہوں کہ غنچہ کی کشادگی کے
طفیل میں میرا دل بھی کھل جائے ۔ رفتح الباب یا فتح باب کشادگی کار) ۔ ۵ ۔ اگر ایک دوسرے کا رشتہ
جان آپس میں پیوستہ نہیں ہو تو پھر کیا سبب ہو کہ دوسروں کے پیچ وتاب کے باعث رغم داشتہ ۔ مرگ
دیگراں) میری عمر کوتاہ ہوگئی ۔ میری عمر کا کوتاہ ہونا امر بالا پر دال ہے رکہ دوسروں کے پیچ وتاب
کھانے سے کوتاہ ہو جاتا ہو) ۔ ۶ ۔ لیکن اے صائب یہ کم ظرفوں کا شیوہ ہو کہ دوسروں کا
احسان لیکر اپنا مقصد پورا کرنا ۔ بس دوسروں کی شراب سے اپنے چہرہ کو رنگین بنانے سے یہ بہتر ہو کہ

تیرا عیش بھی منغص ہوگا اور دنیا پر اپنا دروازہ بند کر (قطع تعلق کر) اور خلوت نشین بن کہ عیش حقیقی یہی ہے ۲ ۔ اے
لباس پرست کیا تو کعبہ سے بھی بڑھ چڑھکر ہے جو تجھے سال میں کئی بار لباس (جامہ) کی ضرورت و خواہش ہوتی ہے
دیکھتا نہیں کہ کعبہ کو باوجود ہمہ حرمت وعزت سال میں ایک دفعہ لباس دیا جاتا ہے (غلاف کعبہ) پس تجھکو بھی
جو جامہ سال میں ایک بار ملتا ہے اسی پر قناعت کرنا چاہیئے ۳ ۔ سر کی جگہ زمین بنایئے ۔ یہ تیرے لئے یہ ایک
دو جہرہ ہی آب و زمین ہیں (اسباب کاشت یعنی کل ریاست) کے توشہ کے لئے زراعت کر تاکہ تجھے
توشۂ آخرت حاصل ہو سکے) یعنی گریہ کناں ہو کہ یہی زاد آخرت ہے ۴ ۔ **قرص** ۔ ٹکیہ **مطلب**
اگر تجھے ایک ٹکیہ کہیں سے حاصل ہو تو آفتاب کی طرح جو خوان فلک پر اپنی ٹکیہ کو ذرہ ذرہ کرکے بانٹ دیتا
ہے (تقسیم کر دیتا ہے یعنی ذرہ ذرہ تقسیم کر دیتا ہے) تو بھی اسکو تقسیم کر اور خود تنہا ہی اس سے متلذذ نہو بلکہ
ابنائے جنس کو شامل کر لیو ۵ ۔ قریب ہی ہے کہ کوچ کا نقارہ بجنے لگے (کوچ کا نقارہ بجنے والا ہے) پس دل کو
ذوق و وجد حاصل کرانیکے لئے کوچ کی فکر کر تاکہ معشوق حقیقی کے نظارہ کا لطف حاصل ہو ۶ ۔ عافیت کا
لباس خاکساری ہے (اس سے اچھا کوئی لباس عافیت نہیں) پس تو اس لباس پر دنیا میں کچھ تھوڑے
سے زمانہ کے لئے قناعت کر (یعنی دنیا میں اسے گوارا کر لے تاکہ آخرت میں کام آئے حالانکہ کسی قدر گراں
معلوم ہوگا لیکن تھوڑے ہی سے زمانہ کے لئے کہ یہ دنیا چند روزہ ہے ۔ پھر بھی تیرے کام آئیگا ۷ ۔ باوجود
توانائی کے اہل فقر سے بے نیاز نہ ہونا چاہیئے اور تونگری کے زمانہ میں عاجزوں کی دستگیری کرنا ورنہ تیری
دولت برقرار نہیں رہ سکتی) ضروری ہے تاکہ دولت اور پائیدار ہو ۸ ۔ قضائے آسمانی (حکم الٰہی) کے
سامنے سر تسلیم خم کر دینے کے سوا کوئی اور علاج نہیں (راضی برضائے الٰہی رہنا چاہیئے) کہ جو کچھ اسکی
مرضی ہے تمکو اس میں چون و چرا کی گنجائش نہیں کہ یہ محیط بیکراں ہے (دریائے ناپیداکنار) اس میں ہاتھ
پاؤں مارنا بیکار ہے نجات نہیں مل سکتی ۹ ۔ تمہارے گریبان سے جب آفتاب نمودار ہو تو صبح کی طرح دامن شب
(آخر شب) کو نہ پھاڑ (یعنی اگر تمکو کسی کی پردہ دری کی قوت حاصل بھی ہو جائے مگر تب بھی کسی کی پردہ دری
نہ کرو تمکو صفائے قلب حاصل ہو جائے تو تیرہ دلوں کی پردہ پوشی کرو ۱۰ ۔ مہمانان غیب (حالات غیب)
بند دروازہ دیکھکر واپس ہو جاتے ہیں (یعنی اگر وہاں دروازہ بند دیکھیگا تو لوٹ جائیگا) پس تو غفلت

دیکھ لیتا ہے) پس موشگافوں روو رہیں حقیقت ہیں ہم کے سامنے مکر سے سجھ گردانی نہ کر کہ انکو تیرا حال معلوم ہو ہے
۳۔ دنیا سے تجھکو جو پریشانی حاصل ہو یہ حقیقت میں سنبل فردوس ہے (سنبل بھی پریشان ہوتی ہے) پس
شوخ چشموں (عیش پرستوں) سے اپنی سنبل فردوس (پریشانی) کو بچائے رکھ یعنے اہل جمع سے (جنکو جمعیت
حاصل ہے) منعموں اور عیش پرستوں کے سامنے اپنی پریشانی کا اظہار نہ کرو۔ نہ تیری سنبل فردوس
نقصان پذیر ہوگی ۔ پریشانی کی وقار و شان ختم ہو جائیگی ۔ ۴۔ اے صائب بد باطنوں کو نصیحت کرنا
بے سود ہے کچھ حاصل نہیں ۔ زمین شور میں دانہ افشانی بیکار ہے ثمر حاصل نہیں ہو سکتا پس بد باطن تیری
نصیحتوں سے پاک باطن نہیں بن سکتے ۔ ۱۔ عقل کی تدبیر سے قضا کے ساتھ پنجہ نہیں ہو سکتا
یعنی عقل و تدبیر سے قضا (حکم الہی) کا مقابلہ نہیں ہو سکتا اس دریا (قضا)
میں تو بے دست و پا ہو کر پیرنا چاہیے کہ یہاں دست و پا بیکار ہیں موج قضا کو نہیں روک سکتے ۔ ۲۔ تیرا دل
تنگیں گریہ و زاری کے زور سے (گریہ و زاری سے) ہرگز کشادہ نہیں ہو سکتا اسلئے کہ دندان گہر کے ڈورے
کی گرہ نہیں کھل سکتی ہیں ۔ اسیطرح تیرے دل کی کشادگی بھی گریہ سے ناممکن ہے ۔ ۳۔ جب سے تو افراختہ قامت
ہوا ہے تو نے اپنے قامت کو بلند کیا ہے تب سے ایک بھی سجدۂ اخلاص تو نے ادا نہیں کیا اور تیری عمر بام کعبہ
پر خواہشات پوری کرنیکے لئے موجود ہے ۔ یعنی ہوا و ہوس کے حاصل کرنیکے لئے تیرا قد افراختہ ہے مگر افسوس کہ
سجدہ اخلاص کے لئے تو نے کبھی اپنے قامت کو خم نہ کیا ۔ خواہشات دنیوی میں تو گرفتار ہے اور اطاعت
حق سے بیزار ہے ۔ ۴۔ (الف) اگر خواہشہائے بیجا سے شرمندہ و نادم نہیں تو پھر کس لئے دعا میں ان ہاتھوں کو
اٹھائے ہوئے ہو اور اس دعا میں تمہاری کون سی آرزو ہے کس لئے دعا مانگ رہے ہو کیا کوئی اور آرزو باقی
ہے ؟ اس سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ تم اپنے خواہشوں سے نادم و شرمندہ ہو ۔ ب ۔ جب تم اپنے گناہوں اور خواہش
بیجا سے شرمندہ نہیں ہو تو پھر دعا میں کس لئے ہاتھ اٹھائے ہوئے ہو اس دعا سے تمہارا کیا مدعا ہے اور کونسی
آرزو مضمر ہے ۔ ۵۔ اگر تو اپنا بستر بجائے کمخواب و حریر کے بوریا کا بنائے تو تیری خواب کا لباس کمخواب
سے تنگ (اوکری) شکر بجائے تنگ و شکر بوریا ۔ مناسبات لفظی (بہت ہی بہتر ہوا و بیداری حاصل ہے)
۱-۶ اے صائب حرف پوچ و بیہودہ باتوں پر گوش بر آواز ہو کر عمل نہ کر کہ ہر ایک نقارہ کی آواز ... (جو کچھ ...)

موہوم پر تکیہ کرنا بہت ہی نادانی ہے پس ان بیہودہ و ناشایستہ باتوں پر عمل پیرا نہ ہو ان پر تکیہ نہ کر کہ یہ نادانی ہے ۔
۱- اے دل تو کب تک اہل دنیا کی بدخوئی پر روتا رہیگا کہ یہ عیب میں داخل ہے کہ ایک قطرہ قطرہ کر کے اپنے چشم سے
دریا بہایا جائے صبر کر کہ اسباب دنیوی کے لئے بیکار خون جگر برباد کر رہا ہے ۔ ہاں اگر رونا ہی ہے تو ایکدم
اشکوں کا دریا بہا دے کہ شاید کدورت و غبار دل سے دہل جائے اور تیری حرص و طمع ختم ہو جائے ۔ ۲- دیدہ
سفید ہے (کہ جو روتے روتے سفید ہو گئی ہے) صبح امید گویا ہی نمودار ہوتی ہے گویا رونا اپنے آستین میں ید بیضا
(روشن ہاتھ) رکھتا ہے جسکے باعث صبح امید نمودار ہوتی ہے یہ ید بیضا برعایت صبح امید) حاصل کلام یہ کہ
رونا کار برآری کا باعث ہے ۔ ۳- تاک - درخت انگور۔ **مطلب** - دیکھو درخت انگور میں گریہ ہی
کے باعث یہ خوشہ ہائے انگور نظر آتے ہیں - یہ خوشہائے انگور گریہ کا اثر و نتیجہ ہے یعنی اس باغ میں (دنیا)
(رونا بار آور ہے گریہ سے ثمر حاصل ہوتا ہے ۔ ۴- دیکھو چکیدگی (ریزش) ابر سیاہ کو سفید کر دیتی ہے - برسنے
سے سیاہ بادل سفید ہو جاتا ہے - پس اسیطرح گریہ نیم شبی سے دل روشن ہو جاتا ہے دل سے تاریکی دور
ہو جاتی ہے ۔ ۵- شاہد - گواہ **مطلب** - شمع کو دیکھ کہ یکسر سوز ماتم دنیا سے جلتی رہتی ہے اور اسکا اسطرح
جلنا اسکی استقامت نظر کا شاہد ہے کہ شمع میں استقامت پائی جاتی ہے پس اسیطرح تو بھی استقامت پیدا کر
۶- اگر تیرے میلہ دل میں اسقدر ہمت نہیں رہی کہ تو ہر وقت گریہ میں مشغول رہ سکے تو کم از کم تجھے خندہ بیجا کے
برابر تو رونا چاہئے یعنی جس قدر تو نے خندہ بیجا کیا اسی قدر رونا بھی چاہئے تاکہ اس کا بدل ہو جائے ۔
۷- تو کبتک مقاصد دنیوی کے فوت ہو جانے پر آنسو بہائیگا اور کبتک اسکا افسوس کریگا کبھی تو دوستوں
اور ہم نفسوں کے وقت کے فوت ہو جانے پر بھی آنسو بہا کہ اب تجھکو انکا وقت ہمنشینی میسر نہیں (یعنی
انکے فوت ہو جانے پر گریہ کناں ہو) ۔ ۸- اے **صائب** - اگر ایک رات بھی بغیر گریہ و زاری کے
بسر ہو جاتی ہے تو میں اسکی شرمندگی سے دن میں سیکڑوں دامن عرق خجالت سے تر کرتا ہوں (مجھے
بہت ہی شرمندگی ہوتی ہے) ۔ ردیف ل ۱- نیک نام دولت خالی کے لئے بقا کا موجب ہے یعنی اگر دولت
نہ ہے اور نیک نام باقی ہے تو وہ اس دولت کے دوام کا موجب ہوگا پس نیک نامی سے اپنی اس
دو روزہ دولت کو ہمیشگی کی دولت بنا (نیک نام پیدا کر) ۔ ۲- بخیلوں کا مال آخرکار دوستوں [illegible]

سکے حصہ میں آتا ہے دیکھو پھولوں کا ذخیرہ آخر کار صبا ہی کے حصّہ میں آیا ہے جسے وہ خوب اڑاتی پھرتی ہے
۔ دنیا میں اپنے دلکو روزی کے خیال میں (خیال سے) غمگین نہ بنا ؤ ورگندم کے لیے
حضرت آدم علیہ السّلام کی طرح جنت کو نہ چھوڑ (اکہ انکو روزی جنت سے محروم کر دیگی) ۲۔ اپنے گریہ کو
لوگوں کے نظر سے پوشیدہ رکھ اور سخاوت میں اپنے آپکو حاتم کی طرح مشہور (رفسانہ) نہ کر کہ یہ بھی عیب میں
داخل ہے ۳۔ اگر تو چاہتا ہے کہ تیری حالت سے کوئی آگاہ نہو تو اپنے راز کو تو کسی پر ظاہر نہ کر (اور اگر راز
کہدیا تو تیرا سب بھرم کھل جائیگا) ۴۔ اس درخت بارور کی جگہ تو عالم بالا ہے راست وہاں لگانا چاہیے
بس اسے صائب اس زمین عاریت (دنیا) پر اپنے وجود کی جڑیں نہ پھیلا (دنیا سے دل نہ لگا) ورنہ وہ جگہ
پکڑ لیں گی۔ یہ تو عالم بالا کے لئے موزوں ہے اور وہی اسکی زمین بھی ہے ۱۔ مجھے اسکا غم نہیں کہ موت مجھے
زندگی سے جدا کر رہی ہے ہاں اغم تو اس کا ہے کہ وہ مجھے شغل بندگی سے معذور کر رہی ہے (شغل بندگی
(عبادت) ختم ہو جائیگا۔ اسکی کچھ پروا نہیں کہ میری زندگی ختم ہو جائے ۲۔ تواضع ارباب دولت کے
رتبہ کو اور زیادہ کر دیتی ہے (بڑھاتی ہے) دیکھو گوہر کی غلطانی اسکی اور زیادہ عزت کا باعث ہے کہ وہ متواضع
ہے ۳۔ مجھ آلودہ دامان گنہگار کو جس بندہ نواز نے دوزخ سے نجات عطا کی ہے اسے کاش وہ میری شرمندگی
کو بھی دور کر دے کہ میں اسکے لطف وکرم اور اپنے گناہوں کو دیکھتے ہوئے بہت ہی شرمندہ ہوں۔ مجھے
اس خجالت کے باعث جنت میں بھی آرام نہیں ملتا بس اب یہی آرزو ہے کہ یہ شرمندگی بھی مجھ سے دور
ہو جائے ۴۔ اسے صائب طوق قمری دیکھکر سرو میں اور غرور پیدا ہو گیا (سرو اور مغرور بنگیا) بس سرکشوں
(مغروروں) کی زندگی سے رعنائی دور نہیں ہو سکتی یعنی رعنائی اور کثرت غرور کا موجب ہے سرکشوں سے
غرور دور نہیں ہو سکتا (سرو سرکش ہے اور قمری اسیر فریفتہ ہے کہ جسکو دیکھکر وہ اور مغرور ہو گیا اور اس میں
رعنائی اور بڑھ گئی ۱۔ خموشی کوہ بلند آواز کی سرمہ بنتی ہے (خاموشی کا یہ مرتبہ ہے کہ وہ سرمہ کوہ بلند
آواز ہے۔ کوہ پر سکون طاری ہوتا ہے) جب کوہ بلند آواز کو خاموشی نے خاموش بنا دیا تو پھر ضرور ہم اپنے
سب خاموش سے بیہودہ گویوں کو خاموش کر سکتے ہیں ۲۔ نالہ و فریاد کو کسی کی دل بستگی سے کچھ فائدہ
میں پہنچ سکتا۔ نالہ و فریاد کے لئے دل بستگی بیکار و بے سود ہے میں اپنے آپ کو جرس رگشتہ کی طرح

تروتازہ رہتا ہی غم والم میں مبتلا نہیں ہوتے۔ ردیف الہا ئ۔ ۱۔ اے زاہد خلوت نشین اگرچہ تو اہل دنیا سے کنارہ کش ہوگیا ہی اور خلوت گزیں بنگیا ہی لیکن تیری یہ عزلت خالی از علت نہیں یہاں بھی مکر کا جال تو نے بچھایا ہوگا اور کسی شکار کی غرض سے یہ چلہ نشینی و گوشہ نشینی تو نے اختیار کی ہی۔ ۲۔ تو پھول کی طرح رنگ و بو پر قانع ہوگیا ہی کہ تو نے نگار کو حاصل کیا ہی نگار سے دل لگایا ہی کہ جسمیں بجز رنگ و بو اور کچھ نہیں کہ جو چند روزہ ہی نگار معشوق نقوش حنا یعنی عشق مجازی کو اختیار کیا ہی۔ ۳۔ کینہ و دشمنی کے باعث اگر کسی کیطرف سے تیرے دل پر غبار چھا گیا کسی سے کینہ و عداوت رکھتا ہی تو گویا تو نے اپنے دل کو زندہ در گور دفن کر دیا یعنی کسی سے بغض و عداوت رکھنا اپنے کو زندہ در گور دفن کرنا ہی رہبست ہی معیوب ہی۔ ۴۔ اے صاحب اگر تو نے کسی رہبر کامل کی رکاب کو پکڑ لیا تو یقیناً تو منزل مقصود پر پہنچ جائیگا لیکن رہبر کامل ہی کا حاصل ہونا دشوار ہی جو صراط مستقیم پر تمھاری رہنمائی کرے کسی پیر طریقت کو تلاش کرتا کہ تیری عقدہ کشائی ہو۔ ۱۔ اے محبوب اپنے سلسلہ عنبراں ہاتھوں کا رکہ جو عشق کی سلسلہ جنبانی کرتے ہیں) ایک اشارہ ہماری طرف کرتا کہ ہم بیخود و مدہوش ہوجائیں اور ہم سوختگاں کی بزم میں گرمی پیدا کرنیکے لئے تیرے آتش رخسار کا ایک شرارہ کافی ہی رتیرے جمال کی ایک جھلک ہمکو نیست کر دینے کے لئے کافی ووافی ہی) ۲۔ جب تک تو اس مہر خاک ردنیا) سے اپنے قدم کو اٹھا کر آسمان پر نہ رکھیگا راس دنیا سے قطع تعلق نہ کریگا) تب تک تو شیر مرداں نہیں ہوسکتا چاہے تیرے بال شیر ہی کی طرح کیوں نہ ہوجائیں رتو جری و بہادر ہو جائے لیکن پھر بھی تو شیر خوار ہی رہیگا۔ یعنی دنیا میں اگر تو شیر بھی ہوجائیگا تب بھی تجھکو جوانمرد راہل عشق) شیر خوار ہی کہینگے۔ ۳۔ گوشہ نشینوں نے تو توکل پر تکیہ کر لیا ہی رتوکل پر اہل عشق گامزن ہیں) لیکن تو بادجود سست ارادہ ہونیکے استخارہ کی مصیبت میں گرفتار ہی کہ اگر استخارہ راست آیا تو کسی کام پر ہاتھ ڈالا ورنہ نہیں ر گوشہ نشین و اہل جذب اس سے آزاد ہیں وہ) پابند استخارہ نہیں ہیں تو بھی توکل پر اپنے کاموں کو چھوڑ دے ۴۔ اے صاحب آفتاب رخ یار سے شرم کر اسلئے کہ ہر شخص کے لیے ہر ایک ستارے کی روشنی ضیا افگن نہیں ربلکہ جس کا وہ اہل ہی) لیس تو بھی اسکو آفتاب رخ کی روشنی حاصل کرنیکی اہلیت نہیں رکھتا اور اسلئے آفتاب رخ کے مقابل ہونے سے گریز کر۔ ۱۔ قلادہ گردن بند مطلب تو جو نفس کی سرکشی اور زیادہ بدگمانی ہی دیکھو

جب کتے کو گردن بند پہنا دیا جاتا ہے تو اسکی سرکشی اور بیتابی اور زیادہ ہوجاتی ہے پس اسی طرح توبہ کا نفس کو
پابند بنانا اسکی سرکشی کو اور زیادہ کرتا ہے ۲۔ دلیل۔ راہنما۔ جادہ۔ رستہ۔ مطلب سطر شماری سے خدا تعالیٰ تک نہیں پہنچ سکتے
(علم بے عالم کے) اسلئے کہ صحرا میں رستہ کی تلاش دعا بت نہیں ہوتی بلکہ رہبر کی ضرورت ہوا کرتی ہے پس جب تک
کوئی رہبر نہ ہو راہ حق پر گام زن ہونا دشوار ہے لہذا اس سطر شماری کو چھوڑ اور رہبر کامل تلاش کر جب ہی منزل
مقصود پر تو پہونچ سکیگا ۳۔ وہ شخص جسکو حج پیادہ میسر نہو سکے رنج پیادہ نہ کر سکے پس اسکے لئے یہی بہتر ہے
اور یہی حج پیادہ ہے کہ وہ درویش کے دل کے گرد طواف کرے درویش کی دلداری کرے۔ ع۔ دل بدست
آور کہ حج اکبر است ۴۔ وہ شخص جو زندگی میں خود اپنے ارادہ سے مرتا ہے موتوا قبل ان تموتوا یعنی جو اپنے نفس کو مردہ بنا لیتا صد
ہے تو وہ مرگ طبعی سے شکر کی چاشنی چکھتا ہے اسکی موت میں شکر کی چاشنی پیدا ہوجاتی ہے موت اسکے لئے خوشگوار ہوجاتی ہے ۱۰۴
۱۔ جب تیری آنکھوں سے اشک رواں ہوجائیں تو اسوقت تو دعا طلب کر کہ وہ دعا پوری ہوگی اسلئے کہ نم دیدہ
کاغذ پر نقش مہر جلد مرتسم ہوجاتا ہے تیری اشکبار آنکھیں نم دیدہ کاغذ کی مانند ہیں اور قبول دعا مہر کی طرح ہے
۲۔ اگر جان سو سال تک آسمان کی طرح جہان کے گرد گردش کرے تب بھی وہ اسوقت تک جہاں دیدہ نہیں
بن سکتا جب تک وہ خود اپنی ہستی کے گرد چکر نہ لگائے جب تک اپنی ہستی کو نہ سمجھے کہ اپنی ہستی کی حقیقت کو
معلوم کرنا جہان کی حقیقت سے آگاہ ہوتا ہے ۳۔ فکر رنگیں کے لئے دوری منزل سنگ راہ نہیں بن سکتی
(دوری منزل مانع راہ روی نہیں ہوسکتی) دیکھو حنا (مہندی) پائے خوابیدہ سے ایک رات میں ہندوستان
پہنچ جاتی ہے (ہندوستان پہونچنا۔ حنا کا سیاہ ہوجانا۔ ہندوستان۔ سیاہی سے مراد ہے۔ پائے خوابیدہ
حنا بندی کے بعد چلنا پھرنا ختم کر دیا جاتا ہے تاکہ پاؤں سے چھٹ نجائے) پس فکر رنگیں کے لئے دوری
منزل سنگ راہ نہیں بن سکتی۔ ذرا دیر میں کہیں سے کہیں پہونچتی ہے حنا میں فکر رنگیں پائی جاتی ہے اور جب
حنا زیادہ دیر تک بندھی رہتی ہے تو اسکا رنگ سیاہی مائل ہوجاتا ہے بلکہ سیاہ ۴۔ اے صاحب
موزونی شعر کا علم آسانی سے حاصل نہیں ہوتا ہے کہ ایک مصرعہ موزوں کرنے کے لئے سیکڑوں پیچ و تاب
کھانے پڑتے ہیں تب کہیں ایک مصرعہ موزوں ہوتا ہے۔ پس فن شاعری آسان نہیں ۔ ردیف الیاء
۱۔ اے مے نوش جب تیرے پاس شراب ہے تو پھر کیا کم رنجیدہ کیوں بیٹھا ہے اٹھ اور مے نوشی کر اور اگر تیرے

اس کباب جیسی چمن سے مینوشی کا لطف دونا ہوجاتا ہی تو پھر استغنا مستی اور شور و شر نہ کر۔ ہاں اگر کباب نہوتے
تب یہ شور و شر کسیقدر درست بھی تھا ؎۲۔ اے مخاطب اگر ابر کی طرح تیرے پاس ایک ہی قطرہ ہو تو اسے ہم
جگر تشنگان ریاسوں سے بچا کر نہ رکھ بلکہ ابر کیطرح اس سے ہماری تشنگی دور کر کہ کریموں کی یہی صفت ہے ؎
یعنی اگر تو لذت حقیقی سے بہرہ ور ہے تو مجھکو بھی محظوظ کر ؎۳۔ اگر تیرے مکان میں ماہتاب پرتو فگن ہے تو پھر
چراغ کی روشنی سے دودھ میں پانی نہ ملا یعنی لطف کو کم نہ کر۔ ادنی شی کو ترک کر اور اعلی شی کو حاصل کر لے
؎۴۔ اگر تجھکو لحد میں آرام سے سونیکا خیال ہی اور تو چاہتا ہی کہ قبر میں آرام ملے تو دنیا میں رہ کر شب زندہ داری
کر یا نیم شبی بیداری کو اختیار کر تاکہ یاد الہی میں تو مصروف ہو سکے اور یہ تیرے آرام کا موجب ہو ؎۵۔ اگر
تو منزل مقصود پر جلد پہنچنے کا خیال رکھتا ہو (اور) جلد پہنچنا چاہتا ہی تو دنیا میں قدم گن گن کر رکھ (بہت احتیاط
کے ساتھ زندگی بسر کر) ؎۶۔ اگر تو گشود کار کی ہوس رکھتا ہی تجھکو گشود کار کا خیال ہی تو خلوت نشین بن مخلوق
کی صحبت سے کنارہ کش ہو تاکہ تیری کار برآری ہو ؎۷۔ اے مخاطب اگر تو بے شمار و بے حساب دولت
رکھتا ہو تو اسکے خرچ کرنے میں احتیاط سے کام لے کہ کہیں تجھکو روز بد دیکھنا نہ پڑے (دولت کو ہوشیاری
کے ساتھ خرچ کرنا لازم ہی) ؎۸۔ اگر تیری گرہ میں مشک خالص ہو (اگر تو کوئی خاص ہنر رکھتا ہی) تو نافہ کی
طرح اسکے اظہار کی ضرورت نہیں خود بخود اظہار ہو جائیگا ورنہ یہ خود ستائی ہی کہ تو خود اسکا اظہار کرے ؎
۹۔ تیری ان آنکھوں کو گوہر کا درجہ (رتبہ) دیا جاتا اگر تجھ میں رشتہ (ڈورا) کی طرح پیچ و تاب ہوتے یعنی
اگر تجھ میں کچھ ذوق و شوق ہوتا تو تیری ان اشکبار آنکھوں کو گوہر کا درجہ ملتا لیکن تو تجھ میں جذب ہی نہیں رکھتا
جو گریہ وزاری کرے اور مرتبت حاصل ہو ؎۱۰۔ اگر تو اس آفتاب سے (معشوق) ہر جگہ پیچھا (وابستہ) پھیر
رہیگا تو اسکا یہ مطلب ہوگا کہ تو اپنے سایہ کی پیروی کر رہا ہی کہ اس کے نقش کیساتھ ساتھ تو گامزن ہی (اپنا
مرید ہی کہ ہر جگہ اسکے ساتھ لگا ہوا ہے) تیری خودپرستی پر دال ہو ؎۱۱۔ اے صائب اس پرانی شراب کا پینا
چھوڑ تاکہ تیرے شباب کا دور دوبارہ چلے یعنی اے صائب اگر تجھے شباب کی آرزو ہی تو اس بادہ کہن کو
چھوڑ اور شراب تازہ پینا شروع کر ؎۱۔ اگر تو اپنے خود چاک سینہ کو تاباں بنائے (روشنی عشق سے) تو گویا
تو نے فیض صبح اپنے نفس پاک سے پالیا کہ جس کا یہ اثر ہوا فیض صبح خورشید کو تاباں بناتا ہی ؎۲۔ اگر تو اپنا

حیات اور دشمن کی موت پر خوش ہو۔ ۷۔ دنبال۔ پیچھے مطلب۔ اے صائب دل و جان معشوق کے
پیچھے جا رہے ہیں (اسکے ساتھ ہیں) پس خبردار اگر تو اس قافلہ میں سب سے پیچھے کہیں نہ رہ جائے یعنی غفلت سے
کام نہ لینا۔ تو بھی معشوق کیساتھ لگا رہ ۔ ۱۔ اس وجہ سے درویشی ہمیشہ تازہ رہتی ہے کہ جوئے درویشی
بحر حقیقت سے ملی ہوئی ہے جسکے باعث اسکی تازگی کبھی کم نہیں ہوتی (معشوق حقیقی سے درویشی کو قرب
حاصل ہے) ۔ ۲۔ حوادثات کی تیز ہوا سے کبھی گوشۂ درویشی کے گوشہ نشینوں کا چراغ نہیں بجھتا ہے
فقرا پر حوادثات کا اثر نہیں ہوتا۔ آتش عشق سے انکا چراغ دل ہمیشہ روشن رہتا ہے ۔ ۳۔ تو جو صدائے
درویشی کے سننے کا مشتاق ہے۔ ہاں۔ ذرا ہوش میں ہو جا سنبھل جا (کہ فقرا نے بآہستہ درویشی
نعرہ ہائے درویشی) سے اس چرخ چنبری کے کان میں بہیوں حلقے ڈالدئے ہیں اب تو اس آواز کو برداشت
کرنیکی اہلیت نہیں رکھتا کہ یہ صدا آسمان تک پہنچتی ہے اور آسمان تک کو ست بنا دیتی ہے ۔ ۴۔ اس محیط
(سمندر سے) کہ جہاں سے کشتی نوح کا بھی صحیح و سلامت پہنچنا ساحل مقصود تک دشوار ہے صحیح و سالم ہو
(گھر) درویشی پانی سے بھرا ہوا نکل آتا ہے (بحر عشق میں فقرا ہی کچھ بیٹھ لیجاتے ہیں ورنہ یہاں تو کشتی نوح
کی بھی سلامتی کی امید نہیں ہوتی) محیط عشق بہت ہی پرخطر ہے ۔ ۵۔ وہ شخص جو آبرو کے درویشی کی حفاظت
کرتا ہے (درویشی اختیار کرتا ہے) جہاں کہیں بھی اپنا پاؤں رکھتا ہے تو وہ جگہ اسکے قدم کی برکت سے
فقر کی طرح ترو تازہ ہو جاتی ہے (جسطرح فقر ترو تازہ ہے اور ترو تازگی کا موجب ہے) سبزہ ہو جاتی ہے تشبیہ کمزور
ہے) ۔ ۶۔ اے صائب جام زر سے تجھے شے بے خمار حاصل نہیں ہو سکتی (اہل دنیا سے) فقر سے طلب کر
کہ یہ شراب کدوئے درویشی ہی سے صرف حاصل ہو سکتی ہے اور کہیں میسر نہیں ہو سکتی رشتۂ عشق کو جو خمار
آور نہیں فقر سے طلب کر) ۔ ۷۔ جب تجھے فقر حاصل ہو جائے جب تو فقر اختیار کرے تو دونوں جہان سے
ہاتھ دہوئے (قطع تعلق کرے) کہ راہ فقر میں یہی درویشی کا وضو ہے (دونوں جہان سے ہاتھ دہونا) ۔ ۸۔ تو
نامراد نہیں ہے اسوجہ سے فیض درویشی سے تو کسی مراد پر نہیں پہونچا وگرنہ تو نے درویشی خاک مراد ہے
(جب تجھکو تمامی مقاصد حاصل ہیں تو پھر کسی مراد کے پورا ہونیکی آرزو تجھکو ہو ہی نہیں سکتی ۔ اگر نامراد
ہوتا تو البتہ کسی مراد پر پہونچنے کا خیال ہوتا) ۔ ۹۔ اس محفل میں (جگہ) جہاں فقر و درویشی کی گفتگو ہوتی ہے

وہاں اسے مطرب صائب کی یہ غزل درد کے ساتھ سنا (تا کہ سب سننے والے مست و بے ہوش ہو جائیں) ۱۔
جہاں درویشی میں حضور قلب ہی اس کا فرش ہو فرش کی حاجت نہیں اور عاشقوں کا سر نیاز ہی آستان
درویشی ہے کہ ہر وقت سر نیاز ہے اور آستان درویشی ہے۔ کبھی جدا نہیں ہوتا آستان بن گیا ہے ۲۔ جو شخص
بنی دار الامان درویشی میں پہنچ گیا جس نے درویشی اختیار کر لی پھر اسکو انقلاب زمانہ سے کوئی صدمہ و تغیر
نہیں پہنچ سکتا۔ وہ انقلاب سے محفوظ رہیگا ۳۔ بے برگ بے سر و سامان لوگ (درویشان) خزاں کے برگ ریز
سے محفوظ ہیں خزاں کے برگ ریز کا خیال و خوف نہیں اور درویشی کی بہار و خزاں ہمیشہ ایک ہی رنگ پہ
ہوتی ہے۔ بہار و خزاں ایک ہی ہے۔ نہ خزاں میں بہار کی آمد کا خیال اور نہ بہار میں خزاں کا خوف ہے۔
بہار و خزاں کی ایک ہوا ہے ۴۔ مومیائی۔ ایک قسم کی چربی جس سے شکستہ ہڈیاں جڑ جاتی ہیں مطلب
گر درویشی کی کوئی ہڈی ٹوٹ جاتی ہو (یعنی درویشی میں خدانخواستہ اگر کوئی کمی ہو جاتی ہو اور اسکے
باعث کچھ صدمہ پہنچتا ہو) تو اسکو مومیائی تسلیم سے جوڑ لیا جاتا ہے (صبر و شکر سے اس رنج و مصیبت کو گوارا
کیا جاتا ہے) ۵۔ اگر دہن آسیا میں زبان درویشی دانہ کی طرح پس ہی کیوں نہ جائے لیکن اس سے حرف
شکوہ تم نہیں سن سکتے (یعنی چاہے کتنے ہی مصائب کا سامنا کیوں نہ ہو درویش کی زبان سے تم شکوہ کبھی
نہیں سن سکتے۔ استقلال و جوانمردی کے ساتھ انکو گوارا کریگا) ۶۔ بدرقہ۔ رہبر۔ مطلب جب کاروان
درویشی کا رہبر بے سر و سامانی ہے تو پھر اس کے لئے نگہبان کی کیا حاجت و ضرورت۔ ہاں اگر سر و سامان
ہوتا تو نگہبان و پاسبان کی ضرورت ہوتی۔ درویشی سر و سامان سے عاری ہے ۷۔ اگرچہ ہر شخص کا عیب
ہنر و حالت اسکی گفتگو سے معلوم ہو سکتا ہے لیکن درویشی کا ترجمان لب خموش ہے۔ خموشی سے حالت
درویشی معلوم ہو جاتا ہے (کہ جس سے درویشی کی حالت ظاہر ہو جاتی ہے) ۸۔ اگر خاندان درویشی سیاہ بخت
تاریک ہو روشنی عشق سلب ہو جائے تو آب حیات سیاہ ہو جائے اگرچہ اب بھی وہ سیاہی سے خالی نہیں
ظلمات سے گزرنا پڑتا ہے لیکن تب تو خاص چشمہ حیوان تاریکی سے پوشیدہ ہو جائے (درویشوں کے
دم کی برکت سے وہاں پر بھی روشنی ہے) ۹۔ مطلب۔ اگر پاسبان درویشی (درویش) جہاں (دنیا)
کی نگہبانی نہ کرے تو دنیا کی مثال ایسی ہو جیسے بغیر گڈریے کے گلہ رہے ہر وقت خوف و خطر رہے (دنیا کی امنیت

کا باعث درویش کی پاسبانی ہو ۔ ۱۰ ۔ اے صائب یہ آسمان تجھے ایک سبزۂ خوابیدہ (سبزہ پامال) کی مانند
معلوم ہو اگر تو اپنی نظر ہمت درویشی کے عالی مکان (مقام) پر کرے (خانۂ درویشی کے مقابل
یہ آسمان ایک سبزۂ خوابیدہ کی طرح ہے ۔ ہیچ) نظر ہمت سے اگر دیکھے ۔ ۱ ۔ بوریائے درویشی (درویش
کے پاس بوریا ہوتا کہ باعث آرام ہے) حقیقت میں مار گنج ہے بس تو اے درویش کے گھر میں قدم نہ رکھ کر
جہاں بوریا ہو کہ یہ بھی ایک نقش تعلق ہے ۔ ۲ ۔ سیل حوادث سے تمام دنیا ہی کیوں نہ ویران ہو جائے
(یعنی اگر تمام دنیا سیل حوادث سے ویران ہو جائے) لیکن درویشی کی بنیاد خلل پذیر نہیں ہو سکتی کیونکہ
اس کی بنیاد بہت ہی مستحکم ہے ۔ ۳ ۔ (الف) تیغ دستاں کی جا ہے جسقدر زبان درازی ہو (مصائب
کا چاہے جسقدر مقابلہ ہو) اسکے رد کرنے کیلئے عصائے درویشی کافی ہے ۔ درویشی میں مصائب کی
پرواہ نہیں ۔ ہزار بار رنج والم سے بھی درویش نہیں گھبراتا (ب) درویش مصائب سے نہیں گھبراتا یہ
مصائب اسکے لئے ہمت شکن نہیں ہو سکتے اے چرخ سفلہ اسقدر مصائب کا تو سامنا ہو کہ وہ آسکے
عصا کو شکست دینے کے لئے [illegible] اسکے صبر وتحمل کا حال معلوم ہو اور درویشی کی قدر ومنزلت
کو تو سمجھے ۔ ۴ ۔ گفت سوال اگرچہ مال و دولت دنیوی سے مالا مال ہو لیکن پھر بھی درویش کے توکل سے
بڑھ کر نہیں ۔ درویش دولت عشق سے مالا مال ہے ۔ ۵ ۔ اگر کسی شخص کے کام میں کوئی مشکل حائل ہو جاتی
ہے تو درویشی اسکی عقدہ کشائی کرتی ہے ۔ درویشی مشکلات کی عقدہ کشائی کرتی ہے ۔ درویشی کا دست
دعا اسکا مشکل کشا بنتا ہے ۔ ۶ ۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں (میں نے مانا) کہ بہشت میں بہت سے دلنشین
مقامات موجود ہیں لیکن باوجود [illegible] زینت و رضا سے درویشی کے مقام سے بڑھ چڑھ کر
نہیں ۔ رضائے درویشی کا مرتبہ تمام مقامات بہشت سے بھی بڑھ کر ہے ۔ ۷ ۔ اگرچہ درویشی کا ذوق
شوق تو ہر شخص کو ہے لیکن ہر ایک کو فقر حاصل نہیں ہو سکتا ہمارے فقر جسکے سر پر سایہ فگن ہو جاتا ہے
اسکو فیض درویشی حاصل ہوتا ہے ہر شخص ایسا بہرہ ور نہیں ہو سکتا ۔ ۸ ۔ محض اقبال شعری [illegible]
حکما متقاضی [illegible] محض کی قدر ومنزلت اسکی عمر کے اعتبار سے ہوتی ہے کہ جسقدر اسکی عمر [illegible] ہوگی اسی قدر
زیادہ اسکی وقعت ہوگی [illegible] وہ اسکے لئے [illegible] ہے ۔

یا داغ ہو اور وہ صفائے قلب یعنی روشنی دل سے منور ہو جائے) ورنہ داغ معصیت اگر ہو تو روشنی
دل بھی بیکار ضائع ہو گی۔ ماحصل کلام یہ کہ اگر دل داغدار ہو بھی تو درویشی سے ہو کہ جو موجب حصول لذت حقیقی
ہو سکے ۔ ۹۔ جب کسی کے پاؤں میں درویشی کا کانٹا خار چبھا اور اسنے اس تکلیف کو برداشت کر لیا تو روز جزا
اسکا دامن گلہائے بہار سے بھر جائیگا یعنی جو شخص درویشی میں مصائب گوارا کرتا ہے اسپر نعمتہائے باری تعالیٰ
مبذول ہوتی ہیں ۔ ۱۰۔ اے صائب جب خداوند تعالیٰ کی رحمت درویشی میں غمگسار ہو تو پھر کسی کی غمخواری
کی حاجت نہیں خداوند عالم کی رحمت غمگسار درویشی ہے (مطلب ۔ تنہائی (تجرد و نشینی) گویا توحید خدا کا ۔
(الف) ہے پس اس میں دوئی پیدا کرنا شرک ہے اسلئے کہ تنہائی لاشریک (بے ہمتا) ہے (تنہا نشینی اختیار کر اور
اسمیں دوئی کی بو نہ آنے دے) ۔۲۔ ایک ٹکڑی ہی تو سختی بیتی تیرے ہمراہ ہے اور دوست آشنا سب کے سب
تجھ سے رو گرداں ہو جائیں گے (مصیبت کے وقت تیرے شریک نہیں ہو سکتے) ہاں تیرا شریک اگر کوئی ہو سکتا
ہے تو "تنہائی" ہے کہ اگر تو اژدہے کے منھ میں بھی چلا جائیگا تو وہ تیرا ساتھ نہیں چھوڑیگی ۔ وہاں پر بھی
تیری شریک ہو گی ۔ پس اسکی صحبت اختیار کر (مخلص دوست بھی ہو سکتی ہے (اختیار کر) اور خود غرض
ہستیوں سے کنارہ کش ہو ۔۳۔ مطلب ۔ تنہائی ۔ ہمائے اوج استغنا پسند ہے ۔ اسکا خوش نشیں مقام
اوج استغنا ہے اور مرغ خانگی کی طرح کسی دوسرے کے آب و دانہ پر متوجہ ہونیوالی نہیں ہے (تنہائی دوسروں کی
مدارات و احسانات سے بے نیاز ہے) ۔۴۔ اگرچہ ایک تیر (بال) سے پرواز کرکے گل چینی کرنا محال ہے
(یعنی پرواز نہیں کر سکتے) لیکن تجرد اختیار کر کے تنہائی عالم بالا پر پرواز کرانیوالا بازو ہے (اس سے
تو عالم بالا کی سیر کر سکتا ہے ۔۵۔ صائب تخلص مصنف (محمد علی صائب) و بمعنی رسا مطلب ۔ اے
صائب تنہائی اس صحرا (دنیا) عالم میں غزال وحشی دوراں ہے (جو ہر ایک سے بھاگتا ہے) کہ جو ناقہ کی طرح
غیر پہنچنے والے (صائب سے) دور بھاگتی ہے ۔ کسی کا قرب اسکو گوارہ نہیں ہے ۔ ناقہ بجز اپنے مالک کے
ہر آدمی سے ہمیشہ دور بھاگتا ہے ۔ ۱۔ سینہ ایک باغ کی مانند ہے جسے خاموشی نے گلشن بنایا ہے (باغ
خاموشی سے گلشن پر بہار رہتا ہے) اور دل ایک چراغ ہے جو خاموشی سے روشن ہوتا ہے (خاموشی ہی
سبب زینت کا باعث ہے) ۔۲۔ دنیا میں بہت سے فتنے (شور و شر) گفتگو ہی کے باعث اٹھتے ہیں ۔

جب تک خاموشی سے غنچہ کا دروازہ بند رہا ۔ بہ تحقیق دسکون را رہ ہلہ فتح داد ۔ باز نہ ۔ زدن حقیقیہ رہے
اسوقت تک دنیا میں گفتگو سے سیکڑوں فتنہ و شر و فساد اٹھتے رہینگے (پیدا ہوتے رہینگے) جب تک
خاموشی پیدا نہوگی تب تک یہی کیفیت رہیگی ؎ ۳ ۔ اپنے لب پر مہر سکوت لگالے وسلئے کہ اس بزم جہاں
شمع خاموش ہوجانے کے باعث مرگ سے (کشتن) بے خوف ہوجاتی ہے اور اگر خاموش نہو تو یقیناً وہ فنا
ہوجائے ۔ پس اگر تو مرگ سے آسودہ رہنا چاہتا ہے تو خاموشی اختیار کر ؎ ۴ ۔ وہ دل کہ جو شمع کی طرح
رہ گذر باد حوادث پر رکھا ہوا ہے اسکو خاموشی سے چراغ تہ دامان بنا تاکہ بجھنے سے محفوظ رہے ۔ ورنہ کہ
کسی وقت وہ گل ہوجائیگا یعنی خاموشی اختیار کر تاکہ باد حوادث تجھکو کوئی نقصان نہ پہنچا سکے ؎
۵ ۔ اگر انسان دہن گفتار کے رخنہ کو خاموشی سے بند کردے تو وہ انسان ایک مستحکم قلعہ آہنیں بنجا
کر جسپر سیل حوادث کا کچھ اثر کارگر نہو اسلئے کہ اسکا رخنہ بند ہوجائیگا) ؎ ۶ ۔ دنیا میں خاموشی کے سوا
کوئی جام جم نہیں ہے (خاموشی جام جم ہے) اسلئے کہ خاموشی سے تجھ پر تمام دنیا کے راز ظاہر ہو سکتے ہیں
(اور جام جم کی بھی یہی صفت تھی) ؎ ۷ ۔ اسے صائب گفتار و تقریر ہی کے باعث لوگوں کے دلوں میں
رنجش پیدا ہوتی ہے ۔ میں نے کسی کو بھی نہیں دیکھا کہ جو خاموشی کے باعث کسی دوسرے کا دشمن بنا ہو
(پس خاموشی اختیار کر کہ تو آزار دشمنی سے آزاد رہے) ۔ انسان کی گفتگو ہی دشمن بناتی ہے ؎ ۱ ۔ حصار
(قلعہ ۔ احاطہ) خاموشی سے قدم باہر نہ نکال کہ خواب امنیت دیار خاموشی ہی میں حاصل ہو سکتی ہے اور
کہیں میسر نہیں آسکتی ۔ (یعنی خاموش رہ کہ امن و امان اسی میں ہے) ؎ ۲ ۔ دیکھو خاموشی ہی کے سبب
دہن غنچہ مشکبو بنا ہوا (خوشبو سے معطر ہے) پس کسقدر مبارک ہے وہ لب کہ جو خاموشی کی مہر رکھتا ہے یعنی
خاموش ہے (لب پر مہر سکوت لگانا چاہیئے تاکہ دہن معطر و مشکبو بنجائے ؎ ۳ ۔ متین ۔ استوار ۔ محکم ۔
مطلب ۔ گفتگو اگرچہ استواری و متانت رکھتی ہے لیکن خاموشی کے کوہ وقار کے لنگر کی نظر میں (خاموشی
کی نظر میں) بادپیمائی ہے ۔ تمکین خاموشی کے مقابل وہ (گفتار) بادپیمائی ہے (پس اس سے باز رہ
اور خاموشی اختیار کر) ؎ ۴ ۔ چار بالش ۔ مسند ۔ مطلب ۔ روزگار خاموشی کی آرمیدگی کے قبضہ
ہمارا نفس مسند دل پر تکیہ کئے ہوئے ہے (نفس کو آرام و سکون حاصل ہے) خاموشی ہی کا فیض ہے کہ

کاسۂ زانو کو (مراقبہ میں بیٹھ کر) جامِ جم بنا لیگا۔ پھر کوئی راز تجھ سے پوشیدہ نہیں رہ سکتا ۔ ۱۔ اے دنیا
پرست۔ تو دنیوی کاروبار میں تو اپنے وقت کو بے تامل صرف کر دیتا ہے مگر افسوس کہ جب کوئی دینی کام
آپڑتا ہے تو اسے کل پر رکھ چھوڑتا ہے۔ آج سے کل ہوتی ہے ۔ ۲۔ چرک۔ کثافت۔ مطلب۔ اگر تو اپنے
ہاتھ کو اس کثافت دنیوی سے پاک کرلے (دنیا سے بے تعلق ہو جائے) تو تیرے کاسۂ دست میں حضرت
عیسیٰ کی طرح خورشید جلوہ گر ہوگا (تیرے ہاتھ میں خورشید کی سی روشنی پیدا ہو جائیگی۔ خورشید اور تو ہم کاسہ
ہوگا۔ فلک چہارم پر خورشید اور حضرت عیسیٰ کی اقامت ہے۔ گویا ہم کاسہ ہیں) ۔ ۳۔ ۱۔ اے زاہد شب
زندہ دار۔ تو جو یہ آہ و فغاں شب کو کرتا ہے وہ خوابگاہ نیستی (عقبیٰ) میں تیرے لئے سنبل و ریحان بنتے
ہیں (جن سے تو محظوظ ہوگا) ۔ ۲۔ صدف کی طرح قطرہ کو موتی (دُر) بنا دینا سہل ہے لیکن اے مخاطب
تو یہ کوشش کر کہ قطرہ کو دریا بنا دے۔ کمال اسی میں ہے۔ یادِ الٰہی میں مصروف رہ۔ ہمت سے کام لے تا
تیرا دل جو ایک قطرہ کی مانند ہے دریا بنجائے ۔ ۵۔ تو بتاں سرائے روزگار (دنیا) میں کب تک غنچہ کی
طرح اپنے خندۂ بیجا سے قصرِ وجود میں رخنہ پیدا کرتا رہیگا (کہ خندۂ غنچہ فنا کا مقدمہ ہے۔ گل ہوا اور فنا
کے قریب پہنچا) ۔ ۶۔ دریوزہ۔ گدائی۔ مطلب اے صاحب اگر تو اپنے رزق کو عالم بالا سے
طلب کریگا (اور اہل دنیا سے بے تعلق ہو جائیگا) تو صدف کی طرح تو گنجینۂ گوہر بن جائیگا (کہ صدف کو
ابر نیساں گنجینۂ گوہر بنا دیتا ہے) ۔ ۱۔ اے دور بین اگر تو زادِ آخرت کی فکر کریگا (زادِ آخرت مہیا
کریگا) تو تجھ کو زیر زمین روئے زمین کی فراغت حاصل ہوگی۔ نہایت اطمینان سے زیر زمین رہیگا
۲۔ مگر تو دستِ طمع کو اپنی آستین سے حاجت کے رہیگا (طمع کا پابند (طمع میں گرفتار رہیگا) تو غنچہ کی طرح تیرا کیسہ پُر زر خالی
رہیگا (گل میں زر ہوتا ہے لیکن گل کا کیسہ خالی ہوتا ہے) ۔ ۳۔ اگر تو نگیں کی طرح (کہ جو نقش راست سے
صلح رکھتا ہے نقش راست ظاہر کرتا ہے حالانکہ نقوش اس پر چپ ہی کندہ ہوتے ہیں) نقش راست سے
گریز نہیں کریگا (نقش راست تجھ سے عیاں ہوتے رہینگے) تو تیرے حرف پر کوئی انگشت نہیں رکھ سکتا (بلکہ
نکتہ چینی یا عیب جوئی نہیں کرسکتا) ۔ ۴۔ اگر تو اپنے چراغ سے (دل) چراغ آفریں (خدا) سے [illegible]
[illegible] صلح کر لیگا (اسکی یاد میں مصروف رہیگا) تو تیرا سیہ خانۂ دل ہمیشہ روشن و منور رہیگا

دست جیب کو بھی نہیں جانتا تو پھر ان خزانوں کا جو میرے دامن میں نہیں ہیں مجھے کسطرح علم ہو سکتا ہے (یعنی
جب ظاہری امور ہی میں مجھکو کچھ قوت تمیز حاصل نہیں ہے تو پھر کہاں میرا یہ شوق ہے کسطرح انکو پا سکتا ہوں) شعر
۴۔ اگر میں ابر رحمت (ابر نیساں) کے سامنے اپنے دہن کو صدف کی طرح کھول دیتا تو پھر میرا دامن بھی گوہر مقصد سے
گوہر ہوتے لیکن میں اپنے غفلت کے باعث منفعت حاصل نہ کر سکا جسکا اب افسوس ہے) شعر ۵۔ الف۔ اگر میں درد
عشق میں مبتلا نہیں ہوتا تو مجھے زمانے سے بہت کچھ خوشی حاصل ہوتی لیکن افسوس ہے کہ اس درد عشق نے خوشی سے
محروم کر دیا (ب) میں بہت خوش ہوں کہ زمانے نے مجھے درد عشق آلودہ میں مبتلا کر دیا اگر ایسا نہ ہوتا تو پھر مجھے
زمانے سے کیا خوشی حاصل ہوتی۔ زمانے سے مجھے یہ خوشی حاصل ہوئی کہ اس نے مجھے درد میں مبتلا کر دیا (ا) ایک درد
طلب دل کی تو یہ صدا ہے (ب) اور ایک دنیا پرست کی وہ آواز ہے۔ (الف ب) شعر ۶۔ اگر میری کشتی دل کیلئے
بادبان آہ ہوتے تو مجھے اس محیط غم سے ساحل سلامتی پر پہنچنے کی امید ہو سکتی تھی لیکن اب کوئی امید نہیں
(کہ بادبان آہ نایاب ہیں دل آہ سے خالی ہے) پس اب کنارہ تک پہنچنے کی امید منقطع ہو گئی ہے شعر ۷۔ اے صائب
اگر میں اپنے عیوب کو معلوم کر رہا ہوں تو مجھے دوسروں کی عیب جوئی سے کیا کام یعنی ہمکو اول تو اپنے عیب جوئی
کرنا چاہئے نہ کہ دوسروں کے عیوب ہم تلاش کریں یہ محض نادانی ہے کہ دوسروں کی عیب جوئی کیجائے شعر
۱۔ اے صائب کوشش کر تا کہ تماشا سے دنیا میں تو اپنا دل نہ لگائے کہ خدا نخواستہ دل لگا کر اپنا آئینہ جان
داغدار بنا لے۔ دنیا میں دل لگانا آئینہ جان کو داغدار بنانا ہے لہذا ہمیشہ اسکا خیال رہے شعر ۲۔ اس صحرا
(دنیا) میں نقش قدم سے زیادہ تعداد چاہ (گڑھے) موجود ہیں پس یہاں مستانہ چال سے رہرو کی طرح
دیکھ بھال کر قدم رکھو کہیں ایسا نہ ہو کہ تو قعر (چاہ) ذلت میں گر پڑے شعر ۳۔ گھر کا دشمن بیرونی دشمن سے
بڑھکر ہے پس اپنے [illegible] اختیار اپنی زبان کے حوالہ نہ کر زبان پر قابو رکھ کہ یہی گھر کا دشمن ہے اس سے
ہمیشہ ہوشیار رہنا (چاہیئے) شعر ۴۔ ایک دور دراز سفر میں توکل کا توشہ بس یہی ہو سکتا ہے کہ تو اپنے توشہ
(ظاہری) دان میں روٹی رکھنے کا خیال نہ رکھ زاد نان و نمک کے بیہودہ خیال کو چھوڑ اور توکل پر قناعت کر
کہ یہی زاد سفر آخرت ہے شعر ۵۔ وہ دوست جو عقبیٰ کا نام [illegible] حاصل ہو سکتی ہے لہذا حق تعالیٰ کی طرح [illegible]
ہو کر اگر تو شہرت حاصل کرے [illegible] اس امر سے [illegible] کہ گمنامی [illegible] نشان [illegible] ہے

پس تو اپنی عمر بیکار اکسیر کے حاصل کرنے میں ضایع کر رہا ہو اس سے کیا فائدہ حاصل ہو سکتا ہو جب مس (تانبا) ہی میں سونا بننے کی اہلیت نہیں تو اکسیر کیا کام دے سکتی ہو۔ یہی حال تیری طبیعت کا ہو ۲ (کسی سے کامل کو تلاش کرنے سے کیا فائدہ جب تو رہبر ہی نہیں سکتا یا تیری طبیعت پر امور عشقیہ کا اثر کیا ہو سکتا ہو جب اس میں اہلیت ہی نہیں) ۳ ۱۔ تو وسواس تمنا سے ایک لحظہ کے لئے بھی فارغ و مطمئن نہیں

۹۸ اور پریشان خاطر ہے ایک ذرا دیر کے لئے بھی تجھے جمعیت حاصل نہیں ہو (ہر وقت وسواس تمنا تجھکو پریشان کئے رہتے ہیں) ۲۔ اگرچہ تماشائے جہاں کرتے کرتے نگاہ کی کمزوری کے باعث تجھکو عینک کا محتاج ہونا پڑا لیکن ابھی تک بچپن کی طرح تجھکو سیر و تماشہ سے سیری حاصل نہیں ہوئی (تو ابتک محو تماشہ ہو) ۳۔ تیرا ہر موئے سفید تیرے مرگ کا شاہد ہو۔ تیرے موہائے سفید تیرے مرگ کی نشانی ہیں لیکن تو اب تک زاد آخرت کی فکر سے غافل ہے (تجھے عقبیٰ کی کچھ فکر نہیں) ۴۔ مطلب۔ لوگ اپنے جمال کو تیری نظر سے پوشیدہ رکھتے ہیں (کوئی تیری صورت کو گوارا نہیں کرتا تجھ سے سب بیزار ہیں) لیکن تو زمانہ کی اس بیرخی کے ہاتھوں ہمیشہ بیقرار رہتا ہو تجھے ایک جگہ قرار نہیں کبھی یہاں تو کبھی وہاں پس اس ذلت کو تو کبتک گوارا کرتا رہیگا ۵۔ اگرچہ تیرے مرت شیریں و خوش ذائقہ نعمتوں سے محظوظ ہو رہے ہیں لیکن تو پھر بھی تلخی کا شکوہ کر رہا ہو (حالانکہ تجھکو عیش و عشرت حاصل ہو لیکن تو افلاس کا شکوہ کر رہا ہو۔ مصیبت کا رونا روتا ہو ۶۔ تجھے جاننے والے (جو تجھسے واقف ہیں) قدرتہ یہ چاہتے ہیں کہ تو خاموش رہے لیکن تیری یہ حالت ہو کہ تو ایک لمحہ و ساعت کے لئے بھی خاموشی گوارا نہیں کر سکتا (اگر تو ایک ساعت کے لئے خاموش ہو بھی جاے تو تجھکو سخت تکلیف ہوتی ہو۔ خون جگر کھانا پڑتا ہو۔ یعنی تجھے کسی طرح گوارا نہیں کہ تو خاموش رہے) ۱۔ اے رنجور تو جو اپنے بیماری دل کے درماں کی فکر کر رہا ہو تو گویا اس مسیحا معتقد

رباعی ۹۹ سے اپنے عقیدہ کو توڑ رہا ہو (تجھے لازم ہو کہ درماں کی کوئی فکر نہ کر ورنہ اسکے معنی یہ ہیں کہ تو اس معشوق کو چارہ گر خیال نہیں کرتا) ۲۔ تو اس نقدی سے کہ جسے اپنے گھر (خانہ گل) کے بنانے میں صرف کر رہا

۱۰۰ سیکڑوں ویران دلوں کو آباد کر سکتا ہو بس یہ بہتر ہو کہ تو شکستہ دلوں کی اس روپیہ سے تعمیر کرے (شکستہ دلوں کی مدد کر کہ اسکا تجھکو اجر ملیگا اور اس عمارت سے تجھکو کچھ حاصل نہیں ہو سکتا +

۳۔ جب قد خم ہو گیا (بیری) سنے آ گھیرا تو پھر غفلت کیا تھہ زندگی بسر کرنا نادانی ہو (عقل سے بعید ہی) پس
تو اس خمیدہ (مائل) دیوار کے نیچے کبتک سوتا رہیگا کہ یہ نادانی ہی۔ پس ہوشیار رہو اور اس غفلت کو
چھوڑ (جو معلوم کس وقت گر جائے) ۴۔ اے تکلف پسند تو جو تکلف کا گرویدہ بنا ہوا ہی تو گویا ما قولی
(دانا فلسفی) کی طرح تو اپنی زندگی و موت کو کشاکش میں ڈال رہا ہی جسطرح عاقل اس دنیا میں کشمکش میں
مبتلا رہتا ہی) پس اگر تو اس کشمکش سے محفوظ رہنا چاہتا ہی تو تکلف کو ترک کر کہ لاحاصل ہی ۵۔ تو اپنے
اس رشتہ عمر کو کہ جو مطلب حق کے لئے دام بن سکتا ہی۔ رموز حقیقت جس سے حاصل ہو سکتے ہیں دنیائے
باطل کے شیرازہ (جمع کرنا۔ جلد باندھنا) میں بیکار صرف کر رہا ہی (مقاصد دنیوی کے لئے اسکو بیکار صرف
کر رہا ہی ۶۔ دل دل کردن۔ بیقرار ہونا۔ مطلب۔ برے کاموں کی تعمیل تو بہت جلد تو کرتا ہے
(انکو انجام دیتا ہے اور تجھے کوئی عذر نہیں ہوتا ہی) لیکن جب کسی نیک کام کے لئے تجھ سے کہا جاتا ہی
تو تو بیقرار ہوتا ہی (افسوس صد حیف تیری اس حالت پر) افعال نیک کی طرف تیری کچھ رغبت نہیں ۔
۱۔ اگر تعلقات دنیوی سے تو کنارہ کش ہو جائے تو حقیقتاً تو نے اپنے ساز و ساماں کو گویا منزل مقصود پر پہنچا دیا
(تعلقات دنیوی سے علیحدہ ہونا منزل مقصود پر پہونچنا ہی) ۲۔ اگر تو اس چار دیوار (دنیا) سے اپنے دل کو
ہٹالے (جدا ہو جائے) تو گویا تو نے در خیبر کو اکھاڑ لیا (یہ منزلت و مرتبت ہی) ۳۔ اگر تو نیکی سے اپنے ہاتھ کو کبھی
کھینچیگا (نیکی سے باز نہ آئیگا) تو دنیا میں تیرا نام ہمیشہ زندہ رہیگا (نیکوں ہی کا نام دنیا میں زندہ رہتا ہی) ۴۔ مطلب اگر تو نے اپنے دل کو
جان کے دام سے آزاد کر لیا ہو تو آتش عشق کے شعلہ سے تو ہرگز نہ ڈر تار تعلق جان کو جو دل سے البتہ ہی توڑ دنیا عشق میں مع رنج و غم
پس اگر تجھے عشق حقیقی کی طلب ہو تو ہر تعلق ظاہری کو توڑ۔ ۵۔ تو کہیں بھی کسی دل کو اپنی ذات سے رنج نہ پہنچا (کسی کو بھی رنجیدہ
نہ کر) و گرنہ تجھے حشر میں شرمندگی اٹھانی پڑیگی۔ بلکہ دلگیری کر جو لطف عطا و سرخروئی کا باعث ہو ۶۔ گدائی کو ہرگز قبول نہ کر
کہ لطف تنہائی ختم ہو جائیگا (کہ جب تک تو زندہ رہیگا بندہ (غلام۔ قیدی) بنا رہیگا۔ آزادی ختم ہو جائیگی ۔
۷۔ سواد الوجہ فی الدارین فقرا۔ گدائی دونوں جہان میں روسیاہی کا باعث ہی (دونوں جہان کی روسیاہی
ہے تو نے سنا ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ الفقر سواد الوجہ فی الدارین گدائی دو جہان میں
روسیاہی (ذلت) کا باعث ہے۔ پس گدائی سے بھیک مانگنا زیادہ پسند کرنا ۔ ۸۔ اگر نفس سرکش کو تو قابو میں

کئے ہاں (عناں گیر رہا) تو گویا تونے اپنے رخش ہمت کو آسمان پر پہنچا دیا (نفس اگر مطیع و رام ہو جائے تو آسمان پر تیرا
رخش ہمت جولانی کر سکتا ہے۔ یہ مرتبہ ہے نفس کی عناں گیری کا) ۹۔ اگر تو منی (غرور، خودی) سے اپنے آپکو پاک
نہ کریگا (خودی کو ترک نہ کریگا) تو وہ ہی ایک قطرۂ ناپاک تو ہمیشہ رہیگا جو تیرے وجود کا موجب ہے۔ خودی کو ترک
کر دے۔ ۱۰۔ اگر تو دولتمند ہونیکی حالت میں بھی بندہ بنا رہیگا تو گویا تو آزادی کے نقوش اپنے پیشانی پر رکھتا ہے
(مرد آزاد ہے)۔ اگر تونگری میں بھی تو اپنے کو ناچیز خیال کرتا رہیگا اور دوسروں کی خدمت گزاری کریگا تو ہاں
تو بندہ ہوگا لیکن تجھے آزادی میسر ہوگی اور تجھے آزاد کہہ سکتے ہیں۔ ۱۱۔ اگر تو کبر و غرور سے اپنے کو بھر رکھیگا
(کبر و غرور کا سودا اپنے سر میں رکھیگا) تو تیرا گریباں (کہ جو کبر و غرور کا سرمایہ ہے) لعنت کا طوق ہوگا (پس کبر و غرور
کو ترک کر)۔ ۱۲۔ ایک نہ ایک دن موت آخر تیرے مال کو تقسیم ہی کر دیگی (تیرے مرنے کے بعد تیرا مال تقسیم ہوگا
جو تیرے بیکار رہیگا) پس اس سے تو یہ بہتر ہے کہ تو اپنی زندگی ہی میں اسکو بخشش دے (اہل حاجت کو دیدے) تاکہ تیرے
کچھ کام آئے۔ ۱۳۔ اگر تو کوتاہ دامن بنجائے تو زلیخا کے جہاں تیرے دامن کو (حضرت یوسف کے دامن کی طرح)
چاک نہیں کر سکتی دنیا کے ہاتھوں تو رسوا نہیں ہو سکتا۔ ۱۴۔ اگر تو اپنے کو سب کا عاجز بنا لے تو رستم کے سامنے
بھی تو خم ٹھونک سکتا ہے (اسقدر تاب و توانائی تجھکو حاصل ہوگی کہ تیرے سامنے رستم بھی ہیچ ہے)۔ لیکن خاکساری
عاجزی شرط ہے۔ ۱۵۔ ہمت ہی انسان کے پر و بال ہیں ہر ایک کام ہمت سے حل ہو سکتا ہے (پس ہمت کو نہ چھوڑ
کہ طائر پر کندہ (جسکے پر و بال اکھڑے ہوئے ہوں) پرواز نہیں کر سکتا اسیطرح انسان کا کوئی کام بغیر ہمت کے
پورا نہیں ہو سکتا)۔ ۱۶۔ اے صاحب! اگر تو خدا کا بندہ (غلام) بنجائے تو دنیا میں تو بادشاہت کا دعوی
کر سکتا ہے کرسی شاہی دنیا میں بچھا سکتا ہے (اسکی غلامی تمام روئے زمین کی شہنشاہی ہے بلکہ اس سے
بھی بڑھ کر)۔ ۱۔ اے غافل اگر تو اس قافلہ کے رہبر سے اپنی بیداری کی داد طلب کرتا (اگر بیداری سے
منازل طے کئے ہوتے) تو پردۂ خواب (غفلت) تیرے پاؤں کا آبلہ نہ بنتا (خواب غفلت نے تیرے پاؤں
میں آبلے ڈالدیئے)۔ ۲۔ جرس کا جو تم دل چاک دیکھتے ہو وہ قافلہ والوں کی غفلت کے سبب سے ہے اگر قافلہ
میں بیداری ہوتی تو اسکا دل بیدار کرنے سے چاک نہیں ہوتا (بیدار کرتے کرتے اسکا دل چاک ہو گیا ہے)۔
۳۔ اے غافل تیری عمر آب رواں کی طرح گذر رہی ہے یہ بڑی نادانی کی بات ہے کہ آب رواں کے اندر تو

ہیں۔ ۵۔ اسے صائب اس شخص کا چراغ دولت حوادث کی باد تند سے بھی کبھی گل (بجھ) نہیں سکتا کہ جو اپنی
دولت میں اپنے احباب کو بھی شریک کر لیتا ہو اور دوسروں کو بھی اس سے فائدہ پہنچاتا ہو ؛

تمام شد روضہ سوم

قصیدہ ۱۔ مطلب۔ جب سے لعل کے سکے (ستارگان) تخت مینا (فلک) پر بکھیرے گئے ہیں (جیسے جوہری
تخت پر جواہرات بکھیر دیتا ہو) تب سے دن کے چہرہ پر زلف شب سے ہر جگہ مشک بکھرا ہوا ہو (سیاہی شب)
۲۔ مطلب۔ اس دیو ہفت سر کو تو دیکھو جو لعبتان سیمبر (ستارگان) کو اپنے منہ میں لئے ہوئے ہے اور غم کیوجہ
سے دنیا اپنے سر پر خاک سیاہ ڈالے ہوئے (سیاہی شب) ۳۔ مطلب۔ ماہ اسوقت یافتہ یکشنبہ ہو (پہلی
رات کا) گویا بزاز سیاہی کلاہ نے ایک زرد لنگی تہ بہ تہ سیاہی میں ڈال دی ہو۔ ۴۔ مطلب۔ ذرا اس چنگ
(ہلال) کو دیکھو جو خورشید سے زنگا ہوا بیت مطرب (برج ثور) میں شرف پا رہا ہو بلکہ اسے ماہی خیال کرو جو شصت
سے گوہر (ستارگان) اعضا پر ڈالے ہوئے ہو۔ مطلب۔ رات حبشیوں کے سیاہ بالوں کی طرح ہو یا یوں کہو گند
زلف کے مانند ہو یا مشک محلول کی طرح ہو جو تمام دشت و صحرا پر بکھرا ہوا ہو ۶۔ مطلب۔ شب زنگی حبشی
سر کے مانند ہو کہ جو اپنی گود میں نگار رومی لئے ہوئے ہو اور ایک ایسی زرد چادر اوڑھے ہوئے ہے جو دیبا
(پارچہ مشہور) کی رونق ہیچ کئے دیتی ہے۔ ۷۔ مطلب۔ انجم زریں لباس کو دیکھو جو اس مہد سبز فلک
میں خشک لب تھے کہ جنکی محبت کے سبب سے پستان شب (ماہ) سے شیر مصفا (چاندنی) ٹپک رہا ہو۔ ۸۔ مطلب
دن رات کو دیکھو کہ باہم ہیں (بوقت شام) اور ایک ورق اور دوسرا ورم میں مبتلا ہو (رات بڑھ رہی ہے
اور دن گھٹ رہا ہو) اور انکے حلق سے صبحدم زردی (شفق) ٹپک رہی ہو۔ ۹۔ مطلب۔ آفتاب جب تک
برج حمل میں ہو روز و شب کا اعتدال ہی رہیگا اور ابر دریا سے تمام صحرا میں موتی بکھر رہے ہیں (قطرات
باراں) ۱۰۔ مطلب۔ اور جب آفتاب برج ثور میں داخل ہوگا تو تم دیکھو گے کہ تمام زمین پر پتیاں (برگ)
بکھری ہوئی ہونگی (خزاں کا دور ہوگا) ۱۱۔ مطلب۔ اور جب اس رومی زریں سپر نے شمشیر کرے سے
لگائی (شعاعیں) تو شب نے اس خبر کی ہیبت سے اپنے معدہ سے تمام سودا (سیاہی) گرا دیا (کہ طلوع آفتاب

سیاہی شب دور ہو جاتی ہو ۱۲۔ مطلب۔ اور جب تک برج جوزا جرم آفتاب سے قوس کے سامنے سپر بنا رہیگا (جبتک آفتاب برج جوزا میں رہیگا) تو دیکھیگا کہ آفتاب سے برق آگ کی طرح برسے گی سخت گرمی ہوگی ۱۳:
مطلب جب آفتاب برج سرطان میں داخل ہوتا ہو تو نزار ہو جاتا ہو اور اسکی گرمی کی آگ خاک و خار پر برسنے لگتی ہو ۱۴۔ مطلب جب آہوئے آتش فشاں برج اسد (شیر) میں داخل ہوگا تو اسکا زرد کلیجہ پتھروں کے تنگافوں میں بہنچیگا (یعنی لعل پیدا ہونگے) آہو شیر و خون مناسبات ۱۵ مطلب جب جانور نہر میں ماہ خورشید کا زرد ڈول لاتا ہو رد و ڈول (یعنی دونوں جمع ہوتے ہیں تاکہ جوش کیا ہوا پانی زرد گرایا جائے۔ تب سخت بارش ہونے لگتی ہو ۱۶۔ مطلب۔ اور برج میزان نے مہر زر (خورشید) کی تحت کافور (روز) کو مشک تر (شب) سے برابر کرکے بے تعداد زر نچھاور کر رہا ہو جب سورج برج میزان میں پہنچتا ہو تو روز و شب کا اعتدال ہوتا ہو ۱۷۔ مطلب۔ روز و شب کا اعتدال اسطرح نچھاور کر رہا ہو جیسے جمشید فریدون جیسی شوکت رکھنے والے کا دست سخا کہ جو (ممدوح) ہر وقت خاک قدم سے مردے زندہ کرتا ہو جسنے مسیح کی آبرو پر بھی پانی پھیر دیا (نعوذ باللہ) ۱۸۔ مطلب کہ جو امیر المومنین ہو یعنی سلطان محمد شاہ دیا کہ جسنے انگلیں دارا کی آبرو و شان و شوکت خاک میں ملا دی: ۱۹ مطلب جب خلیفہ بغداد کیطرف سے بادشاہ (ممدوح) کے نام فرمان مع نشان صادر ہوا تو یہ معلوم ہو رہا تھا کہ سورہ والضحیٰ کا نور سورہ طٰہٰ کے سر پر پڑ رہا ہو یعنی بادشاہ کے نام خلیفہ کا فرمان مع نشان صادر ہونا شاہ کی عزت و شوکت کا باعث اور انتہا برکات ظاہر ہوئیں۔ ۲۰ اور جسنے (ممدوح) تمام جہان سے کفر کو دور کر دیا اور نیکی کا بیج بو دیا اور جو محبت و بخشش دل میں پوشیدہ تھی مخلوق کے سروں پر نثار کی۔ مطلع ثانی ۲۱۔ مطلب۔ معشوق اپنے رخسار پر چشم گریاں سے روشن موتی (اشک) بکھیرتا ہوا آیا۔ ۲۲۔ مطلب۔ غصہ کے وقت اکثر ہونٹ جنبش ہونٹ چبانے لگتا ہو اور ہونٹوں کو چباتا ہوا اور اپنے رخسار کو دسوں انگلیوں سے نوچتا اور اسکی عنبر افشاں چشم گریہ سے زمین پر ایک دریا بہا رہی تھی ۲۳۔ مطلب۔ اسکی چشم گریاں لبالب حوض کے مانند تھی اور اسکے لب سے سخنہائے تلخ جاری تھے اور وہ اپنی مردمک چشم سے سرشک خونیں بہا رہا تھا ۲۴۔ مطلب۔ ناخن کا زخم جو اسکے رخسار پر پیدا ہو گیا تھا وہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ماہ نے

شفق کا لباس پہن لیا ہے رخسار مانند شفق و زخم ناخن مثل ہلال) ۲۵۔ **مطلب** ۔ میں نے اس سے کہا کہ اے میرے دوست تیری ابرو پر بل کیوں پڑے ہیں اور تو اپنے روشن رخسار پر اشک کیوں بہا رہا ہے۔ ۲۶۔ **مطلب** ۔ تو جواب دیا کہ میں تو تیرے عشق میں بزم طرب میں مست (مدہوش) ہو رہا ہوں اور تو دوسروں کے ساتھ خوشی سے پیالہ میں صہبا لوٹ رہا ہے (یعنی عیش و عشرت میں مشغول ہے) ۲۷۔ **مطلب** ۔ ذرا ان معشوقوں کو تو یاد کر جو اس دنیا سے اٹھ گئے اور جنکے رخ زیبا سے انکی زلف مرغول اتر گئی ۔ ۲۸۔ **مطلب** اگر تجھے جام طرب کی خواہش ہے تو بزم وحدت سے طلب کر کہ بغیر دست و لب کے جائیں اس سے محظوظ ہو سکتی ہیں (یعنی اسکے لئے جام و لب کی حاجت نہیں بلکہ وہ شراب روحانی ہے جو خود بخود پہونچتی ہے) ۲۹ ۔ اور اس شراب حقیقی کا کوئی پیمانہ ہی نہیں اسے بے وزن خیال کر اور اس شمع کو بے پروانہ سمجھ اور وہ ایسی شراب وحدت ہے کہ جو ہر بیگانہ کے (ہر ایک) منھ میں بے مقدار گرائی جاتی ہے۔ ۳۰۔ **مطلب** وہ صنم مجھے نصیحت کرتا تھا اور میں سوز سینہ سے دمبدم اپنے رخسار و نیز اپنی چشم شہلا سے اشک خونیں گرا رہا تھا ۔ ۳۱۔ **مطلب** ۔ اور میں اسے گود میں چنگ کیطرح لئے ہوئے نوازش کرتا تھا اور وہ جنگ میں مشغول تھا اور سیکڑوں عنبر زنجیر رنگ (موئے زلف) کو مشک دیبا (زلف) سے بکھیر رہا تھا ۔ ۳۲۔ **مطلب** میں نے کہا کہ میں تو تجھ پر شیدا ہونے کے سبب تیری زلف سے بھی زیادہ پریشان ہوں کہ ہر شب تیری یاد زلف میں میری چشم سے آنسوؤں کی جھڑیاں لگجاتی ہیں ۔ ۳۳۔ **مطلب** خم ایک مریم سیر ہے کہ مئے حاصل ہوتی ہے کہ جسکے مسیح (شراب) کا گہوارہ جام زر ہے تعجب کی بات ہے کہ دل مریم کا خون (شراب) ایک ترسا (پیالہ) کے پاؤں پر گر رہا ہے (یعنی پیالہ میں شراب بھری جا رہی ہے) ۳۴۔ **مطلب** جام شراب واقعی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرح ہے کہ جسم و جان کو غذا پہنچانے کیلئے اسکا مرغ گل (ٹونٹی) اپنے منہ سے یاقوت احمر (شراب سرخ) گرا رہا ہے ۔ ۳۵۔ **مطلب** ۔ شراب پر حباب ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے پھول سے رخسار پر پسینہ اور وہ شراب آگ کی مانند ہے کہ جس پر حباب مثل سیکڑوں سکوں کے تیرتے نظر آ رہے ہیں ۔ ۳۶۔ **مطلب** وہ ساغر پردین نشاں جو ہاتھ میں گردش کرتا ہے اسنے جشن کے دن ہر وقت اپنے دہن سے شراب سرخ ہی گرائی ۔ ۳۷۔ **مطلب** ہم کو دیکھ کہ ہم تیری

خاک در پر تیری زلف سے زیادہ سرگشتہ ہو رہے ہیں اور اے معشوق تیرے سیلاب آورنے ہماری آبرو خاک میں
ملا دی۔ ۳۸۔ مطلب۔ اسکے رخسار پر اسکی زلف کو دیکھ یہ معلوم ہوتا ہے کہ زاغ کے منھ میں پھول ہے یعنی کیا
اگر مجھ جیسے سیکڑوں عشاق (عشاق) کو دیکھ کر تیرے شوق میں انکی آواز پڑ گئی ہے۔ ۳۹۔ مطلب۔ اسکا
خال رخ ایک ایسا کافر فارنگی ہے کہ جسکے ظلم سے لوگوں نے رہائی نہ پائی اور وہ ایک زنگی آتش پرست ہے جسے
اشک دردالاسے جائے (یعنی گریہ کناں ہیں) ۴۰۔ تو وہ بلند۔ میل بالا سیم و زر ہمرہ از اشعار قصیدہ مطلب
اے محبوب تو اپنے لبوں سے اپنے دہن میں قفل لگائے بیٹھا ہے اور میں ایک طول طویل قصیدہ رسیم و زر جیسے
اشعار شاہ والا پر نثار کرتا ہوں۔ ۴۱۔ بشبہ ایک قسم کا سیاہ کپڑا مراد از چشم طشت زرد۔ چہرہ زرد بوجہ
بیم شاہ۔ بیضا۔ روشن دُرہائے۔ بیضا۔ اشک۔ مطلب۔ کون شہ والا یعنی سلطان محمد کہ جسکی تلوار
نے ظفر سے تمام بحر و بر کو فتح کر لیا ہے اور جسکے خوف سے دشمن اپنے زرد چہرہ پر اپنی آنکھ سے آنسو بہا رہا ہے
المطلع الثالث۔ ۴۲۔ یم۔ با نقع دریا پیچ دریا۔ انگشتان تیغ شرارہ تیغ سوزندہ۔ مطلب۔
اے ممدوح تیرے دست بخشش نے اپنی انگلیوں سے دریا کی آبرو پر بھی پانی پھیر دیا اسقدر جود و سخا کی اور
تیری تیغ سوزندہ نے آب ستم دشمنوں کی جانوں پر گرا دیا۔ انکو ہلاک کیا۔ ۴۳۔ مفاجا۔ ناگاہ مطلب
اور دشمنوں کے خشک حلق میں (جو بوجہ رنج و غم خشک ہیں) آتشیں آب رواں (تیغ) اور نوک سناں کے
چشمہ سے انکے حلق میں ناگہانی زہر ٹپکا یا جا رہا ہے۔ ۴۴۔ سوزن عیسیٰ۔ آسمان پر جاتے وقت حضرت عیسیٰ
علیہ السلام کے دامن سے سوئی لگی ہوئی رہ گئی تھی اور چونکہ وہ بھی علائق دنیوی میں سے تھی بنا بریں چرخ
چہارم سے آگے نہ بڑھ سکے واللہ اعلم۔ تف۔ گرمی مطلب جسوقت ممدوح نے تیری تلوار کھینچی اور آسمان
سر پہ لگائی تو اسکی حرارت سے چرخ چہارم پر حضرت عیسیٰ کی جیب سے سوئی گل کر علیحدہ ہو گئی۔ ۴۵۔ ضم ملنا
جنبہ عالم۔ فلک۔ احراق۔ گرمی۔ مطلب اس کا لطف قہر کے ساتھ ملکر فلک پر پہنچ گیا۔ لطف کے اثر سے
تو دوزخ کی گرمی کم ہو گئی اور قہر سے طوبی (نام درخت در بہشت) کا بھی بہت حصہ ہو گیا جل گیا۔ ۴۶۔ سمند ل
مطلب تیرے آراستہ اسپ کے نعل کی گرد اسقدر جہاں سے اٹھی کہ خورشید ماہ کی طرح گھٹ گیا اور اسکے اعلا نا
کا نور گر گیا بے نور ہو گیا۔ یعنی تیری گرد اسپ نے اسے بے نور کر دیا۔ ۴۷۔ طباشیر۔ نسلوچن روشنی مژدہ۔

مطلب ۔ تیرے قلم نے تمام اہل عالم میں علم و ہنر کا مژدہ پہنچایا اور تیری تیغ نے ظفر کی روشنی تمام شرق
و غرب میں پھیلا دی ہی ۔ ۴۸ ۔ مطلب ۔ اسکا زریں قلم سیاہی میں آلودہ شام (دوات) سے نکل کر جب
جب چین (کاغذ) پر آتا ہی تو کیسے کیسے گرانبہا موتی وہ مشک سارا (سیاہی) سے گراتا ہی ۔ ۴۹ ۔ مطلب
وہ زریں قلم سیاہی سے جب کاغذ پر گوشوارے (حروف) لٹکاتا ہی تو یہ معلوم ہوتا ہی کہ وہ ایک طفل ہے
جو روئے شیر گیر (کاغذ) (روے شیر نیز بمعنی برائے شیر) اپنی چشم سے سیاہ آنسو گرا رہا ہی ۔ ۵۰ مطلب جب
ماہ نو بادشاہ کے ہاتھ صبح (کاغذ) پر شب (سیاہی) کو بکھیرتا ہی تو یہ معلوم ہوتا ہی کہ وہ اژدہائے سر سیہ مہ کاغذ
پر) رقص کی مانند ہی ۔ ۵۱ ۔ مطلب ۔ اے ممدوح تو یوسف خورشید چہرہ اور آرش فلک سوار ہے کہ تیرے
گھوڑے نے جنگ کے دن ماہ کو مہر پر ڈال دیا ہی (کہ نمونہ قیامت ہی ۔ نیز ماہ مہر سے طلب نور بھی کرتا ہی)
شب کی جگہ مہر پڑ رہی ہے ۔ ۵۲ ۔ مطلب ۔ اور وہ کوہ تن دریا پرست ایسا ہی کہ جسکا پسینا بھی آگ کی مانند ہی
اور جنگ کے دن جب وہ تازیانہ کھاتا ہی تو انجم جوزا سے گراتا ہی یعنی ایک ہی جست میں جوزا تک پہنچ جاتا
ہے ۵۳ کلہ کسریٰ الکسر نوشیرواں ۔ مطلب تیرا قصر ایسا عالیشان ہی کہ ہفت آسمان اُسکی ایک اینٹ خشت سے
بھی کم ہی کہ جسکے سبب سے گرد حسرت ہر وقت طاق کسریٰ پر پڑی رہتی ہی (جسے کسریٰ کی رشک ہی) ۵۴ مطلب روح الامین
جو عاصم ہیں خود تیری حفاظت میں ہیں اور چرخ بریں تیری خدمت میں کمر بستہ ہی اور تیرے براق حشمت کی
گرد فلک نہم پر پڑ رہی ہی ۔ ۵۵ ۔ مطلب ۔ تیری شان میں آیات کریم نازل ہوئیں اور تیرے خوان پر طرح طرح
کی نعمتیں موجود ہیں اور تیرے وجود پر قدم کی روشنیاں خداوند تعالیٰ کی طرف سے پڑ رہی ہیں ۵۶ ۔ مطلب
تیرے صحن بارگاہ میں ہر طرف حضرت موسیٰ جیسے (پیمبران) صف بستہ کھڑے ہیں اور تیرے تخت پر جو طور
کی سی عزت و حرمت رکھنے والا ہی یکساں نور تجلی پڑ رہا ہی ۔ نور تجلی ۔ طور موسیٰ مناسبات ۔ ۵۷ ۔ مطلب
اے مہدی آخر الزماں تو نے اپنے اس کف فیاض سے سلاطین جہاں کی آبرو خاک میں ملا دی ۔
۵۸ مطلب ۔ اے ممدوح مشتری جو انگشتری پیش کر رہا ہی اس انگشتری لیکر اپنے وجود کی انگلی میں
پہنا تاکہ تیری محبت نگین کی مہربانیوں سے بھی زیادہ محبت ظاہر کرے ۔ (دعا) ۵۹ ۔ مطلب جب تک
یوسف زریں لباس صبح کاذب سے سیاہی شب کے پیراہن پر اشک زلیخا بکھیرتا ہے ۔ ۶۰ ۔ مطلب

تب تک فلک تیرا اسپ اشقر رہوار رہے اور اوج سما میدان ہو اور تیرے مکان کے قبہ سے عرش علی گرا ہوا
رہے (نیچا)۔ ۱۷۔ افضل۔ افضل الدین خاقانی شروانی۔ خاقان۔ سلطان۔ ممدوح خاقانی۔
مطلب افضل الدین خاقانی کہ جسکے حکم کے خلاف خاقان (حاکم شروان) نے کبھی کبھی کوئی کام
نہیں کیا۔ اسکے دیوان کی عزت وشوکت میرے اس شعر غرا (روشن) نے خاک میں ملا دی۔ یعنی میں
خاقانی سے بھی بڑھا چڑھا ہوں پس اے ممدوح تو بھی میرے حق میں خاقان بنجا۔ ۲ مطلب قصیدہ
لئے عجب یہ ایسا وقت ہو کہ آہوئے زر (آفتاب) برج حمل کے کنارہ چارا کھا رہا ہو (برج حمل میں
ہو) پس تو جام طلب کر کہ اس بدر کے لئے یہ پنج ہلال (انگشتان) بہت ہی موزوں ہیں۔ ۳ مطلب
صبح کہ جو صوفیوں کی طرح اپنا خرقہ سبز (سیاہی شب) پھاڑ رہی ہو اسکی یہ تمام سرد آہیں اسی پیالہ زر
(آفتاب) کے لئے ہیں ۴ مطلب۔ اس زال پلاس پوش کو دیکھو کہ لاغری کے سبب رگ و پوست ہی
جسم پر باقی ہیں اور اسکے نالے جو رکوع کی صورت میں ہیں اسلئے ہیں کہ کوئی اپنی فندق (سر انگشت)
مجھے لگائے (نوازے)۔ ۴۔ مطلب اس بربط عیسوی نفس کو دیکھو جو باوجود ہزار جان کے مردہ
ہو اور آرزو مندی کے سبب صحبت خر میں زندہ ہو (نغمہ ہا) ۵ مطلب دف ست مطربیاں طپانچہ خوار
ہے اور نالے کرتا ہو لیکن پھر بھی نوا طلب ہو کہ کوئی (معشوق) مجھے نوازے۔ ۶ مطلب۔ فرشتوں کی
طرح حضرت عیسی کو آسمان پر جانے کی خواہش یوں ہوئی کہ فلک ایک خم شیشہ ہو جسکے سر پر دزد شب (خشت خم)
(آفتاب) رکھی رہتی ہو۔ کہ مئے نوشی کریں اسلئے کہ فلک خم مئے ہے۔ ۷ مطلب۔ میں مئے نوشی کر کے
زہد کو ترک کر دے کہ صبح جو بر سر خورشید ہو انہی خمہاء (ہفت افلاک) کے گرد ہونیکے سبب خندہ زن ہو
ان ہفت خم سے شراب لے کر پی رہی ہو اور خندہ زن ہو۔ ۸۔ مطلب۔ تو حباب کو نہیں دیکھتا کہ
جو ہمیشہ خون (سے) پر تیرتا ہیں وہ تجھکو بتلاتا ہو کہ شراب سے علیحدہ نہ ہو ورنہ تو میرا ہی سا حال ہوگا (سینہ)
ہمیشہ پر موجود رہو۔ ۹۔ مطلب۔ فلک لاجورد دیکھو جو ایک شراب سرخ کا ساغر بھرا ہوا تیار ہو وہ ا
ہے کہ صبح سفید [illegible] کے دل سے [illegible] ساغر کے پینے [illegible] سیاہی [illegible] مطلب
دگر پینے کرتا ہی صراحی اسی وجہ سے دن میں کسی بزم میں دم نہیں [illegible] بادشاہ کے حکم سے

بلند ہے۔ ۱۱۔ **مطلب**۔ اور وہ داور جو تمام جہان کا والی ہے اور وہ بادشاہ سایۂ خدا ہے کہ جسکا چراغ دولت ابدتک منور رہنے والا ہے۔ ۱۲۔ **ارض**۔ زمین **مطلب**۔ اور وہ طول و عرض زمین (تمام جہان کا) حاکم ہے کہ جسکی مملکت کی ہمیشگی ازل سے مقدم اور ابد سے موخر ہے۔ ۱۳۔ **امام چاریں** حضرت علی کرم اللہ وجہہ **مطلب**۔ اور وہ شاہ محمد خلیفۂ زمان کا ولی عہد ہے جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرح شہر علم کا دروازہ ہے ۱۴۔ **مطلب**۔ اور وہ ایسا صفدر (دربند صف شکن) عرش آستان ہے کہ فلک کی چادر باین ہمہ وسعت اسکے حرم سرائے جلال میں ایک کمتر گوشے کے مانند ہے ۱۵۔ **مطلب**۔ طائر وہم اسکی درگاہ کی دہلیز تک کسطرح پہنچ سکتا ہے اسلئے کہ آسمان سے بھی ایک ایک ہزار سال کا راستہ اسکے آستانہ تک ہے۔ ۱۶۔ کہنہ ادنی۔ فرد۔ مادح۔ مدح کنندہ۔ **چار ملت**۔ شافعیؒ حنبلی حنفی۔ مالکی۔ سے مراد ہے۔ **مطلب**۔ اے بادشاہ تیرا ایک ادنی مدح کرنیوالا چار ملت کا مفتی ہے اور تیرا ایک ادنی خادم ہفت کشور کا حاکم ہے۔ ۱۷۔ **مطلب**۔ جب سے ان نہ افلاک کے نیچے اربعہ عناصر کو گردش ہے تمام عالم سہ بعد و شش جہات میں تجھ جیسا کوئی اور پیدا نہیں۔ ۱۸۔ **مطلب**۔ تیری بحر سخاوت کا ایک ادنی حباب ایسا عالی مرتبت ہے کہ جسکے گنبد کی بلندی ہفت قلزم کی موج اوج سے بالاتر ہے ۱۹۔ **مطلب**۔ میدان جنگ میں تیری تیغ تیز آسمان مانند ہے کہ جہاں کہیں بھی وہ پہونچتی ہے اسکی منزل زخم دو پارہ ہے جیسے عطارد کی منزل دو پیکر جوزا ہے ۲۰۔ **مطلب**۔ تیری تلوار کو بسبب حرارت کینہ کا نمونہ کہہ سکتے ہیں اور تیرے تیر کو تیر (ماہ ساون) کہہ سکتے ہو کہ جسکے خوف سے کمان چرخ بھی ٹیڑھی ہو گئی ہے اور مضطرب ہے۔ برسات میں عموماً کمان خم ہو جاتی ہے اور تیرے تیر کا اثر برسات ہے پس کمان چرخ مضطرب ہے کہ کہیں خم نہو جائے۔ دیگر یہ کہ جب تیر کو کمان میں کھینچتے ہیں تو بھی کمان خم ہو جاتی ہے۔ ۲۱۔ **مطلب**۔ تیر (عطارد) میں تیرے تیر کے خوف سے صد ہا پیچ و خم پڑ گئے ہیں لہذا اسنے اپنے بل نکالنے کے لئے آگ کی خواہش کی ہے (آگ (گرمی) سے خم دور ہو جاتا ہے) ۲۲۔ **مطلب**۔ تمام روئے زمین تیرے قلم (حکم) کے سامنے تیر کی طرح سیدھی ہو گئی ہے سرکشی باقی رہی ہے البتہ اگر کچھ خم ہے تو معشوق کی طاق ابرو میں۔ اور کہیں نہیں ہے۔ ۲۳۔ **مطلب**۔ اگر خنجر تیرے ہاتھ میں گردان اور جان رہا ہے تو تیرا نیزہ بھی فلک کی طرح ہے اور تیرا دشمن مثل راقم ہے کہ جو اثر در فلک کے منہ میں ہے

یعنی تیرا دشمن نیزہ میں چھدا ہوا ہے۔ ۲۴ مطلب۔ جو تیرا دشمن دم بھر کو بھی تیرے حکم سے سرتابی کرے اسکا زرد چہرہ مثل سر قلم کے سیاہ ہے اچھا ہو۔ ۲۵۔ مطلب۔ تیرے ہاتھ میں (جو بحر بخشش ہی) ایک زنگی زرد جامہ (قلم) کی سہ غلتی (سہ انگشت) جو سر لقا میں ردم (کاغذ) کی طرف رہبر ہیں۔ (کہ قلم تین ہی انگلیوں کی گرفت میں ہوتا ہی) ۲۶۔ مطلب۔ تیرے دشمن ایسے خوار ہیں کہ انکے سر پر خوان زر اور کاسۂ لعل رکھے ہوئے ہیں یعنی انکی خون گرفتہ سرخ آنکھیں اور زرد رنگ کا چہرہ (بس انکو یہی میسر ہے) ۲۷۔ مطلب۔ تیری تیغ ایک نیلگوں نہنگ ہی (باعتبار اصالت آہن) کہ جسکے گرد یا ہیاں حلقہ زن ہیں (جو اہر شمشیر) اور وہ تیرے قلزم پنج شاخ (باعتبار انگشتاں) میں ایسی ہی جیسے پانی کا ایک قطرہ خشکی میں۔ ۲۸۔ مطلب۔ اے ممدوح تیرا دشمن ایک طاس سیگوں اور اسمیں ایک شبہ رکھتا ہے کہ جو ہر شب برنج کے سبب ہزار ہا اشکوں کی مخزن بنجاتی ہو دگر یہ زاری کرتا ہی ۲۹ مطلب۔ اگرچہ تیرا زہر میں بجھا ہوا خنجر سبز ہی لیکن جنگ کے دن وہ لالہ فروز ہی (خون بہانیوالا ہی) اور طراوت (کا وہ) کے وقت تیر (ادلدل) کوہ برآند ہی کی طرح ہی اگرچہ وہ بوجہ جسامت خود بھی کوہ ہی۔ ۳۰ نوٹ۔ سنب در آب افگند۔ لیکن میں نے معنی سنگ در آب افگندن سے لئے ہیں کہ بمعنی ہموار بنا ہی پس سنب کی جگہ سنگ پڑھیے ۳۱۔ مطلب۔ تیرے دور عدل میں شیر روباہ کا فرمانبردار ہی اور باز کبوتر کے لئے دانہ لانیوالا مزدور (خادم) ہے حالانکہ کجا شیر دباز و کجا روباہ و کبوتر۔ ۳۲ مطلب۔ تیرے کف بخشش سے زمانہ کا رنگ بالکل پلٹ گیا ہے کہ مفلسی بجز غنا (آسودگی) ہی اور فقیر کی حرص تو نگر بنی ہوئی ہی حالانکہ فقیر کی حرص کبھی دور نہیں ہوتی لیکن یہ تیری بخشش کا اثر ہی۔ ۳۳۔ مطلب۔ تیرے محل کی محراب نے عرش سے کہا کہ میں تجھسے بہت ہی زیادہ پست ہوں عرش نے کہا کہ یہ کیا کہتی ہو اے تیری تو خاک پا ہی میرے سر کے برابر ہی۔ ۳۴۔ مطلب جب سے فلک کو تیری غلامی کا فخر حاصل ہوا ہے تیری غلامی کی ڈینگ مار رہا ہے تب سے آفتاب اُس کے رشک سے ایسا جل رہا ہی کہ اسکو سر سے آگ لگی ہوتی ہی کہ ہائے فخر غلامی مجھے کیوں نہ حاصل ہوا۔ ۳۵۔ مطلب میرے اشعار جو ایک گراں بہا موتیوں کی لڑی ہی گفتہ یکشبہ ہے پس اس کا عقد میں تیرے ساتھ کرتا ہوں تو اسکو قبول فرما کیونکہ یہ نازو غمزہ میں دلربا ہی (یعنی اس قصیدہ کو میں تیرے سامنے پیش کرتا ہوں تو اسکو قبولیت کا شرف عطا کر) دعا۔ ۳۶۔ مطلب۔ سرو قدان حسن کا نغمہ دلبری کیساتھ جبتک انکے ابروں کے گرد حلقہ بنا ہو

۳۷ ۔ مطلب ۔ جبتک جسطرح تیری عمر تیرے پہلو میں ہو اسیطرح دلبر ملک روز و شب تیرے پہلو میں رہے
رہیشہ تو تخت سلطنت پر قابض رہے) کہ تیری بقا کا آئینہ قیامت تک روشن رہنے والا ہو ۔ ۳۸ ۔ سینہ
چو ماہ نیم الخ ۔ اور جو دل شق سکتے کہ تیری محبت نہیں رکھتے وہ قرص کی طرح پارہ پارہ ہوجاسکے اور جو
تیری محبت کے لئے پھیلا ہوا نہیں ہو (جس سینے میں تیری محبت نہیں ہے) وہ ماہ کی طرح دو ٹکڑے ہوجائے
قصیدہ نمبر ۱۳ ۔ (یہ قصیدہ خلیفہ عباسیہ کی طرف سے خطاب پادشاہ پہنچنے کی مبارکباد میں لکھا گیا) ۱ مطلب
جب آفتاب لعل گون جام (سلیت خورشید) ہاتھ میں لئے ظاہر ہوا تو سیاہ شام (کواکب) اسکی برق صمصام (تیغ
بران) کے خوف سے چھپ گئی ۔ ۲ مطلب عروس صبح جو مہر آور ہے بید ہوتا ایسی کھلکھلا کر ہنسی کہ اسکے منہ
شرقی زر خورشید نکل پڑی ۔ ۳ ۔ مطلب ۔ نیلگوں آسمان پر خورشید یوں نمودار ہوا ہے کہ مرغ صبح کو
اسکی یاد میں نالے بھرنے سے دم بھر کو بھی قرار نہ تھا ۔ ۴ ۔ مطلب ۔ پہلی ہی ملاقات میں جو گفتگو صدق دل سے
صبح صادق اور ماہ میں ہوئی تو یہ تھی (اور انکا یہ پیغام تھا) ۵ ۔ مطلب ۔ کہ کل رات جب مشرق کے شاہنشاہ
زریں چتر کو آل عباسیہ کا لباس (سیاہ شام کی طرف سے بھیجا ۔ (یعنی جب شام ہوئی اور آفتاب نے لباس شب پہنا)
۶ ۔ مطلب ۔ تو زحل (نام ستارہ) مشتری سے کہتا تھا کہ بادشاہ کی درخواست جب خلیفہ بغداد کے سامنے پیش
ہوئی تو خلیفہ نے اسکا بہت اعزاز کیا ۔ ۷ ۔ مطلب ۔ اور جب اسکے مضمون (کہ اے خدایا خلیفہ بغداد کا حکم
ہفت اقلیم میں جاری ہو) سے آگاہی ہوئی تو امام (خلیفہ) کا یہ فرمان (حکم) ہوا ۸ ۔ مطلب (چند اشعار مدح
امام میں ہیں) اور وہ امام ایسا ہے کہ جسکا تخت فرق (سر) جمشید ہے اور وہ ایسا عالی قدر ہے کہ خورشید کا تاج
اسکے تخت کی مسند ہے اور اقبال جاوید اسکا نشان ہے اور اسکا لقب سلطان ایام ہے ۹ ۔ مطلب ۔ ملت
و دین اسکے وزیر اور عزت و تمکین اسکے دربان ۔ عدل و احسان اسکے نائب اور فکر و الہام اسکے کاتب ہیں
۱۰ ۔ قضا و قدر کو حکم ہے کہ اسکے ایوان ۔ قدر کو وہاں لیجا و جہاں کائنات کی بلندی کی حد ہے کہ جسکی ہمایشہ
مرغ وہم کے پر بھی نہ پہنچ سکیں ۔ ۱۱ ۔ مطلب ۔ اور سلطان (خلیفہ) کی بارگاہ سے اس وزیر الملک (نظام
الدین) کو یہ عزت عطا کی گئی کہ تمام بحر و بر پر اسکا قلم فرمان جاری رہے ۱۲ ۔ مطلب ۔ کہتا ہے کہ چونکہ یہ (محمد و جم)
سلطان کا دبیر خاصہ ہو اسلئے اسکے واسطے (خلیفہ) سے اسکو یہ خطاب آیا ہے کہ ماہ سکہ رخسار کی زلف عنبری

تحریروں سے بنے ر تیری تحریروں سے رخسار راہ کی زلف بنے) ۱۳۔ مطلب۔ اور امام الملک نے اسکی جاہ کے باور چیخانہ کے لیئے روپیہ (نقدی) کی ایسی تعداد مقرر کی ہے کہ دو عالم کی نقدی جسکے انعام کا چالیسواں حصہ ہے ۱۴۔ اور امیر المؤمنین (خلیفہ بغداد) نے حکم دیا ہے کہ ہر جمعہ کو منبر پر (خطبہ میں) ہفت اقلیم میں اسے شاہنشاہ اسلام کے ساتھ پکاریں (پکارتے رہیں) ۱۵۔ آرش۔ ایک مشہور تیر انداز گزرا ہے جسکا تیر چالیس کوس تک جاتا تھا۔ مطلب (مدح ممدوح) اور یہ بھی عجیب جمشید (باعتبار حشمت) رستم کماں ہے اور بہرام آرش جیسا تیر انداز ہے کہ جسکی تلوار کے سامنے سام کا خنجر بھی مثل چوبیں (لکڑی کا خنجر) خنجر کے معلوم ہوتا ہے۔ ۱۶۔ برہنہ جو ایمان۔ حضور رسالت آب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایمان برہنہ ہے اور تقویٰ اسکا لباس ہے۔ مطلب جب امام الملک کی طرف سے فرمان آیا تو ممدوح اس کے استقبال کے واسطے مثل ایمان کے سر و پا برہنہ گیا ۱۷۔ مطلب۔ اور اسطرح کہ مخلوق آگے پیچھے دوڑتی جاتی تھی اور ملائک ذکر حق کرتے جاتے تھے اور بادشاہ کی آنکھوں سے رخسارہ پر آنسو ٹپک رہے تھے (اشک شکر ہیں) ۱۸۔ مطلب کبھی تو شکر و ثنائے حق سے اسکے لب شکر بو تے رکھے جاتے تھے اور کبھی اسکے رخسار پر آنکھیں مروارید (اشک) بکھیرتی تھیں ۱۹۔ مطلب۔ بادشاہ نے جب اس سیاہ خلعت کو جو آنکھ کی پتلی کی طرح تھا پہنا (زیب تن کیا) تو ہم دن میں شب (خلعت) کو مہ کامل (ممدوح) کے ساتھ دیکھ رہے تھے ۲۰۔ مطلب۔ فلک کو میں نے دیکھا اپنے نو ڈوں (دلو) دامنوں کو شہرنیوں سے بھرے ہوئے ممدوح کے جھنڈوں کے نیچے چاروں طرف ان شہرنیوں کو چادر کرتا پھرتا تھا ۲۱۔ مطلب۔ اور جو جو آئینہ بندیاں شہروں میں ہوئیں میں اسکا کیا ذکر کروں (کیا تعریف کروں) ایک ادنی بات ہے کہ اسکے سجے ہوئے (آراستہ) گنبد کی چوٹی (سرا) میں اور فلک میں پال بھر بھی تو فرق نہ تھا پورے گنبد کا کیا ذکر اور تمام بازار کا ۲۲۔ مطلب۔ البتہ حسود فلک (فلک حاسد) نے دیکھا کہ جو غم کے سبب معشوق کی زلف کی طرح پریشاں ہیں (افتادہ) اور شوریدہ حال ہو رہا تھا ان تینوں صفتیں زلف میں پائی جاتی ہیں) ۲۳۔ مطلب۔ (انگشت) اور اسمیں ایک قطرہ آب (تلوار) ملنے کہ چارہ نا چار دشمنوں کے حلق کو بھی صاف و تر کرتا ہے ۲۴۔ مطلب۔ مریخ کا چہرہ اس شرمندگی کے سبب کہ اسے خورشید تابان کو آل بہرام۔ شاہ اور سلطان نظام کے سفید (روشن) چہرے سے تشبیہ دی کہ

سرخ ہو رہا ہے (کہ میں نے بیجا تشبیہ دی کجا چتر آل بہرام اور کجا خورشید) ۲۵ مطلب۔ سمندر بھی باوجود اس قدر دریا دلی کے انکی عام بخشش کے فیض کو دیکھکر شرم سے پانی پانی ہو گیا۔ ۲۶۔ (دعا) مطلب جب تک (ان نو سبز قلعوں پر فلک چہارم اور اسکے چہارم (کواکب) شاہ انجم کے سر پر تاج زر رکھتے رہیں (خورشید فلک چہارم پر ہے) ۲۸۔ مطلب۔ تب تک اے ممدوح تیری عمر کا لباس تیری بغل میں اور تاج سلطنت تیرے سر پر رہے اور فلک تیرے تخت کا پایہ بنا رہے اور سلاطین تیرے خادموں کی صف میں ہوں ۲۹۔ مطلب۔ اور جب تک آتشیں شیر (کہ جو پلنگ اندام) کے عطیے سے ہر رات کرے سکہ کی طرح کوئی اشرفی (قمر باعتبار گھٹنے و بڑھنے) چمکتی رہے۔ سو جو سیاہ رو خامہ کی طرح (بوقت تحریر) اسکے خط فرمان سے سرتابی کرے تو وہ ممدوح کے زریں قلم کی طرح زبان دریدہ و شگافت یافتہ اور سینہ دریدہ رہے۔ ۳۱ فخر الزمان خطاب مصنف یعنی بدر چاچی مطلب اور بدر چاچی کو تو اپنے در پر ایک غلام شیریں سخن کی طرح خیال کر اگرچہ دنیا (اہل عالم) نے اسکو فخر الزمان کا خطاب دیدیا ہے لیکن پھر بھی وہ تیرا غلام ہے (غلام کی طرح ہے)۔

قصیدہ ۔ ۱ مطلب جب خلیفہ کی طرف سے بادشاہ کے پاس خلعت و فرمان آیا تو جبرئیل طاق گردوں سے البشری البشری کہتے ہوئے آئے۔ ۲۔ اور بادشاہ کے پاس اس خلعت و فرمان کا آنا ایسا ہے جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی از دیاد عزت کے لئے بارگاہ لایزال سے قرآن پاک نازل ہوا تھا ۳۔ رب ہب لی ملکا لا ینبغی لاحد من قبلی۔ اے رب مجھکو ایسا ملک عطا فرما کہ جو اس سے قبل اور کسی کے لائق نہ ہوا ہو۔ (حضرت سلیمان علیہ السلام نے باری تعالی سے یہ التجا کی تھی) مطلب۔ یا یہ سمجھو کہ جیسے حضرت سلیمان علیہ السلام نے رب ہب لی الخ کا نقارہ بجایا تھا (دعا کی تھی) تب بذریعہ صحیف پاک انکو حضرت داؤد خوش الحان علیہ السلام سے پہنچا جم جاہ شاہ کو۔ امام وقت نے (خلیفہ) تمام عالم پر حکم مطلق عطا کیا اور یہ خبر ہفت اقلیم کے تمام بادشاہوں کو پہنچ گئی ہے ۵۔ مطلب سلاطین جہاں کے فرامین کے نسخے اب منسوخ ہو گئے اس وجہ سے کہ اصلی فرمان جو تمام زمانوں کی جبر ہے دار الملک جاہ (بارگاہ امام) سے ممدوح (شاہ) کے

پاس آیا ہی۔ ۹۔ مطلب اس خلعت مصری نے جو کنعان (مراد از دار الملک خلیفہ) سے ہندوستان
میں آیا ہی جاہ حاسد کو چاہ یوسف کیطرح بے آب و رنگ (مراد از بے رونقی) کردیا (قصہ حضرت یوسف
علیہ السلام معروف ہی)۔ اس شعر میں عناصر اربعہ کو جمع کیا ہی لیکن ایک خاص ندرت کیساتھ۔ مطلب
لے آتش نژاد حاسد ہوا کیطرح اپنے سر پہ خاک ڈال کہ خضر (خلیفہ) کی طرف سے سکندر (مراد از ممدوح)
کو چشمہ حیوان (آب حیات خلعت) عطا ہوا۔ ۸۔ (کہ جسکے سبب) سے بازوے ملک قوی ہوا اور دین
نے بلندی پائی نیز شرع کی عزت و حرمت زیادہ ہوئی۔ رونق ایمان سے مراد خلعت۔ مطلب یہ اور
فردوں میں اسلام لانے کا شوق پیدا ہوگیا اور پیشوایان شریعت کو (علماء و فضلا) حیات جاں پہنچی
(حیات جان حاصل ہوئی)۔ ۱۰۔ سال میں دوبار امیر المومنین کی طرف سے سلطان کے پاس خلعت
کا آنا بالکل مسلمانوں کی عید کے مشابہ ہے جو سال میں دوبار آتی ہی۔ ۱۱۔ مطلب وہ نچھاور جو
سلطان نے قاصدوں پہ کی (وہ روپیہ اشرفیاں جو قاصدوں کے سر پر سے ممدوح نے نچھاور کیا) کیں
تو آسمان کو بھی اشرفیوں کی تو تھیلیاں اسی نچھاور میں سے عطا کردی گئی ہیں (نو افلاک کے لئے
نو تھیلیاں)۔ ۱۲۔ مطلب آسمان خوشی سے اپنے ساتوں دامنوں کے ساتھ رقص کریگا اور صبح
بھی ایک زریں طشت (خورشید) کیساتھ نچھاور کرتی ہوئی نمودار ہوئی۔ ۱۳۔ پیغمبر بمعنی فرمان
زدہ بر ہان و بہار عجم نہ بمعنی رسول چنانکہ مشہور است۔ رسول۔ قاصد ایلچی۔ مطلب اور ان دونوں
(فرمان و رسول میں) ایک پیغمبر ہے اور وہ فرمان ہی مراد ہی نہ کہ معنی اصطلاحی بمعنی رسول ہیں یہ کفر
نہیں ہو سکتا۔ ۱۴۔ سابق شعبان۔ رجب نام قاصد مطلب سات سو ہجری ۷۰۰ھ یہ ایک ماہ
یعنی ماہ محرم گذر چکا تھا کہ رجب خلعت و فرمان لیکر درگاہ سلطانی میں آیا۔ ۱۵۔ ماہ حق۔ ماہ رجب
اسکو شہر الرب بھی کہتے ہیں مراد۔ قاصد سے ہے۔ بدر مطلب میں سچ کہتا ہوں کہ ملک امام (خلیفہ)
سے ماہ حق (رجب) ممدوح کے پاس صبح کی طرح ہنستا ہوا۔ ۱۶۔ مطلب راوی عجب انداز سے
[illegible] رہا تھا۔ دفتا ہاتھ میں۔ جھنڈا اکا زستے پر رکھے۔ ساز شادی کو چنگ میں لئے ہوئے آسمان
نے رقص کرتا ہوا خلیفہ عباسیہ کی طرف سے آیا۔ مطلب ظلم کا آفتاب جو [illegible] تغلب [illegible]

دکھار ہا تھا۔ اسکی تلوار کی آب و تاب اب سایۂ یزدان (قربان و خلعت) کے آنے سے جاتی رہی۔
۱۹۔ مطلب ممدوح کی آستین عدل نے فلک کے نوؤں دامنوں سے ہر اس ظلم کی غدر پرستی جو کہ اب
پر اسکی ہمت ہے) جھاڑتا ہو کہ بتاؤ کیا عذر رکھتے ہو۔ ۲۰۔ لوگ تعجب سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا
گھوڑا ہوا تھی کہ جسپر دو ماہ کی راہ آپ ایک روز میں طے کر لیتے تھے۔ ۲۱۔ مطلب لیکن اس سے زیادہ تعجب کی بات تو یہ ہو کہ ممدوح کے
سلسلہ انکا بیکراں گھوڑا چار ماہ کا راستہ صرف ایک قدم میں نہایت آسانی سے طے کر لیتا ہو اور اس طرح کہ نعل ... [illegible]
نعل چار ماہ ہوئے اور ایک قدم میں وہ ان چاروں کو طے کر لیتا ہو اسلئے ایک قدم میں چار ماہ کا راستہ
طے کیا۔ ۲۲۔ طبق۔ ایک طرح کا ورم جو اکثر گھوڑوں کے پیر میں پیدا ہو جاتا ہو۔ مطلب ممدوح
کا گھوڑا ایسا قوی الجثہ ہو جسکے بوجھ کے سبب سے گاو زمین کا کوہان دیکر اسکے پاؤں کا طبق نکلا ہو
۲۳۔ مطلب۔ اور اسکے سموں کی گرد نے مہر و ماہ کی آنکھ میں سرمہ لگا دیا ہو (یعنی چشم مہر و ماہ
کیلیے سرمہ ہو) اور اسکے نعل کا آوازہ (یعنی آواز) قیصر و خاقان تک کے کانوں میں پہنچ گیا ہے
۲۴۔ تقدیر نے کہیں اتفاق سے اسکی شمع محفل کو آفتاب کہہ دیا تھا کہ جسکی وجہ سے شمع کے بدن [illegible]
اپنی عزت کے باعث۔ آگ لگ گئی کہ مجھے ایسی ناچیز شئے سے نسبت دی۔ ۲۵۔ مطلب چرخ
سرگرداں اپنی بلندی کی ڈینگیں اسکے اسپ کی گرد سے مار رہا تھا کہ میں بلند مرتبت ہوں ناچار
اسکی ایسی اچھی طرح سرزنش کر دی گئی کہ جسکے سبب سے وہ سرگرداں ہو (سر کی ضرب سے چکر آجاتا ہو)۔
۲۶۔ مطلب تیرے دشمن کو جو تخت و تاج پر بیٹھنے کی خواہش تھی تو جب اسکو تاج پر بٹھایا گیا
(سلاطین اضیہ اکثر ایسی ہی سزائیں دیا کرتے تھے) تو اسکے بن و داراں سے (دل) سے یہ آرزو جاتی رہی
۲۷۔ جس کسی نے اسکے تیر جیسے حکم سے گوشہ کشی کی (سرتابی) تو جلدی تو اس سے کنارہ کش ہو جا کہ
اسکی قربانی کا وقت قریب آگیا ہو (تیر و کش و تیر و کمان مناسبات) ۲۸۔ اسکا حکم مثل صور قیامت کے ہے
کہ اسکا حکم جس وقت پہنچیگا تو کوہ مثل کاہ کے اڑ جائیگا اور جس بیشہ میں اسکا نیشہ ... پہنچا وہ بیشہ مثل
ریشہ کے ہو گئی۔ ۲۹۔ ... اسلامی کہ تو شہنشاہ عصر (ممدوح) ... سر میں رکھتا تھا اسکا ادا
ولی المسلمین (خلیفہ عباسیاں) کی طرف سے ممدوح کو عطا ہو گیا۔ ۳۰۔ جب سے آسمان نے عباسیوں کا

خلعت پہنا ہے تب سے شاہ مشرق (خورشید) مثل ماہتاب کے سریع السیر ہوگیا ہے (آفتاب تمام بروج کی گردش ایک سال میں کرتا ہے اور ماہ ایک مہینہ کے جولان میں تمام برجوں میں پھر آتا ہے) ۳۱۔ **مطلب** جسطرح مہر تاباں کا پرتو ماہ درخشاں پر ہمیشہ پڑتا رہتا ہے اسی طرح اس سال کی مانند خلیفہ کی جانب سے ہمیشہ پے در پے ممدوح کے پاس خلعت و فرمان آتے رہیں ۳۲۔ کافر ہوں (قسمیہ) میں کافر ہوں جو جھوٹ کہتا ہوں کہ تمام سرا سر ہندوستان میں بدر کی طرح ابھی تک اگر کوئی طوطی گویا معنی داں۔ اور سخن فراز خوان آیا ہو (نہیں آیا ہے) ۔ ۳۳۔ **مطلب** کل رات جب گیسوئے شب دوش سحر سے علیحدہ ہوگئے (صبح ہوئی) تو اسوقت یہ خوشخبری اس غمگین کے کان میں پہنچی ۳۴۔ **مطلب** کہ اے بدر خوش باش کہ خدا کے فضل اور بادشاہ کی عنایت سے مصیبت کے دن ختم ہوئے (رہ گئے) اور اب احسان و عنایت سلطانی کی نوبت آئی۔ دوش اور دوش میں تجنیس تام ہے۔

قصیدہ ۵۔ ۱۔ **مطلب** جب آفتاب اس سبز خوان پر سونے کی ٹکیا (جرم خود) رکھتا ہے (جب صبح ہوتی ہے) تو عاشقوں کے خوان پر سوائے اشک خونیں کے کوئی اور چیز نہیں ہوتی (عاشق صبح کو گریہ و زاری کرتے ہیں) ۲۔ **مطلب** صبح جب اپنے ہاتھ میں خورشید کا زریں ساغر لیتی ہے تو جرم ماہ بے رونق اور تیرہ ہو جاتا ہے۔ ۳۔ **مطلب** جب ممدوح کے چتر نے رخ شب کیطرح سیاہ ہوا اپنا سر سیدھا اور بلند کیا تو ستاروں کی نظر میں آنکھ آفتاب بہ مثل سایہ نظر آنے لگا ۴۔ **مطلب** جام مروہ دہفتہ ہے اور پنج ہلال (انگشتاں) اسکی غلام ہیں اور ہمیشہ شراب سے بھرا ہوا دنداں (ثریا) کی طرف گذر کرتا ہے۔ ۵۔ **مطلب** قبل اسکے طوطی طاؤس پر علی زاغ (شب) سے بیضہ زریں نکالے (قبل از طلوع خورشید) تو خون خروس سامنے لا۔ یعنی مے نوشی کر۔ (خون خروس صراحی سے اکثر بشکل خروس ہوتی تھی) ۶۔ **مطلب** صراحی ایک مرغ کی طرح ہے کہ جسکی چونچ (ٹونٹی) سے خون ٹپکتا ہے اور اپنے پاؤں پر از بن (قطرات) بکھیر رہا ہے (قطرات سے گرا رہا ہے) ۷۔ **مطلب** کشتی زر اپنے پیٹ میں زشکاں سے رکھتی ہے یعنی کشتی زر کا پیٹ مے سے بھرا ہوا ہے سیمبر اٹھ اور جلد اسے اپنے لبوں کیطرف لیجا ۸۔ **مطلب** اے معشوق تو شب آشفتہ از لعت پریشاں کر اپنے رخسار پر

سحر بکھیرے ہوئے ہے اور تیرے لعل تر (دہن) پر شکر (لب) سے نبات (خط سبز) جمی ہوئی ہے یعنی تیرے دہن کے گرد خط نکل آیا ہے۔ ۹۔ مطلب۔ اے معشوق میرے منھ پر منھ رکھ اور اپنے اس خوبصورت چہرہ (طبق لعل) کو میرے رز دریغ سے آئینہ کیطرح مت ہٹا۔ ۱۰۔ مطلب اے معشوق میرے پاس تو ایک زر و جواہر جیسے دو نقرئی پیالہ (چشم) رکھے ہوئے ہیں اور ہر پیالہ کی تہ میں شبہ ہے (مردمک) جسکے اندر سیکڑوں گہر (اشک) ہیں۔ ۱۱۔ مطلب اور یہ گھر میرے آرام دل کی پریشانی کے لیے چمن ہے کہ جب شورش پیدا ہوتی ہے تو رونے سے آرام ملتا ہے اور وہ مردمک (شبہ) صحن سرائے بصر کی آسایش کے واسطے ہے کہ بغیر اسکے بینائی محال ہے ۱۲۔ اے معشوق تو میری آنکھوں کی پتلی ہے لیس بے خطا و بے سبب اشک کی طرح میری آنکھ سے دور مت ہو اور میرے چہرہ کی رونق برباد نکر کہ بغیر تیرے فرط غم سے زرد ہو جائیگا۔ ۱۳ (گریز) مطلب اے محبوب ایک تیری زلف نے جو زنجیر صفت ہے مجھے بادشاہ کے دشمن کیطرح مثل آئینہ کے حیران اور قفل صفت در بدر پھرنے والا بنا دیا ہے۔ (پریشان و سرگرداں کر دیا ہے) ۱۴۔ اے ظالم سوزن جیسی شدین (پردہ دری نکر) اور میری پردہ داری کر جسکا پیرہن نہ سی اور روشنی کی چادر (پردہ) مت پھاڑ۔ ۱۵۔ نہیں تو شاہنشاہ زماں کے سامنے زمیں بوس ہوکر تیرے جور و جفا کی شکایت ادا کرونگا ۱۶۔ ہود علیہ السلام ایک پیغمبر کا نام مبارک۔ مطلب۔ اور وہ بادشاہ ایسا ہے کہ جسکی پیروی حضرت ہود کرتے ہیں اور سلیمان جیسی ظفر رکھنے والا ہے اور احمد یوسف لقا (چہرہ) ہے ...جیسا ہے لیکن اور قیس جیسی شان و شوکت رکھنے والا۔ ۱۷۔ ناہید زہرہ۔ مطرب فلک مطلب۔ اور وہ بادشاہ ایسا جمشید بخت ہے اور وہ ماہ ہے کہ جسکا تخت خورشید ہے اور ناہید جیسے معشوق تیری بزم میں جلوہ گر ہیں۔ مطلب۔ اے بادشاہ ثوابت جو متحرک نہیں ہیں تیرے حکم کے منتظر ہیں کہ تیرا حکم پاکر حرکت کریں اور تمام دنیا کے لئے تیرا خوان نعمت حاضر ہے۔ ۱۹۔ ماہ کا غذ یعنی سیمین ہے مطلب اور اے ممدوح تیرا اغا مہ ماہ کی پیشانی پر قدم رکھتا ہے اور اسکو روندتا ہے اور تیرا خنجر کوہ کے جگر کو پھاڑتا ہے تو پھر دشمن کی کیا ہستی۔ ۲۰۔ کب تک تیری تیغ یونہی دشمنوں کی جگر تشنگانی کرتی رہیگی اسلئے کہ ایک عمر ہو گئی کہ یہ دشمنوں کے سینوں میں گذرتی ہے (جگر تشنگانی کرتی ہے)

۲۱۔ اگر دشمن ۔ سانپ (مار) کیطرح تیرے خط فرمان کو سر پر نہ رکھے (مار کے سر پر اکثر سفید خط ہوتے ہیں) تو فوراً گزدم مرگ اسکی رگ جان میں ڈنک مار دے (یعنی فنا ہو جائے) ۲۲۔ مطلب ۔ تیرے عدل کے زمانہ میں ضرب و زد بالکل معدوم ہے اور اگر مدارس میں یہ ضرب زید عمراً پایا بھی جاتا ہے تو صرف مبتدا ہے اسکی خبر سے کوئی آگاہ نہیں (یعنی ضرب بالکل معدوم ہے) ۲۳۔ مطلب ۔ قلم نے تیرے ہاتھ سے آب حیات کا ابر برسایا (یعنی تیری تحریر آب حیات کا اثر رکھتی ہے) جسکے برسنے سے رخسار قمر (کاغذ) پر بنفشہ (حروف) اُگ آئی ۲۴۔ مطلب ۔ کاغذ پر جو برف خشک ہے تو قلم برق کیطرح رواں ہے لیکن ابر باش ہے سیاہی کو بکھیرتا ہے اور دام مشک کی شکن (سطور) میں دو مرغ گرفتار ہیں لیکن اسکا بازو (مم) پر بالکل بے پر (مسح کا) ۲۵ مطلب ۔ اگر قلم پانچ انگلیوں کی گرفت سے دوات کیطرف لیجائے تو تمام حروف اسکے مطیع ہوں اور اسکے خط پر سر نہ رکھیں (یعنی اگر کارخانہ تحریر ہو تو کوئی کسی کا مطیع نہ ہو) ۲۶۔ بار زر ازدہ ۔ قلم زریں مشک تر ۔ سیاہی مداد موجیہ حروف ۔ مطلب ۔ قلم مسیح کی تو تو یک بار قلم زریں کو دیکھ کہ جسکے منہ میں سیاہی ہے اور لاکھوں حروف کاغذ پر اسکے پیچھے پیچھے چلے آتے ہیں ۲۷۔ زرد قبا زنگی ۔ زرد قبا قلم زریں ۔ آب کش ۔ مطیع ۔ خادم رومیاں ۔ انگشتاں ۔ مطلب اور یہ قلم زریں رومیوں (انگشتاں) کا غلام و مطیع ہے تاکہ ہر شخص اسکی کمر پکڑ کر اسکو کھینچ لے (گرفت میں لے آئے) ۲۸۔ خال سیاہ ۔ قطرۂ مداد ۔ آئینہ ۔ کاغذ ۔ مطلب ۔ اور جسوقت وہ دوڑتا ہے تو خال سیاہ اسکی پیشانی پر ہوتا ہے اور جب وہ سوتا ہے تو آئینہ (کاغذ) اسکے سر کے نیچے ہوتا ہے ۔ ۲۹۔ ماہی قلم عنبر ۔ مداد ۔ مطلب ماہی زریں نے یہ تحفہ عنبر جو اپنے منھ میں لیا ہے تو اسکی خواہش یہ ہے کہ ماہ کے (کاغذ) پاس یہ تحفہ سر پر رکھکر لیجاؤں ۔ ۳۰۔ ماہ نو ۔ قلم شب ۔ مداد سحر ۔ کاغذ ۔ مطلب ہلال فلک کی سیر تو بس شفق تک ہی محدود ہے مگر یہ ماہ نو شب (سیاہی) سے سحر تک (کاغذ) سیر کرتا ہے ۔ ۳۱۔ حبش ۔ دولت ۔ چین ۔ کاغذ ۔ کافور خشک ۔ کاغذ ۔ مشک تر ۔ مداد ۔ مطلب ۔ وہ یعنی قلم ایک ہی تاقت میں حبش (دوات) سے چین (کاغذ) میں پہنچ جاتا ہے اور کافور خشک (کاغذ) کو مشک تر (سیاہی) کا ایک ڈبہ (طبلہ) لا کر دیدیا ہے ۔ حبش و چین مشک و کافور مناسبات ۔ ۳۲۔ گویا یہ قلم بادشاہ کے حاسد کی طرح ۔ بے نوا ۔ لاغر اور سیاہ رو ہے ۔ یہ تمام صفات قلم ۔ میں

پائے جاتے ہیں) حیران و سرگردان ہو کبھی کاغذ پر اور کبھی دوات میں کوتاہ قد اور سر برہنہ ہے۔ ۴۳۔
مطلب جبتک شیر شکار کے وقت یہ ندا کرتا رہے کہ ماہ آہو (خورشید) دہن شیر (برج اسد) میں
بھاگ گیا یعنی جب تک آفتاب کی منزل برج اسد میں آکر) ۴۴۔ مطلب تب تک شام تیرے ایوان پر
محافظت کے لئے زنگی سپاہی کمان ہو اور صبح تیرے جنگ کے میدان میں صدری زرین پہنے ہو یعنی
رات و دن تیرے خدمت گار ہوں۔ قصیدہ ۱۷۔ ۱۔ مطلب کل رات جب شاہ حبش نے آئینہ (آفتاب)
کو چھپا لیا تو مطربۂ فلک (کہ جسکا پانچ شوہر ہیں) کو اسکی تین بہنوں (ہمشیران) کی محبت نے گھیرا (زہرہ اور
بنات النعش شب میں جمع ہوتے ہیں) ۲۔ مطلب جب باز سفید (خورشید) چھپ گیا تو زاغ شب نے
خوشی سے پر پھیلا دئے اور تمام زرین انڈوں کو اپنے آشیانہ میں رکھ لیا (سورج کی کرنیں چھپ گئیں)
۳۔ مطلب جب قطب نے اطلس سیاہ (شب) سے خرقہ جاہ حاصل کیا تو ترک تیمور دوش
(خورشید) نے اپنی زرد کلاہ (باعتبار روشنی) اوتار کر رکھدی ۴۔ مطلب دور فلک نے اگرچہ ہفت
الوان سے شت زر لے لیا ہے لیکن اسکے خوان پر زیادہ تر اسود کے چودہ تاریخ کے تمام قرص شکستہ ہی
پائیگے ۵۔ مطلب جب سیاہ ترک کو لشکر ہندو سیاہی (شب) نے منہزم کردیا (شکست دیدی) تو ماہ نے
نصر روح کی طرح تمام ملک کو فتح کر لیا (چاندنی پھیل گئی) ۶۔ مطلب ریان روز اسکے
پھر جبتک نیلگوں پر آفتاب نمودار ہو گیا اور مرغ سحر نے غم دل کے سبب شور و فغان شروع کردی
۷۔ مطلب آسمان اپنی آستین میں ایک زرد لشکر چھپائے ہوئے تھا (آفتاب) اسکو صبح نے وجود دیکر
(جیب) اسکے دامن پر سجا دیا (رنگ دیا) ۸۔ مطلب جب صبح نے خازن فلک کے ہاتھ سے
تاج زرین لیا (آفتاب) تو وہ بادشاہ کی درگاہ عالی کی طرف روانہ ہوا اور آکر آستانہ پر سر رکھدیا
(تاکہ صبح اسکی داد رسی کرے) ۹۔ مطلب وہ بادشاہ جمشید (حضرت سلیمان) مرتبت
اور احمد موسیٰ لقا ہے کہ جسکے چتر کی ہمانے (جو) ماہ سے بھی بلند جگہ پر اپنی منزل ٹھیرائی ہے۔
۱۰۔ مطلب اختر کبیرہ (برج حمل) نے اپنے منہ میں لالہ زر فشاں رکھ لیا ہے (آفتاب برج حمل میں
پہنچ گیا) اور لالہ (خورشید) نے ژالہ کے بے شمار موتی چمن میں بکھیر دئے ہیں ۱۱۔ مطلب

یعنی شراب انڈیل تاکہ تیرا دل غم سے رہائی پاتی ہے ۸ مطلب بیدار ہو اور اٹھ کہ صبح کے وقت غم زدوں کو جام
عشق سے ساقی بزم قدیم شراب معرفت عطا کرتا ہے پس اسکو حاصل کر ۹ مطلب یہ کہ تشنہ دلوں کے لئے
طاس فلک نے خورشید کا زریں ساغر صبح کے وقت اپنے دہن سے نکالا (عود) ۱۰۔ مطلب شب
گذشتہ جب قوس ہلال نیم بنا سیمیں حیلہ ظاہر کیا تو تاریکی شب کی جیب زریں گنبد دن (ستارے) سے بھر گئی
۹ مطلب ماہ نے قطب سیاہ پوش رہا اعتبار اندھیری رات نیکے تاج لعل کے عوض ایک زریں
نگار جبیہ کہکشاں سے بنا کر دیا (کہکشاں و قطب کی نسبت یہ کہ کہکشاں قطب شمالی و قطب جنوبی
کے درمیان واقع ہے) گریز ۱۰ مطلب کل تمام رات آسمان ایک آبلہ رو ہندو کی طرح (بہ سبب ستارگان)
معلوم ہوتا رہا کہ جو ہلال کا حلقہ غلاموں کیطرح پہنے ہوئے شاہ عجم کے در دولت پہ حاضر رہا۔ ۱۱ مطلب
اور وہ شاہ عجم لطف الٰہی کا سایہ ہے اور عالم پناہ ہے کہ جسکی سپاہ ماہ جیسے روشن ستاروں کی طرح (بے شمار) ہے
اور محمدی حلم رکھنے والا ہے (لفظ محمد میں ایہام ہے یعنی بادشاہ کا نام بھی محمد ہے) ۱۲ مطلب اے
معشوق تیرے چہرہ (رنگین) پہ جو تیری زلف (زنگی) بکھری ہوئی ہے اس سے یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ زنگ سے
چین پہ چڑھائی (لشکر کشی) کی ہے اور یہ تیرا جنگجو ترک (چشم) پیکانوں کو (مژہ) زہر میں کیوں بجھا تا رہا ہے
صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ سامان جنگ کی درستی ہو رہی ہے ۱۳۔ مطلب اے معشوق تیری زلف دمبدم
اپنی کمند میں تیرے رخسار کو گرفتار کرتی ہے (رخسار پہ پڑی رہتی ہے) اور تیرے لب ہر وقت انگارے
(شرارے) جھاڑتے ہیں ۱۵۔ مطلب تیرے اثبات حسن کے لئے تیری چشم ایک نص جلی ہے جو حسن کو
ثابت کر رہی ہے اسی سبب سے تیرے صاد (چشم) پہ نون ابرو کا بنا ہوا ہے (نص) اور جب وہ نص جلی
ہوئی تو کوئی منکر نہیں ہو سکتا۔ ۱۶۔ مطلب تیری چاہ زنخداں اگرچہ ہمارے خشک لبوں کیطرح
ہے لیکن مے نوشی کے سبب سے وہ ایسی پر آب ہے کہ چاہ کی بھی آبروریزی کر رہا ہے۔ ۱۷ مطلب
بدر (بدر میں ایہام یا تخلص مصنف اور ماہ شب چاردہم) نے جب سے کہ یہ سہ خورشید سے زیادہ روشن چہرہ
اور نازک رفتہ سے بھی کم لبوں کو دیکھا ہے تب سے اس کی آنکھوں سے بہت سے ستارے (رنجیدہ)
گر رہے ہیں۔ ۱۸۔ ۱۹۔ مطلب تیرے شکنہ ابرو نے ایسے حاجب کو کمان دی ہے کہ تیر کی تعظیم و بانہ

ہے کہ کسی پر تیغ ستم نہ چلائے خصوصاً ایسے بادشاہ کے عہد سلطنت میں کہ جسنے بیداد کی گردن تیغ عدل سے
قلم کی طرح اڑادی (قلم کردی) ۲۰ - مطلب اے ممدوح تیرا دست سخا دریا کے مانند ہے اور تیری تلوار ایک
قطرۂ آب کی طرح ہے اور تیری تیغ آگ برسانیوالی ہے اور تیرے دست سخا (دریا) کے سامنے سمندر لگن کی
طرح ہے۔ (مصرعہ اول میں لف ونشر غیر مرتب اور نار و آب میں تجنیس خطا اور صنعت تصحیف بھی ہے) ۲۱ -
مطلب ابر نے تیرے دست بخشش کو دیکھکر غم کے سبب سے اپنے سر پر خاک اڑا لی ہے (ڈال
لی ہے) کیونکہ زمانہ میں جزیرے دریا کے نام سے مشہور ہو گئے ہیں۔ جزیرے کہاں ہیں بلکہ سمندر نے
تیرے دست بخشش کو دیکھکر اپنے سر پر خاک ڈال لی ہے حسن تعلیل ۲۲ - مطلب اے ممدوح تیرا
قلم ایک رومی سوداگر ہے (تاجر) جو دریا کی راہ سے (دست ممدوح) حبشہ (دوات) سے مشک (سیاہی)
لیجاکر چین (کاغذ) میں فروخت کرتا ہے۔ ۲۳ - مطلب تیری تیغ قدر کے راز قضا سے کہتی ہے اور
تیرے جنگ کے زیر قدم قلم کیطرح ماہ رہتا ہے (اور وہ ماہ نعل ہے) قلم کے زیر قدم بھی ماہ (کاغذ) رہتا ہے
(قضا و قدر قضا حکم الٰہی اور قدر اسکے اسباب جیسے کسی کا بیمار ہونا قدر اور اسکا مرجانا قضا ہے) خلاصہ
تیری تیغ قضا کا کام کرتی ہے۔ ۲۴ - مطلب اے ممدوح تیری قدر کی منزل (جگہ) سر ایوان عرش پر ہے
اور تیرا دشمن عدم کے پردہ سے بھی پرے رہے لیکن وہاں بھی وہ صاحب فراش رہے آرام نصیب نہو۔
۲۵ - مطلب اور ملک تیرے لئے لائق ہے اور ہلاکت تیرے دشمن کے لئے موزوں ہے جیسے فریدون کا
سر تاج شاہی کے لئے موزوں تھا اور ضحاک کے لئے [illegible] ہونکنی ہے نہ بیاتی - حالانکہ سلطنت
ضحاک کی [illegible] کے سبب سے فتح ہوئی لیکن سر پر آفریدون ہوا۔ ۲۶ - مطلب تیرے ملک کی عہد
(ملک ایام) میں تیرے دشمن [illegible] اسکے ماتم میں - [illegible] اور بیت الحرام - ۲۷ -
مطلب اور جیسے آتش موسیٰ (انوار تجلی الٰہی) کے سامنے دھواں اور باد مسیح (دم عیسیٰ کہ جس سے مردے
زندہ ہوتے تھے) کے مقابل گرد کو کیا نسبت [illegible] اور شورہ زمین شورہ کہاں
کہاں باغ ارم (بہشت) [illegible] تمام صفات دشمن کے بالمقابل

لہ لوہا جب پہ لوہا کوٹتا ہے ۱۲

ستم و ستم سے کے سب فرار ہوگئے ۔ ۱۱۔ **مطلب** اے ممدوح تو اسقدر حاضر جواب اور خوش سخن ہے کہ سائل
تیری گرہ بانی سے استفہام (دریافت) کو کبھی رنج انتظار جواب اٹھانا نہیں پڑا اور اس رنج (الم) سے
مبتدا کو بھی خبر نہیں (معدوم ہی) کہ الم کیا ہی ۔ خبر بمناسبت مبتدا ۔ ۱۲۔ **مطلب** اے ممدوح تیرا کف
جو تیرے خدمت قلم کی طرح (قلم بھی سیاہی کے لکھنے کے باعث تحریر سے باز رہتا ہی) نافرمانی کرے وہ ہمیشہ
زبان بریدہ ۔ زرد تن اور سیاہ رو رہے (یہ تمام صفات قلم میں پائے جاتے ہیں) ۱۳۔ **مطلب** اے
ممدوح تیرا گہر (درم) تخت ایسا عالی مرتبت ہو کہ مشتری جیسا سعد اکبر ستارہ باز گردوں میں اپنے تخت کی
سجاوٹ کے لیے اسے بیشقیمت دیکر اسے خریدا ہی اسکی رفعت وتاب پر والہ ہی ۔ ۱۴۔ **مطلب**
تیرے آستانہ کا ایک دفعہ طواف کرلینا سو عمروں (مراد از حج) سے زیادہ ہی اسلئے کہ تیری درگاہ کی
جو ادنیٰ ذرہ ہیں جگہ ہی وہ حرم کی پیش گاہ ہی پس تیرے آستانہ کی قدر و منزلت کا کیا کہنا ۔ ۱۵۔ **مطلب**
اے ممدوح قضا و قدر نے تیری فتح کے جھنڈے (علم) کو ایسے بلند مقام پر نصب کیا ہی کہ اسکے
پھریرے کی کٹوری غول کے سر کا تاج ہی (یعنی فلک ہشتم سے بھی بلند ہی) ۱۶۔ **مطلب** جب ماہ کا سمند
ہلال) ابر داد ہم (رشب) پر سوار ہوا (یعنی ہلال نمودار ہوا) تو آسمان نے اسکے سر پر طشت بالے درم (
ستارگاں) نچھاور کئے (اور سواری شاہی کے وقت نچھاور ہوتی ہی) ۱۷۔ **مطلب** سیم خالص کی
ٹوپی پر ستاروں سے سجائی گئی تھی اور اسکی اطلس سبز کی قبا کہکشاں سے منقش تھی ۔ ۱۸۔ **مطلب**
اور اسکی سیاہ چادر پر ترنج (آفتاب) کی زرپاشی تھی اور اسکے چہرہ کا نور (روشنی) طلوع سحر کے
سبب سے مدہم (مدہم) پڑ رہا تھا ۔ ۱۹۔ **مطلب** ماہ اور اسکی تابش نے اشرفی کے توڑے (تھیلے) پھیلا دئے
ہیں اور اسکے سر پر شام نے تاریکی کا سائبان تان دیا ہی ۔ ۲۰۔ **مطلب** جب ماہ کو قرب آفتاب
(رات) حاصل ہوتا ہی تو وہ مثل چنگ کے خمیدہ ہوجاتا ہی لیکن رباب (ابر ...) ان دونوں سے
زیادہ (چنگ اور دف) نفع رساں ہی اور اسپر تمام ذکر ان کا احسان ہی ۔ ۲۱۔ **مطلب** کبھی ... ماہ
خمیدہ ہلال اور کبھی بدر ہوجاتا ہی اور کبھی تیر (یا ریک) بنجاتا ہی جیسے معشوقوں کی ابرو اور انکا چہرہ
اور زلف ۔ کمان پر ہنگام ہلالیت [illegible] ۔ [illegible] ۲۲۔ **مطلب** [illegible]

بھی شاہ ہند ہو رشب کو ہند کہا ہے ۲ چمکنے کے لئے اسے شبلی نام جیسے سپہر طرف ہزاروں
زرین کمسیاں رکواکب) پڑی ہیں ۲۳ مطلب جب میرا معشوق اپنی زلف سو ترک چشم پر لشکرکشی کرتا ہے
(زلف کو چشم پر ڈالتا ہی یا بکھیرتا ہی) تو ملک سینہ رمناسب لشکرکشی) سے لشکر غم بلا کی سامان کرتا ہی
(یعنی غم مجھکو ہلاک کرتا ہی) ۲۴ - مطلب - میں شفق کی طرح خونابۂ دل سے ہر وقت اسکے غم کی
کتابوں کو علم رجھنڈا) کی کتابیں بناتا ہوں ، انکو نقش و نگار دیتا ہوں - ۲۵ - مطلب اے
معشوق تیرے دندان عجیب ہیں جو یاقوت میں جڑے ہوئے ہیں اور تیرا خط کچھ عجب ہی کہ جس سے
تیرے رخسار (انجم) پر غالیہ (مو) کی زنجیر پڑی ہوئی ہی - ۲۶ - مطلب اے معشوق تیرے لبِ بستہ
(لب) کے سبب سے ہمارا دل بیچین رہا ہی اور تیری سر زلف کے حلقوں سے ہمارا تمام معاملہ درہم برہم
ہو رہا ہی - ۲۷ - مطلب اے آفتاب مہر انگیز (معشوق) سوائے تیرے (ذرہ) دہن کے کسی نے ایسا
(ذرہ) دہن کب دیکھا ہی کہ جس میں پروین (دندان) جڑے ہوں - ۲۸ - مطلب اے معشوق
تو بدر کے پاس کم آتا ہی اور بدر تجھ سے اس سبب سے آزردہ نہیں ہی کہ شاید تو ماہ ہی اور
کوئی تعجب نہیں کہ ماہ کم آئے راسلئے کہ یہ اسکی فطرت ہی) - ماہ میں تو اثر نہیں - ۲۹ - مطلب
اے زہرۂ ہلال ابرو (معشوق) تیری زلفوں کے سوا کسی نے ایسا نہیں دیکھا کہ جو اپنے خم میں آفتاب لئے ہو
(چہرۂ معشوق) آفتاب ہی ۳۰ - مطلب - اگر چہ تیرا سبز خط اور شہریار کا خامہ (قلم) دونوں گویا ایک ہی
جنس ہیں کہ جو ورق ماہ پر تحریر کرتے ہیں (زلف رخسار پر پڑی رہتی ہی اور یہی اسکی تحریر ہی) اور
شہریار کی تحریر کاغذ پر ہوتی ہی کہ اسے بھی ماہ کہا ہی) ۳۱ - مطلب اور وہ بادشاہ شاہنشاہ
محمد تغلق ہی جو تمام خلفائے عباسیہ میں سے چیدہ (چنا ہوا) ہی کہ جسکا لقب ابو المجاہد اعظم ہی
۳۲ - مطلب اگر ابر بہار کے دست سخا کا پانی اسکو نہ دیتا تو کرم کا درخت انگور اپنے پھل دینے
میں مشہور نہوتا - ۳۳ - مطلب - خدا کرے کہ تیری عمر کا آئینہ کبھی ایک لمحہ کے لئے بھی مکدر نہو
اگر چہ صور بھی اپنی آواز نکالے قیامت تک مکدر نہونے پائے بلکہ اسکے بعد بھی تو زندہ رہے (صور کی
آواز بھی اگر چہ بلند ہوجائے لیکن تیری عمر کا آئینہ مکدر نہو) قصیدہ نمبر ۱۹ - ۱ - مطلب آسمان کیا

نیلے رنگ کا باز ہی جو ہوا میں اُڑ رہا ہی (پر پھیلاتے ہوئے ہی) اور صبح ایک باز سفید ہی کہ جسکے
منہ میں ایک مہرۂ زریں (خورشید) رکھا ہوا ہی (مہرہ مناسب باز) ۲ مطلب اسوقت مرغ سحر جو شور و فغاں
کر رہا تھا خاموش ہو گیا (مست) اور بلبلہ مینوشون کی دمساز ہو گئی کہ وقت صبوحی ہی - اور زاغ
سیاہ (شب) ہم نفس خلوت میں گوشہ نشین ہو گیا (شب گذر گئی) کہ ۳ مطلب اور گرگ سحر نے
اپنی دم کلب الجبار (گرگ اور کلب رنگ میں تناسب) کے سر پر ماری یعنی کلب جبار ظاہر ہوا
کہ جو علامت صبح صادق کی ہی اور برج اسد کا آہوئے زرد (خورشید - اسد و آہو تناسب) برہ
(برج) حمل کیساتھ چرنے لگا یعنی آفتاب برج حمل میں داخل ہو گیا ۴ - مطلب کہتا ہی کہ - دن ایسا
رومی معشوق کی طرح ہی جسکو ورم عارض ہی (دن بڑھ رہا ہی) اور شب ایسا مرد ہندی (بوجہ
سیاہی) ۵ - مطلب تعجب ہی کہ شب باوجودیکہ سرد مزاج ہی پھر بھی اسکو دق عارض ہے
اور اسکے سر پر آبلے (ستارے) ہیں پس اگر اسکی دق جاتی بھی رہی تو اسکے آبلوں کا کیا علاج ہی،
۶ - مطلب اسلئے کہ یہ آبلے شراب کے حباب نہیں جو پھونک مارنے سے مٹ جائیں (رہا تے رہیں)
پس اب انکے اچھا کرنیکے لئے اسوقت تو نوا کا نشتر رگ چنگ پر لگا تاکہ وہ آبلے پھوٹ جائیں - ۷
مطلب تو لب بستہ (معشوق) کو چنگ کے پیچھے بٹھا تاکہ چنگ کے تار اسکی فندق تر (انگشت)
کو نوا بخشیں (یعنی وہ بجائے) ۸ - مطلب اہ چار دہ (جام) کیطرف پنج سہ فیروز (پانچوں انگلیوں)
کو بڑھا اور وا کرم تاکہ سیر دیں (دندان) کو شفق تر (شراب) سے حصہ پہنچے - ۹ - مطلب جام
ایک آب خشک ہی جسکے پیٹ میں آتش تر (شراب) بھری ہوئی ہی پس اگر وہ ہماری طرف سے غائب
ہو تو اسکے منہ میں خاک - ۱۰ - ۱۱ - (ق) اگر تم حرم کبریا میں عشق الٰہی کے ساقی کے ہاتھ سے اس
قدح سے صبح کے وقت ایک دو ہی گھونٹ پی لو تو تمہاری عقل کامل ہو جائے اور معشوق حقیقی
سے تم واصل ہو جاؤ اور تمہارا غم پائمال اور دل میں صفا پیدا ہو جائے ۱۲ - مطلب اگر تجھکو
حقیقی مستی درکار ہی تو ایسے میکدہ میں جا کہ جہاں روح قدس (حضرت عیسیٰ یا جبریل علیہما السلام)
مطرب ہوں اور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں کے ساقی ہوں (اگرچہ) ۱۳ - مطلب -

قوس (ابرو) کے لیپٹنے کی ہی۔ مطلب زہرہ (کاغذ) اور ماہ نو (قلم) ہم قران ہیں (یعنی کاغذ پر قلم رواں ہی) اور تعجب یہ کہ ماہ کو خسوف (گہن) لگ رہا ہی حالانکہ رصد ساز (منجم) بھی حیرت میں ہی کہ زہرہ سے ہم قران ہونیپر ماہ نو خسوف پذیر کیوں ہی۔ ۲۳۔ مطلب بدر کے چہرہ (رخسار) پر اسوجہ سے اشک خونیں ٹپک رہے ہیں کہ اسکے معشوق کے چہرہ پر تاریکی نمودار ہوگئی (خط نکل آیا) ہی۔ ۲۴۔ مطلب۔ اے معشوق تیرے رخسار کے گرد تیرا خط ایسا معلوم ہورہا ہی جیسے پھول کے گرد سانپ گنڈلی مارے بیٹھا ہی اور تیری چشم مست باغ حسن میں یہ کیفیت دکھا رہی ہی کہ آہو سے وحشی نرگس چر رہا ہی۔ ۲۵۔ مطلب (اگرچہ) تیرے ماہ سیاہ (خط) نے مجھے مورچۂ زرد رنگ (ضعیف و غمگین) بنادیا ہی آخر کیمیں تنگ آکر اس تیری ظلم کی داد شاہ سلیمان (رتبہ علم حضرت سلیمان کی طرح ذی حشم) سے چاہونگا ۲۶ مطلب اور وہ ایسا ذی مرتبہ شاہ ہی کہ فلک اسکا آستانہ ہی اور وہ ماہ فلک آشیانہ ہی اور عہد عیسیٰ جیسے اور حضرت سلیمان جیسی بلندی رکھنے والا ہوسی ہی۔ ۲۷۔ مطلب کہ جسکے فیض بخشش سے حرص (آز) گدا بھی غنی ہوگئی اور جسکی سخاوت بہتات سے فقر بحر غنا (مالداری) بنگیا (مالا مال ہوگیا) ۲۸ مطلب اور وہ ایسا شجاع ہی کہ جنگ کے دن جہاں اسکے تلوار کی ہی اور دشمن خوف کے سبب پانی پانی ہوکر جسم ہوا کی مانند ہوگیا کہ نظر نہیں آتا۔ ۲۹۔ مطلب سخاوت کے وقت اسکے دست سخا نے ایسی گہرباری کی کہ ابر کا رخسار شرم کے باعث پسینہ سے تر بتر ہوگیا (ابر بھی گہر زا ہی اسلیے شرمندہ ہوا۔ ابر کا تر ہونا مناسب کلام) ۳۰ مطلب اور وہ ایسا رفیع القدر ہی کہ آسمان اسکا خرگاہ ہی اور اسکے کف لکھ (لاکھوں) بخشش نے زمین کو اشرفیوں سے اسطرح پر کردیا ہی جیسے آسمان پر ستارے (کہ شمار نہیں ہوسکتے) ۳۱۔ مطلب اور اسکا ایک ادنی خادم والی روم کے سر پر تاج رکھنے والا ہی اور اسکا غلام [illegible] ۳۲۔ مطلب اسکے در کے گدا کی [illegible] انگوٹھی بنالیا ہی [illegible]

محیط غم میں میری جان کشتی (سفینہ) کیطرح میری جان لب پر آگئی ہے (جان بلب ہوں) اور یہ سب کچھ اے معشوق تیری وجہ سے ہے۔ مجھے امید نہیں کہ میری کشتی کنارے پر جا لگے ۸۔ مطلب اے معشوق تو اگر اس ساغر خوشگوار کو اپنے لب تک پہنچائے تو ایسا معلوم ہو کہ حل شدہ جان حقہ گہر (دندان) کی طرف جا رہی ہے ۹۔ مطلب اور اگر تو اپنے لعل ستارہ بار لب کو نشان بنائے (گفتگو کرے) تو بدر اپنی دونوں انگلیوں کو شفق سے بھر لے اگر یہ شادی سے ہو۔ مطلب اگر تیرے بلوریں ساعد پر، تیرے ماہ رخسار کے گرد ہالہ تردہ ہیں اس سے میرا بچنا محال ہے لہذا میں اپنی حفاظت کے لئے پشت شہر یار کا تعویذ بناؤں ۱۰۔ مطلب کہ جو تمام زمین (طول و عرض) کا حاکم ہے اور اسکے گھوڑے کا سم اسفندیار کے تاج پر ہزاروں چھپیاں کس رہا ہے کہ تو میرے مقابل میں کیا شے ہے ۱۱۔ مطلب جسکا نام نامی شاہ محمد ہے اور وہ تمام روئے زمین پر حکومت رکھنے والا ہے کہ قضا و قدر نے جسکے اقتدار کا خیمہ عالم علوی پر نصب کیا ہے ۱۲۔ مطلب اے ممدوح تیری بزم پر نچھاور کرنے کے لئے مطرب فلک نے اس زمردیں گلن (آسمان) میں بے تعداد گوہر (ستارے) بھر دئے ہیں (نچھاور بمناسبت مطرب) ۱۳۔ مطلب ہفتخوان رستم (سات منزلوں کی ضیافت) تیری مجلس کے خوان کا ایک کاسہ ہے اور اگر حاسد میرے اس قال پر رشک کرے تو تیرا گھوڑا جو شیر کی مانند ہے اس گرگ بدسگال کو سرنگوں کرکے دکھائے۔ روند ڈالے ۱۴۔ مطلب جب تیرے مرتبہ نے تیرے دربار عام کے صحن کو وسیع کیا (وسعت دی) تو دائرہ فلک اسکے درمیان ایک نقطہ سے بھی کم معلوم ہوتا تھا۔ ۱۵۔ مطلب اگر شب (سیاہی) تیرے ہلال (قلم) سے سحر پر کوئی سلسلہ بندی (سطر لکھنے) کرے تو ماہ اپنی عاریت لی ہوئی روشنی جو آفتاب سے عاریتاً حاصل کرتا ہے کو قصب (کا غذ) سے اٹھا دے یعنی برعکس اسکے کہ چاند کی روشنی سے قصب ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے لیکن وہ اسقدر استوار ہے کہ چاند کی روشنی اس پر اثر نہیں کرتی ۱۶۔ مطلب [illegible] رخچ قبیلہ کی نعل درگرفت میں تو زندہ اس زنگی زرد جامہ کو تو دیکھ کہ کیا بیٹھا ہوا ہے

گویا وہ ایک ترک سیاہ رخسار (بوجہ آلودگی سیاہی) ہے جسکے پاؤں کے نیچے سیم دکا غذ) ہے۔ ۱۷

مطلب اگر تیرا تہر اشیا کے خواص کو اپنا عمل کرنیسے منع کرے تو کوکنار جو خواب آور ہے کبھی بھی برادر اجل (خواب) کی طرف رغبت نہ کرے (اپنی خاصیت ترک کردے) ۱۸ مطلب تیرے فرمان نے تمام روئے زمین کو اسقدر سیدھا کردیا کہ اب اسکے بعد کبھی کوئی شخص معشوق کی زلف میں کجی نہیں دیکھیگا۔ ۱۹ مطلب تیرا دشمن اسقدر مفلس ہوکر اسکے نگار دل میں اسکے تیری تیغ کے رحم نطرہ آب ہے کوئی قطرہ نہیں پس اسے تیغ تو اسکی پیاس بجھا یعنی اپنا کام کر

۲۰ مطلب جبتک خزاں انگوروں کیطرف آب زعفران لیجاتی رہے (انکو لگاتے) اور یہ عمل ہمیشہ ہوتا رہیگا) اور سبزہ زار کا دامن اشرفیوں (پتوں) سے بھری رہت جھاڑ مراد ہے) ۲۱ مطلب اور جبتک پہاڑوں میں ابر ایام گرما سے (میرے شعر کی بحر کی مانند) نوک خار کی سوزن (سوئی) کو موتیوں کی لڑی سے پر کرے (قطرات نوک خار پر ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ جیسے کسی نے موتی پروئے ہیں) یہ عمل بھی دائمی ہے۔ ۲۲ مطلب اور زمہریر اپنے ٹھنڈی دم سے [illegible] اور برفباری کرکے پہاڑوں کی چوٹیوں کو قبہ سیگون بنائے ۲۳ مطلب اور اسوقت تک کہ جبتک تنبا رحاں اس ہمسایہ (چار م) کو جو ملک میں شریک ہو مکان کے خریدنے سے روپیہ خرچ کرنے سے منع کرتے رہیں (کہ ہمیشہ پہ ہماری صحبت والا ہی) تیری تیغ کے زیر احسان ملک ودیں رہیں (ہمسایہ الخ اگر دو شخص ملکیت میں شریک ہیں تو ایک شریک اپنی خوشی سے اس ملک کو خرچ نہیں کرسکتا تاوقتیکہ دوسرا شریک بھی راضی نہو) ۲۴ مطلب اور جبتک ماہ رمضان سال ولطف حق کی خوشبوئیں زاہد روزہ دار کے منہ میں پہنچائے (روزہ دار کا منہ معطر ہوتا ہے کما ہو قیاس) ایسا ہی ہوتا رہیگا۔ ۲۵ مطلب تبتک تیرے صحن ایوان میں بیٹھا ہر ہوتا رہے کہ بہشت [illegible] ہیں کہ بوہ گر ہیں اور تیرا خلق اپنی خوشبو کی کثرت کے سبب بہار پر طعنہ مارتا رہے کہ میرے مقابلہ میں تو ہیچ ہے (شاعرانہ تعلی) ۔ ۲۶ مطلب ایکمدت سے شعراء عرب نظم کا نظارہ کررہے ہیں (یعنی نظم لکھتے ہوتے رہے ہیں

ہوگئیں) لیکن کسی نے اس سے بہتر (قصیدہ کہ خود گفتہ ست) موتی اسکے گوشوارہ کے لئے حاصل
نہیں کیا (یعنی ابتک مجھسے بہتر نظم کسی نے نہیں لکھی) **قصیدہ نمبر۱۱** - **مطلب** کل عزاب
(شب) نے اپنے دہن سے جو زر (دانہ) رکھا کہ (ستارے) اگلے تھے انہیں عقاب آتشیں شہپر ناگاہ میدان سے
اٹھا کر لیگیا (یعنی آفتاب کے طلوع ہونے سے ستارے چھپ گئے - ۲ - **مطلب** مرغ سحر نے اس وقت
آہ و فغاں شروع کی کہ جب اس نہ بال طوطی (فلک) کا طاؤس (بہیئت شب) پھر باز زریں پنجہ
(خورشید) کے خوف سے چھپ گیا (یعنی آفتاب طلوع ہونے سے سیاہی شب زائل ہوگئی)
۳ - **مطلب** صراحی کا دل خون ہورہا ہے (بنا برآں کے اسمیں شراب بھری ہے) پس اے معشوق
تو اسے سر بمہر مت رکھ کہ وہ ایک مرغ فردوسی ہے جسکے منہ میں کوثر (شراب) بھرا ہوا ہے ۴ -
مطلب اسے بدر صبح اس سبب سے جام زر (دآفتاب) کو طاس فلک پر نمودار کرتی ہے کہ تو سیہ
چشموں (معشوقوں) کے ہاتھ سے مئی احمر (شراب سرخ) کا جام لبوں تک پہنچائے - ۵ - **مطلب**
جب صبح (زردی خنداں) اپنے سر پہ پھر کلاہ زر رکھیگی تو اسوقت زنگئی گریاں (شب) کے
سر سے دستار کلاہ سیاہی (ضیائے ماہ) گر پڑیگی - ۶ - **مطلب** اے معشوق ہاتھ میں جام اٹھا
رکھ ہم کو سرور و نشاط حاصل ہو اسلیئے کہ میخانہ خوشی میں ایک خشت سر خم تخت سکندر سے
بہتر و اولیٰ ہے - ۷ - **مطلب** اسوقت کو غنیمت شمار کر کہ اس گردش فلک نے دارا کو چھوڑا اور
اسکے دار کو (محل) اور نہ قیصر اس دنیا میں رہا نہ اسکا قصر (دارا اور دار) قیصر و قصر میں صنعت
تجنیس مضارع ہے ۸ - **مطلب** دیگر بزم اے مخاطب صحبت دنیا تو گشت نامرادی ہے اگر تجھے
بہشت جاوداں کی طرف رستہ خواہش ہے تو ہمارے [illegible] ۹ - **مطلب** اور وہ صبح
امام حق (خلیفہ بغداد) کا [illegible] کا نام نامی محمد شاہ [illegible] کا سایہ
ایسا وسیع ہے کہ آفتاب [illegible] اسکے زیر سایہ ہیں ۱۰ - **مطلب** اسوقت مجھے کتنی
راحت و خوشی حاصل ہوتی ہے کہ جب [illegible] معشوق میرے پہلو میں آتا ہے اگرچہ وہ [illegible]
پہلو کو زخمی [illegible] ۱۱ - **مطلب** [illegible] خاموش ہو اور

میرے عیش کو تلخ (یا زندگی کو تلخ) کرنے کے لئے اسکے شکر جیسے لب پر سبزہ چھا ہوا ہو (سبزہ خط) ۱۲۔ مطلب تیری جبین کی صبح کسقدر خوشنما ہو کہ دو ستارہ (چشم) ماہ نو (ابرو) کے نیچے چمک رہے ہیں اور تیرے رخسار کا باغ کسقدر پربہار ہو کہ دو لالے (رخسار) دو زلفوں میں پوشیدہ ہیں۔ ۱۳۔ مطلب اور تیری کمان ابرو کی کیا بات ہو کہ ہمیشہ تیر سے دونوں بازیگر ہندو (بلحاظ غمازی وجہ جامع سیاہی) کے گرد مژگان سے ہتھکڑی ہو رہا نظر سے محفوظ رہیں)۔ ۱۴ مطلب تو ایک ایسا سرو ہو کہ جسکے ایک غنچہ میں ۳۲ سرو ہیں (دندان) اور میں وہ ابر ہوں کہ ایک غنچہ (چشم) سے سینکڑوں گوہر برساتا ہوں۔ ۱۵۔ مطلب اے معشوق تیرے لب تو شفق (سرخی لب) میں پروین رکھتے ہیں۔ اور بدر کا ان کی محبت میں یہ حال ہو کہ اشکوں سے اسکا چہرہ پروین ہو رہا ہو اور اسکی چشم (گریاں) ہمہ تن ساغر ہو رہی ہو۔ ۱۶۔ مطلب جب اس شاہ جم دستگاہ کے عہد میں پریشانی بالکل خارج ہو گئی تو پھر تیری زلف مجھ سرگشتہ کو کیوں پریشان کر رہی ہو ۱۷۔ مطلب کہتا ہو کہ ممدوح کی تلوار کا میں کیا وصف بیان کروں وہ ایک ایسا دریا ہو کہ آب روان (رجحان) میں اسکی موج آگ لگا دیتی ہو اور اسکا کنارہ سر (سر دشمن) کے درمیان ہو اسکی میان اژدر کا مسکن ہو

۱۸۔ مطلب ممدوح کا دست فیاض محیط پنج شاخ ہو اور اسلئے وہ ہر وقت ابر قطرہ ریز کو اٹھاتا ہو (تیغ) کہ اسکی خواہش کہ تمام عالم سے شور و شر کی گرد دھو ڈالے (یعنی عالم سے شور و شر نیست کردم) ۱۹۔ مطلب اور وہ تیغ زبان گردار ہو کہ جسکا زخم بھرتا ہی نہیں اور میرے چہرہ کی طرح (جو کثرت غم سے زرد ہو رہا ہو اور اشک خونیں کے سبب سے سرخ) وہ جوئے خون سے زردہ ہو کہ جہاں بوئے خون پائی اور تازگی آئی جسطرح اشک خونیں سے میرے چہرہ پر تازگی آجاتی ہو اور اسکی مژہ بالکل میری چشم کے مشابہ ہو اس میں تمام گہر ہی گہر بھرے ہوئے ہیں (مژہ سے مراد قبضۂ شمشیر ہو جو کہ مرصع ہو اور چشم میں گوہر بھرے ہونا مراد ہو اشک سے۔ ۲۰۔ مطلب اسکے جوہر سے پتھر بھی پا

سے ۔ اور اسکے وصل سے زر قبضۂ تیغ فخر و ناز کرتا ہی اور اگر وہ میان سے کسی دن باہر نکل آتی ہے
تو بادشاہوں کے تاج تک چھین لیتی ہی ۔ ۲۱ مطلب اور جسوقت وہ پنجۂ دست (پنجۂ جنابِ مدوح) میں
آتی ہی تو لالے کھلاتی ہی (خون بہاتی ہی) اور اگر لوگ اسکا تصور کرتے ہیں تو مثل بید کے سبز پتہ
کے تر نظر آتی ہی (جوہر تیغ سبز) ۔ ۲۲ مطلب اور اگر اس پر دھار رکھی جاتی ہی تو اسکا منہ
ستاروں سے بھر جاتا ہی (اختر سے مراد جوہر ۔ جوہر تیغ نمایاں ہوتے ہیں) یا چنگاریاں اڑنے
لگتی ہیں ۔ اور اگر اسکو ہند سے نسبت دیجائے تو یہ درست ہی دیکھو نہ کہ زنگ کے سبب سے
وہ سیاہ دل ہو رہی ہے (اور ہند کو سیاہ کہا جاتا ہی) ۲۳ مطلب اس سبز پوش کے نام میں
جسکا تن ہی اسکی زبان ہی (یعنی تیغ) تین حرف ہیں ۔ دو ق = ۱۱۰ اسکے زیر پر ہیں ۔ ۱۰ ی پس ی
اسکا درمیانی حرف ہے اور چار صد اسکا سر ہی ۴۰۰ = ت ی = ۱۰ دو بلبل کے درمیان زیر پر ہی
(یعنی بعدم بلبل کا مرادف کھیت ہی جسکے عدد اکہزار پانصد ہیں ۔ ک غ ی ت = ۵۰۰ پس
دو بلبل (یعنی دو کھیت کے عدد ۱۰۰۰ ہیں) برابر ہی دو کھیت کے جسکے ایکہزار عدد ہیں اور غ = ۱۰۰۰
غ کے پس لفظ تیغ حاصل ہوا ۔ ۲۴ مطلب اور اگر وہ ایمان کیطرح اپنی میان سے باہر نکلے تو
ممدوح کے دشمن کا سر غیرت کے سبب سے اسکی گردن ہی سے جدا کر دے ۔ (ایمان برہنہ ہی اور تقوی اسکا
لباس ہی) یوں ایمان کو برہنہ کہا گیا ۲۵ مطلب کہتا ہی کہ ممدوح کی قلم کیسی برق ہی رہنے تو عجب
ہی کہ جو برق خشک (کاغذ) کو ابر تر سے چھپاتی ہی (بوقت تحریر) اور اسکا سر ہی ایک عجوبہ حیرت انگیز
ہی کہ جب وہ خنجر کھاتا ہی (اسکو بنایا جاتا ہی) تو وہ اپنے سر کو مشک (روشنائی) میں چھپاتا ہی
حالانکہ مشک سے زخم اور بھی پاش پاش ہو جاتا ہی (یعنی جب قلم بنائی جاتی ہے تو پھر وہ لکھنے
پر آمادہ ہو جاتی ہی اور لکھتی ہی) ۲۶ مطلب جب شمع کی طرح اسکا سر کاٹ لیتے ہیں تو سیم (کاغذ)
پر وقت وہ نگار کو پاسکر (قلم زریں) از ازعنبر پہنتا ہی (حروف) یعنی ہر وقت لکھتا رہتا ہی
۲۷ مطلب یہ ماہ زرنگار صبح (کاغذ) پر شب تیرہ (سیاہی) بچھاتا ہی یا یہ سمجھو کہ شاخ
زعفران (قلم زریں) گل بادام (کاغذ) پر عنبر گرا رہی ہی ۔ ۲۸ مطلب اور جب یہ رومی

مفلس ہو جاتا ہی (خط میں سیاہی نہیں رہتی) تو خراماں خراماں چین (کاغذ) سے ہندوستان کی طرف جاتا ہی اور پھر آہستہ آہستہ چین کو اسطرح واپس جاتا ہی کہ اسکی چادر اسکے پیروں میں گھسٹتی ہوتی ہی (چادر سے مراد سطر) ۲۹۔ **مطلب** اسکا نام سہ حرفی ہی (ق ل م) اور مثلث (سہ انگشت) ہی اسکا مرکز ہی اور جب وہ مرکز سے باہر ہوتا ہی تو مربع (دوات) اسکو اپنی آغوش میں لے لیتا ہی ۳۰۔ ۳۱۔ **مطلب** اور جب اس ماہی زریں (قلم زریں) کو ممدوح اپنے بحر کف میں لیتا ہی تو ممدوح کی پانچوں انگلیاں ماہ (کاغذ) کی طرف اسکی رہبری کرتی ہیں ۳۲۔ **مطلب** اور وہ بادشاہ یعنی محمد شاہ بن تغلق تمام عالم کا حاکم (سلطان) ہی جو استقدر والا مرتبت ہی کہ بزم جہانداری میں سکندر بایں ہمہ حشمت اگر اسکا خادم بنے تو یہ زیبا و لائق ہی ۳۳۔ ۳۴۔ **مطلب** جو بیشن کا سا وقار قدرخاں جیسی شان وشوکت اور دارا کی مانند رائے اور آرش جیسا قوی بازو رکھنے والا ہی اور سیاوش کی مثال ہی اور سویڈ کی طرح دست سخا رکھتا ہی اور جسکا تہمتن کی مانند جسم ہی اور ایسی شان وشوکت رکھنے والا ہی جیسے فتحمند شخص میں پائی جاتی ہی ۳۵ **مطلب** اب وہ اپنے دشمن ناامید دشمن کی تسکین خنجر سے کرتا اب وہ اپنے ناامید دشمن کو اپنے خنجر سے تسکین دیتا ہی اور اب اسکے عدل نے ظلم کا گلا اپنے خنجر کے سپرد کر دیا ہی (یعنی اب دشمن رہا نہ ظلم) ۳۶ **مطلب** اسکے گراں تنگی گھوڑے کے لئے بادلا فتح (بادبہاری) کے قدم زیبا ہیں اور اسکی بزم کے ساقی کے لئے جام خورشید موزوں ہی۔ ۳۷۔ **مطلب** ظاہرا اگرچہ ممدوح کی درگاہ سدرہ (مقام جبرئیل) سے ایک میل کے فصل پر تھی لیکن اسکی درگاہ تک پہنچنے کے لئے فرشتہ سو سال تک چلتا رہا لیکن نہ پہنچ سکا (حالانکہ ملائک سریع السیر ہیں) ۳۸۔ **مطلب** - کہتا ہی کہ ممدوح کی درگاہ (در) عرش مثال ہے اور جسکے دشمن قارون جیسے خوار و ذلیل ہونیوالے ہیں اور اسکا ہاتھ بوجہ سخاوت دریا کی مانند ہی اور وہ حضرت موسی کا سا قلم رکھنے والا ہی اور دل شگفتہ مریم کی مثال ہی اور وہ نخل کرم ہی (کرم نخل اضافت مقلوبیا - نخل کرم) اور حضرت عیسی جیسا دم رکھنے والا ہی اور جس ہنر سے قادر زندہ ہوا تھا وہی ہنر

وہ رکھتا ہو (دم عیسیٰ) قرینہ سے ہنر عاذر درست نہیں ہو بلکہ اسکے یہ معنی ہوتے ہیں کہ عاذر
جیسا ہنر رکھنے والا ہو۔ پس اگر اس سے یہ معنی لئے جائیں جو کہ میں نے مطلب میں لکھے تو وہ زیادہ
فصیح ہیں بلکہ عاذر کے بجائے آذر بالف ممدودہ پڑھئے آزر نام پدر حضرت ابراہیم علیہ السلام کہ جو
بت تراش تھے اور انکی مثال کا کوئی اور ہنرمند اس زمانہ میں نہ تھا تب تو مطلب صاف نکلتا
ہو کہ آزر جیسا ہنر رکھنے والا (یعنی ہنر میں کمال رکھنے والا مراد بت تراشی سے نہیں ہو بلکہ
کمال ہنر سے۔ میں نے دونوں معانی لکھدئے انتخاب مطلب ذوق سلیم کے سپرد ہو۔ شمس)
۳۹ مطلب اور جب اسکی بزم میں جام لبالب ہوتا ہو اور حباب اس سے نمایاں ہوتے ہیں
تو ایسا معلوم ہوتا ہو کہ ایک معشوق ہو جو شفق (لب) میں اختر (دنداں) دکھا رہا ہو (مسکرا رہا ہو)
۴۰ مطلب اے ممدوح تو حضرت سلیمان جیسا ملک رکھنے والا ہو اور اسمیں کوئی شک نہیں
(اور اگر کوئی اعتراض کرے کہ جب وہ سلیمان مملکت ہو تو تخت ہوا پر کیوں نہیں اڑتا تو اسکا عذر
یہ سبب ہو کہ حضرت سلیمان نے خداوند تعالے سے دعا کی تھی کہ اے میرے پروردگار مجھے ایسا ملک
عطا کر کہ جو میرے بعد اور کسی کو نہ ملے یا اور کوئی اسکا اہل نہ ہو۔ پس یہ دعا مقبول ہوئی اور انکے بعد
ابتک وہ شان و شوکت کسیکو حاصل نہوئی) اور اگر رب ہب لی الخ تیرے عہد میں مانع نہوتی تو صبا تیرے
تخت کو بھی کاندھے پر لئے پھرتی۔ اب مجبور ہے (وہ دعا یہ ہے رب ہب لی ملکا لا ینبغی
لاحد من بعدی) ۴۱ مطلب اور تو ایسا جلیل القدر اور عظیم المرتبت ہو کہ اگر تو کتوں کیلئے طوق (پٹے)
بنانا چاہے تو ہرن شیر نر کی پیٹھ (پشت) کا تسمہ نکال لائے (تاکہ وہ طوق اس سے بنائے جائیں)
تیرے خوف کے باعث شیر خاموش رہے اور ہرن اپنے دشمنوں (کتوں) کو زیب و زینت دے۔
۴۲ مطلب صبح صادق جو ہر صبح کو اسپ روز کی پشت پر زرا ندود گھنڈی (آفتاب) لگاتی
ہو اس سے صاف ظاہر کہ ضرور وہ تیری جنیبت کش (سائیس) ہے۔ ۴۳ مطلب تیرے فرمان سے
ہمیشہ کیلئے روئے زمین اسقدر سیدھی ہوگئی کہ سوائے معشوقوں کی ابرو کے اور کہیں کجی کا نشان
باقی نہیں (اور ابرو کی کجی باعث خوبصورتی ہے) ۴۴ مطلب تیرا دشمن حشو کی طرح (یعنی نا تمام ہے

اور یہ سب پر ظاہر ہی (بارز - آشکار) پس اسکو اب دفتر (ملک یا دنیا) سے نکال دینا چاہیے
اسلیئے کہ جب مطرب کا وقت بھیگ جائے تو بجائے اس بھیگے ہوئے دن کے بجنے کے مجلس کا
بے نوا رہنا ہی بہتر ہی۔ ۲۵۔ **مطلب** کتنی عجیب بات ہی کہ جو شخص روزانہ پھول دیکھتا ہو (سیر چمن
کرتا ہو) وہ پھر خار دیکھے (سیر خارستان کرے) اور جو سرمہ لگاتا ہو وہ پھر خاکستر لگائے (یس تیرا ملک
اس شخص کی مانند ہو جو سرمہ لگائے اور سیر چمن کرے اور تیرا دشمن خاکستر اور خارستان ہو)۔ ۲۶۔
مطلب جبتک عروس زہرہ سیگوں جنگ یعنی ماہ کی محبت سے آفتاب کی زرین فت نیلگوں
چادر کے نیچے چھپاتی رہے (یعنی جب تک رات ہونیکا سلسلہ قائم ہی) ۲۷۔ **مطلب** تب تک نُہم
فلک کے اندر تیرے ہاتھ میں خوشدلی کا جام اور سلطنت کی ٹوپی سر پر اور بزرگی کا خلعت جسم پر رہے (یعنی
تا بہ قیامت سلطنت اور عزت اور خوشدلی تیرے قبضہ میں رہے اور تجھے حاصل ہو)۔

قصیدہ ۱۲۔ ۱۔ **مطلب** ذرا اس بدر شفق نور کو دیکھو کہ اس کا رخسار پروین سے بھرا ہوا ہے
اور ہر وقت وہ پانچوں انگلیوں (پنج مرقوم) میں گرفتار ہی۔ ۲۔ **مطلب** وہ پیالہ ایک کشتی کی طرح
ہی جو دریا دل (سخی) اور سوائے لب کے وہ اور کسی طرف نہیں جاتی اور ماہی بچے (انگشتان)
ہر طرف اسکے نگہبان ہیں (باعتبار گرفت کشتی - دریا - ماہی - مناسبات) ۳۔ **مطلب**
وہ ایک مرغ ہی کہ جسکی آنکھوں سے سنہری قطرے ٹپک رہے ہیں اور اسی غم کے سبب سے اسکی
منقار سے بھی خون (شراب) ٹپک رہا ہی۔ ۴۔ **مطلب** اور وہ ایک ایسا پیالہ ہی کہ سیکڑوں سمندر (یا
کی موجیں اسکی تاثیر کے ایک قطرہ کے برابر ہیں اور فلک چہارم کی شمع (آفتاب) اسکے انوار کا
ایک ذرہ ہی۔ ۵۔ **مطلب** اور وہ اپنی بے آبی (خشکی) کے باعث ہر وقت بے حال (غمگین)
رہتا ہی حالانکہ سوائے آبکشی کے اور اسکا کوئی کام نہیں (تمام دن آبکشی کرتا رہتا ہی لیکن پھر بھی
بے آب ہی - کاسہ چینی، یا جام شراب تر نہیں رہتے بلکہ جب تک ان میں شراب یا کوئی اور تر
چیز ہی تب تک وہ تر ہیں - ۶۔ **مطلب** - وہ شراب کہ جسکے خار سے عقل کا درخت بے بار ہو جاتا ہی (شراب پینے سے عقل بیکار ہو جاتی ہی) ہماری نرگس چشم سے سیکڑوں نسترن (اشک) گرا رہی ہی

یعنی اسکی طلب میں ہم اشک بہا رہے ہیں۔ ۷۔ مطلب (معمہ جام شراب) سنو! میں تمکو اسکا نام
بتاتا ہوں کہ جو بے آبی کے سبب سے غمگین ہو! وہ سہ حرفی لفظ ہو۔ اسکا پہلا حرف وہ (ده) کا جذر
ہو۔ یعنی ۱۰×۱۰ = ۱۰۰ اور ۱۰۰ = ق کے۔ پس پہلا حرف ق ہوا۔ دوسرا حرف یوں نکلتا ہو کہ
دہ کے عدد سے (دہ ۹۰) ایک عدد کم کرو یعنی ۸ اور دہ کے عدد سے ایک عدد کم کرو (دہ =
۹ ش پس ح حاصل ہوا اسکو چار (۴) = د کے ساتھ ملا دو پس لفظ قدح حاصل ہوا۔ دوسرا
حل یوں ہو سکتا ہو کہ اول حرف دہ کا جذر ہو دہ۔ ۹ اور ۹ کا جذر ۳ ہوا پس ۳ = ج
اور اسکے بعد ایک کو حاصل کر یعنی الف۔ جا حاصل ہوا اور (دہ) اسکے ساتھ چار مرتبہ ہو
یعنی) دہ کو جب چار سے ضرب دی تو ۴۰ حاصل ہوا جو ہو = م کے پس لفظ جام حاصل ہوا۔
۸۔ مطلب اے معشوق سرو کی طرح کھڑا ہو اور اسکو (جام) برگ چنار (پنجہ) میں لے
تاکہ تیرا غنچہ پر نسرین (لب پر دندان) لالہ سے قریب ہو۔ ۹۔ مطلب ہر چند کہ مخلوق
کے اندر (عام لوگوں میں) اسکی (جام) بڑی آؤبھگت ہو لیکن بادشاہ کی مجلس میں اسکو بہار
بغیر باریابی نہیں۔ ۱۰۔ مطلب اسکے پروین (معشوق کے دانت) اسکے لعل شکر بار میں کیسے
پوشیدہ ہیں اور کسنے شب جیسی سیاہ زنجیر (زلف) اسکے ماہ جیسے رخساروں کے
گرد باندھ دی ہے ۱۱۔ مطلب اور جب اسکے گلنار جیسے رخسار پر سبزہ (خط)
نکلیگا تو میں اپنی نرگس بیخواب (چشم) سے اشک سرخ بہاؤنگا۔ (مجھے اب ہی
سے اس کا خوف ہے) ۱۲۔ مطلب اگر میں اپنے دل کو اس سے (معشوق)
یکسر موبھی منحرف دیکھونگا تو شانہ کی طرح اس سے دل صد پارہ
رہونگا ۱۳۔ مطلب اسکے چہرہ پر صف مور (خط) کیسی آشفتہ ہو رہی ہو اور اس کے
قش جیسے رخسار پر دہو ئیں کا سانپ (خط) کیسا گنڈلی مارے بیٹھا ہو۔ (مارد آتش
شناسیات) ۱۴۔ مطلب جسوقت اسکے آئینہ جیسے رخسار پر زنگ ظاہر ہو (خط) اور میں
اسکے غم میں سرد آہیں بھر دوں (نکالوں) تو وہ مثل صبح کے خون آلودہ ہوں جسطرح

صبح شفق آلودہ ہوتی ہی)۔ ۱۵۔ **مطلب** اگر سنبل (خط) اسکے سمن زار (رخسار) کے گرد جم آئے تو مجھے یقین ہی کہ وہ بھی گل کیطرح توجسطرح اسکے رخسار کی قید میں پھول ہی اسیطرح سنبل بھی گرفتار ہوجائے اور کبھی اپنی قید سے آزاد نہو۔ ۱۶۔ **مطلب** اور حبسروقت اسکے رخسار پر خط نمودار ہوگا تو بدترا ایسا نہیں کہ اسکی محبت میں ذرہ بھر بھی کمی کرسے (اگریز) ۱۷۔ **مطلب** اور اسکی زلف ممدوح کے دشمن کیطرح سپردہ ہی جیسا ہی تھا سے کنگرۂ خورشید سے (پیشانی) اوندھا روا ثرہ گوں) لٹکایا ہی کہ دشمن کو بھی اسی طرح سزا دیجاتی ہے۔ ۱۸۔ **مطلب** اور وہ ممدوح تمام بحر وبر کا حاکم دریادل ہی (سخی) کہ جسکے سخاوت کے وقت ابر (سحاب) کی سخاوت دیکھکر شرم آتی ہی (یعنی اسکی سخاوت ابر سے بھی بڑھی ہوئی ہے) ۱۹۔ **مطلب** تم نے ابتک حضرت سلیمان علیہ السلام کو ہوا کے تخت پر سوار نہ دیکھا ہوگا پس اگر تم دیکھنا چاہتے ہو تو میں تم کو بتاتا ہوں کہ جس وقت ممدوح اپنے مرکب پر سوار ہوکر نکلے اس روز تم دیکھ سکتے ہو یہی معلوم ہوگا کہ حضرت سلیمان تخت باد پر رونق افروز ہیں۔ ۲۰۔ **مطلب** اگر پیڑ افلاک قلم کیطرح اسکے خط اقرار (ممدوح) پر سر نہ رکھیں (مطیع نہوں) تو دفتر گل کی طرح انکے دائیرے ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں۔ (سہ پارہ کی بجائے سی پارہ۔ سیپارہ پڑھئے۔ مناسب دفتر) ۲۱۔ **مطلب** اے ممدوح تو خسرو شیریں خط ہی اور تیرا قلم کا سر لیلیٰ ہی مثال (یعنی سیاہی) کہ جسکی رفتار کے غم سے (تحریر سے) ماہ کاغذ ایک پا بہ زنجیر مجنوں کیطرح ہورہا ہی (ماہ کے پاؤں میں زنجیر یعنی سطر) خسرو۔ شیریں۔ لیلیٰ۔ مجنوں۔ زنجیر۔ مناسبات۔ ۲۲۔ **مطلب** جس بدگونے چوگان کی طرح تیرے حکم سے سرتابی کی تو ہمیشہ اس کے پاؤں پرکار کی طرح آہن بستہ رہینگے (پرکار یعنی ہوتی ہی ہے) ۲۳۔ **مطلب** اور جس شخص پر تیرے کینہ (دشمنی) کی تپ چڑھی (یعنی جس شخص نے تجھ سے دشمنی کی) اسکو دوزخ کا ہوگل۔ دوزخ میں لے گیا تاکہ وہاں اسکو شربت نار پلائے (شربت انار تپ کے لئے مفید ہی لیکن یہاں نار سے آگ مراد ہی اور خوبی کیساتھ شعر گوا اکیا ہی یعنی نار میں ایہام ہی)۔

۲۴ **مطلب** - وہ قہر جو دشمن کے سینہ میں تیری طرف سے نہاں ہو صبح کے وقت تمام مخلوق پر ظاہر ہو جاتا ہو یعنی شمازت خورشید اسکا قہر ہے - ۲۵ **مطلب** تیرے دشمن کا وظیفہ (یارو زینہ) اسکے سوا اور کچھ نہیں ہو کہ اسکے زرد چہرہ پر اسکی آنکھ سے اشک خونیں (عقیق) بکھری (بھیں) رہیں بس یہی وظیفہ اسکی نقد عین میں ہے جو اسے ملجاتا ہو (سواے گریہ اور کچھ اسکا وظیفہ نہیں) وجہ چہرہ عین چشم جز ع - مہرہ سفید میں ایہام ہو - ۲۶ - **مطلب** تیرے خرگاہ (خیمہ) کا اور یشہ جسکا سر آسمان تک جا پہنچا ہو اگر خیال کیا جائے تو گنبد دوار میں اور اس میں (یا خیمہ) میں مو کبھی فرق نہیں تو پھر خیمہ کا تو کچھ کہنا ہی نہیں - ۲۷ - **مطلب** تیری عدالت میں تیری مدد جس شخص کی یاری کرے تو وہ مرتبہ و شوکت کے لحاظ سے داؤد اور سلیمان فرہو جائے (اسقدر ذی شان ہو جائے) ۲۸ **مطلب** جب سے تیری مدح کا شاہد (معشوق) میرے سرِ کلک کا محرم راز ہوا ہو (یعنی جب سے میں نے تیری مداح سرائی کی تب سے وہ کلک مدح) تیری مدح کے سیکڑوں راز شب (دوات) سے میرے روز (کاغذ) پر لاتا ہو (تحریر کرتا ہو) ۲۹ - **مطلب** جب تک اس آسمان پر شب سیاہ کی تاریکی میں ثوابت و سیاروں کی سیکڑوں شمعیں روشن ہیں (تا بہ قیامت) ۳۰ **مطلب** تب تک میں چاہتا ہوں کہ تیرے خاندان اقبال میں ایسی شمع مشعلیں روشن رہیں - نیر اقبال تاباں باد - **قصیدہ ۱۳** - ۱ **مطلب** قطب نے جو خط محور تک پہنچنے کا ارادہ کیا ہو وہ اس سبب سے ہو کہ اسکے قریب ایک اژدہا ہو جسکے پاس اکتیس ۳۱ روشن مہرہ ہیں (اسصورت میں قطب کو کوئی گزند نہیں پہنچ سکتی) ورنہ وہ کبھی بھی ادھر کا رخ نہ کرتا - ۲ **مطلب** اور جب قطب فیروزہ کی سبز چادر پہنے ہوئے خط محور پر پہنچا تو بے ہوش ہو کر گر پڑا اسلیے کہ اسنے یہاں راقص کو اژدر کے منہ میں سوتے ہوئے دیکھا - (اژدر فلک و راقص بالکل قریب قریب واقع ہیں) ۳ - **مطلب** لیکن یہ عجیب معاملہ ہو کہ مار تو گردش کر رہا اور قطب بالکل بے حس پڑا ہوا ہو رہونا بھی چاہیے اس لیے کہ قطب از جانمی جنبد - مطابقہ اور نعش (چار ستارے کہ بصورت لاش ہیں) با وصف جنازہ ان تین لڑکیوں کے سر پر

(بنات النعش) گردش کر رہا ہی۔ ۴ مطلب اور طرفہ تر یہ کہ یہ تمام شکلیں ایوان شمالی (قطب شمالی) میں نور مجسم کی طرح نمودار ہیں اور ایسی خوشنما کہ جیسے کسی معشوق کے کان میں مرصع زیور ہوں ۵۔ مطلب اگرچہ ان سب کا سردار قطب ہے لیکن اس سے زیادہ اور کوئی ستارہ تیرہ نہیں۔ ظاہر ہی کہ قطب میں بہت کم نور ہوتا ہی۔ ۶ مطلب اور قطب کی خانقاہ کے دو خرس نگہبان ہیں ایک تو دب اکبر ہی جو اس کے عزیز دور رہتا ہی اور دوسرا دب اصغر ہی جو اسکے گرد ریز و یکسام گردش کرتا رہتا ہی۔ ۷ مطلب اسکی بارگاہ عزت کے دروازہ پر کیکاؤس دربان کیطرح سر پر ٹوپی رکھے ہر وقت حاضر رہتا ہی۔ ۸ مطلب اور اسکی مطبخ جاہ میں سیاوش غول کا سر لئے ہوئے جو نہایت کریہ المنظر ہی موجود ہی (سیاوش کو عرف میں راس الغول بھی کہتے ہیں) یعنی غول بھی قطب کے قریب موجود ہی۔ ۹ مطلب سب ستاروں کا پیشوا وہ پیر جدی اس عابد کا کہ جسکا کوئی رہبر قبلہ نما تھو۔ رہتا ہی بنا براں کہ وہ خود قبلہ نما ہی ۱۰۔ مطلب ہر ایک ان میں سے (شکلہاے کواکب) اپنے خرقہ پر بالکل نمایاں طور سے اشرفیاں ٹانکے ہوئے ہیں نہ کہ ہم لوگوں کیطرح جو اپنے روپیہ پیسے کو ایک دوسرے سے چھپانے رکھتے ہیں ۱۱ مطلب اور یہ تمام ستارے سبز چادر اوڑھے ہوئے اپنے سردار (قطب) کے گرد ناچ رہے ہیں (گردش کر رہے ہیں) ۱۲ مطلب اور یہ تمام شیخ و مرید (کواکب) بارگاہ خداوندی کے صافی دم اور راسخ قدم رہنے والے اور فرمانبردار ہیں۔ ۱۳ مطلب اور سب اسکی (خداوند تعالیٰ) قدامت کمال دیکھکر حیران و سرگرداں اور اسکی عزت و جلال کا مرتبہ مشاہدہ کر کے مضطرب ہو رہے ہیں۔ ۱۴ مطلب اور یہ سب کواکب اسکے وصال کے خاص میکدہ میں شب بیدار ہیں (رات بھر بیدار رہتے ہیں) اور اسکی محبت کے تبکدۂ جمال میں یہ سب بے خور و خواب (دیکھو سکے) ہیں (ستاروں کی کچھ خوراک نہیں) یعنی تمام کواکب آسمان پر بے خواب و خورش رہتے ہیں۔ ۱۵۔ مطلب اور وہ شب و روز خداوند جہاں کے ثنا خواں ہیں اور صبح و شام۔

خداوند بشر (ممدوح) کے دعا گو ہیں۔ ۱۶۔ مطلب (تعریف محبوب) اے معشوق جب تک یہ تیرے لب کا سبزہ (خط) تیرے لب کے گرد نہیں جما تھا (تیرے خط نہ نکلا تھا) اسوقت تک میرا دہن (تالو) بھی ساغر کیطرح خون جگر سے تلخ ہوا تھا۔ ۱۷۔ مطلب اور تیری زلف کا حلقہ ماہ کے دائرہ (رخسار) کو گھیرے ہوئے ہے اور تیرا نقطۂ لعل (دہن) عقد ثریا (دندان) کو اپنی آغوش میں لئے ہوئے ہے۔ ۱۸۔ مطلب اور تیرا دہن گویائی کی قسم کے ساتھ مشہور ہے اور تیری نرگس تمام ناز کے ساتھ مغرور ہے۔ اگر کوئی گویائی کی قسم کھاتا ہے تو وہ تیرے لب کی قسم کھاتا ہے گویا تیرے لب گویائی کی قسم ہیں (نرگس تمام ناز) نرگس کو حیران نظر۔ فریب نظر۔ شوخ نظر وغیرہ استعمال کیا جاتا ہے۔ ۱۹۔ مطلب اگر تیری زلف تیرے رخسار پر سلسلہ بندی نکرتی تو زمانہ میں دور قمر تسلسل کو نہ پہنچتا۔ (دور قمر میں تسلسل نہ پایا جاتا) بلکہ دور قمر دراز ہو جاتا)

۲۰۔ مطلب اے محبوب یہ تیرے لب گون (سرخ) تو ساغر جان کے لئے موزوں ہیں اور یہ تیری شب سرکش (زلف) گوشہ مہ کے لائق ہے (ماہ کے رخسار پر ہوتی) ۲۱۔ مطلب اسروز تو بدر کا چہرہ محبت کے سبب سے اشکوں سے تر دیکھیگا جسروز تیرے صبح (رخسار) کے گرد شب آشفتہ (خط) ظاہر ہوگی (خط نکل آئیگا) ۲۲۔ مطلب اے معشوق تیرے لب دریاش لب خسرو کیطرح شیریں ہیں اور تیرا گل پوش مشک (خط جو رخسار پر چھایا ہوا ہے) ممدوح کے قلم کیطرح ماہ (رخسار) کا غذ کو سطے کرنیوالا ہے۔ ۲۳۔ مطلب اور وہ ممدوح مشرق و مغرب کا والی ہے اور امام (خلیفہ بغداد) کے فرمان کے مطابق تمام سلاطین زمانہ (وقت) پر حاکم ہے ۲۴۔ مطلب تمام اسکی مرتبت کے لحاظ سے ایک گلریز قبا غلام کی مانند ہے اور صبح اسکی بارگاہ میں ایک رومی زریں مغفر (زریں جامہ خورشید کی اوڑھے ہوئے) ہے (خادم) ۲۵۔ مطلب وہ ایسا شاہ ہے کہ اگر کسی روز آفتاب عرش پر جلوہ نمائی کرے (فلک چہارم سے فلک نہم پر پہنچ جائے) تو اسے تم آفتاب نہ سمجھنا بلکہ وہ اس کا تخت ہوگا۔ آفتاب کہاں ۲۶۔ مطلب اور وہ ایسا آفتاب ہے (ممدوح) کہ اگرچہ وہ ہویں رات کو تم بدر انور کہہ دو

دیکھو تو یہ خیال نکرنا کہ بدر ہی بلکہ وہ ممدوح کی راے منیر ہوگی ۔ ۲۷ **مطلب** در وہ ایسا قیاس ہے کہ اگر کسی کے نبات فکر آلود (قلم) سے عنبر ٹپکے تو اسکے دبیر ہی کا قلم ہو سکتا ہو گر نہ اور کسیکے قلم میں یہ وصف نہیں ۔ ۲۸ **مطلب** اور اسکا قصر ایک ایسا چرخ ہی کہ اسکے برج کے کنگرہ پر عقل نے ہفت افلاک کے میدان کو ایک ستارہ سے بھی کم پایا ۔ ۲۹ **مطلب** اے ممدوح تو ایسا بلند مرتبت ہے کہ تو نے خورشید کیطرح اپنا سراپردہ اوج فلک پر نصب کیا ہی اور شمشیر کی طرح تیرے کف بحر نے گہر کی موجزنی کی یعنی تیرے بحر کف میں موج گہر موجزن ہو رہی ہے ۔ ۳۰ **مطلب** اب ایسا وقت آگیا ہی کہ اس فلک شیشہ نہاد ریگبود ۔ م کے ظلم و جور سے تمام اہل ہنر جام کی طرح خون میں ڈوبے ہوئے ہیں (بے حال و ننگیں) ۳۱ **مطلب** اور فضلا کا یہ حال ہی کہ ذرہ کی طرح پریشان اور ہوا خور ہیں (بیکار و مفلوک) اور جہلا کا یہ اقتدار ہی کہ صبح کی طرح سر خور پر بیٹھے ہیں (خور میں ایہام ہی خورشید اور خوراک) ۳۲ **مطلب** اور اگر کوئی حضرت عیسیٰ کی طرح سخنور ہو تو اسکی طرف کوئی نگاہ بھی نہیں اٹھاتا اور اگر کہیں نغمہ خر سننے میں آوے تو چاروں کانوں سے اسکے سننے کے مشتاق ہوں (چاروں کان سے مراد نہایت ذوق و شوق سے ۔ حاصل کلام یہ کہ علما و فضلا کی اب کچھ قدر نہیں جہلا کا دور دورہ ہی وہ مزے اٹھا رہے ہیں) ۳۳ **مطلب** ضرب زید عمر (مار زید نے عمرو کو) بالفرض اگر زید کے مارنے سے عمرو مر بھی جائے تو اس راز سے یہ لوگ مبتدا کو بھی خبر نکریں (مبتدا و خبر ۔ ضرب زید اعمرو ۔ مناسبات) یعنی اخفاے جرم آجکل کے لوگوں کا خاص وصف ہی ۔ ضرب زید عمرا ضرب ترکیب کلام کیلئے ہی قصیدہ ۔ ۱۴ **مطلب** اب بہار کا وقت آپہونچا ہے دیکھو آفتاب برج دلو سے برج حوت کی طرف جا رہا ہے پس اسوقت ہمارے سامنے آب نشاط (جام) میں ای ساقی آتش تر بھر کے لا ۔ ۲ **مطلب** اس سے قبل کہ صبح کا طباخ (باورچی) اس ہفت خوان گردون پر ایک زرد رنگین دخور رشید رکھے (خورشید طلوع ہو) ۳ **مطلب** اور اس سے بیشتر کہ خیاط چرخ آسمان کے نیلی جامہ پر ایک زرد پیوند (آفتاب نکلنے لگا) ۔ ۴ **مطلب** شیخ قون کیساتھ

صبح کے وقت ایسا جام شراب پی کہ جسکے قطرات کی چکیدگی سے مجلس کی خاک بھی سرخ لباس پہن لے (سرخ ہوجائے)۔ ۵۔ **مطلب** شراب سرخ جام کے اندر سیکڑوں خوبی موجیں مار رہی ہیں تجھکو لازم ہو کہ انگلیوں کی گرفت سے اسے لب کی طرف (جام سے اٹھا) لا۔ (دریا وا ہنی یاسبت ہے۔ **مطلب** اور یہ وہ شراب ہو کر روشندل اس میں اور آفتاب عالمتاب میں ایک ذرہ بھر بھی فرق نہیں پاتے۔ ۷۔ **مطلب** اس کے بعد جب برہ (برج حمل) اس آہوئے آتشیں کو اپنی گود میں لیگا (جب آفتاب برج حمل میں داخل ہوگا) تو کافور خشک (دن) اور مشک تر (رات) برابر ہوجا ئینگے۔ ۸۔ **مطلب** رات ایک روتے ہوئے زنگی کی مانند ہو (کہ اسکے آنسو کواکب ہیں) کہ جسکے ہاتھ میں ایک آئینہ ہو (قمر) اور صبح ایک ترک خندان کی طرح ہے جسکے سر پر ایک زردستار (آفتاب) بندھی ہوئی ہے۔ ۹۔ **مطلب** جب شاہ مشرق (خورشید) نے اشقر (ودنہ) پر اپنا زریں زین کسا (رکھا) تو لیٹم (شب) جسکی پیٹھ (پشت) پر زریں پلنگ (کواکب) پڑی ہوئی تھی بھاگ گیا (یعنی دن نکل آیا اور رات ختم ہو گئی)۔ ۱۰۔ **مطلب** اے معشوق تیری زلف عنبریں شمشاد و لالہ کی خوبصورتی دوبالا کر رہی ہے (یا سر سے پاؤں تک پڑی ہوئی ہے۔ شمشاد (قد) ولالہ (رخسار) پر دو رہے) اور تیرے لب شکریں اگرچہ لعل ہیں لیکن وہ (دندان کو) اپنی بغل میں لئے ہوئے ہیں۔ ۱۱۔ **مطلب** جب سے تیرے لب کے گرد نبات سبز نمودار ہوئی ہے (خط نکلا ہے) تب سے عاشقوں کے دل ان لبوں کو دیکھ دیکھ کر جل بھن رہے ہیں۔ ۱۲۔ **مطلب** اے معشوق تیری زلف میں لالہ پوشیدہ ہے (رخسار) اور تیرے دہن میں لولو ہیں (دندان) اور تیرے غنچہ میں (دہن) نسرین (دندان) چھپے ہوئے ہیں) اور تیرے دندان پر لب سرخ (آذر) ڈھکا ہوا ہے (لبوں میں دندان پوشیدہ ہیں) ۱۳۔ **مطلب** اے تازہ نہال خوبی تو سرو کی مانند ہے پس ہماری آغوش میں آجا۔ تاکہ شاخ سرو تجھکو بر (ایہام ہے) یعنی آغوش دوسرے یہ کہ سرو بے ثمر ہے لیکن وہ تجھے پھلدار (ثمر) دیکھیں) میں دیکھیں۔ ۱۴۔ **مطلب** جبر وقت تیرے رخسار کے گرد خط نمودار

ہوگا اس روز بدر کے چہرہ کو دیکھنا کر (غم کے مارے) ہزاروں اشک اسپر بکھرے ہونگے۔ ۱۵ مطلب
ادھر تو وہ سرگشتہ زنگی۔ (زلف) اپنی سرکشی کے سبب جبین کیطرف چلا (زلف رخسار پر چھا گئی)
اور ادھر روم (رخسار) کے گرد لشکر زنگبار (رخط) نے صف آراستہ کی (رخط نکل آیا) اگر یزم ۱۶ مطلب
اے معشوق تیرا سیاہ خط تیرے رخسار پر سرحد نیمروز (ملک رستم) کی طرح واقع ہے اور تیرا چہرہ ۱۷
نیمروز کی مانند (بہت روشن) ایسا روشن ہے جسطرح ممدوح کی رائے گرامی کی طرح بہت ہی
روشن ہو۔ شام وجبین کی رعایت سے نیمروز کا ذکر کیا گیا۔ ۱۷ مطلب اور وہ ممدوح رستم
بہرام نسل ہے اور عیسی ادریس کمال ہے (ادریس جیسا کمال رکھنے والا) اور اقلیم بخش رنجی
احمد اور حیدر (حضرت علی کرم اللہ وجہہ) کشورکشا ہے (از روئے شجاعت) ۱۸ مطلب اور
اسکے آستانہ جاہ پر پہنچنے کے لئے جبرئیل جو بادصف سریع السیر سو سال تک کائنات (دنیا)
سے آگے (راہ طے کی) ۱۹ مطلب اور تیرا آستانہ ایسا رفیع القدر ہے کہ ہفت افلاک کی بنیاد
اس میں پیوستہ ہیں اور تعجب ہے کہ پنج شاخ دریا (کف بخشش) تیرے آستین میں پوشیدہ ہے۔ ۲۰
مطلب اے ممدوح تو اگرچہ بمقتضائے وقت خلیفہ کا نائب ہے لیکن تیرے تخت بلند کے تخت کے
سامنے خاقان (شاہ چین) جیسے سیکڑوں بادشاہ نائب ہیں اور قیصر جیسے ہزاروں غلام
(دربان) تیرے لئے موجود ہیں۔ ۲۱ مطلب اے ممدوح تیری درگاہ کا مادح چار ملت کا
مفتی ہے اور تیری رکاب سعادت انتساب کا چاکر (یعنی تیرا غلام ہفت کشور کا مخدوم
(حاکم) ہے۔ یہ مطلب بھی نکلتا ہے کہ چار ملت کا مفتی تیرا مادح ہے اور ہفت اقلیم کا حاکم
تیرا غلام ہے۔ مطلب انتخاب ذوق سلیم کے سپرد ہے۔ ش۔ ۲۲۔ مطلب اور تیرے خامہ
کمال کی ایک چکیدگی (ذرا سی نمی) ہزاروں دریاؤں کے اور تیرے نامہ کمال کا ایک خط
ہزار دفتر کے برابر ہے۔ ۲۳۔ مطلب اور جنگ کے دن تیرے حملے سے بہرام کی تلوار تیغ چوبیں
ہو جاتی ہے (بیکار) اور تیری بزم ایسی زینت افزا ہے کہ خورشید کا ساغر تیرے بزم کے
ساقی کے لائق ہے۔ ۲۴۔ مطلب اور تیرے فرمان (خط لفافہ) کے نفاذ کی مطیع و فرمانبردار

ہیں اور اگر ایسا نہو تو خدا کرے کہ قطب کا نقطہ (یعنی) خط محور سے مٹ جائے اکہ ان نہ افلاک کا نظام درہم و برہم ہو جائے ۔ ۲۵ مطلب جب سے میدان جنگ میں تیرے رائے عالی نے اپنا نشان (علم) بلند کیا ہی تب سے آفتاب نے اس لگاوٹ کے سبب سے (خاک و غبار اسقدر بلند ہوا کہ چاند چھپ گیا جاتا) ماہ کے پوشیدہ ہونیکا باعث آفتاب ہی حسن تعلیل (اغراق) اپنے منہ پر خاک ڈال لی ہی (پوشیدہ ہی)
۲۶ مطلب اور تیرا گھوڑا تن و توش میں تو ابر صفت ہی لیکن برق سیرت ہی اور اگرچہ جسامت میں کوہ سے ہے لیکن چلنے میں ہوا ہی ۔ تندی و تیزی کے اعتبار سے تو اسے نار (آگ) کہنا چاہئے لیکن وہ دریائی ہے (روانی میں مثل دریا کے ہی) اور رفتار میں پانی کیطرح بے تکان ہی اور خاک گستر بھی ہی (غبار اڑانے والا) ۲۷ مطلب تیرا گھوڑا گران ہی اور اسکی زین بھی تیرے لئے مخصوص ہی اور وہ آب رواں ہی اور اسکی زین گلبن (مرصع) ہی اور تیرا ہیل کوہ رواں کی مانند ہی اور تیرے محل کا دروازہ محشر مثال ہی (مخلوق کا اژدہام لگا ہوا ہی) لف و نشر مرتب ۔ ۲۸ مطلب اور تیرے براق (رُم) کا نعل شاہ مغرب کی ابرو ہی اور تیری بزم کے چراغ کا دھواں عروس کا پردہ چہرہ ہی ۲۹ مطلب ایک مدت سے جو یہ نہ افلاک عناصر اربعہ پر گردش کر رہے ہیں تو اسکا سبب صرف یہ ہی کہ اے ممدوح تیری ہستی خوابگاہ عدم میں تھی تو انکی اس حرکت سے یہ خواہش تھی کہ میری ذات کا ظہور ہو (حسن تعلیل)
۳۰ مطلب اگر تیرا عدل دونوں عالم (علوی و سفلی) میں مؤثر نہوتا تو یہ پانچ شوہر والی زہرہ کبھی کی قطب کے ساتھ بنات النعش کے مرکز میں مہلت حاصل کر چکی ہوتی قطب اور زہرہ اگر ملجائیں تو نظام فلکی درہم برہم ہو جائے (یعنی نظام فلکی میں بھی تجھ عدل کا دخل ہی) ۳۱ مطلب اگر آسمان سوائے صورت سعادت کے اور کوئی صورت ظاہر کرے (تیرے برخلاف ہو) تو اے ممدوح تو اسکے ڈبے (مہر و ماہ) توڑ ڈال اور اسکے پردے چاک کر دے
۳۲ مطلب اختتام قصیدہ پر جب مجھے مقطع کی تلاش ہوئی تو تیرے دشمن نے اپنا سر سامنے کر دیا کہ اسے بدبو سے سر کا مقطع بنا (یعنی قطع کیا ہوا) پس میں نے بھی اسی سر کا مقطع اختیار کیا کیونکہ اشعار میں اس سے اچھا مقطع نہیں مل سکتا ۳۳ مطلب جب تک طوطی فلک اسکے پیچھے رہے نیچے سے خلفائے زرد سپہر (خورشید) اس طاوس شب شمار (قمر) کو اٹھا کر لیجا رہے تب تک تیرا

جسکا باز طائر قدس (حضرت جبرئیل علیہ السلام کی طرح ہمیشہ فلک اخضر کے اوپر سیر کیا کرے ۔
قصیدہ ۱۵ ۔ ۱ مطلب جب شاہباز سحر (خورشید) نے اپنے بازو (شعاعیں) پھیلائے تو تاریکی
کا زاغ مغرب کی طرف روپوش ہوگیا ۔ ۲ مطلب اور اسوقت طیور و مرغاں کا شور و غوغا اسقدر بلند
ہوا کہ سراے دہر (دنیا) سراے اکان (طرب خانہ) بنگئی ۔ ۳ مطلب عطارد نے تاریکی کا تیر خورشید
کے خوف سے کمان سے پھینکدیا (طلوع خورشید کے سبب سے شب تمام ہوگئی) ترس و ترس میں تجنیس ناقص ہے
۴ مطلب جب زمانے نے زرہ زر (خورشید) جو شاہ حبش کے کلاہ آہنی (خود) کی طرح روشن تھا
جنبش (سیاہی شب) کو دکھایا (آفتاب طلوع ہوا) تو اسکے خوف سے زہرہ (مطرب فلک) کا
پتہ پھٹ گیا یعنی زہرہ بھی خورشید کے طلوع ہونے سے چھپ گئی ۔ زہرہ و زہرہ میں تجنیس ناقص
اور زہرہ و دہر میں تجنیس زائد ۔ ۵ ۔ مطلب اور جسوقت شاہ حبش کی کلاہ کا تکمہ (ضیا) دور سے
نمودار ہوا تو شاہ زنگ (قمر) جھٹ پٹ تاریکی کی طرف روانہ ہوگیا (یعنی پوشیدہ ہوگیا) ۶ مطلب
اور آفتاب کی تلوار (جو منوچہر کے چہرہ کیطرح روشن تھی) کے خوف سے ۔ (تیغ آفتاب ۔ جرم خورشید)
اقبال شام کی رونق (سیاہی) میں فتور دستی پیدا ہوگئی (تاریکی میں کمی پیدا ہوگئی ۔ شام و منوچہر
مناسبت) ۷ مطلب آفتاب صرف ممدوح ہی کی محبت کے سبب سے ہر صبح کو اپنی زر اندود تیغ
(جرم درخشاں) ظاہر کرتا ہے (اور کوئی وجہ نہیں ہے (حسن تعلیل) ۔ قصیدہ ۱۶ ۔ ۱ مطلب
میری کنیزوں اور غلاموں کی ملک کے باغ میں ایک اور گل بار ور آیا کہ جسکے رخسار کے سامنے ماہ بھی
شرمندہ ہے (وہ اسقدر خوبصورت ہے) ۲ مطلب اور اسکی محبت کے سبب سے میں اسکا خریدار ہوا
اسلئے کہ وہ ایسی (خوبصورت) ماہ تھی کہ جسکے نجوم (دنداں) دو آبدار یاقوتوں (لب ہا) کے نیچے
پوشیدہ تھے ۔ ۳ مطلب اور اسکا طرہ زلف اسکے رخسار (لالۂ تر) کے گرد اسطرح منتشر تھا جیسے
ہوا سے سنبل بکھر جاتی ہے (یعنی اسکے رخسار پر اسکی زلف سنبل کیطرح پریشان تھی) ۴ مطلب
اور اسکے غمزہ کا تیر اسکی ابرو کی کمان کے خم میں اس ستارہ کی مانند تھا جو ماہ نو کے قریب کسی
غرض کے لئے آیا ہو (یعنی اسکی ابرو ماہ نو کی مانند تھی اور اسکے اشارہ سے ستارہ کی طرح درخشاں

کمال حسن کا اظہار ہے) ۵۔ مطلب اور اسکے خال رخسار کی سیاہی میری بیاض (بیاض و سواد سبیت چشم) ایسی معلوم ہوتی تھی کہ جیسے کوئی زنگی لالہ زار میں پھر رہا ہے۔ ۶۔ مطلب دل پستہ کیطرح اسکے دہن زنگ شکر کو دُر نثار دیکھکر کھل گیا (یعنی میرا سکے دہن شکر گفتار کو دیکھکر فریفتہ ہوگیا) ۷۔ مطلب اور وہ ایسی خورشید لقا ہے کہ جسوقت نگار بدر کے آغوش میں آیا تو حسد کے سبب خورشید کا دل مہ دو پارہ کی طرح دو ٹکڑے ہوگیا۔ ۸۔ مطلب اسکے جنگ طرہ (پیچ طرہ) میں میرا دل کچھ اسطرح گرفتار ہوا ہے کہ سر اپنا دل زنگ مکان) سے نالہائے زار نکل رہے ہیں۔ ۹۔ مطلب اگرچہ تحفہ پیش کرتے ہوئے ایک گونہ حجاب حائل ہے اور لکھنے کو دل نہیں چاہتا لیکن ہمت ہیچ شناسی کا خوف ہے۔ تر صید کہ مصنف (بیدم) کی غزل کی داد دیگا اور مجھے بخوبی خیال فرائیگا۔ خواجہ (جب مری شاخ مرادی نے اسکے ساتھ امتحان کی بازی کھیلی تو اسکی بساط حسن پر دو کا عدد تین آیا یعنی قیمت خرچی کے ۲۲ ہزار اس کو دیئے گئے یعنی سودا صلت کی قیمت ۱۰۔ مطلب جب مجھے اسکے خریدنے کی خواہش ہوئی تو بہت حیلہ و حجت کے بعد اسکی بیع ۹۰ روپیہ پر قرار پائی (قیمت طے ہوئی) اگرچہ اسکی قیمت بوجہ خوبی زیبائی ایک لاکھ تھی۔ ۱۱۔ مطلب اسلئے کہ خداوند تعالے کی عنایت سے خود اسکے عقیق دہن کا ڈبہ صدف کی طرح در شاہوار سے (دندان) بھرا ہوا تھا اسے ۹۰ کی کیا پرواہ ۱۲۔ مطلب اس خدا کی قسم کہ جسکی بخشش سے دامن فلک میں ہر رات کو ہزاروں سونے کے سکے (ستارگان) بھرے ہوتے ہیں ۱۳۔ مطلب اور اے صبح تیرے سمند ادہم کی قسم کہ جسکے گوہر کے مقابلہ میں مشرق کی کوڑی اشرفی (آفتاب) کھوٹی معلوم ہوتی ہے بے وقعت ہے) ۱۴۔ مطلب کہ بدر نے جب اسکی قیمت دینے کیلئے اپنی ہمیانی کھولی تو نیم ن ۵۰ + ن ۵۰ + م ۴۰ = ۱۰۰ حاصل ہوئے (نکلے) یعنی وہ کل کتے + ل ۳۰ ۵۰ سکے دو گنے تھے یعنی تھیلی سے صرف ۱۰۰ روپیہ ہی نکلے۔ ۱۵۔ مطلب یہ دیکھتے ہی میرا منہ فق ہوگیا اور میں اسقدر رویا کہ مری چشم کی تمام نقدی (اشک) مری گود میں آگئی روتے روتے دامن تر ہوگیا۔ ۱۶۔ مطلب لیکن اسوقت کہ جب بدر کی خنداں (آفتاب) خنجر زر لیکر زنگبار (شب) کی طرف بڑھا (یعنی صبح ہوگئی تھی)

۱۷ مطلب تو ہاتف غیب کی یہ آواز رب العزت کے جاہ و جلال کے پردوں سے
نکلکر مجھ خستہ دل لفگار کے کان میں آئی ۱۸۔ مطلب کہ اے بدر شکیں مت ہو خاطر
جمع رکھ کہ اب شاہ کامگار کی تربیت کا وقت آگیا ہے وہ تیری پرورش کریگا سلطان وہ جو تیری
مشکلات کا حل کرنیوالا ہے۔ ۱۹۔ مطلب اور وہ شاہ کامگار سلاطین دین کا سردار ہے یعنی
محمد شاہ کہ جسکے کف بخشش کے مقابلہ دریا جیسا سخی بھی پایہ اعتبار سے گر گیا یعنی دریا میں بھی وہ
سخاوت نہیں ہے۔ ۲۰ مطلب اور وہ شاہ ستارہ سپاہ ہے جسکا کچھ شمار نہیں اور وہ ایک آفتاب ماہ
کلاہ ہے (ماہ ٹوپی پہنے ہوئے ہے) کہ جسکو فلک نے ظل کردگار (سایۂ خدا) کا لقب دیا ہے۔ ۲۱ مطلب
آسمان مہر و محبت کے سبب سے اسکا اسپ خاصہ بنگیا ہے کہ جسپر آفتاب کی زریں زین پڑی ہوئی ہے
۲۲ مطلب اور اسکے قلعہ جاہ کی بنیاد اس قدر رفیع و وسیع ہے کہ یہ نہ افلاک باین ہمہ بلندی اسکی
خندق کی گہرائی میں رجو پستی کی حد ہے) بہ ہیچ نہ افلاک ہے ۲۳ مطلب اور جب آسمان غلاموں کیطرح
اسکی بندگی میں خم ہوا تو اسکو بادشاہ نے مروارید شاہوار کا ایک تاج (خورشید) عنایت فرمایا۔
۲۴۔ مطلب اس مجلس (محفل) میں کہ جہاں امرا اور اکابر شعرا کے اشعار پر کچھ توجہ نہیں کرتے
میرے یہ اشعار ممدوح کے لعل لب کیطرح انکے کانوں کے لیے گوشوارے ہیں۔ یعنی میرے
اشعار کو کمال ذوق و شوق سے سنتے ہیں اور میرے کلام کے گرویدہ ہیں ❊ قصیدہ نمبر ۱۔ ۱۔
مطلب۔ صبح ایک سپید عنقا ہے کہ جسکے منہ میں مرغ زریں رکھا ہے اور شام ایک سیاہ کبوتر ہے
جسکے آشیانہ میں انڈے۔ (کواکب) رکھے ہوئے ہیں۔ ۲۔ مطلب اور یہ زرین زرجو شبہا سے
روز کی پشت پر سوار ہے تو یہ عاریتاً سوار ہے اسکی ملکیت نہیں ہے تو اس جہاں بیوفا سے اپنی ہمت
کے گھوڑے کو نکال (دنیا سے قطع تعلق کر کہ یہ دنیا عاریت ہے کسی کی ملکیت نہیں)۔ ۳ مطلب
پیمانہ مستی کر اور آئینہ (ساغر) اپنے ہاتھ میں لے اس سے قبل کہ صبح اپنے آئینہ (خورشید) کو جسے
ابھی تک چھپائے ہوئے ہے ظاہر کرے (قبل اسکے کہ آفتاب طلوع ہو) ۴۔ مطلب جب
طشت زریں (خورشید) اس فیروزہ خم (فلک) سے گر جائے (غروب ہو جائے) تو مہر کو جو ایسا

تو ساقی وحدت سے حاصل کر اور تاریکی شب کو روشن کر۔ ۵۔ مطلب اے بیخبر ذرا دیکھو تو
کہ صبح اور گل کا اسکی محبت (جام) میں گریبان چاک ہی جسکے صلہ میں آسمان نے ان سے ہر ایک کو
ہر گوشے زر ٹانکا ہی ہی (گل کی گوشے زر۔ پھول کا زیرہ اور صبح کی گوشے زر خورشید ہی)
۶۔ مطلب سیاہ دل رات شاہ کے بدگو دشمن کیطرح رو رہی تھی (باعتبار انجم) تب
آفتاب نے اسے اپنی تیغ کے زخم سے (شعاع) باہر نکال دیا یعنی شب کو دور کر دیا کیونکہ وہ
ممدوح کے دشمن کے مانند تھی۔ ۷۔ مطلب اور وہ آفتاب کہ جو تمام عالم کو گھیرے ہوئے
ہیں یہ ہمہ وسعت آل بہرام (خاندان ممدوح) کے چتر کا سایہ ہی۔ ۸۔ مطلب اور وہ ممدوح
ملک و دین کا آفتاب ہے اور سب آفاق اور مومنین کا سردار ہی لیکن خلیفہ وقت کے حکم کا پابند ہی
(خلیفہ سے مراد خلیفہ بغداد) نیز تمامی انس و جان کا حاکم ہی۔ ۹۔ مطلب آسمان اور تمام
ستارے باہیں جہانگیری سب اسکے غلام ہیں اور زمین و زمن باہیں عظمت و رفعت اسکے چتر کا
دم بھرنے والے ہیں (احترام کرنیوالے) ۱۰۔ مطلب اے ممدوح تیری قدر کا علم ایک غبارا ہے
کہ جسکا بانڈ آسمان ہی جو تمام جہان کو ڈھانکے ہوئے ہی اور تیرے چتر کا ہما (نشان بالائے
چتر) ایک طاؤس ہی جسکا آسمان صدرہ آشیانہ ہی۔ ۱۱۔ مطلب اسکے قصر ہمایوں کا سدرہ
چرخ اعظم ہی کہ جو تکیہ گاہ آفتاب اور سجدہ گاہ اختران ہی (بیان کیا ہی کہ چرخ اعظم
پر حضرت جواد مطلق آفتاب کو نور عطا فرماتا ہی اور سب ستارے بھی آفتاب سے نور پا کر سجدہ
شکر وہاں ادا کرتے ہیں اسلئے سجدہ گاہ اور تکیہ گاہ کہا گیا ہی) ۱۲۔ مطلب اور اسکی بارگاہ
جاہ ایسی وسیع و فسیح ہی کہ جب اسکے دروازہ کے حلقہ (کنڈی) نے (دائرہ) نے اپنی وسعت
دکھائی تو آسمان اسکے درمیان ایک نقطہ کے برابر تھا ۱۳۔ مطلب اور وہ اسقدر بلند مرتبہ
ہی کہ جب عرش اعظم نے اسکے آستانہ پر اپنا منہ رکھنے کی (آستانہ بوسی) خواہش کی تو اسے
اپنے مقام سے پانسو برس کی راہ اوپر طے کرنا پڑی تب کہیں اسکے آستانہ تک پہنچا۔
قصیدہ ۱۵ ۔ ۱۔ مطلب اے محبوب اگر اب تیرے لب پر خط نکل آیا ہی اور گوشہ کا نور

(رخسار) سے مشک سیاہ پیدا ہو رہا ہی - ۲ مطلب اور تیرے لب کے نیچے دو لڑیاں مروارید
(دنداں) کی پوشیدہ ہیں اور تیرے سرو بلند پر دو نرگس (چشم) مخمور نمایاں ہیں ۳ مطلب اور تیرا
چہرہ ایسا پھول ہی جو دل خستہ کے لئے مرہم ہی اور تیرے لب جو شراب کی مانند ہیں دل رنجور کیلئے
دارو ہیں (اہل ہند شراب کو بھی دارو کہتے ہیں) ۴ - مطلب اور تیرے ماہ جیسے رخسار پر پسینہ
کے قطرے ایسے معلوم ہو رہے ہیں جیسے لالہ کی پتی پر موتی بکھرے ہوئے ہیں - ۵ - مطلب میں
جو صبح کو تیری محبت میں سرد آہیں بھرتا ہوں اس کا یہ سبب ہے کہ اب تیرے رخسار کی سفید پوستین
فلک نے سمور پھیلا دیا ہی (خط نکل آیا ہی) (اکثر جگہ دیکھا گیا کہ کلام میں ربط نہیں اسی قصیدہ میں
پہلے کہہ آیا ہی کہ مطلب ۵ کا دیکھو - اب یہاں یہ کہہ رہا ہی) ۶ - مطلب اور تیرے لب کے مروارید
(دندان) چھپے ہوئے ہیں اور تیرے رخسار پر شب دیجور (خط سیاہ) ظاہر ہو رہی ہی - ۷ مطلب
اے محبوب بدر تیری مار زلف کیطرح پیچ و تاب کھا رہا ہی اور وہ اسوجہ سے کہ صنعت مور تیرے
ماہ (رخسار) کو کیوں لپٹی ہوئی ہی - ۸ - مطلب (گریز) میں مدتوں سے تیرے بیابان غم میں غمگین
بنا پھرتا تھا لیکن اب قدوم شاہ کی برکت سے مسرور و شاد ہوا ہوں - ۹ - مطلب اور وہ بادشاہ
خلیفہ بغداد کا ولی عہد ہی کہ جسکا نام نامی محمد تغلق ہی اور سلاطین اسلام کا سردار ہی (یعنی شاہنشاہ)
اور تمام مخلوق کے لئے جمشید ہی ۹ - مطلب (سرطان برج آبی ہی اور جب عبور برج آبی میں
پہنچتا ہی تو ہوا معتدل ہو جاتی ہی) یہ ممدوح ہی کے عدل کا اثر ہی کہ ہر قصر مار فلک کے
منہ میں محفوظ و مامون ہی اور عبور باوجودیکہ آتشی ستارہ ہی برج سرطان میں پہنچکر اعتدال
پر آجاتا ہی - ۱۱ - مطلب ممدوح کی بزم کا نظارہ کرنیکے لئے (جو رشک فردوس ہی) فلک
ہمہ تن چشم (مثل خوشہ انگور) بنا ہوا ہی - ۱۲ - مطلب اور اے ممدوح تیری عجیب شان ہی
دستِ عدل کی دوست اس ویرانہ خاک محن (ملک ہندوستان) کو معمور بنا دیا ہی - ۱۳ - مطلب
و تیرے آستانہ سے عرش تک اگرچہ ظاہر ایک بال بھر فرق ہی لیکن تیرے دشمن کی آنکھ میں
(بنظر) وہ بال ایک میل کی طرح ہی (میل میں ایہام ہی میل نیل کی سلائی نیز عرصہ راہ)

اسکو یہ مرتبہ نہیں نظر آتا اور تعطل — تم سے بھی تو کیونکر اسلئے کہ اسکی چشم اور نور چشم میں
بھی ایک کافی فاصلہ موجود ہو پس اگر وہ اس بال بھر کے فرق کو ایک میل سمجھے تو کچھ تعجب نہیں
۱۴ مطلب اے ہمارے شرف (یعنی اے ممدوح) جسوقت تو تخت پر رونق افروز ہوا تو تیری
ذات کے صفات اسطرح نمایاں تھی جسطرح مرغ تجلی کا آشیانہ طور پر (یعنی جسطرح نور تجلی طور پر
ظاہر ہوا تھا) ۱۵ مطلب اے ممدوح عروس ملک نے سرِ سلسلۂ سرور کی کنجی تیرے اقبال
جاوداں کے خزانچی کے سپرد کردی ہو (یعنی ہمیشہ دولت و ملک تیرے تصرف میں رہیگا)
۱۶ مطلب اے ممدوح جب تیری قدر و رفعت کی فتح کا جھنڈا نصب ہوا تو تیرا دیر
کیا ہوا دشمن شکست حادثہ میں پڑ گیا۔ مناسبات اعراب ذکر کئے ہیں نصب۔ جر۔ ضم۔ ۔
۱۷ مطلب اگر خاک سے زر مثل رز زیر (گیاہ رسیدم) کے اگ آئے تو کچھ تعجب نہیں اسلیئے
کہ تیری بخشش کا باراں دیمہ (ہمیشگی کی بارش بے برق) کی طرح ہمیشہ اس پر برستا رہتا ہو۔
۱۸ مطلب اے ممدوح تیرے دست مبارک میں ایک رو در سیہ دستار ہو (قلم) کہ جواب عقل
ملک معنی کا وزیر ہو۔ ۱۹ مطلب کہتا ہو کہ اے جہاں پناہ ایک نکتہ اس غلام زبدرم سے
بھی سن لیجئے کہ اس خادم کے نکتے کے نشان قدم عقل کی جاہ میں مشہور ہیں (یعنی عقلمندوں میں
یہ نکتہ مشہور ہی) ۲۰ مطلب اگر کسی شہر میں بے تمیز شخص کو سردار نہ بنا کہ وہ شہر اور سرا میں کچھ فرق نہیں
سمجھتا اور اسیطرح خوشی و غم میں اسکے نزدیک کوئی فرق نہیں (جاہل ہو) ۲۱ مطلب اور وہ
ایک بیحیائی کا کاسہ سر پر بےخبری سے رکھے ہوئے ہو اور حریص ہو (باطن میں تنور کی سی آتش
رکھتا ہو) ۲۲ ایسا شخص کس حساب و شمار میں آسکتا ہو کہ جسے اتنا شعور نہو کہ نشار بیست اور
بیمار میں امتیاز کر سکے اور بتا سکے کہ عدد صحیح کتنی ہیں اور عدد کسر کتنے ہیں ۲۳ مطلب اے
ممدوح ہمیشہ جب تک تیغ کا سرا پردہ رکھنے والا صبح کے وقت خیمہ زریں کو اس معلق حصار پر
نصب کرے (یعنی آفتاب طلوع ہوتا رہے) ۲۴ مطلب تب تک جنت کے باغ کیطرح تیرا
ذیشان محل دم بھر کے لئے تخت سے اور تیرا تخت خوشی سے خالی نہو۔

قصیدہ ۱۹ ۔ ۱ ۔ مطلب جب فلک کا سبز خوان پنیا ور (آفتاب) تاریکی (شب) میں چھپتا ہی تو سیاہی شب میں ماہ کا سۂ شیر کیطرح رواں ہوتا ہی (یعنی جب آفتاب غروب ہوجاتا ہی تو ماہتاب نکلتا ہی
۲ ۔ مطلب اور آفتاب کی یہ سپر آتشیں (جرم خور) ایسی تیغ زن ہے کہ اس کی روشنی چوروں کی آنکھ میں تیر کیطرح لگتی ہی جسکی وجہ سے وہ دن کو چوری نہیں کرسکتے سوا ہو رات کی
۳ ۔ مطلب اور اس زورق سیمیں ماہ (جرم ماہ) کی محبت کے سبب سے ہزاروں سیاہی چشمے (کواکب) اس نیلے تالاب (فلک) سے ابل پڑے ہیں ۔ ۴ ۔ مطلب اور شب کی زرہ عنبریں یوں درا شد ہوگئی ہی کہ سپر زرد (خورشید) قوس (برج قوس) کیطرف تیر کی طرح تیز جا رہا ہی (قوس میں حضیض آفتاب ہی اور برج قوس میں آفتاب پہنچکر سریع السیر ہوجاتا ہی یہانتک کہ ۲۹ دن میں اسی طے کرلیتا ہی) اور جب آفتاب برج قوس میں پہنچتا ہی تو رات بڑھ جاتی ہی ۔ ۵ ۔ مطلب یہ ایک عجیب سپر ہی کہ اسکی تمام صورت پُر تیغ ہی (باعتبار شعاع) یعنی ظاہر اسپر ہی لیکن تیغ کی سی صورت رکھتی ہی ۔ اور ایک حیرت انگیز کمان ہی کہ جسکا نصف تیر ہی قوس کی علامت حرف ح ہی جسکے ۸ عدد ہیں اور عطارد کی علامت د ہی جسکے عدد ۴ ہیں پس قوس (کمان) کا نیمہ عطارد (۴ (تیر) ہوا ۔ ۶ ۔ مطلب اب جبکہ صبح ہوئی اور خیمہ سبز فلک کی پیشگاہ پر شب سیاہ قبا نے زر سرخ کا تخت رکھا (آفتاب طلوع ہوا) ۷ ۔ مطلب تو تمام ساکنانِ عالم قدس بادشاہ والا مرتبت کی درگاہ کی خاک بوسی کے لئے روانہ ہوگئے ۔ ۸ ۔ مطلب اللہ قافلہ سالار صبح نے اس امید پر (سے) عبیر کی تھیلی کھول ڈالی ہی کہ اسے آفتاب منیر کی زریں انگیٹھی میں اسکو جلائے یا جائے (اور ظاہر ہی کہ صبح کو پھولوں کے کھلنے کی خوشبو پھیل جاتی ہی) عبیر ایک قسم کی خوشبو ہی جسکو جلایا جاتا ہی ۔ ۹ ۔ مطلب شاید پھر غراب شب کے منہ سے بیضۂ آتشیں (خورشید) نکل پڑا ہی کہ جو یہ مرغ سحر آہ وزاری کر رہا ہی اور صبح کو مرغ شور و غوغا کرتا ہی ۔ کوا اکثر دوسرے جانوروں کے انڈے اٹھالاتا ہے) ۔
۱۰ ۔ مطلب اب جام کا قدر و (ہیئت جام) اس چمن میں کہ جہاں بلبل اپنی آہ و نالے کی

چنگ بجا رہی (آہ و فغاں میں مصروف ہی) خون خروس (شراب) سے منہ دہوئے (جام پر کیا جائے) یعنی اب اسوقت چمن میں مینوشی کیجائے ۔ ۱۱۔ مطلب جب سبزہ زار فلک سے لالہ زرد (آفتاب) نمودار ہوتا ہی تو پہر کیکو اسوقت جام و شراب سے انکار (اگریز) نہیں ہوتا ۔ ۱۲۔ مطلب اور اے معشوق تو ایسا ماہ ہی کہ تیری زلف کا ایک ہی تار اپنے سایہ سے آفتاب کے چہرہ پر سیکڑوں زنجیریں ڈالدیتا ہی (یعنی ایک موئے زلف سے سیکڑوں زنجیریں بنتی ہیں) ۱۳۔ مطلب اور تو دنیائے حسن کا چاند ہی اور تیری زلف مکہ جسکی زنجیر کے خم میں آفتاب (رخسار) مقید ہی ۔ اسکی شام ہے (شام دنیائے حسن) اور آفتاب مقید شام ہی ۔ ۱۴۔ مطلب اے معشوق عروس صبح نے اپنے چہرہ سے زلف شب الٹ دی ہی پس تو بہی اپنے ماہ رخسار سے اپنی زلف عنبر بیا کو ہٹالے (بتالے) ۱۵۔ مطلب اور تیرا خط دبیر ممدوح کے قلم سے مشابہ ہی کہ دونوں اپنی سیاہی سے ماہ کو سیاہ کرتے ہیں ۔ تیرا خط تیرے رخسار کو اور قلم کاغذ کو سیاہ کرتا ہی ۔ ۱۶۔ مطلب اور وہ ممدوح تمام بادشاہوں کا سردار ہی (شاہنشاہ) یعنی مہ متعلق کرچہ فلک مثال ہی جسکا دبیر عطارد ہی (عطارد ۔ دبیر فلک) اور وہ ایسا ماہ آفتاب ہی کہ جسکا وزیر ماہ ہی ۔ ۱۷۔ مطلب اور وہ شرع محمدی اور سنت فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مدار ہی اسلئے کہ امام وقت کے حکم سے تمامی اہل عالم کا مالک و سردار ہی ۔ ۱۰۔ مطلب اے ممدوح لوگ تیرے دروازہ کے حلقہ اور گنبد مائل کو اسطرح مربوط پاتے ہیں جیسے فلک حامل کی گہرائی میں تدویر یعنی وہ فلک مائل سے مربوط ہی (گویا تیرا حلقہ در تدویر ہی) ۱۹۔ مطلب تو ایسا بلند رتبت ہی کہ تیرے محراب در کی جیب ایک گوشہ کے مقابل میں دائرہ آسمان نقطہ کیطرح سے بیحد معدوم ہوتا ہی (دائرہ و نقطہ مناسبت) ۲۰۔ مطلب اور جبسے نہ فلک ۔ عناصر اربعہ اور موالید ثلاثہ کا ظہور ہوا ہی (ابتدائے آفرینش) تجھ جیسا جوان اس پیر عالم کی گود میں نہیں آیا (ابتک تیرا ثانی کوئی پیدا نہیں ہوا) ۲۱۔ مطلب عروس زہرہ الوان فلک پر بیٹھی ہوئی تیرے خیال جاہ کا نسخہ تحریر کر رہی ہے ۔

خیال، دیگر پر مناسبت۔ ۲۲۔ مطلب اے ممدوح تیری شہرت ایک لشکر آفاق گرد ہے (تمام زمانہ میں پھیلی ہوئی ہے۔ تمام زمانہ جانتا ہے) چرخ بادسیر ہر چند اسکے پیچھے دوڑا لیکن اسکی گرد بھی نہ پا سکا۔ ۲۳۔ مطلب اور جس شخص نے کمان کی طرح تیری پیروی نہ کی اپنے کیسے کیسے تیر ترکش تقدیر سے کھائے (اور کیا کیا سختیاں اٹھائیں) سب پر ظاہر ہے ۲۴ مطلب تیرے دشمن پر آسان کاموں کا دشوار ہونا ضروری ہے اسلئے کہ وہ منکر ہے اور منکروں پر آسانی بھی دشوار ہوتی ہے جسکی دلیل علی الکافرین عسیر ہے۔ ۲۵۔ مطلب تو اپنے دشمن کے (گمراہ) مکر سے جو طاعون میں مبتلا ہے بیخوف رہ اسوجہ سے کہ کتے کے بھونکنے سے چاندنی کو پریشانی نہیں ہوتی (پس وہ بھی تیری انتشار خاطر کا باعث نہیں ہو سکتا) ۲۶ مطلب جسطرح بید کا خنجر زرہ کو نہیں توڑ سکتا اور حصیر کا تیر آسمان کی زرہ کو نہیں چھید سکتا (حالانکہ لڑکے سینکوں کا تیر پھینکتے ہیں) اسیطرح تیرے دشمن کا مکر تجھکو کچھ گزند نہیں پہنچا سکتا۔ ۲۷۔ مطلب کہتا ہے کہ تیرے سُم سمند نے اپنے چار ماہ (نعل) سے قدر اول کے سولہ ستارے تسخیر کر لیا ہے اسلئے کہ ہر نعل میں چار میخیں ہوتی ہیں پس چاروں نعل میں ۱۶۔ ہوئیں اور یہی قدر اول کے ستارے ہیں کہ جو اسکے چار ماہ سے مسخر ہوگئے ہیں۔ ۲۸۔ مطلب اور تیری تلوار ایسی پر آب ہے کہ جسکے سبب سے فلک اول کرہ نار کے مساس (چھو جانا) سے بالکل بیخوف ہے کہ اثر مجھکو کچھ گزند نہیں پہنچا سکتا اسلئے کہ اسکی تیغ پر آب موجود ہے۔ ۲۹ مطلب بادشاہ جہاں کی مجلس اقبال کی شمعیں مشعل قدس (انوار الٰہی) کے نور سے منعکس ہوتی رہیں۔ شمع مجلس اقبال درخشاں باد۔ یعنی اسکا اقبال ہمیشہ رہے۔ قصیدہ ۳۰

۱ مطلب کہتا ہے کہ ان پانچ انگلیوں کو تو دیکھو کہ جو ایک زرد مار (قلم زریں) کو پکڑے ہوئے ہیں اور اس مار کے پیچھے لاکھوں چیونٹیاں لگی ہوئی ہیں (حروف) ۲۔ مطلب اور یہ قلم سیاہ، جو زریں لباس پہنے ہوئے ہے ہر وقت ماہ (کاغذ) کے بوسے لیتا ہے اور یہ [illegible]

سیاہ سر سے جبین (کاغذ) میں دھواں پھیلا تا ہو تو وہ دریا کی راہ سے (دست ممدوح) رنگبار
دوات کیطرف جاتا ہو دھواں پھیلانے سے مراد تحریر ہے ۴۔ مطلب قلم ایک طفل شیرخوار
ہو اور بچہ اگر دودھ کے لئے روئے تو کوئی تعجب نہیں (کہ یہ بچہ کی عادت میں داخل ہو)
جب اسنے رات طے کرکے صبح کی تو شیر کے لئے اسکا یہ رونا (صریر) نا مہ ضروری ہو۔ یعنی جب
وہ دوات سے نکلکر کاغذ پر آیا تو ضرور روئیگا کہ رونا اسکی صریر کو کہا ہو۔ ۵۔ مطلب
اور وہ بادشاہ ایک آفتاب ہو کہ جسکا چہرہ منوچہر کی مانند ہو (منوچہر بہت حسین تھا
اسی وجہ سے اسکا نام مینو (بہشت) چہر رکھا گیا تھا جو کثرت استعمال سے منوچہر ہوگیا)
اور آرش ہو کہ سپر جسکا ابرش ہو اور جعفر ہو لیکن فغفور (شہنشاہ چین) جیسی شان و شوکت
رکھنے والا اور حیدر دا احمد شعار ہو ۸۔ مطلب اور وہ ممدوح شاہ محمد لقب اور حیدر احمد
نسب ہے اسیوجہ سے اسکی بیعت امام وقت سے مضبوطی کیساتھ قائم ہو (خلیفہ عباسیہ بھی
احمد نسب ہے) ۹۔ مطلب جب ممدوح کی دولت بیدار نے دل رز (نرگس) پر حملہ کیا تو نرگس اپنے
بھائی کا ہاتھ پکڑکر (دست خواب) عالم سے فرار ہوگیا (النوم اخ الموت۔ خواب برادر مرگ ہست)
یعنی خواب (غفلت) و مرگ کا زمانہ میں نشان بھی نہ رہا۔ ۱۰۔ مطلب اور اسے ممدوح تو ایسا
ہر دلعزیز ہو کہ بادشاہ ستارگان ماہ ہر صبح تیری محبت کے سبب سے رنگیلی حصار فلک پر خیمہ زریں نصب کرتا ہو
خورشید خیمہ زریں ہے ۱۱۔ مطلب اسے ممدوح تیرا خلق اور تیری قدر دونوں ایسی بلند مرتبہ ہیں
کہ ایک ان میں سے حسن ہو یعنی خلق حسنی اور تیری قدر علی ہو (علی بمعنی بزرگ) اور تیرا
دست سخا دریا ہو اور تیری تلوار ذوالفقار ہو۔ ۱۲۔ مطلب اگر کتاں تیرے فرق قدرت سے
ایک بال بھی مدد پاتے تو ماہ کے سر سے اسکا جامہ مستعار اتار لے (جامہ مستعار۔ روشنی
جو آفتاب سے ملتی ہو۔ کتاں چاندنی کے عکس سے ٹکڑے ٹکڑے ہوجاتا ہو) تیری مدد کے
سبب سے ۱۳۔ مطلب اسے ممدوح تیرے ملک جو آباد ہیں تیرے بادشاہ رمح کرنیوالے)
تیری سخاوت سے تاج دار بنے ہوئے اور تیرے دشمن تیرے قہر و غصہ کے باعث دار کا

پھانسی) تاج بخشے ہوئے ہیں۔ ۱۴ مطلب اور جس مفلس نے بھی تیری بخشش کا دامن پکڑا
تو وہ آستین کے نقش و نگار کی طرح (امراؤں کی آستین پر زری نقش و نگار ہوتے ہیں)
تونگر بن گیا۔ ۱۵ مطلب اتنا ہو کہ اے ممدوح ساغر تیرے ہاتھ میں سے اور صبح کی طرح خنداں ہو
اور اس نگار کو (شاہزادہ) جو نوبت ہو چکا ہو زیادہ یادگار اور رنگین ہو۔ ۱۶ مطلب اور بہت
اشکبار مت کر اگرچہ اس فلک ناہنجار نے تیرے بتاں کا ایک ایسا پھول برباد کر دیا ہے
۱۷ مطلب کہ اب تک اسکی قبر پر اہل بہشت (جو گریہ سے منزہ ہیں) اسکے غم میں سرو کی طرح
ساکت کھڑے ہوئے ہیں اور رنج و محن کے سبب انھوں نے اپنے رخساروں کو نوچ نوچ کر
نگار کر لیا ہے۔ ۱۸ مطلب اور دیکھ تو کہ سیکڑوں صورتیں اسکے غم میں ناخن کے زخموں سے
گلگوں ہو رہی ہیں اور سیکڑوں پھول جیسے رخسار ناخن کی ضربوں سے برگ حنا (ریشم)
بن گئے ہیں۔ زخمی ہو رہے ہیں۔ ۱۹ مطلب اب آیندہ اس دنیا میں متوفی سے ملنے کی کوئی
امید نہیں ہے پس اب تو زیادہ اپنی طبیعت کو زلف کی طرح پریشان نہ بنا۔ ۲۰ مطلب اور جبتک
لشکر حبش (شب) پر رومی خنجر گذار (خورشید با شعلہ آتشیں سپر رہیت خورشیدم کیسا تن تنہا
حملہ کرتا رہے (آفتاب طلوع ہوتا رہے۔ یعنی تا ابد) ۲۱ مطلب اور جب حساب جمل (حساب ابجد
اتحن) میں نیم = ۱۰۰ کا نیمہ ½ گل = ۵۰ ہے اور ۔ تا نور = ۳۰۲ اور ۔ شب = ۳۰۲ ۔
گل ۔ نثار = ۸۱۰ اور ۔ ۸۱۰ خار ۔ ۸۰۱ ہم عدد ہیں کہ تا بہ قیامت یہ حساب قائم رہیگا۔
۲۲ ۔ مطلب تب تک توفیق خداوندی سے عروسان فتح کی زلف پردہ کارزار میں (جنگ)
تیرے علم کا پرچم بنی رہیں۔ ہمیشہ تجھے فتح و نصرت حاصل ہو۔ ۲۳ مطلب فخریہ۔ اگرچہ
اس بحر ایہام ۔ دریا (نام و نشان شعر) شعر میں رہبت ہے) شعراء نے موتیوں کی لڑیاں پائی ہیں
(اس بحر میں اشعار لکھے ہیں) لیکن میرے قصیدہ کی مانند گوئی اور گوشوارہ اب تک شاہد
معنی نے نہ پایا ہوگا (یعنی ایسا بلیغ قصیدہ ابتک کسی نے نہ کہا ہوگا) قصیدہ ۱۲ ۔ ۱ مطلب نقطہ بد
(آفتاب) اپنی امرہ بینا (فلک) سے مٹ گیا ہے پس اب ہمارے عیش و نشاط کے لئے خود جام

کے سوا اور کچھ مت لا۔ خط بر عایت جام۔ یعنی آفتاب غروب ہوگیا جا اور جام سے اٹھا لا۔ ۲۔
مطلب اب سبز فلک نے لالۂ زرد (خورشید) کو چھپا لیا ہے پس تو بھی اب اپنی زلف کو جو رخسار پر
پڑی ہے الٹ دے۔ ۳۔ مطلب اے معشوق اگر تو اپنے رخ زیبا کو خورشید کے سامنے پیش کرے، تو وہ اپنے
آئینہ سے ہرگز ماہ کو نور نہ دے بلکہ تیرے رخ زیبا سے طلب نور کرنے کے لئے کہدے (کہ اس رخ
زیبا سے نور حاصل کر)۔ ۴۔ مطلب اے محبوب تیری زلف کا حلقہ ہمارے دل سرگشتہ۔
پریشان اور سودائی کو کب تک یونہی پریشان رکھیگا۔ ۵۔ مطلب اور تیرا خال رخ میری
جان شیدا کے رخ پر سوختہ کو کبتک اسی طرح آگ پر جلاتا رہیگا۔ ۶۔ مطلب اور تیری چشم مست
کے سر پر ہمیشہ کمان ابرو کھینچی رہتی ہے اور اسنے ایک زنگی بچہ بحبشا (مردمک) کو اپنا محبوب
بنا یا کہ جسے ہر وقت آغوش میں لئے رہتی ہے۔ ۷۔ مطلب اس دل بیدیان کی شوریدگی کا آغاز
تب ہی سے ہوگیا تھا کہ تونے اپنے پستہ لعل کو (لب) در شکر گویا (دندان) پر رکھا تھا (خاموش
ہوا تھا)۔ ۸۔ مطلب اگرچہ آسمان بھی خط رکھتا ہے لیکن جب سے تونے اپنے رخسار کے گرد اس
طرح خط کھینچا ہے (خط نکل آیا ہے) اس وقت سے اس آسمان کو بہت رشک ہے کہ میرا خط اسکے خط کے
مانند کیوں نہیں ہے۔ ۹۔ مطلب اگر چہ مجھے صرف یہ خوف ہے کہ تو پریشان ہوگا ورنہ تیری زلف سے
مجھے جو پریشانی ہو رہی ہے اسکو میں شہ والا سے بیان کرتا۔ ۱۰۔ مطلب یعنی وہ شہ والا کہ شاہان
جہاں کی جان بخشی کے (یعنی اسنے جو شاہان جہاں کی جان بخشی کی ہے) سبب سے اسکے دروازہ
کی خاک نے حضرت عیسیٰ کی آبرو پر پانی پھیر دیا ہے۔ ۱۱۔ مطلب اور وہ ممدوح ایسا سلیمان ہے
جسکے امر نفاذ کے خوف سے (خط فرمان) ہوا کرۂ آب کو کرۂ نار سے اوپر رکھتی ہے حالانکہ غیر ممکن
دیگر غیر ممکن بھی اسکے حکم سے ممکن ہے۔ ۱۲۔ مطلب اور وہ ایسا رفیع القدر ہے کہ اسکے خدمتگار
سائیس جنیبت کش (؟) کے حکم کے بغیر ممکن نہیں کہ صبح زر سرخ کا ساز (خورشید) اشہب
شب) کی پشت پر رکھ سکیں۔ ۱۳۔ مطلب اور ممدوح کے دروازہ عالی کی محراب
تقدر بلند ہے کہ عطارد و فلک سیر نے طارم فلک (سقف فلک) کا سر اس (محراب) کے مقابل میں

تری میں بلکہ اس سے بھی کمتر پایا۔ ۱۴۔ مطلب اسکی قسمت کا قلعہ اسقدر بلند ہو کہ اسکی خندق
کی گہرائی میں یہ نو افلاک مثل سبز بیچے کے پڑے ہوئے ہیں ۱۵ مطلب جب تیغ کوہ نے ممدوح
کے خنجر کی برق کو دیکھا تو اسکی ہیبت کے باعث اسنے اپنا پیرہن خارا خارا میں ایہام ہو
ایک قسم کا کپڑا بھی ہوتا ہے ہم چاک کر ڈالا (پہاڑ اکثر آتش فشانی کے سبب سے پھٹ جاتے ہیں)
۱۶ مطلب اور وہ ممدوح روئے زمین کا بادشاہ یعنی شاہ محمد ہو کہ جسکے کف بخشش نے
دریا کو اپنے موج دل کے ایک قطرہ کے برابر پایا ۔۱۷ مطلب اے ممدوح تو ایسا والا مرتبت ہے
تیرے نعل سمند کو فلک ہر ماہ کے آغاز میں غلام کیطرح اپنے کان میں پہن لیتا ہے حسن تعلیل۔
۱۸ مطلب اے ممدوح اگر تیرے براق کی گرد آسمان کیطرف متوجہ ہو تو اسکے اثر و خوف
ویران (جو اندھا کر دیتے ہیں) اندھے کی مردمک کو نور بخشے (اسکی خاصیت
بدلجائے ۱۹ مطلب تعریف اسپ ۔ اور تیرا گھوڑا قمر مثال پیشانی رکھنے والا ہے اور شب رنگ
و خورشید سیر ہے اور ایسا تیز رو ہو کہ آج گذرنے نہیں پاتا کہ کل (فردا) کو وہ اپنی پشت پر الٹ دیتا
ہو (ملے کر لیتا ہے) ۲۰ مطلب اور ایسا ماہ سیر ہو کہ اگر تو اسے مشرق میں پا کہکر لگا رہے
تو تیری زبان سے الف وصل کا نکلنے بھی نہ پائیگا کہ وہ مغرب میں جا پہنچیگا ۔ ۲۱ مطلب اے
ممدوح تیری زبان پاک ایسی کام روا قلم ہو جو بغیر رشتہ جبرا (کبھی حرف لا سوائے اثبات
شہادت کے نہیں ادا کرتی (یعنی کسی امر میں لا (انکار) نہیں ہو ہر شخص کا مقصد پورا
ہو رہا ہو) ۲۲ مطلب اور تیرا دست سخاوت دریائے بخشش ہو کہ تیرا قلم (سوائے اثبات
شہادت گفتگو (تحریر) میں نون (ن) کو یا (ے) کے ساتھ نہیں ملاتا یعنی نے (نہیں) ادا
کرتا ۔ ۲۳ مطلب تیری ماہی کلک کا ارادہ تھا کہ فلک پر بھی خط فرمائی بھیجے جب تجھے ماہی
کلک کی ضرورت ہوئی (یا قلم کا ارادہ کیا) تو آسمان نے خط تحویر پیدا اثر در فلک کا سر رکھدیا تا کہ
تو اسکا قلم بنائے ۔ ۲۴ مطلب اگر تیرا مرکز جاہ اپنے میدان کی وسعت کو ظاہر کرے تو وہ
نقطہ کی بجائے فلک اعظم کو رکھے یعنی اسکے سامنے فلک اعظم ایک نقطہ کی برابر ہے ۔

۲۵ - مطلب تیرے آستانۂ عالی کو جب چرخ چنبری نے دیکھا تو جوزا کے سر کنگرہ کو اس سے
(آستانم صدر درجہ پست پایا - رکنگرہ جوزا - فلک ہشتم نام برج و تیکلے از سیارگان) ۲۶ -
مطلب اب وہ وقت ہی کہ تیرا دشمن ساغر خشم سے خاص نہ اندوہ و رخسار زرد) بہ
اشک خونین بہائے رجاہ و جلال کو دیکھکر) ۲۷ - مطلب مجھے سخت تعجب ہی کہ تپ و لرزہ
کی تیرے دشمن کیساتھ کیسی دوستی رکھی ہی کہ دن رات اسکے جسم زار پر گریاں لرزاں ہیں
۲۸ مطلب تیری تلوار نے جس کسی کی بھی آبرو ریزی کی وہ ایک ایسا خاک ار پہنچا تا ہی کہ جسنے دنیا
کو ترک کر دیا ہو (ر باد دادن بمعنی ترک کردن) ۲۹ - مطلب اس خدا کی قسم کھاتا ہوں کہ کہتا ہوں
کہ جسنے اس لوح زمرد (فلک) پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک زر اندود سیم (ماہ) سے ذوالنون
(ن) عطا کیا یعنی شق القمر عطا فرمایا - ۳۰ مطلب جناب قسم کہ تیری قافت احاطہ کر گرداگرد عالم ہستی جاہ الت کے سر نے
نقطے کے بجائے نہ افلاک کی وسعت کو اپنا نقطہ بنا لیا ہو ۳۱ مطلب ہی شمشیر سخن کی روانی تیرے اعدا کے سر پر ختم ہو یعنی
سر عدا قلم کریں اگرچہ تیری حسد میں دشمن خود ہی سر ہو رہے ہیں - ۳۲ مطلب اس سے جو تیغ گذاران سخن ہیں انکی رزمگاہ میں
رشعرا کی رزمگاہ اشعار رنمیم عقلا کے نزدیک دشمنوں کے سر سے بہتر کوئی مقطع نہیں ہو سکتا ہیں ان کے سر کے مقطع بنائے
گئے ہیں سلیئے سب سر ہو رہے ۳۳ مطلب جو لوگ شکر ریز جدا رہتے ہیں یعنی شعرا انکے اتھ اس سے بہتر قصیدۂ خود آیا
کوئی گوشوارہ نہ آیا ہوگا یعنی اس سے بہتر کوئی قصیدہ نہ لکھا ہوگا) قصیدۂ ۲۳ ۱ - مطلب کہتا ہی کہ ذرا
اس رنگی گریاں کو تو دیکھو کہ کیسا و بیائے ترلیفت رسلاطین کے اقلام پر زرین کام ہوتا ہی بیٹھے ہوئے ہے
اور وہ ایک ابر برق افشاں ہی (حروف) جو پرستار کاغذ گہر باری کر رہا ہی - ۲ - مطلب
یہ قلم ایک ترک ہی جو دو ہیوں (انگشتاں) کے درمیان ہی اور ایک گونگا ہی جو با وصف
تنگ سخن چینی کرتا ہی - اسی وجہ سے سیماب (کاغذ) اسکے منہ پر خاکستر ڈالتا ہی کیونکہ وہ سخن
چین ہی اور قاعدہ ہی کہ جب لکھ چکتے ہیں تو جذب سیاہی کے واسطے اسپر کاغذ پر خاک ڈالتے ہیں
جس سے قلم بھی آلودہ ہو جاتا ہی - ۳ - مطلب اور جب وہ تا بیکی کی طرف جاتا ہی رو داشتم
تو آبحیات اسکے سر سے رواں ہوتا ہی رکتر پر شاہ کر وصف آبحیات دارد) اور آئینہ اسکندری

رکا غذم کا فرش اسکے زیر قدم ہی۔ ۴ مطلب اور وہ شاہد عودی نقاب (قلم) جب چین
رکا غذم پر دناب (حروف) لایا تو اُسنا تیزہ دوڑا کر گر پڑا اور اسکی چادر اسکے پاؤں سے لپٹ گئی
ہوئی جا رہی تھی (چادر سیاہی) ۵ مطلب اور جب وہ زرینہ تیر (قلم) ماہ (کاغذ) پر سیاہی
سے گوشوارے بکھیرتا ہی (حروف لکھتا ہی) تو وہ ایک بچہ کیطرح معلوم ہوتا ہی جو روئے شیر
رہرا سے تیر مراد از کاغذ پر اپنی آنکھوں سے گوہر بکھیر رہا ہی (رو رہا ہی) بچہ دو دیکھ دیکھکر
رونے لگتے ہیں۔ ۶ مطلب اور وہ خامہ ایک ماہی مشکیں زباں ہی کہ جب پانچ انگلیوں کے
درمیان رواں ہوتا ہی تو ماہ (کاغذ) کے چہرہ پر اپنے دہن سے عنبر (سیاہی) بکھیرتا ہے۔
۷ مطلب قلم تراش (چاقو) اسکو زبان عطا کرتا ہی (قلم تراش ہی سے بنایا جاتا ہی) اور زرد
اسکو چادر بخشتا ہی (چادر قلم زریں ہوتی ہی) اور نقرہ ہی (کاغذ) اُس کو شاہ کشورستا کی
بزم میں جگہ دیتی ہی۔ ۸ مطلب جب میرا معشوق ہنستا ہی تو اسکے لب (شکر) سے پروین
(دندان) نمایاں ہوتے ہیں اور میں جب اسکی محبت میں روتا ہوں تو میری آنکھ سے میرے
زرد رخسار پر سیماب (اشک) ٹپکتے ہیں۔ ۹ مطلب اور میری چشم پر آب! پر (اشک) اس
ماہ ختن کی محبت میں ایسا سیل بہچھن ہند و بنے ہوئی ہی (دھیلا سفید اور پتلی سفید)
۱۲۵ جسکی گود میں رومی بچے (اشک) ہیں ۱۰ مطلب میرے معشوق کے چہرہ۔ رخسار پر مارسیہ
(زلف) لنڈلی مارے بیٹھا ہوتا ہی کہ جب اسکے رخسار پر زلف پڑی ہوتی ہی۔ ۱۱ مطلب
ذرا اسکے وہاں خندہ اور چشمۂ حیواں کو تو دیکھ اور اسکے دنداں پر بھی نظر کر کہ کسطرح آتش جاں (در
(لب) میں چھپے ہوئے ہیں ۱۲ مطلب خون بستہ میں اگر تونے وہ دہند دیکھا ہو تو اسکے
دنداں کو تو دیکھ کہ خون بستہ میں شیر ہی اور سیطرح لالہ پر قیر جما ہوا (رخسار پر خط) کتنی تعجب کی
بات ہی اور سایہ سے (زلف) اسکے رخسار پر سیکڑوں زنجیریں (موہائے زلف) پڑی ہوئی ہیں
۱۳ مطلب وہ پستہ (لب) میں در کو یوں چھپائے ہوئے ہی کہ ایک تمام جہاں میں شور رش
پیدا ہو جائے اور اسکے طرز لب پر خط بھی اسیوجہ سے نمودار ہوا کہ میری جان کو تلخی رہ گئی (

حاصل ہوا اور بس۔ ۱۴ مطلب اور اسکے رخسار پر (عنبرین) خط نکل آیا ہو یعنی صبح پر رات چھائی ہوئی ہو اور اسکے ماہ نو پر سیکڑوں ستارے بکھرے ہوئے ہیں (قطرات عرق) ۱۵ مطلب اس بیوفا نے جب میرے دلکو تیغ جفا سے گھائل کیا تو میں نے اس مجروح دل کے لئے اپنے بادشاہ کی مدح کو مرہم بنایا۔ ۱۶ مطلب اور وہ بادشاہ مولی امیر المومنین یعنی محمد شاہ ہی جو کہ سلطان دین ہو بلکہ مہر و غضب کا آفتاب ہو جسکے سر پر سایہ ایزدی کا تاج ہو۔ دشمن کے لئے آفتاب کین اور دوست کے لئے خورشید مہر۔ ۱۷ مطلب اور وہ ادریس جنت آشیاں اور کیوان شہری آستاں (مشتری بھی فلک ہفتم پر ہی) ہو اور یوسف رخ عیسی مکاں (فلک چہارم) ہو کہ مدح (فرشتہ ذی مرتبت) جسکا خادم و غلام ہو۔ ۱۸ مطلب اور قاف اسکی ثبات کے مقابل میں ایک سنگریزہ کی مانند ہو اور قلزم اسکے دست سخا کا ایک قطرہ ہو اور عرش معلی اسکی رائے انور کا ایک ذرہ ہو ۱۹ مطلب اور اسکے در کے سامنے آسمان ایک نیلی چادر والا ترک ہو کہ جسکی کمان نقرہ خام ہو (ماہ) اور وہ آفتاب کا خود پہنے ہوئے ہو۔ ۲۰ مطلب اگر وہ فرشتہ کو کسی بات کا حکم دے تو وہ الامر لک (اطاعت کرے) پکارے اور اگر وہ فلک سے جام سے طلب کرے تو فلک آفتاب کا ساغر پیش کرے۔ ۲۱ مطلب کشتی زریں (جام) میں دریائے عرب کے سیر ریز (مے) نے یہ خواہش کی کہ وہ تیرے لبوں تک پہنچے آخر کار پانچوں انگلیوں نے اسکی رہبری کی اور اسکو وہاں تک پہنچایا۔ اگر یہ رہبر نہوتیں تو اسکا پہنچنا غیر ممکن تھا۔ ۲۲ مطلب اے صفدر عرش آستاں تیر (طاق در) آب راہ کہکشاں کی کماں ہو اور اسکا یک ادنی گوشہ (جیب) خط محور ہو۔ ۲۳ مطلب اے ممدوح اگر تیرے عدل میں یہ بات روا تی کہ چار مادر کے لئے (چار مادر۔ عناصر اربعہ۔ مراد ایک سے ہو) ایک شوہر سے زیادہ بھی شوہر ہو سکتے ہیں تو اس پنج شوبہ سطر کے پانچ شوہر کیسے ہوتے (اس سے ظاہر ہو کہ تیرے عہد عدل میں چار مادر کے پانچ شوہر ہو سکتے ہیں اور اگر منا ہی ہوتی تو سطر کے پانچ شوہر نہیں ہو سکتے تھے۔ چار مادر سے مراد ایک فرد ہے ۲۴ مطلب اے ممدوح تو نہی

جمشید اعظم ہی اور تو ہی تمام عالم کا حاکم ہی اور سخاوت کے وقت تو ہی وہ دریا ہی کہ یہ نہ فلک
اسکا گھاٹ ہیں۔ ۲۵۔ مطلب اے ممدوح گلستان آرزو میں تیرا مثل شاخ تر کی مانند ہی اور اگر
وہ پرورش کا اہل ہی تو اسکی آب عشرت سے پرورش کرتا وہ سرسبز رہے۔ ۞ قصیدہ ۳۳۔
۱۔ مطلب صبح ایک رومی ہی جسکے سر پر کلاہ زرد (خورشید) رکھی ہوئی ہی اور رات ایک حبشی ہی
(سیاہ) جو گلیم پر لپیٹے (ظلمات) اوڑھے ہوئے ہی مگر یہ باعتبار کواکب۔ ۲۔ مطلب اور رومی
کی یہ کیفیت ہی کہ جہاں نمودار ہوا اور اسنے اپنے خنجر سے زنگی شب میدان عالم سے باہر نکالا
(صبح کے نکلتے ہی شب غائب ہو جاتی ہی) ۳۔ مطلب اور زاغ سیاہ نزار کو (شب) کو جو ہوا میں
اڑ رہا تھا عنقائے سنہرا بال (فلک) جسکے زر اندود شہپر تھے (یعنی خورشید) پھر اڑا لیگیا۔ طلوع
خورشید سے سیاہی شب دور ہو گئی۔ ۴۔ مطلب باد صبا اسوقت سے
آسیب زدہ کی طرح پریشانی و دیوانگی میں مبتلا ہی جب سے صبح کے دامن کے نیچے اسکی انگیٹھی
(خورشید) پوشیدہ ہی۔ ۵۔ مطلب چونکہ شب سایہ دار تھی (آسیب زدہ) اسلیئے اسکی خلاصی
(رہائی) کے لیئے مرغ سحر اسکے سامنے وقت زریں پر نغمہ سرائی کر رہا ہی تاکہ اسکا اثر زائل ہو جائے
(قاعدہ ہی کہ آسیب زدہ کے سامنے راگ قوالی گاتے ہیں) یعنی وقت طلوع آفتاب ہی اور
مرغ سحر نغمہ سرائی کر رہا ہی۔ ۶۔ مطلب مار سفید (صبح) نے اپنی دم کے نیچے مہرہ کو (ماہ)
چھپا لیا ہی جب سے اسکے سر پر شاخ گوزن کا عمود دکھا گیا ہی (یعنی جب سے خورشید طلوع ہوا ہی)
۷۔ مطلب ابر آہوے شیر بیشہ دم گرگ (صبح کاذب) کو اپنے منہ میں لیئے ہوئے روان ہی
اور ہمیشہ اسی کے برابر چلتا ہی (صبح کے برابر)۔ ۸۔ مطلب اگر یہ منزلت جو آہوئے مادہ
(آفتاب) مونث سماعی ہی کو شیر نر (برج اسد) پر دی گئی ہی تو یہ ممدوح کی تلوار کی ہیبت
کا اثر ہی ورنہ آہو اور شیر نر۔ ۹۔ مطلب اس معشوق کے لب کے گرداب خط جم آیا ہی کہ جسکے
ہلال (ابرو) کے نیچے خم (چشم) ہی۔ ۱۰۔ مطلب اسکے درج لعل (لب) پر زمرد کا قفل
لگ گیا ہی یعنی اسکے تنگ شکر (لب) پر سبزہ (خط) نکل آیا ہی۔

۱۱۔ مطلب اسکے خالِ رخ کی میں اسطرح مہمانی کرتا ہوں کہ آبِ شور (اشک) میرے کاسہائے
نقرئی میں (چشم) میں بھرا ہوا ہی اور زرد دسترخوان پر (رخسار زرد) پہ کنوئیں رکھے ہوئے ہیں
۱۲۔ مطلب اگر اسکے گوشہ کا نور (رخسار) سے عنبر (خط) پیدا ہوگا تو تم دیکھو گے کہ میری آنکھوں سے
کیسے شاخ زعفران پیدا ہوگی (اشک بہاؤنگا) ۱۳۔ مطلب اور جب اسنے اپنے دونوں لبوں سے
پروین (دندان) ظاہر کیے (یعنی خندہ زن ہوا) تو بدر نے اپنی چشم سے کیسے کیسے اشک خونیں بہائے
۱۴۔ مطلب جب سے بدر اپنے ماہ دو ہفتہ (ہلال مراد از معشوق) سے دور ہوا ہی تب سے وہ اسقدر
لاغر ہوگیا ہی کہ ہلال بھی اس سے فربہ ہی۔ ۱۵۔ مطلب اور اسکا ترک چشم اگرچہ تیغ در نیام کا
مصداق ہی لیکن پھر بھی وہ اسقدر خونریزی کر رہا ہی کہ اگر اسکو کافر کہیں تو روا ہی (کافر
مرد کیسی کی رعایت سے کہا ہی کہ سیاہ ہی) ۱۶۔ مطلب گریز۔ اے محبوب اس زلف کو جو تیرے
گل تر پر (رخسار) شاخ سنبل کی طرح پڑی ہوئی ہی شاہ مظفر کے دروازہ کا فراش بنا۔ ۱۷۔ مطلب
زرا دست ممدوح کو تو دیکھ کہ تیغ اس میں ایک قطرہ کی مانند ہی اور اگرچہ ہمہ تن کف ہی (سفید
مجسم) لیکن تعجب ہی کہ پھر بھی نہنگ کی طرح شناوری کرتی ہی شناور ہی۔ ۱۸۔ مطلب اے (قلزم
سمیر) جو یہ دنرات جھاگ تیرتے رہتے ہیں یہ ممدوح کے دست عطا کا اثر ہی اور یہ جو تم جزیرے
دیکھتے ہو یہ جزیرے نہیں بلکہ دریا نے حسرت کے سبب سے اپنے سر پر خاک اوڑھ لی ہی (خاک ڈال
لی ہی) حسنِ تعلیل۔ ۱۹۔ مطلب اگر وہ نہنگ تیز رو میان (نیام) سے باہر نکل آئے تو جان اسکی
آگ سے کنارہ کش ہوجائے۔ یعنی اسکی آگ برداشت نکر سکے۔ (آب روان۔ جان) ۲۰۔
مطلب اسکا قلم تا ہی زرہ ہی اور اسکی تیغ ایک نہنگ زمردیں (باعتبار جوہر آہن) ہی
اور یہ (قلم) ایک زبان ہی اور وہ (تیغ) دو زبان ہی (شمشیر دودم) یعنی وہ دو زبانوں کو
مسخر کیے ہوئے ہی (مراد دو دھارے سے ہی) لف و نشر مرتب۔ ۲۱۔ مطلب اگر قلم تحریر کے
وقت کبھی سرکشی کرے تو قمر (کاغذ) اسکے لئے مشک اذفر (سیاہی) کا دام بچھا دے تاکہ اسکو
گرفتار کرلے۔ ۲۲۔ مطلب ممدوح کی تین انگلیاں اسپر یوں مسلط ہیں تا کہ اسکے گلو سے

انہلے درد تر (حروف خوب) نکلیں ۲۳۔ مطلب اور وہ قلم ایک عجیب کہربائی (زرد انڈے)
رنگ ہی کہ آشیانہ سیم میں (کاغذ میں) اسکی منقار پر سیاہی کے بازو ہیں (اور ظاہر کہ سیاہی کی نوک
کے سبب وہ لکھتا ہی اور لکھنا ہی اسکا اڑنا ہی اور سیاہی ہی اسکے بازو ہیں) ۲۴۔ مطلب اُدر
اسکو تو ہمیشہ شہنشاہ ملک کے دشمن کیطرح سیہ رو۔ زرد۔ لرزاں بریدہ۔ اور سرنگوں دیکھیگا۔
اور قلم میں یہ تمام صفات موجود ہیں۔ ۲۵۔ مطلب اور یہ وہ حاکم زمان ہی کہ خلیفہ (خلیفہ عباسیہ)
نے انقلاب سلطنت میں مجاہد کے علاوہ اسکو لقب سیاغر سے بھی ملقب کیا ہی (سیاغر۔ ترکی میں
زرد رنگ کو کہتے ہیں۔ و نام بادشاہ جلیل القدر اور یہاں اسی معنی سے مراد ہی) ۲۶۔
مطلب اور امام وقت نے شرق تا غرب اور بحر تا بر کی حکومت اس کے سپرد کردی ہی۔ یعنی
تمام روئے زمین کا حاکم ہی۔ ۲۷۔ ۲۸۔ مطلب اسکے (ممدوح) انصاف وعدل کے زمانہ میں
غروب کیوقت مشرق سے یہ خطاب آفتاب کو پہنچتا ہی کہ دیکھ اسکی اطاعت میں کوئی کمی نہو یعنی
عجلت سے کام نہ لے اسلئے کہ اسکے باغ حکم میں (سنکر) نافرمان درخور آتش ہی۔ جلادیا جاتا ہی
آبی (امردم) نابت درخور مناسبات۔ ۲۹۔ مطلب آسمان اسکی محبت کے سبب سے مہینہ میں دوبار
(اول و آخر) اسکے گھوڑے کے نعل کا حلقہ اپنے کان میں پہنتا ہی (جسکو دنیا ماہ کہتی ہی) نیز اظہار
غلامی مقصود ہی) اوائل ماہ میں ماہ مثل نعل کے ہوتا ہی پھر اواخر ماہ میں بھی گھٹتے گھٹتے نعل کے
مانند رہجاتا ہی۔ ۳۰۔ مطلب اے ممدوح تیرا دست سخا وہ محیط ہی کہ عرش اسکا ایک قطرہ ہے
اور تیری قدر ایک ایسا بلند آسمان ہی کہ یہ چرخ اسکے سامنے ایک ستارہ کی مانند ہی۔ ۳۱۔
مطلب تیرے ملک دولت سے چرخ نے اجل کو مع اسکے بھائی (خواب) کے نکال دیا ہی یعنی
غفلت و مرگ کا پتہ نہیں تمام رعایا غفلت و مرگ سے مامون ہی) ۳۲ مطلب مشتری نے
باوجودیکہ سعد اکبر ہی تیری خاکِ در کے سرمہ کو فرق کا مناسبت سے سو (صد) میل آگے بڑھکر
دیکھا تب کہیں دیکھ سکی ۳۳۔ مطلب اور جب تک شام کے وقت پانچ شوہر والی بیوہ (زہرہ)
کی گود میں یہ چرخ نیلی زردی کا گالہ رکھے کیونکہ زنان بیوہ زردی کا تاگا کرتی ہیں۔ گالہ سے مراد

انجم یعنی جب تک شام کے وقت ستارے نمودار ہوتے ہیں ۲۰۔ ۴۴ مطلب تب تک تیرے دشمن کا دل پدیدہ زمرد کے غوزہ کی طرح کثرت گریہ سے سفید اور تاب غم سے اسکا دل غصہ شکستہ رہے۔ قصیدہ ۲۴ ۱۔ مطلب ابر ایک ہیل سیہ مست ہے چمکانیوالا اور بجلی گرانیوالا کہ جسکی آنکھوں سے اشک رواں ہیں (قطرات باران) اور نعروں سے اسکی پوست پھٹی جاتی ہو زنانہ گرجنے سے بادل پھٹ جاتا ہو۔ ۲۔ مطلب اور وہ زر اندودہ عماری کے اطلس (جسم ابر) سے پردے بناتا ہو (یعنی اپنے جسم اطلسی سے آفتاب کو چھپا دیتا ہو) لیکن یہ اسوقت ہوتا ہو کہ جب اسکو (ابر) ان ہفت افلاک کے نیچے گردش ہوتی ہو اور سیر کرتا ہو (یعنی جب ابر آتا ہو تب خورشید چھپتا ہو) ۳۔ مطلب اور یہ عجب دیو شہاب افگن (بجلی گرانیوالا) ہو کہ باوجود اسقدر نہیبہ دم کے مگر بشرط اطاعت حق کافر بھی اس سے فیض پاتے ہیں ۔ ۴۔ مطلب اور برسات کے آغاز ہی میں وہ رحمت کے دروازے کھول دیتا ہو لیکن ہر وقت خیمہ زرین کی دوریاں رشتہ خورشید اسکے روزن بام سے جھکتی رہتی ہیں (جتنی جگہ بادل پھٹ جاتا ہو وہاں سے کرنیں نمودار ہوجاتی ہیں) ۵۔ مطلب اور اسمیں اسقدر قدرت ہو کہ اگر وہ دن پر حملہ کرے تو آفتاب کے چہرہ کو چھپا دے اور اگر رات پر اسکا زور ہو (حملہ ہو) تو ماہ رو (ماہ) پر اسکا قدم ہو (ماہ کو پوشیدہ کردے) ۶۔ مطلب اور جب یہ اندام سیہ فام سے گوہر باری کرتا ہو تو طشت خاک سراپا لعل و زمرد سے پر ہوجاتا ہو۔ ۷۔ مطلب اور خاک کا چہرہ اس سے آبداری پاتا ہو۔ ہوا اسکی چکیدگی سے دریا بنجاتی ہو اور آفتاب پر اس سے پردہ پڑجاتا ہو اسیوجہ سے اسکا نام رباب ہو (رباب نام ساز۔ پردہ۔ دن مناسبات) ۸۔ مطلب جب اسنے ممدوح کی بحر دست (دست سخا) کو دیکھا کہ بیحد گہرباری کررہا ہو تو شرم و حیا کے سبب سے اسکے ہفت اندام سے پسینہ ٹپکنے لگا جو بارش ہو۔ ۹۔ مطلب اور یہ دست ممدوح نقطہ عالم کا محیط ہو کہ دریا باوجود پیردلی کے اسکی عام بخشش کے فیض کو دیکھکر شرم سے پانی پانی ہوگیا۔ ۱۰۔ مطلب یہ کیا شیر ہو کہ آگ میں اسکا بدن پلنگ کیطرح داغدار ہو رہا ہو کہ جسکو مریخ نے خود اوج پانیکی غرض سے اپنی گود میں لے لیا ہو۔

ربیع کا اوج برج اسد میں پہنچنے پر موقوف ہی۔ ۱۰۔ مطلب اور اس اسد کے خوف سے
پلے آہوئے زرد (خورشید) دم گرگ (ظلمت صبح کاذب) میں بھاگ گیا ہی چھپا ہوا ہی اور
مور (ظلمت) اسکے پیچھے پیچھے رواں ہی اور سگ عوا اسکی بام پکڑے ہوا ہی حاصل کلام یہ کہ
رات ہی اور خورشید چھپا ہوا ہی۔ ۱۲۔ مطلب اور قمر سیم خالص سے اسکے لئے (اسد) مہرہ ایک
ق تیار کرتا ہی کہ وہ گھری اشرفی زر خالص کے مانند اسکے زر خام (پوست اسد) پہ سے
ہر راہ چمکتی ہی گریز۔ ۱۳۔ مطلب شاہ انجم شاہ ہند سے نسبت رکھتا ہی اسلیئے کہ اسکا خانہ بھی
اسد۔ برج اسد ہی) شیر ہی اور ممدوح کے در پر بھی شیر زر اندودہ بنا ہی پس دونوں کے دروازہ
شیر زر اندودہ موجود ہی۔ ۱۴۔ مطلب جنگ کے دن خاتون ظفر عروس کے گیسوؤں کو اسکے
(ممدوح) جھنڈے کے پھریرے کے بجائے لٹکا دیتی ہی ۱۵۔ مطلب اسکا گھوڑا مثل ہوا نہیں بلکہ بد
خود ہوا ہی (تیز روی) اور آتش پا ہی اور آہن خا ہی (گھوڑوں کی عادت ہی کہ لگام آہنی کو جو منہ میں
ہوتی ہی چباتے ہیں) اور خارا سم ہی (سخت سم) اور اسکے قدم کے حلقہ کی محراب کے مقابلہ میں
محراب گردوں ایک گوشہ کے برابر ہی۔ ۱۶۔ مطلب اور وہ ممدوح عجب سکندر آئین ہی کہ میدان
آئینہ (کاغذ) میں خامہ کا سرکش گھوڑا جو زر لفت کا جامہ پہنے ہی اسکا مطیع و رام ہی ۱۷۔ مطلب
سکندر آئینہ کی رعایت سے خامہ و جامہ تجنیس خط۔ ۱۸۔ مطلب اور یہ عجیب معاملہ ہی کہ اس سیہ
رو حبشی (قلم) کو [illegible] ماہ میں (سہ انگشت) بحر ملک شام سے چین کو لے آتے ہیں (شام دوات
چین کاغذ) ۱۹۔ مطلب وہ (قلم) سکندر کیطرح ظلمات (دوات) سے روم (کاغذ) میں
آبحیات (روشنائی۔ بادشاہ کا فرمان آبحیات ہی اور روشنائی موجب تحریر فرمان ہی) لاتا ہی اور
لب بہم (دوات) [illegible] ہر وقت اسکا تالو خشک و تر رہتا ہی ۲۰۔ لب کا خشک و تر رہنا عبارت
[illegible] سے ہی ۲۱۔ مطلب اور آل بہرام (شاہزادان مہدی) کے دشمن کیطرح تیغ سے [illegible]
[illegible] اسکے بعد اسے (قلم) رو سیہ (آلودگی
[illegible] کرتے ہیں ۲۲۔ مطلب اور آل بہرام [illegible] شاہنشاہ محمد بن تغلق ہی کہ جسکو [illegible]

شاہنشاہ ہفت اقلیم کہتے ہیں۔ ۲۲۔ مطلب اور جسکی ایک صدمت جنگ سلیمان جیسے دو سو
ملکوں کو ذراسی دیر میں فتح کرسکتی ہے اور فلک مثال رو بیع) دو سو خوان اسکی عام دعوت
میں ایک پیالہ کیطرح ہیں۔ ۲۳۔ مطلب اور وہ ایسا رفیع القدر بادشاہ ہے کہ بزم سلطنت میں
اسکے جام مئی کا ایک حباب جیسا چرخ (جو تمام عالم کو گھیرے ہوئے ہے) برابر ہی ہوگا۔ ۲۴ مطلب
تعریف تیغ۔ اور اسکی تلوار ایک قطرہ آب ہے جو اسکے (ممدوح) ہاتھ میں بستہ ہے اور باوجود وہ ایک
قطرہ ہونیکے اس سے ممدوح کے تمام بدنام بدخواہوں کے حلق تر ہو سکتے ہیں ۲۴ مطلب
اور ممدوح کی تلوار اپنے سحر سے اسکے دشمنوں کی جان کی زبان بندی کرتی ہے۔ اسکی زبان کیا
ہے بلکہ ایک میناخون آشام ہے (جسکو خون پینے کا چسکا پڑ گیا ہے) ۲۵ مطلب اگر ممدوح کا قلم
[illegible] زر ہے جیسے دریا کی خواہش تھی اور اب اسے دریا مل گیا (یعنی دست ممدوح میں پہنچ گیا
جو دریا ہے) تو اسکی تلوار ایک نہنگ سبز ہے جسکو آب روان (جانوں کا پانی۔ یعنی دشمنوں
کے قتل و غارت کرنے کی خواہش ہے) کی جستجو ہے۔ ۲۶۔ مطلب جس جگہ اسکے دست عطا
کو دیکھکر دریا نے جہاں جہاں خجالت کے سبب اپنے سر پر خاک ڈال لی ہے اگر مجھسے اسکا کوئی
نشان پوچھے تو اسے جزیروں کا پتہ بتا دیا جائے یہ نام کو تو جزیرے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے
جو میں نے تمسے بیان کی۔ ۲۸۔ مطلب وہ ایسا دین پرور سلطان اور خورشید عالمگیر ہے کہ اسلام
نے اسکے علموں کے پرچم پر چاند کی کٹوری نصب کی ہے (خورشید و ماہ مناسبت) ۲۹ مطلب
اور وہ ایسا ذی رتبت ہے کہ امور دین کے اہتمام کے لئے بارگاہ قدس (بارگاہ الٰہی) سے ہمیشہ اسکو
عقل اول کے فیض کیطرح الہام پہنچتا ہے۔ (عقل اول کا فیض ہر شخص کو پہنچتا ہے) ۳۰۔
مطلب جب تک خط مغرب پر شفق کے سرخ اعراب لگتے رہیں (سرخی شفق نمودار ہوتی رہے)
اور لوح گردوں پر زر اندود تحریریں جاری رہیں (کواکب سے مراد ہے) ۳۱ مطلب تب تک
اس بادشاہ کی نجوم کی کتاب کے احکام جسے ممدوح نے معتبر نہیں سمجھا ہے (یعنی ممدوح نے اسکی
صحت کی سند نہیں دی ہے) تقویم پارینہ کیطرح منسوخ ہی رہیں (یعنی اسے کوئی بادشاہ

سمجھے) قصیدہ ۲۵ ۱ مطلب اے ماہ رخسار مور جیسا خط رکھنے والا۔ موئے میان آخر
اتنا ایک بال رہ جائیگا [illegible] کہ کھنچا رہیگا ۔ ۲ مطلب اور تو ایک سیب زنگی
صنم ہے سرخی حیا در آوردہ ہوئے جیسے سرد سان بھر چشم سرمہ آلود) جو رومی بچوں (رشک)
کو اپنی گود میں کھلانے والی ہیں ۔ ۳ مطلب تیری شکن زلف کے لئے ایک سالانہ تیر رخسار (م)
تیرے شمشاد (قد) پر ہے اور تیرے لب دریائے آتش ہیں اور ان میں گوہر رادلہ - مراد از دندان)
پوشیدہ ہیں تعجب تو یہ ہے کہ آتش اور رادلہ یہ اجتماع ضدین کسطرح قائم ہے ۔ ۴ مطلب اور
پتھر کے دل میں جو تیری محبت بھری ہوئی ہے اگر اسمیں کچھ بھی کمی پیدا ہو جائے تو خدا کرے کہ
ذرہ ذرہ اس دل کا تیغ فنا سے ریزہ ریزہ ہو جائے ۔ ۵ مطلب اٹھ اور صبح کی طرح دم بھر
کے لئے تو شکر خندہ کر (مسکرا) اور اس سے قبل کہ صبح ساغر زریں کو اپنے منہ سے لگائے
طلوع ہو) اٹھ اور صبح کی طرح دم بھر کے لئے تو ہنس پڑ (شکر خندہ کر) ۶ - مطلب شراب
اسوقت تک سپر دیں (دندان) کیطرف ہرگز نہ جائیگی جب تک اے جان ہمدرد جام سے تیری پانچوں
انگلیاں ہم قران نہ ہونگی (یعنی جب تک تو اسکو گرفت نہ کریگا) ۷ مطلب جب کشتی زر (جام)
دریائے گلگوں (شراب) میں غرق ہو (یعنی جام شراب سے پر ہو) تو اس امر کی کوشش کر کہ کسطرح
وہ تیرے لب کی طرف جولانی کرے لبوں تک آئے ۸ مطلب جو کوئی میخانہ الٰہی سے شراب
پیتا ہے اسکے لئے ساغر خورشید ہی موزوں ہے جسطرح شاہ جہاں کے لئے وہ (ممدوح) ساغر خورشید
زیبا ہے ۔ ۹ مطلب اور وہ ممدوح روئے زمین کا حاکم ہے اور ہفت اقلیم اسکے وظیفہ خوار ہیں اور
وہ کل ممالک کے بادشاہوں کا جو اس کی تختگاہ میں ہیں بادشاہ ہے یعنی شاہنشاہ ۱۰ مطلب
اور وہ ممدوح فریدوں فر آرش (نام پہلوان ایران) روش ہے اور سام ہے لیکن حسام جیسی شان
و شوکت کا مالک اور آتبین جیسی آبرو اور موبد کا سا دست سخا اور گرشاسپ جیسی قوت رکھنے والا
ہے ۱۲ سام و حسام میں تجنیس زائد ہے ۱۱ مطلب یہ چرخ زریں کلاہ اور سبز قبا بایں ہمہ حشمت تیرے
سامنے کسطرح ہر وقت کمر بستہ اور مستعد الخدمت رہتا ہے ۱۲ مطلب اے ممدوح اب

۲۴ مطلب اے ممدوح اب وہ وقت آگیا کہ تیرے خوان انعام و کرم سے بدر صبح کی طرح کاسۂ زر بھر کر
رکھے (انعام و بخشش سے مالا مال ہوں) ۲۴ مطلب تیری پیرایۂ مدح کے لئے میرے اس یکشنبہ عقد گہر نے
خاتون بیان نے کیسی کیسی زرکاریاں کی ہیں - ۲۵ - مطلب جب تک زر خورشید کی زینت سے
پیسہ ہوا زر (مشہور روزم کہ جسکی زر اندوزہ لگام ہو) مزین رہے - ۲۶ - مطلب اور جب تک
زاغ درم دار (شب) اور جو اصل زر روزم کم و کوتاہ ہوتے رہیں اور انکو یہ عوارض جب طاری
ہوتے ہیں کہ شاہین زر اندوزہ (خورشید) برج میزان میں پہنچتا ہے - ۲۷ - مطلب تب تک
تیرا بے سرو سامان دشمن انگور کے پتوں کی طرح صرصر غم کے جھونکوں سے بستر مرگ پر یرقان
میں مبتلا رہے۔ قصیدہ ۲۶ ۱ مطلب جب آتشین پنجہ والے باز کو دیکھکر مرغ صبح نالاں ہوا تو غراب شب نے
ان انڈوں کو (جو ستارے ہیں) طشت فلک کے نیچے چھپا دیا۔ یعنی ستارے چھپ گئے اور آفتاب ظاہر
ہوا۔ ۲ مطلب دہن صبح سے شاید پھر جام زر (آفتاب) نمودار ہوا ہے کہ موج بادۂ (صبح) [illegible] کی
منقار کی طرح خون افشاں ہو گئی ہے (اس مہوشی اصبوحی) سے ظاہر ہوتا ہے کہ صبح نمودار ہو گئی
ہے ۳ - مطلب تسبیح یکشنبہ کی آب و تاب پر اس سیاہی لباس والے خورشید نے پانی پھیر دیا یعنی
ماہ کی رونق گھٹ گئی ہے اسلئے کہ یہ نقش بند روح رقم خورشید زرنگ ریزگان کی تاب کو برداشت
نہیں کر سکتا۔ ماہ کا مزاج سرد ہے اور خورشید کا گرم۔ اور یہی لعل و زمرد کو رنگ دینے والا ہے - ۴ -
مطلب جوہری شب شاید مشتری کے ساتھ (خریدار نام ستارہ) کل رات سودا کر رہا تھا کہ زہرہ نے
اس درست زر (خورشید) کو میزان سے ظاہر کیا۔ حاصل کلام یہ کہ آفتاب برج میزان میں ہے
(میزان سے ایک اشرفی نکالنا مناسبت ہے خرید و فروخت سے - جوہری و مشتری سے) ۵ مطلب
اب مشتری بھی اٹھ گیا اور وہ سودا بھی معاملہ جو مشتری اور شب کے درمیان ہو رہا تھا ختم ہو گیا
[illegible] دکان کا دروازہ بھی بند کر دیا یعنی آفتاب نمودار
ہو گیا اور ستارے چھپ گئے ہیں ۶ مطلب اے معشوق تو اگر نقد روان چاہتا ہے تو میرے [illegible] سے
[illegible] ہو رہا ہے -

(اور زر و سکہ نادرست میں شمار کیا جاتا ہے) مطلب اے محبوب میرے پاس زر (روپیہ) کی کوئی صورت سوا اشک کے نہیں ہے اور میں القدر بھی اشک ہیں مجھے اپنے چہرہ سے مثل اشک کے دور نہ کر اور اپنے وصل کی قیمت میں مجھے یہ نقدی لیجئے۔ ۸ مطلب میرے ساحل دریا پر جوں دل سے میری پلکیں شاخ مرجاں کی طرح ہیں جس سے زرد رخسار پر مرجاں کرتی ہیں (اشک خونیں بہاتی ہیں)۔ ۹ مطلب اے معشوق تیرے لب گویا کی شکر پر (لب پر) اب خط جم آیا ہے کہ جو شیرہ آ جانے کے سبب سے دلوں کو بریاں کر رہا ہے۔ ۱۰ مطلب تیرے دو ابرو ہمیشہ اس غیرت کے سبب سے بل کھائی ہوئی رہتی ہیں کہ تیری چشم کے مست (مردمک) ہمیشہ تیری محراب ابرو میں جو جائے سجدہ ہے سوتے رہتے ہیں۔ ۱۱ مطلب گریز۔ اور اے محبوب خسرو عالم (جو یکتا زمانہ ہے) اس کے عدل کی ہیبت [illegible] میں سوائے تیری مستی چشم سے اور کہیں مستی کا نام و نشان نہیں۔ ۱۲ مطلب آفتاب کی [illegible] برج میزان میں جاری ہو گئی یعنی آفتاب برج میزان میں پہنچ گیا۔ اور از روئے ذرات دن رات کا [illegible] کا نور برابر ہو گیا یعنی دن رات برابر ہو گئے ۱۳ مطلب جب ترک روز سے سیاہ شب کی چوٹی بالا ہو گئی تو جسقدر اس ترک روز کا قد گھٹیگا اسی قدر یہ زلف دراز ہو گی جتنی دن میں کمی ہو گی اسیقدر رات بڑھتی جائیگی۔ ۱۴ مطلب اور جب شاہ انجم (خورشید) برج میزان میں پہنچیگا تو ماہ ممدوح کی میزان عدل کے سبب خورشید سے برابری کا دم بھرنے لگا۔ لہذا چین (روز) میں کمی اور ہندوستان (شب) میں زیادتی پیدا ہو گئی ہے۔ دن گھٹنے اور رات بڑھنے لگی۔ ۱۵ مطلب اگرچہ خورشید کو شاہنشاہ چین (روز) کہا جاتا ہے لیکن یہ مجاز ہے حقیقت میں ہمارا شاہنشاہ (ممدوح) ہندوستان کا مہ تاباں ہے۔ ۱۶ مطلب اور وہ ممدوح شاہنشاہ مشرق و مغرب کا [illegible] ہے کہ [illegible] خورشید باوجودیکہ وہ سپر فلک کی آڑ میں [illegible] ۱۷ مطلب جس دن اس کی گرد [illegible] ابر سیہ موجزن ہو (کہ وہ کبھی گرد ہے) تو ہو سکے لئے اسکی تلواروں کی چمک برق اور تیروں کی بوچھار بارش [illegible] ۱۸ مطلب دشمن کا اسپ مرگ نقارہ کی آواز سے موافقت کرتا ہے کہ جہاں نقارہ

کی آواز سنی اور دشمن کو خدنگ مرگ سے اڑایا لیکن ممدوح کا اسپ سریع پیتو زغلی کیطرح میدان جنگ
میں تگ و تاز کرتا رہتا ہی۔ اکثر ہوتا ہی کہ گھوڑے نقارہ کی آواز سنکر بھڑک جاتے ہیں۔ ۱۹ [illegible]
مطلب اور ممدوح کے یکران کے پاؤں کے نیچے کبھی تو قضا کا سر پڑا ہوتا ہی اور کبھی قدر کا
افتادہ ہوتا ہی (یعنی اسکا یکران قضا و قدر کو بھی پامال کر رہا ہی) اور اسکی تلوار کی آگ اسقدر
تیز ہی کہ فلک کا دل بھی اس سے پگھلا جاتا ہی اور فرشتہ کی جان گھلی جاتی ہی۔ ۲۰ مطلب اور تیر
اسکے کمان کے قبضہ پر سپر کی صورت بناتا ہی (بہ لحاظ حفظ شاہ) اور عطارد اسکے پیکان کو دشمن کے
ہلاک کرنیکی غرض سے زہر میں بجھاتا ہی۔ ۲۱ مطلب اور ناہید (زہرہ) ممدوح کے خود [illegible] کی
چمک سے اپنا لباس تیار کرتی ہی اور خورشید سایہ کی طرح بادشاہ کے چتر کے نیچے چھپ جاتا ہی۔ ۲۲ مطلب
اگر وہ ممدوح حملہ کرے تو اسکے ایک ہی حملہ سے فضائے آسمان میں کھلبلی پیدا ہو جائے اور اسکے ایک تیر [illegible]
خوف سے دو عالم چاروں طرف کو بھاگ نکلیں سیاق الاعداد غیر مرتب۔ ۲۳ مطلب بجز ممدوح کے کوئی اور
بھی ایسا ہی کہ جسکے زیر ران ایک گردوں (اسپ) اور چار ماہ نو ہیں (نعل اسپ) اور بتاؤ کہ کوئی
ایسا بھی اسکے سوا ہی کہ جسکی بحر کف کے لئے ایک اژدہا اور دس ماہی (دس انگلیاں اور شمشیر)
حفاظت کے لئے ہیں۔ ۲۴ مطلب اور اسکا تیر ایسا ہی کہ کوئی اور تو درکنار۔ صبح خنجر زن نے اسکے
سر سے وہ خود (خورشید) اتارے اور اسکے نیزہ کی سنان رستم بن دستان کے ہاتھ سے گرز چھین لے۔
۲۵ مطلب اور اسکے قہر کے سبب سے زنگی گرباد (شب) قبائے غم (سیاہ) پہن لیتی ہی اور رومی
خندان (روز) اسکی محبت کے سبب سے کلاہ زر اپنے سر پر رکھ لیتی ہی۔ ۲۶ مطلب اسکے فتح
نشان کے بلند ہونے سے دشمن کا اثر کھنچا پھرتا ہی اور یہ ایسی کشمکش ہی کہ روز حشر تک وہ اس سے
نجات نہیں پا سکتا۔ ۲۷ مطلب اور اسکی مدد کے لئے انجم ملائک کیطرح سپاہ کیساتھ اسکے دربار
کے سامنے صف مژگاں کی طرح صف بستہ کھڑے ہیں۔ یعنی انجم و ملائکہ و مردم سب اسکے مطیع ہیں
۲۸ مطلب اے ممدوح تیرے گرز گاو پیکر نے جہاں میں ایسی داد دہی کی ہی کہ اب گدھے کے
بوجھ سے شیر کی پیٹھ (پشت) زخمی ہوگئی ہی۔ یعنی شیر گدھے کو اپنی پیٹھ پر لادے پھرتا ہی

حالانکہ محال ہے لیکن یہ تیری داد دہی کا اثر ہے کہ شیر گدھے کا مطیع ہوگیا ہے۔ ۲۹۔ مطلب بادشاہ کی
تیغ سے روئے زمین سے کجی اسطرح دور ہوگئی ہے کہ اب سوائے ابروئے جاناں کے اور کہیں
زمانہ میں کجی کا نشان نہیں رہا۔ ۳۰۔ مطلب میدانِ جنگ میں اسکے شیر علم کے خوف سے شیر فلک
برج اسد شادروان کے شیر کی مانند زمین پر گر پڑا اکثر غلیچوں۔ پردوں پر شیر کا نقش بنا ہوتا ہے
۳۱۔ مطلب کہتا ہے کہ اے ممدوح تیرے فیل سیہ کے سامنے فلک ایک کبود دانیاں پر خاک ہے کہ جسے
تیرے فیل سیہ نے خرطوم سے پکڑ کر چرخ پر پھینکدیا ہے۔ ۳۲۔ مطلب تیرے تخت کے پایہ کا زمین
کے سر پر اسقدر بوجھ ہے کہ باوجود اسکے کہ تو چوگان (زنہ افلاک) کی تحریک اسپ دگوئے (زمین)
جو رہی ہے لیکن وہ ز جانمی جنبد۔ ساکن ہے مثل تعطیل ۳۳۔ مطلب جب تک چوگانِ مشکیں کے
خم میں گوئے سیمیں رخسار رہے اور چشمہ حیواں (دہن) کے نیچے چاہ زنخداں رہے ۳۴۔ مطلب
تب تک تیغ سے بادشاہ (ممدوح) کے دشمن بدخواہ بے ابر آغشتہ بے آبرو ہوں اور اس زلف
کے غم سے بنفشہ یار کی طرح سرگردان پریشان ہیں۔ قصیدہ ۱۴۷ ۔ ۱۔ مطلب خشت زر خورشید چاہ زہرہ سے نکلکر پھر
برج میزان کی طرف جا رہی ہے تاکہ کافور گرم اور مشک سرد (دن رات) برابر و یکساں ہو جائیں۔ کافور گرم اور مشک سرد
خلاف طبیعت ہے۔ یہاں مراد دن کی گرمی اور رات کی سردی سے ہے۔ ۲۔ مطلب آفتاب برج سنبلہ سے تیر کی طرح تیز
کے ساتھ نکل آیا گریبان بغیر سپر کے تیر کی جولانی نہیں ہو سکتی تھی یعنی تیر بغیر سپر کے نہیں رہ سکتا ۳۔ مطلب
اے معشوق اپنے وصل سے اس دنکی فصل کو نو بہار بنا دے کہ میں تیرے فراق میں گل کی طرح گریباں چاک اور بلبل کی طرح
آہ و فغاں کر رہا ہوں۔ ۴۔ مطلب فروغ خورشید نے باغ صبح کو کیسی رونق عطا کی ہے پس تو بھی مئے نوشی کر اور
بتاں سے اپنی داد طلب کر کہ تیرا حسن دوبالا ہو جائیگا۔ ۵۔ مطلب مے نوشوں کی رسم ہے کہ رمضان سے دس روز قبل
خوب شراب پیتے ہیں اور اسے رشتیمیں کلوخ اندازی کرتے ہیں اگر تو ایام کلوخ اندازی یعنی اور خر شعباں میں شراب کی
تلچھٹ کو دیکھے تو تجھے ہلال عید (ہلال رمضان) اسی میں نظر آئے وہ اسقدر صاف ہے۔ ۶۔ مطلب اگرچہ
دن آجکل گھٹ رہا ہے (دق میں مبتلا ہے) مگر زندگی گریاں بھی (شب) ورم میں مبتلا ہے (بڑھ رہی ہے)
۷۔ مطلب صبح کے پاس تو خورشید ہے جو دیار چین کا رزم جمشید ہے اور ستاروں کے پاس ماہ ہے
جو ہندوستان (شب) کا شاہنشاہ ہے۔ ۸۔ مطلب پس تو بھی لے آ اس چہ مہینے میں صبح کی

طرح اپنے نام کا نقارہ بام دہلی پر بجا کہ اسوقت ہندستان (رات) تیری برتری پر شہرہ رہی ہو) اور چین (روز) تو
تنزل ہو گھٹ رہا ہے۔ ۹ مطلب اور اس سایہ یزدان کی تیغ کی جو آفتاب ملک ہے (ممدوح) ایسی ہیبت ہے کہ اگر روز
پر کوئی ظلم کی گرد اٹھ ہو تو ذرہ بھر بھی پیش نہ آئے ۱۰ مطلب اے معشوق تو ایسا خوبرو ہے کہ آفتاب تیری محبت میں ذرہ کی مانند
سرگردان ہے اور تیری شمع رخ پر مثل پروانہ کے جان قربان ہوتی ہے ۱۱ مطلب اے معشوق تیرے لعل ترخند میں وار دیدہ مانند
ساکن ہیں اور تیرے رخسار پر تیرے فراق میں مروارید اشک غلطاں ہیں ۱۲ مطلب اور تیرے لب کا
نظارہ ہونیکے سبب سے میرا دل شکر کی طرح چورا چور ہے اور وہ ایسا دل بریاں ہے کہ جیسے
لب خنداں ۱۳ مطلب اور میرے لب تپ غم کے سبب سے نیلے پڑ گئے ہیں اور تیرے دندان
اس غم کی خوشی سے سپید ہو رہے ہیں ۱۴ مطلب تیرے غم میں میں ایسا نحیف و زار ہو گیا
ہوں کہ میرا جسم لوگوں کو زرد چیونٹی کی طرح حرکت کرتا ہوا نظر آتا ہے اور تیرا خط
رخسار پر مار کی طرح لپٹا ہوا ہے ۱۵ مطلب اور جب تیری محبت میں یہ دل گرفتار رہے تو خنجر
کھینچ (انتقام) مجھے قتل کر ڈال مگر تشنہ وصل نہ رکھ اور جب تیرا ناوک جگر میں پیوستہ ہے تو مجھکو
تو قربان کر میرے قتل سے باز نہ آ ۱۶ مطلب اگرچہ اے محبوب تو شاہ خوباں ہے اور تیری شام
زلف کے پرچم (موئے زلف) تیرے خورشید پر (رخسار) اسطرح پیچ و تاب کھا رہے ہیں جسطرح
شاہ ممدوح سے علم کا ماہ (وہ نشان جو پرچم پر کڑھا ہوتا ہے) چمکتا ہے ۱۷ مطلب اور وہ شہنشاہ
محمد شاہ بن تغلق ہے کہ جسکے اقبال کے سبب سے آل بہرام کا نشان (علم) کیوان سے بھی زیادہ بلند
ہو گیا (کیوان فلک ہفتم) ۱۸ مطلب اور وہ زمین ہفت میدان (ہفت اقالیم) کا ایسا یگانہ
شہسوار ہے کہ اسکے دشمن کے جسم کی گرد چوگاں کی طرح سرگشتہ رہنے کے لائق ہے ۱۹ مطلب
اور اسکا نام مبارک نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام پر ہے اور نبی کی مسند رکھنے والا ہے اور شاہ
سلیمان (م) اور [illegible] قدر ہے اور فلک جیسی بلندی رکھنے والا ہے اور خضر علم اور سکندر جیسی
استقامت [illegible] ۲۰
مطلب اور اگر [illegible] کے اعتبار سے احمد مرسل کی مانند ہے اور [illegible]

حیدر غازی (علی) سے مشابہ ہے اور بزرگی میں عیسیٰ بن مریم اور رعب و دبدبہ میں مسیح ابن
عمران ہے ۔ ۲۱ ۔ مطلب اے ممدوح تو ایسا ذی مرتبت ہے کہ تیرے تخت کا پایہ کرسی (فلک نہم) کے
سر پر ہے اور تیری نعل سمند کو نوشیروان کے تاج پر فضیلت حاصل ہے ۔ ۲۲ ۔ مطلب اور تو ایسا
بادشاہ ہے کہ دنیا میں خورشید سے بھی زیادہ روشن ہے اور تیرے ہی عدل کے سبب سے خاندان عباسیہ
کی شمع روشن ہے ۔ ۲۳ ۔ مطلب اے شاہنشاہ میرے غلاموں کی یہ حرمت ہے کہ فغفور چین
تو اسکی خود بردار (کلاہ گیر) ہے اور خاقان اسکا ترکش دار ہے (یعنی نوکر و ملازم) ۔ ۲۴ ۔ مطلب
مہر زریں قبا (خورشید) تیرے خاص غلاموں میں ہے کہ جوان نہ خیموں کو تیری ہفت شادروان
(ہفت اقلیم) میں لئے لئے پھرتا ہے کہ کہاں نصب کرے ۔ ۲۵ ۔ مطلب تیرے مطبخ خاص کے لئے
[illegible] پرنیاں کا لباس پہنے ہے صبح کے وقت ہفت الوان (ہفت افلاک) پر خیمہ زریں نصب
کرتی ہے ۔ آفتاب کا تعین مطبخ کیا ہے باعتبار قرص و تمازت ۔ ۲۶ ۔ مطلب تیری بساط بارگاہ
ایک ایسا [illegible] ناپیدا کنار ہے اور تیرا محیط پنج شاخ (دست پنج انگشت) ایک دریائے بے پایاں ہے
۲۷ ۔ مطلب اس غبار کو جو سلاطین کے آنے سے تیرے در پر جم جاتا ہے رضوان ہر سحر حور بہشت کے
گیسوؤں سے جھاڑتا ہے ۔ یعنی رضوان (داروغہ بہشت) تیرے در کا فراش ہے ۔ ۲۸ ۔ مطلب
اگرچہ فلک نے بارہا تیرے حصار کی پیمایش کی لیکن اسکی ایک ہی اینٹ (خشت) سے بعد و چہار ارکان
سے زیادہ نکلی (رہتی) پس بھلا کسطرح پیمایش کر سکتا تھا ۔ ۲۹ ۔ مطلب اگر خورشید پر تیرے کوہ حلم کا
ذرہ بھر بھی سایہ پڑ جاتا تو وہ اس حرکت قسری (جو فلک سے ہے) وطبعی سے سرگردان نہ ہوتا اور اسقدر
بوجھ ہوتا کہ حرکت کرنا دشوار ہوتا ۔ ۳۰ ۔ مطلب اے ممدوح تیرے عدل کے زمانہ میں کوئی کسی پر
فوقیت نہیں ڈھونڈھتا یہانتک کہ [illegible] بھی افزونی کی خواہش نہیں ۔ اور تیرے عہد حکومت میں
[illegible] ۔ ۳۱ ۔
مطلب اگر تیرے [illegible] کو [illegible] کی ضرورت ہو تو قمر تمام رات کتان کی خدمت
میں [illegible] کہ الا کہ کتان قمر کی روشنی سے پارہ پارہ ہو جاتا ہے [illegible]

ٹپک رہے ہیں۔ ۸۔ مطلب میں نے اس سے کہا کہ جانِ من اب آئندہ مجھ بیدل سے اپنے منہ کو
مثل زلف کے نہ پھیر (جدا نہو) ۹۔ مطلب سپید جام کی طرح میرے لب پر لب رکھ اور طرۂ زلف
کی طرح اپنے منہ کو میرے منہ پر رکھ۔ ۱۰۔ مطلب ربِ حقیقی نے تیری صورت کو جب تک بنایا تھا
اسوقت تک کسی نے یہ تماشہ دیکھا تھا کہ پروین پر دو ماہِ نو چھپائے ہوئے ہیں۔ (دندان پر دو لب)
۱۱۔ مطلب تیری زلف کے جادو نے تیرے گل تر رخسار پر مشک سے خط کھینچ دیا ہے گویا
مار سیاہ نے آفتاب کے رخسار کے گرد حلقہ باندھ لیا ہے۔ ۱۲۔ مطلب اگر زمین تیرے ملک شیریں
کے ظلم سے تنگ آکر شہنشاہ ملک خسرو شیریں جواب کے سامنے بہت شور و واویلا کرتا پھرے
۱۳۔ مطلب کہ جو عیسیٰ عرش آشیاں اور موسیٰ طور آستان ہے اور وہ آدم مجلس جناب اور خضر ... لیکن
سکندر جیسے درگاہ رکھنے والا۔ ۱۴۔ مطلب اے ممدوح تیری کف ایک لاکھ بخش کے سامنے
قلزم و دجلہ ایک حباب کی مانند ہیں اور تیرے اسپ کی گرد سم میں آبِ حیات کی خاصیت ہے
(یعنی جس میں آبِ حیات ہے) ۱۵۔ مطلب شاہ محمد کا خطاب تو تجھکو سپہر نے دیا ہے اور امامِ وقت۔
خلیفۂ بغداد نے تجھے حاکم روئے زمین کا خطاب بخشا ہے۔ ۱۶۔ مطلب اور تیری شمع رخ نے
خاندان عباسیہ کو منور کیا ہے اور دریا کی آبرو پر تیری سخاوت نے پانی پھیر دیا ہے۔ ۱۷۔ مطلب
اور تیرا اخلاق حسن ہے اور تیری قدر متین ہے اور تیری تلوار کی آگ تیغ بوتراب کی رونق ہے (معاذ اللہ)
۱۸۔ مطلب اور پیکر بہرام چرخ تیرا خاص طباخ ہے کہ جو ہمیشہ ایک برہ (برج حمل خانۂ بہرام) کو آگ پر
کباب کرتا ہے۔ ۱۹۔ مطلب اور یہ باز جو تیرے چتر پر (بنا ہوا ہے) بازو پھیلائے ہوئے ہے
اسکے پروں کے نیچے یہ کرگس نہ بال (چرخ) ایک مگس کی مانند ہے۔ ۲۰۔ مطلب جس نے تیرے سایۂ چتر
میں پرورش پائی ہے وہ بھیڑیوں کی دم کو اسطرح چوستا ہے جیسے بچہ پستان کو چوستے ہیں حالانکہ
یہ گرگ کی بہترین غذا ہے لیکن تیرے عدل کے سبب بھیڑیئے کان نہیں ہلا سکتے۔ ۲۱۔ مطلب
جب سے تیرے قلم نے قمر (کاغذ) پر سیہ جامہ بنایا ہے (تحریر) تب سے قصب کہنہ کا رفو ہونے لگا
ہے۔ حالانکہ غیر ممکن ہے کیونکہ مہتاب کے عکس سے قصب پارہ پارہ ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ ممدوح کی

کا اثر ہو ۔ ۲۲ ۔ مطلب اگر تیرا عفو دیوانہ وار دوزخ میں داخل ہوجائے تو وہاں جتقدر
سیر ہوں وہ سب عذاب سے رہا ہوجائیں ۔ ۲۳ ۔ مطلب کہتا ہو کہ عجب لطف کا وقت ہے کہ گھٹا چھائی ہوئی
ہے ابر سفید نے وقت زریں پر پردہ ڈالدیا ہو (یس یہ وقت پیالہ ہاتھ سے رکھدینے کا نہیں (ترک مئے نوشی
وقت نہیں ہے) اور رباب کو چھوڑنیکا موقع نہیں (دونوں کا لطف اسی وقت پر ہے) ۲۴ مطلب
دہن خاک نے لوئے مینا فروز (قطرات باران) پائے تو پھر تو بھی دہن شیشہ سے لعل زمرد نقاب
انڈیل لعل زمرد نقاب ۔ شراب جو بوتل کے سبز پردہ میں پوشیدہ ہے ۔ ۲۵ ۔ مطلب یہ ابر ایک قلزم
آتش تن ہو (باعتبار برق) اور دیو شہاب افگن ہو اور یہ ہیئت برق و سحاب ایک ستارہ زن ۔
(ہیئت برق) بیل ہے ۔ ۲۶ ۔ مطلب اور یہ ابر ایک شام ستارہ فشاں ہو بلحاظ قطرات اور بوقت
جام و شراب کی یہ صورت ہو کہ بدر اور اسکے منہ میں شفق (شراب) ۔ ۲۷ ۔ مطلب ابر نے سیاہ پارچہ کا
خیمہ اپنے سر پر تان لیا ہو پس تو بھی تیار ہوا اور حباب کی طرح شراب پر خیمہ تان (یعنی پی) تا کہ وہ
تیرے منہ سے ڈھک جائے ۔ ۲۸ ۔ مطلب جو ایک دم کے لئے بھی دہن جام سے زیادہ کیطرح
کامیاب ہوا پھر اسکے پاس غم پھٹکنے نہیں پاتا ۔ ۲۹ ۔ مطلب گریز ۔ اسیطرح جسنے اپنی عمر میں
ایکبار بھی در سلطان پر پناہ پائی تو پھر چرخ کی مجال نہیں کہ اسکی جان کو ایک دم کے لئے پیچ و تاب
میں ڈالے ۔ ۳۰ ۔ مطلب اے ممدوح تیری بخت کی نظر شمع بقاکی روشنی ہے اور تیرے دشمن کا
جگر تیغ فنا کا غلاف ہے کہ تیغ فنا اسمیں داخل ہوتی ہے ۔ ۳۱ ۔ مطلب اور تیرا دین اعتقاد میں
ایسا پختہ ہو کہ ہفت امام کا پیشوا ہے اور تیری راے اجتہاد میں قرآن پاک کی تابع ہو قدم
بقدم ہو ۔ ۳۲ ۔ مطلب اور اے ممدوح تیری فکر ایسی رسا ہو کہ بیان کرتے وقت جذر اصم
اسکے نزدیک ثابت کر دینا ایک معمولی بات ہو ۔ ۳۳ ۔ مطلب تیرا نعل سمند جو گوش چرخ کا
حلقۂ (غلام بنانیوالا) ہو افراسیاب کے تاج سے (رستم) بھی دلیری میں زیادہ ہو ۔ یعنی افراسیاب
(شاہ الو دحیم) کے تاج سے بھی زیادہ اسکی مرتبہ ہے ۔ ۳۴ ۔ مطلب اے ممدوح تو ایسے
حکم نافذ کیساتھ تخت سروری پر جلوہ افروز ہوا ہو کہ تمامی سلاطین زمانہ پر وہ حکم مالک رقاب ہو

یعنی ان کی گردنوں کا مالک ہو جسطرح چاہے برتاو برتے ۳۵ ۔ مطلب تیرے عہد عدل میں بچہ روباہ کی خوابگاہ (آرام گاہ) اور اسکا بنگھا خونخوار شیروں کا پنجہ ہو ۔ عدل کی ہیبت شیر پر کسقدر غالب ہے اللہ اللہ ۔ ۳۶ مطلب دریا نے جو تیری موج عطا کو دیکھا تو حیرت کے سبب سے اُس کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا اور اب روز و شب اضطراب میں ہے جسکے باعث جھاگ اسکے سر پر چھائے ہوئے ہیں جیسو تعلیل ۔ ۳۷ ۔ مطلب تیری تلوار نے بھی کیسی کرامت ظاہر کی ہو کہ روئے زمین کی گرد ظلم کو تیرے ہاتھ نے اس ایک قطرۂ آب سے دھو ڈالا یعنی یہ تیری تلوار کی ایک کرامت ہے ۔

۳۸ ۔ مطلب اور جب تک راہ مغفرت میں رہا جنت کش سالک کے لئے یوم الیقین کا توشہ قرآن پاک کی ساتوں منزلیں رہیں ۳۹ ۔ مطلب تب تک تیرے علم کا ماہ ذاکر جھنڈوں پہ ماہ نیا ہوتا ہی سرائے ابد کی شمع بنا رہے اور تیری بقا کا ایک دن یوم الحساب کا ایک ہفتہ ہو رسات ہزار برس کے ایام ہم مطلب شاید اب بدر کو نقصان کمی کا درد سر نہو کہ بادشاہ کی محبت و عنایت سے اسکو ایک بوتل جیسے گلاب بھرا ہے مل گئی ہو ۔ سو گلاب درد سر کے لئے مفید ہے ۔ بدر اور اسکا گھٹنا ظاہر ہے اور بدر میں ایہام بھی ہو تخلص مصنف بدر ہو ۔

تمام شد